قوام و تاثیرات کے اسماے جداگانہ مثل حمرہ و مفرح و لعوق کے ہوتا گیا اور پوتھی سرپ سنسکرت مین ہی کہ ہندوستان
مین معجون جسکو اولیہ کہتے ہین دہانتر مذکور سے شروع ہوا اُسنے قوام سخت قابل گولی کے بنایا تھا شربت
اکثرون کا اتفاقاً اسپر ہی کہ فیثاغورس نے شربت کا اختراع کیا مگر شیخ الرئیس بوعلی نے لکھا ہے کہ
فیثاغورس نے سکنجبین کا اختراع کیا تھا شربت کو بطلیموس نے بنایا تھا اولاً ہر دوا کا پانی نچوڑکر شیرینی
کے ساتھ قوام کیا گیا تھا زان بعد خشک دوا کے جوشاندہ سے بھی بنانے لگے اور پوتھی پنکشٹاسن مین
لکھا ہی کہ دھرن پال نامی بید ملک ہندوستان مین پیدا ہوا تھا اُسنے سات قسم پر کاڑھا یعنی دوا کے
جوشاندہ کا اختراع کیا اُسی نے شربت بھی بنایا مگر شربت کو قسم کاڑھا مین داخل رکھا کوئی نام مخصوص نہ کیا
مرہم پہلے اختراع اُسکا حکیم بقراط یونانی نے کیا اور اپنی تصانیف مین لکھا ہی کہ قوت مرہم کی مدتون تک
باقی رہتی ہی جسمین روغن زیت داخل ہوا اُسکی قوت کبھی ساقط نہین ہوتی اور جسمین گوند بکثرت ہوا اُسکی قوت
بیس برس تک رہتی ہی اور جسمین چربی ملی ہوا اُسکی قوت ایک سال تک رہتی ہی روشنائی یعنے سرمہ
مقوی بصر سب سے پہلے حکیم فیثاغورس نے واسطے سلطان ارسطندون والی صبقلیہ کے بنایا تھا

وبوجہ قوت فعل کے دوا اسی نام سے موسوم کیا **بردوادلا** حکیم سقیانوس نے سلطان وقت کے لیے واسطے دفع سوزش چشم کے اجزاے باردست طیار کیا تھا ران بعد اور اجزاے مناسب بھی مخلوط ہونے لگے **فصل آٹھوین** قواعد استعمال بعض ادویہ داخلی مین **قاعدہ** جوارش خمیرہ وگلقند ومعجون ومفرح ویاقوتی پر بلا ضرورت کوئی عرق یا پانی نہ پینا چاہیے الا بطور بدرقہ کے **قاعدہ** شربت کو کسی عرق مناسب یا پانی مین گھولکر سواسطے پینا چاہیے کہ بسبب رقت کے جلد مستحیل و نافذ ہوجاوے **قاعدہ** جوب یا سفوف یا کوئی چیز جو واسطے دفع کھانسی یا ضیق النفس یا نفث الدم وغیرہ عوارض آلات تنفس کے مستعمل کیجاوے منھ مین رکھکر بتدریج چوسے اور نگلے جاوے کہ تاخیر مروز سے قصبہ ریہ مین اثر بخوبی پہونچتا ہے اور اُسکے بعد مطلقاً پانی پینا نچاہیے کہ موجب ضعف تاثیر کا ہوتا ہی **قاعدہ** لعوق پر پانی پینا موجب نقصان تاثیر کا ہی **قاعدہ** ایارجات ودیگر جوب مسہلہ کو نیم گرم پانے کے ساتھ نگلنا چاہیے کہ موجب قوت تاثیر کا ہوتا ہی **قاعدہ** جوگوی یا سفوف واسطے ہضم طعام وتقویت معدہ کے کھائی جاوے اُسپر پانی پینا موجب نقصان قوت دوا کا ہی **قاعدہ** جوجوب وسفوف واسطے دفع حمیات یا تقویت یا تفریح کے کھائی جاوے اُسپر کوئی عرق پانی سرد بطور بدرقہ کے پینا چاہیے کہ موجب تعجیل تاثیر کا ہوتا ہے **فصل نوین** اصولات خاص متعلقہ اس کتاب مین **قاعدہ** اوزان غیر متعارفہ مثل وقیہ واستار وبندقہ وترسہ وغیرہ کہتے ہین پریشانی خاطر اہل حاجت کی تفتیش وتحقیق مقدار اوزان مین ہوتی ہی مخصوص اسحالت مین کہ باقوال اطبار متقدمین اختلاف اوزان ہر بلاد مین واقع ہی لہذا بتحقیق وتطبیق وغور تمام کے اس کتاب مین اوزان بالتفصیل سے لکھے گئے ماشہ آٹھ سرخ یعنی رتی کا وتولہ بارہ ماشے کا اور رطل چالیس تولے کا اور سیر اسی تولہ کا اور من چالیس سیر کا **قاعدہ** اس کتاب مین اکثر نسخہ جات مولفہ اطبار متقدمین بھی منقول ہین اگر مقابلہ دوسری کتاب کے تجاوز وتفاوت پایا جاوے تو سبب اُسکے یہ ہین **اول** قرابادینات مرکبات کے نسخہ جات متعددہ یکجا کرکے اُنکی ترکیبون کو دیکھا تو بسبب مرور دہور وکثرت نقول کے بہت تجاوز وتفاوت پایا اُنمین سے وہ ترکیب لکھی گئی جو چند نقلون مین تھی اور قرین صحت کے معلوم ہوئی دوسرے جہان اقوال مختلف لکھے دیکھے تو اُنمین سے ایک قول کو از روے تعقل وقیاس خواہ تجربہ کے اختیار کیا گیا تیسرے اوزان سابقہ بتفتیش واحتیاط تمام باوزان مستذکرہ بالا تبدیل کیے گئے ہین چوتھی جدوانایاب یا کمیاب یا اوزان غیر متعارف معلوم ہوئے یا کہ میسر آتی ہی مگر صحت اُسکی مشتبہ رہتی ہی اُسکا بدل لکھا گیا ہے

خواہ چیز دوسری کا وزن ایسا قائم کیا گیا کہ اُسکی ضرورت باقی نہین رہی فائدہ جو دوا چند مرضون کے
واسطے مفید لکھا ہی اُسکا یہ مطلب نہین ہی کہ جب سب امراض متذکرہ یکجا ہون تب استعمال کیا جاوے بلکہ
اُسمین سے جو امراض یا مرض موجود ہون اُنکی دفع کے لیے استعمال کرنا چاہیے فائدہ تعداد خوراک ایک دفعہ
کی اکثر نسخون مین اس غرض سے نہین لکھی ہی کہ اگر باعتماد تحریر کے کوئی شخص وہی مقدار اطفال و ناقہین کو
کھلا دے تو نقصان پاوے اب خواہ مخواہ اُسکی مقدار برعایت حالات مریض کے طبیب خبیر تجویز کریگا
اور جو تعداد خوراک کی لکھی ہی وہ موافق شخص متوسط جسم و قوت کے ہی نہ واسطے صغر سن یا ضعیف الجثہ
یا اقویہ کے فائدہ تدبیر بنانے ہر قسم کے مرکبات کی و نیز تدبیر استعمال بعض کی اُنہی کے ساتھ اولاً لکھی گئی ہین
اور جو مرکبات چند فصلون مین لکھے گئے ہین اُنکی تدبیر بنانیکی اُس نام کی فصل مقدم مین لکھی گئی ہین تاکہ شائق کو
تلاش آسان ہو فائدہ بغرض تسہیل استیعاب کے نسخہ جات تبفریق ابواب و فصول ترتیب دیئے گئے ہین
حروف مابعد کے لکھے گئے ہین فائدہ حرف ص علامت لفظ صفت کی ہی باب اول حرف الالف
فصل اول مرکبات الفیہ مین جنکی ایک ہی نسخہ منقول ہی ترتیب حروف مابعد الکمائہ ایجاد حکماء قدیم
ہی مقوی معدہ و اشتہا دافع قے و قاطع بلغم ہی و تھوڑی لاکھ ملا کے ملنا لاغر کرنے بدن مین مجرب ہے
ص گیہون روٹی موٹی گیہون کی بوزن آدھ سیر ایک ہانڈی مین بند کر رکھین جب سبز ہو جاوے خوب
کچلکر پانچ سیر پانی اور آدھ پاؤ نمک سانبھر ملا کے چار ہفتہ دھوپ مین رکھکر چھان لین پھر پودینہ چھ تولہ
زنجبیل تین تولہ فلفل گرد یا پنج تولہ تخم بالنگ دو تولہ ایک ہفتہ دھوپ مین رکھکر کپڑے سے چھان کر شیشون مین
رکھ لین اما ماسیا یہ لفظ یونانی ہی بمعنی جگر گرگ چونکہ بھیڑیے کا کلیجہ جزو کامل اس کیب کا ہی لہذا اس نام سے موسوم ہوا
اورام داوجاع جگر و طحال و معدہ و اسہال مزمن و تپ روزانہ و دوردگردہ و مثانہ و ضیق النفس سطوبی و بواسیر کو نافع
و ریاح داوجاع بدن کو سود مند ہی ص زعفران جندبیدستر ایوا بزر البنج قسط شیرین شاخ بز کو ہی
سوختہ جگر گرگ خشک کردہ سنبل الطیب سلیخہ عود بلسان پوست خشخاش جملہ بوزن مساوی کوٹ چھان کر
سہ چندان شہد کف گرفتہ مین ملا رکھین و بعد چالیس روز کے خوراک ڈیڑھ ماشہ سے تین ماشہ تک اشیر الملوک
اشیر لفظ یونانی ہی بمعنی چھوڑ کنے اور چھٹکانے کے قلاع و ثبور و بدبوی دہن و ورم حلق و سقوط اللہاۃ یعنی کوا گرنیکو
مفید ہی ص کافور دانہ الائچی سفید طباشیر سفید مازو سبز سماق زیرہ گل سرخ عدس مقشر تخم خرفہ ہر ایک
چھ چھ ماشہ زعفران دو ماشہ نبات سفید نو ماشہ سبکو باریک سفوف کرکے استعمال کرین ر مطلو موجد اسکا

اسطوہی لہذا اس نام سے موسوم ہوا در درحم در دشکم و قولنج و تپ ربع کو دفع کرتا ہی حب سلیخہ عقرقرحا
پودینہ کمون ایک ایک تولہ فلفل گرد گوکھرو زرد چھ چھ ماشہ زعفران تین ماشہ شہد ایک دنیم چندان مع معجون
بناوین اسود سلیم مخترعہ حکیم کا ہی لہذا اس نام سے موسوم ہوا نافع فالج و لقوہ و خدر و صداع مزمن
و دیگر امراض بارده و عادت افیون کھانیکو چھڑاتا ہی حب سنبل الطیب مصطگی زرنبا و افیون فلفل سفید
گندش عقرقرحا کندر شیطرح ہندی صبر ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ مرچ سیاہ زراوند مدحرج زراوند طویل مقل ازرق خربق
جندبیدستر بیخ حنظل گوگھرو ایک تولہ تخم جرجیر تخم پنبہ کشت تخم سداب شونیز دو تولہ شہد چندان بدستور معجون
بناوین دو مہینے تک غلے مین مدفون رکھین اغبر لولوی کہ ترکیب قدیم ہی بسبب زیادہ گھسنے کے مثل عبار کے
کیا جاتا ہی لہذا اس نام سے موسوم ہوا و از اقسام سرمہ سے ہی واسطے خارش آنکھ و ڈھلکا و باصلی و
گھنے و ضعف بصر کے مفید ہی حب طوطیاے بارودی مفسول پھٹکری مدبر نونا شہ مروارید نا سفتہ تین ماشہ
نبات سفید پانچ ماشہ سرمہ بناوین افراطیقون مخترع اسکا حکیم یونانی تھا جسکا یہی نام تھا اُسکے نام سے
مشہور ہوگئی دافع ضعف بصر و سیلان اشک و رمد و آشوب چشم گرم کی ہی حب پھٹکری دس ماشہ
شیر خرمین ایک شبانہ روز تر کرکے شیاف مامیثا پانچ ماشہ ایلوہ دو ماشہ افیون زعفران امیران چوبچینی ایک
ایک ماشہ مثل سرمہ کے کھرل کرکے آنکھ مین لگایا کرین و واسطے دفع آشوب چشم کے آب برگ تازہ نیم
خواہ مکوے مین مخلوط کرکے پلکون پر لگایا کرین اکسیر مین ترکیب قدیم ہی بسبب زیادہ نفع کرنے کے
اس نام سے موسوم ہوا قرحہ چشم و سورسرخ کو دفع کرتا ہی حب کشتہ ارزیز گھربا چاندی کی گوند بھول ہر ایک
چھ چھ ماشہ نشاستہ گندم افیون دو دو ماشہ پھول کے برتن مین یہان تک گھسین کہ مثل سرمہ کے ہوجاوے
امر وسیا بقراط نے واسطے ایک بادشاہ امروس نام کے بنایا تھا لہذا اس نام سے موسوم کیا مقوی
معدہ و جگر و طحال و گردہ و مثانہ مدر بول و نافع ابتدا استسقا کی ہی حب تسط شیرین فلفل سفید دارفلفل
کمون افیون ہر ایک یکنیم تولہ پودینہ عود بلسان سلیخہ تخم کرفس وج یوست بیرون پستہ ایک ایک تولہ زعفران چھ ماشہ
شہد دو چندان بدستور معجون کے بناوین فصل نسخہ جات آبزن مین دستور آبزن کا یہ ہی کہ ادویہ کو
پانی مین خوب جوش کرین جب دو ثلث پانی رہجاوے صاف کرکے اُس پانی مین اور پانی نیم گرم ملا کر ایسے
ظرف وسیع خواہ حوض فرد مین ڈالین جسمین مریض بیٹھ سکے امراض اسافل و معدہ و گردہ و مثانہ و رحم و امعا
مین تا ناف و امراض سینہ و پہلو مین تا بشانہ و امراض تمام جسم مین تا بگردن مریض کا ڈوبا رہنا چاہیے اگر

پانی گرم آبزن کا بوتل مین بھر کر مقام مرض کو سیکین تب فائدہ ہوتا ہی آبزن کہ زحیر یعنی پیچش شکم دورم امعا و رم شکم کو مفید ہی ص تخم شبت تخم کتان تخم خلبہ تخم خطمی گل بنفشہ برگ مکوے تازہ ریشہ خطمی جملہ مساوی آبزن کہ قولنج ریحی و درد گردہ و مثانہ کو دفع کرتا ہی ص انیسون زیرۂ سیاہ تخم سبت صعتر مزبخوش گل بابونہ مساوی الوزن آبزن کہ استعمال دفعات سے سنگ گردہ سنگ مثانہ کو دفع کرتا ہی ص برنجاسف پودینہ مرگین کبوتر مغز خشکارنہ پانچ پانچ تولہ گل بابونہ گل سرخ تخم خطمی الکلیل الملک تخم خربزہ پرسیاوشان حب القلقات تین تین تولہ پنج ادویان چار تولہ آبزن کہ بوا سیر الدم اور کثرت اور ارخون حیض کو دفع کرتا ہی ص غ غنچہ گلنار برگ مجھاؤ برگ انار شیرین گل سرخ بوزن مساوی آبزن کہ حیض کو جاری و بچہ مردہ کو رحم سے خارج کرتا ہی ص سلیخہ مزبخوش اذخر پودینہ قسط تلخ الکلیل الملک ناخواہ شونیز سداب کرفس برنجاسف بوزن مساوی آبزن کہ حبس بول کو دفع کرتا ہی اگر آبزن نہو سکے تو ٹونٹی دار برتن مین پانی اُسکا لیکر پیٹہ و پر تڑیڑا دیا جاوے ص گل پلاس یعنی ٹیسو چار تولہ قلت یعنی کرتھی دو تولہ تخم خربزہ ایک تولہ دو سیر پانی مین جوش کرین جب چار حصہ جل جاوے پانی کو چھانکر کام مین لاوین آبزن کہ اگر خصیہ اوپر چڑھ گیا ہو جسکی تکلیف ظاہر ہی فرو لاوے ص بابونہ کے پھول مزبخوش و شاخ برگ تلسی پودینہ پرسیاوشان و کلوسے و الکلیل الملک بقدر مساوی سے بدستور استعمال کرین اور دہی پانی مین ڈال کر ملین آبزن کہ اگر خون حیض عورت حاملہ کا بند نہوتا ہوئے بند کرے و حمل کو محفوظ رکھے ص عدس و پوست انار شیرین گلنار مازو بلوط بوزن مساوی سے بدستور کرین فائدہ ایسی حالت مین دونون پستان کی حجامت یا پچھنے کے کرنے سے مواد اُسطرف کو جذب ہوجاتا ہی آبزن کہ اور ارحیض کرتا ہی ص سلیخہ مزبخوش اذخر پودینہ قسط شیرین الکلیل الملک شونیز سداب کرفس تلسی مساوی الوزن سے بدستور استعمال کرین آبزن کہ بچہ مردہ کو شکم سے خارج کرتا ہی ص پودینہ دو جزو ترکی قسط تلخ سلیخہ ناخواہ مزبخوش بابونہ جملہ ایک ایک جزو بدستور استعمال کرین **فصل ۳۲ اطریفلیات مین الطریفل معرب ترہی پھل کا ہی** اطلاح ہندیان مین ہلیلہ بلیلہ آملہ کو ترپھلا کہتے ہین چونکہ عموداس ترکیب کی وہی تینون چیز ہین لہذا اس نام سے موسوم ہوا اطریفلیات بنانیکا یہ دستور ہی کہ ہلیلجات کے سفوف کو کسی روغن مناسب کے ساتھ اسطرح چرب کرین کہ روغن کو کف دست مین لگاکر سفوف کو ملین جب سب سفوف چرب ہوجاوے تب قوام مین مخلوط کرین تنہا یا دوسرے اجزا کے ساتھ کہ اس سے اُسکی قوت دیر تک قائم رہتی ہی اور قوام بھی نرم رہتا ہے

اطریفل کہ مقوی معدہ و دماغ و دافع نزلہ و زکام مزمن و مصفی معدے کا اخلاط غلیظ سے ہے
ص ہلیلہ زرد ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ دو دو تولہ بلیلہ آملہ چھ چھ تولہ کوٹ چھانکر روغن بادام مین چرب کرکے
شش چندان شہد کف گرفتہ مین ملا دین **اطریفل کشنیزی** سر اور آنکھ اور مکان کے امراض کو جو بانجرے معدہ
و نزلے دماغ سے ہوا اور ضعف بصر رطوبی اور ہر قسم کی بواسیر کو و درد سر دوامی و کثرت زکام و نزلہ کو مفید ہے
ص ہلیلہ زرد ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ ایک ایک تولہ بلیلہ آملہ کشنیز خشک تین تین تولہ سفوف کرکے روغن گاؤ
یا روغن بادام مین چرب کرکے نیم رطل شکر و شہد مساوی قوام مین ملا دین **اطریفل اسطخودوس** کہ امراض
دماغی کو اور علل جلدی کو مفید و ملین طبع ہے ص ہلیلہ کابلی ہلیلہ آملہ تین تین تولہ اسطخودوس گل سرخ دو دو تولہ
افتیمون انیسون بادیان بجبویہ شیطرج ہندی ایک ایک تولہ شہد سہ چندان **اطریفل فینسلی** پیٹ کے
کیڑے تینون قسم کو قتل و دفع کرتا ہے ص ہلیلہ زرد بلیلہ آملہ فینسل دو دو تولہ مڑکابلی قسط شیرین ایک ایک تولہ
شم خطل خرول سعدی کوفی زرد چوبہ چھ چھ ماشہ شہد سہ چندان **اطریفل کبیر** واسطے تقویت دماغ و معدہ
و دفع بواسیر کے مجرب اور مفید ہے ص ہلیلہ سیاہ بلیلہ کابلی آملہ فلفل دراز بہمنین ایک ایک تولہ زنجبیل
بسباسہ بوزیدان شیطرج ہندی شقاقل مصری تودری مین اسان اصافیر کنجد سیاہ مقشر چھ چھ ماشہ سب کو
سفوف کرکے روغن بادام یا روغن گاؤ مین چرب کرکے ترنجبین خراسانی برابر سب کے و شہد خالص دو چند اسکے
باہم قوام کرکے سفوف مذکور کو لا دین خوراک چھ ماشہ سے نو ماشہ تک ہے **اطریفل سیافی** تالیف صاحب
تحفہ کی ہے اونھون نے اپنے باپ کے نام کے ساتھ منسوب کیا ہے اقسام مالیخولیا خصوص مراقی کو اور
قولنج و درد سر و صعوبت انجرہ کو مفید ہے و مداومت اسکی قطع نزلہ کو مجرب قوت اسکی دو سال تک رہتی ہے
ص ہلیلہ زرد ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ گل بنفشہ ایلوا ہر ایک دس دس ماشہ تربد سفید مجوف و مقشر کشنیز خشک
بلیلہ آملہ ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ گل سرخ طباشیر سفید گل نیلوفر چھ چھ ماشہ صندل سفید کتیرا تین تین ماشہ
سفوف کرکے روغن بادام مین چرب کرین عناب و سپستان ایک ایک سو عدد گل بنفشہ ایک تولہ
پانی مین جوش کرکے ملکر چھان لیوین اُس آب مطبوخ مین دو چندان شہد ملا کر قوام بنا دین و سفوف مذکور
مخلوط کر رکھین بعد تین ہفتہ کے خوراک چھ ماشہ سے نو ماشہ تک **اطریفل ہامان** منقول قرابادین نجیب الدین
سمرقندی سے امراض بلغمی کو زائل کرتا ہے و بہق و برص کو مفید ہے ص ہلیلہ کابلی ڈیڑھ تولہ آملہ افتیمون
باؤبڑنگ ایک تولہ تربد سفید مجوف و مقشر سوا تولہ اسطخودوس بسفائج فستقی سعد کوفی قسط شیرین زنجبیل

زوفا یا بس سیطرح ہندی سانج ہندی مصطگی رومی فلفل گردد نونو ماشہ سب کو سفوف پارچہ بیز بنا کے ساتھ سہ چندان شہد کف گرفتہ کے ملا دین خوراک نو ماشہ **فصل سہم نسخہ ہای انوشدارو مین** انوشدارو کا جزا علی آملہ ہے و دستور اُسکے بنانے کا یہ ہی کہ اگر آملہ پختہ و تروتازہ ہو وزن کرنے پانی مین پکا کر خوب ملکر تخم اُسکے علیحدہ کرین اور جھجھرے کپڑے مین چھانین کہ سوائے ریشہ کے جرم آملہ کا نکل آوے تب تخم و ریشہ کو وزن کر کے جرم آملہ کا دریافت کرین اور دو چند جرم آملہ کے شیرینی ملا کے تخم قوام پختہ کرین و حالت گرمی قوام کے دوسرے اجزا کا سفوف اگر ملانا ہو مخلوط کرین اور اگر آملہ خشک ہوے تو تخم اُسکے دفع کر کے وزن کرین اور آملہ کو دھو ڈالین کہ آلودگی سے صاف ہو جاوے تب اسقدر شیر گاؤ مین تر کرین کہ آملہ ڈوب جاوے پھر بعد چار پہر کے زیادہ پانی ڈال کے جوش دیوین کہ عفوصت آملہ کی و دسوست دودھ کی نکل جاوے پھر دوسرے پانی مین جوش دیکر بدستور متقدم الذکر کے طیار کرین **انوشدارو ی سادہ** مقوی باہ و معدہ و اعضا رئیسہ ہی اور بدن کو خوشرنگ و دہن کو خوشبو اور طبیعت کی تفریح کرے طیاری سے چالیس روز کے بعد لائق استعمال کے ہی اور قوت اصلی اسکی دو سال تک قائم رہتی ہی **ص** آملہ ایک رطل شکر سفید یک نیم رطل و شہد ایک طل بدستور قوام بنا کے سفوف **گل سرخ** و تر نفل و مصطگی رومی و اسارون دو دانہ الائچی سفید نو نو ماشہ زعفران چار ماشہ ملا دین **انوشدارو ی لولوی** مفرح اور مقوی قلب و دماغ و دافع خفقان و حمیات حارہ و درد سر ہی **ص** مروارید ناسفتہ دو ماشہ سنگ یشب چار ماشہ تین روز تک عرق کیوڑہ مین صلایہ کر کے خشک و سرسا کر کے عود خاو طباشیر سنبل الطیب گل بنفشہ ابریشم خام چھ چھ ماشہ سفوف بنا کر قوام ایک طل آملہ مین جو دو طل شکر سفید و ایک طل عرق گلاب یا عرق گاؤزبان مین بنایا ہو مخلوط کر رکھین **انوشدارو ی مرکب** کہ تقویت معدہ و دماغ و دل کی کرے و حمیات کہنہ و نزلہ کو دفع کرے **ص** آدھ سیر آملہ و شیری کے قوام مین برادہ صندل سفید و زنبل گل سرخ گل سیوتی زرشک پوست ترنج ست گلوی ایک ایک تولہ دانہ الائچی سفید چھ ماشہ گوند ببول کتیرا پوست بیر مغز پستہ نو نو ماشہ زعفران تین ماشہ سفوف کر کے **فصل انکباب** یعنی بھپارا مین طریق انکباب کا یہ ہی کہ دواؤ نکو ظرف سربستہ مین جوش کر کے سرپوش جدا کر کے دوسرا سرپوش جسمین ایک سوراخ چھوٹا ہوئے رکھکر عضو ماؤف پر دھوان پہونچاوین و اگر تمام بدن مین دھوان دینا منظور ہوے مریض کو تا بگردن ڈھانک کر و اگر طاقت بیٹھنے کی ہووے تو کرسی یا مونڈھا یا چارپائی پر بیٹھال کر ورنہ لیٹا رہی پھر ظرف مذکور کو اُسکے نیچے

کہکر سرپوش جدا کرلین اور احتیاط رکھین کہ مریض کو زیادہ گرمی دھوئین کی نہ پہونچے ورنہ موجب غشی کا ہوتا ہی انکباب کرگرانی کان کو جو اکثر بعد بیضے کے عارض ہوتی ہی اور دردریحی و بلغمی کو و ثقل سمع کو زائل کرتا ہی ص گل بابونہ اکلیل الملک برگ و شاخ تکسی مرزنجوش پوست بیخ بادیان نوفو ماشہ پوست بیخ سوسن گل سرخ تخم ترب پانچ پانچ ماشہ انکباب کہ نقصان و بطلان سماعت کو دفع کرتا ہی ص سداب تخم سبت تخم ترب نوفو ماشہ لوبان دایلہ و تین تین ماشہ انکباب کہ ورم و درد گوش کو دفع کرتا ہی ص برگ بنفشہ برگ مکوے برگ سنبھالو گل بابونہ گل سرخ گل نیلوفر گل خطمی جایہ ہوزن انکباب کہ درد و شنا و درد ہاے دیگر ے اعضا و گرفتگی و سستی اعضا کو دفع کرتا ہی ص برگ زیب برگ مکوے امربیل برگ سنبھالو پوست درخت گلچکان ہر ایک بوزن مساوی انکباب کہ ورم خصیہ و قضیب کو نفع کرتا ہی ص تخم بنگ تین ماشہ تخم شبیت برکوسہ دو تولہ خوب کلان ابیلہ ملا ایک ایک تولہ انکباب کہ چھالہ یعنی باتھ اور پانون کے چمڑے پھٹنے کو دفع کرتا ہی ص پوست درخت زیتون تولہ کہنہ تلخ آدھ پاؤ کا افتیمون تین تولہ فصل ۵ - ایارجات مین اگرچہ معنی ایارج کے بہت لکھے گئے ہین مگر عمدہ و جید یہ ہی کہ ایارہ سقمونیا کو کہتے ہین و سقمونیا جزو اعلی اسکے کا ہی لہذا اسکے نام سے موسوم ہوا اور سب مرکبون مین بیشتر حکماے متقدمین نے بقول بقراط نے اسکا اختراع کیا تھا و تدبیر اسکی یہ ہی کہ اخراج کو مقدم کرین کہ شرکت کنندہ مین ملا کرین ایارج کہ سعدہ کو اخلاط غلیظ سے صاف و انواع دردسر و امراض دماغ کو دفع کرتا ہی ص ہلیلہ زرد آملہ بلیلہ ہر ایک پانسی سو گندنا بالانج چھ چھ ماشہ مصطگی نو ماشہ [illegible] ماشہ سقمونیا ہم چند بادام مقشر دو چندان مجموع کہ ایارج کہ فضلات دماغی کو خارج و امراض دماغی کو دفع کرتا ہی ص سقمونیا ایک تولہ تخم خطمی مغز ماشہ تربد سفید برگ سنا گل سرخ نوفو ماشہ [illegible] ایارج جالینوس کہ سوداوی و بلغمی کو خارج کرتا ہی و درد سر و شقیقہ و دوار [illegible] ثقل [illegible] لقوہ و [illegible] نسیان و صرع و سکتہ و برص و جذام و درد گردہ و مثانہ و سلسل البول [illegible] و عرق النسا و [illegible] فروج منبتہ و الیخولیا کو نفع دیتا ہی ص تخم بنگ بیدانہ سفید شحم حنظل [illegible] سقمونیا ایک تولہ [illegible] کہ [illegible] ص گل سرخ پانچ ماشہ شہد نام سہ چندان ایارج اركاغاثیس [illegible] و عرق النسا کے ساتھ [illegible] کے ساتھ مدت سے سفوف سرطان بحری

بریان کے سفید ہی و جملہ بیماریہائے بلغمی و سوداوی کو ابتداے زوال المار و تنگی نفس و گرفتگی آواز کو تنہا
سودمند ہی ص اسطوخودوس خ ق سیاہ کماذریوس فلفل سیاہ ہر ایک چار تولہ بیاز عنصل ابوزغفران حنظیانا
قطر اسالیون جاوشیر ہر ایک تین تین تولہ دارچینی سنبل الطیب صعتر افذرا وند بدرجرح شنم حنظل وتربد سفید
ایک ایک تولہ کوٹ چھانکر سہ چندان شہد کف گرفتہ مین ملاوین خوراک تین ماشہ سے نو ماشہ تک ایارج
ہو فیقراطس فیقراجزوا علی ہی لہذا بالقاعدہ یونانی اس نام سے موسوم ہی دردسر و بخارات فاسدہ و طوبت معدہ
وغم و خوف و جملہ امراض سوداوی کو دفع کرتا ہی ص حنظیانا نازرا وند بدرجرح سنبل الطیب سلیخہ دارچینی ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ
فلفل و قطر اسالیون کماذریوس اسطوخودوس نو نو ماشہ ایلوا دو تولہ شہد سہ چندان بدستور بناوین ایارج لوغادیا
کہ ساتھ نام مخترع کے منسوب و معروف ہی علت ہاے صداع و شقیقہ و سدر و دوار و ہیضہ و دوخودہ و فالج و لقوہ و سبق
و برص و جذام و قوبا و سعفہ و دوار الثعلب و الیخولیا و درد گوش و ثقل و بطلا سماعت و دیگر امراض باردہ و ریحی کو مفید ہی
ص شحم حنظل بیاز عنصل نمار یقون فریق سیاہ سیاہ فتیمون تخم سنبھالو ثقل از رق انیسون سماق ہندی سلیخہ
فلفل سفید سنبل الطیب زراوند طویل زنجبیل اسطوخودوس نو نو ماشہ ایلوا جنطیانا تو تولہ بعد سب کو سفوف
باریک کرکے سہ چندان شہد کف گرفتہ مخلوط کر رکھین بعد مہینے کے چھ ماشہ سے نو ماشہ تک خوراک ہی

باب ۲ حرف تا رتاری

فصل ۱ باسلیقون باسلیقون سرمہ رور و شنی چشم کا ہی بقراط نے واسطے بادشاہ کے جسکا
یہی نام تھا بنایا تھا **باسلیقون کبیر** کہ تیزگی چشم و ابتداے نزول آب و اجراے اشک و خارش و سنبل و
طفرہ و شریاق و مٹائی پلکون کو مفید ہی ص کف دریا اقلیمیا نقرہ دسمس ماشہ ہلیلہ زرد دو تولہ کشتہ رانگا
کشتہ تانبا سانبھر ہندی سرمہ اصفہانی امیران چینی زرد چوبہ نمک سنگ سنبل الطیب پانچ پانچ ماشہ فلفل گرد
فلفل دراز قرنفل صبر مقوطری دو دو ماشہ بدستور سرمہ کے بنا کر استعمال کرین **باسلیقون صغیر** کہ واضع
مذکور نے وضع کیا و قریب منافع کبیر کے ہی ص اقلیمیا نقرہ کشتہ تانبا کشتہ رانگا پانچ پانچ ماشہ نمک سنگ نوشادر
سنبل الطیب فلفل گرد فلفل دراز نیم نیم ماشہ بدستور بنا کر استعمال کرین **فصل ۲ نسخہ جات بتیسا** بتیسا
کہ عورات کو واسطے دفع رطوبت و ادرار حیض غیر معمولی اور کمزوری کہ از قضاہت طبیعت کے سفید ہتہ و سرون کو دافع
جریان و رقت بینی و مقوی باہ ہی ص مازو مائین لودھ ہاؤبر بنگ باؤ کھا کل ملھاوا کو گھر و کلان گوکھرو خرد
گل سپیاری چکنی ڈلی سوصلہ سینھل سمندسوکھ پوست اندرونی درخت مولسری گوند ھا[illegible]

مجیٹھ پلنگ توڑ کمرکس ایک ایک تولہ سنگ جراحت دو تولہ گوند ببول بروغن زرد بریان سات تولہ سبکو
کوٹ چھان کے میدہ برنج ساٹھی آدسیر شکر سفید تین پاؤ مین ملاوین اور گری چھوہارا چرونجی لاوا ایک
ایک چھٹانک ریزہ ریزہ کرکے مخلوط کرین اور تین پاؤ روغن گاؤ جو داغ سے خوشبو کیا ہوا لاکر چاہین ویسا ہی
رکھین چاہین باضافہ قدرے پانی کے بشکل لڈو بنا رکھین ایضاً بیتسا سوصلی سنبل مجیٹھ سپیاری پرانی
پلنگ توڑ تخم سرمانی تخم گندر بیج بند مغز کنوانچ گل دھاوا چرا یکند چونیا گوند مغز تخم پلاس امرجو بیج بل پھر ماتین
سمندر سوکھ باؤ برنگ اجوائن دیسی تال مکھانا سونٹھ گوکھرو خرد و کلان موصلی سفید و سوصلی سیاہ ازہ واجبینی باؤ کھا
لودھ سوچرس کمرکس کامراج سینگڑی خرد ببول کی بھوپلی الائچی ہرخ اسگندھ ایک ایک تولہ سنگراحت تین تولہ
ماہدہ گندم برنج ساٹھی ایک ایک پاؤ شکر سفید روغن زرد آدھ آدھ سیر **فصل ۹ بخورات** مین طریق بخور کا یہ ہی
کہ اجزاے خشک کو آگ پر ڈال دھواں اسکا مثل انکباب کے عضو ماؤف پر پہونچاوین یا تمام بدن پر بخور کہ دانے ہاے بھوسیر
اور ورم متعد کو دفع و کرم دیدان یعنی چنا کو قتل کرتا ہی **ص** گوگر دسیندور چھوچھ ہاشہ اسفوس بیخ مدار
برکنار دو دو تولہ جلا کر دھواں بہ زمین پہونچاوین بخور کہ مدر حیض و مخرج بچہ مردہ و ہشیمہ ہی و دشواری ولادت
کو آسان کرتا ہی **ص** کندر الفا الطیب اسبغول مقل گوگر دسامدی سفوف کرکے زہرہ گاؤ مین بسان گولی
باشیاف بنا رکھین وقت حاجت کے جلا کر دھواں لیوین بخور کہ بواسیر یحی کو دفع کرے **ص** پھل بھٹ کٹائی
کے برگ نیم بیدانہ اسپند ہموزن سب بخور کرین بخور کہ آسانی ولادت کی کرتا ہی **ص** سانپ کی کینچل ایک جز
سم سپ خواہ خر چار جز باہم جلا کے بخور کرین بخور کہ ہاتھ و ناخن کے ابرص کو دفع کرتا ہی **ص** روغن بید انجیر
مقام مرض پر لگا کے مدار کی لکڑی کی دھونی دیوین **فصل ۱۰ نسخہ جات برص** مین اسکا نام اصلی برشا بمعنے
برّاساعیہ و ترکیب حکماے قدیم سے اب کثرت استعمال سے بلفظ برش معروف ہو رہا ہی برش کنکام زالہ تیر کی چشم
و دوارد و آواز گوش و لقوہ و فالج و رعشہ و صرع و سباب و نسیان و مالیخولیا و یرقان ضعف اعصاب و استرخا لثہ
و بلادت ذہن و گندگی و سیاہی لعاب دہن و سعال و تزف دم و اوجاع بلغمی و ضعف معدہ و جگر و انواع استسقا
و سرعت انزال کو مفید اور فاذر ہر سموم کا ہی **ص** فلفل سیاہ فلفل سفید بندر لبیخ ہر ایک چار چار تولہ افیون مصفی
دو تولہ زعفران ایک تولہ سنبل الطیب عاقرقرحا تین تین ماشہ جدا جدا سفوف کرکے سہ چندان شہد کف گرفتہ
مین مخلوط کرکے تین ہفتہ غلہ جو مین دفن رکھکر استعمال کرین خوراک دو سرخ سے ایک ماشہ تک ہی و قوت اسکی
پانچ برس تک باقی رہتی ہی **ایضاً** گل بنفشہ عود صلیب اسطوخودوس ہلیلہ زرد چھ چھ ماشہ سفوف کرکے

دو تولہ افیون کہ پانی مین گھولکر گرم کیا ہوے ملاکر گولیان بناوین ایضاً و نفل زعفران عاقرقرحا مذر البنج پانچ پانچ ماشہ سفوف کرکے دو تولہ افیون کہ عرق کیوڑہ مین گھولکر گرم کیا ہوے ایسا ملاوین کہ مثل معجون کے ہوجاوے **فصل ۱۱ ابر بوٹا** مین کہ آشوب و درد چشم کو ایک روز مین دفع کرتا ہی اعنی باستعمال اسکے جلد صحت ہوتی ہی ص شیاف مایشا اندروت نوفو ماشہ کٹیرا ایک ماشہ زعفران دو ماشہ افیون نیم ماشہ سرمہ ساکر کے ساتھ پانی بادیان کے شیاف بنا رکھین بروقت حاجت کے سفید تخم مرغ مین گھسکر لگاوین **فصل ۱۲ برودہ** مین تدبیر برودگی مثل سرمہ کے ہی اجزا کو کھرل مین صلایہ کرکے آنکھ مین لگانا لیکن اُسکے بعد دواے مرطوب بھی اس نام سے موسوم ہوئی **برودہ کافوری** کہ آنکھ کا میل و پانی دفع کرے پھلی و جالے کو کاٹے و سرخی آنکھ کی و شبکوری دور کرے ص حضض و توتیاے مغسول ایک ایک ماشہ پوست ہلیلہ زرد دو ماشہ تخم ہلیلہ کابلی سوختہ ایک عدد کافور ایک ماشہ نمک سنگ نیم ماشہ بطور سرمہ گھسکر استعمال کرین **برودہ زعفرانی** کہ قوت باصرہ کو طاقت دیوے و آنکھ کی حفاظت امراض سے کرے ص گھر یا چاندی کی تین ماشہ زعفران ایک ماشہ کافور سرخ برودہ کہ سوزش و خارش آنکھ کو دفع کرے ص سنگ بصری معدنی سوختہ تین تین ماشہ رسوت پانچ ماشہ کافور ایک ماشہ طباشیر سفید چھ سرخ **برودہ اصفر** کہ خارش چشم و پھلی و باہنی و جالا و ناخنہ کو دفع کرتا ہی ص طوطیاے مغسول مثل ماشہ ہلیلہ زرد چوبہ پانچ پانچ ماشہ امیران چینی فلفل دراز تین تین ماشہ نمک سنگ ایک ماشہ سب کوٹ چھانکر ظرف چینی خواہ شیشہ مین رکھکر اسقدر آب بادیان ڈالین کہ خوب تر ہوجاوے زان بعد سایہ مین خشک کرکے سرمہ کیطرح صلایہ کرکے آنکھ مین لگاوین **برودہ پارسی** کہ مخترع الطبا فارس کا ہی حفظ صحت آنکھ کی کرتا ہی و بصارت کو قوت دیتا ہی ص طوطیاے مغسول گھر یا چاندی کی پانچ پانچ ماشہ جٹامانسی تیج پات زعفران ایک ماشہ مروارید ناسفتہ دو ماشہ کافور چار ماشہ صلایہ کرکے لگاوین **برودہ رمان** کہ ضعف بصر کو دفع کرتا ہی و بصارت کو قوت دیتا ہی ص انار شیرین و انار ترش کے دانہ و مغز انار تنک جو مابین دانون کے اندر انار کے ہوتا ہی بوزن مساوی لیکر کھرل سنگین مین کوٹ کر پانی اسکا نچوڑ لیوین و چہارم حصہ اسکا شہد خالص ملاکر دیگچی قلعی دار مین آگ پر رکھین و کف دفع کرتے جاوین یہان تک کہ قوام اُسکا مثل شربت کے ہوجاوے بوتل شیشہ مین رکھ لیوین و لگایا کرین **برودہ جالینوس** کہ یبوست بصر و دافع دلکہ و پھولی و خارش مزمن کا ہی ص صبر سقوطری مرچ سیاہ فلفل دراز سافرج سنگ مقناطیس سوختہ دو دو ماشہ طوطیاے سبز سافرج ہندی چار چار ماشہ مازو سبز چاشنی اندروت کف دریا ایک ماشہ

سفوف کرکے آب انار مین پانچ مرتبہ تر کرکے ہر مرتبہ آفتاب مین خشک کرین وصلایہ کرکے لگاوین
برود حصرم کہ پھلی وجالا ومانڈا وڈھلکا وناخنہ وباھنی وخارش کو دفع کرے ص توتیای کرمانی مغسول
دس ماشہ زنجبیل بلیلہ زرد زرد چوبہ پانچ پانچ ماشہ دارفلفل امیران چینی تین تین ماشہ نمک سنگ ایک ماشہ سفوف
کرکے تین ہفتہ تک آب غورہ مین تر رکھ کر خشک کرکے سرمہ بناکے استعمال کرین فصل ۱۳ بنفشجی مین کہ باعتبار رنگ
کے اس نام سے موسوم ہوا تیر گی چشم ودفع ضرب وحکہ کو مفید ہی ص شادنج مغسول سات ماشہ دم الاخوین پانچ
ماشہ کشنہ تانبا فلفل دراز سنبل الطیب سافج ہندی دانہ الائچی سفید کافور دو دو ماشہ بدستور سرمہ بناکے
استعمال کرین فصل ۱۴ انباق مین دستور اسکے بنانیکا مثل حبوب کے ہی مگر حبوب سے بڑی بنائی جاتی ہی
اور وقت کھانے کے چند ٹکڑے کرکے کھاتے ہین انباق کندری بیماری اسہال کو جو مزاج معدہ یا امعا
ہووے اور علت وجاجیہ کو جو اجابت قلیل المقدار بدفعات کثیرہ بلا پیش ہوتی ہی ازبس مفید ہے ص
کندر کرنا زج مازو حب الآس ہر ایک تولہ تولہ پھر انیون تین ماشہ بدستور بناوین وسناسب حال مریض کے
کھلائین انباق ابھلی اُس بیماری کو مفید ہی کہ بعد بول الدم کے خون یا ریم شانہ مین جم جاتی ہے
اور ادرار بول بدشواری ہوتا ہی اور اُسکے ساتھ خون وریم بھی نکلتی ہی ص زیرہ سیاہ مجیٹھ اسبل کباب چینی
پھٹکری بریان کندر بوزن مساوی سفوف پارچہ پر بیز کرکے سرکۂ خالص مین سان کر بناوین وہمراہ جوشاندہ تخم خربزہ وتخم کاسنی
وبادیان مساوی الوزن کے بقدر مناسب کھلاوین وپلاوین انباق بزوری کہ سوزش ودشواری وتقطیر بول
وقروح مثانہ کی جسمین یہ سفید وقروح گردہ جسمین یہ ریم برنگ سرخ یا گلابی یا سیاہ ساتھ پیشاب کے نکلتی ہی مفید ہی ص مغز تخم خربزہ
مغز تخم خیارین مغز تخم کدوی شیرین کتیرا نشاستہ گندم ایک ایک تولہ مغز بادام شیرین بمقشر رب السوس گل ارمنی
دانہ خشخاش سفید سب باریک کرکے تھوڑے پانی کے ساتھ صلایہ کرکے بناوین وبقدر مناسب کھلاوین

باب ۳ حرف الباء فارسی

فصل ۱ نسخہ جات پاشویہ مین اختراع پاشویہ کا بعد انکباب کے ہوا ہی اسی سے یہ رواج ہی
کہ پاشویہ کی دوا گرم وطیار ہونے پر پہلے تمام بدن کا انکباب کرتے ہین طریق اسکا یہ ہی کہ اجزاے
دوا کو زیادہ پانی ڈالکر پکاوین کہ چہارم حصہ پانی جل جاوے تب مریض کو ایسے مکان مین کہ ہوا کا مرور نہووے
بیٹھال کر تا بگردن کپڑے سے ڈھانک کر اُس پانی کو دوسرے ظرف وسیع مین ڈال کر انکباب کرین جب
پانی قابل ہاتھ لگانے کے ہوجاوے مریض کے دونون پانون اُس پانی مین رکھا کر پانی اُٹھا اُٹھا کر

دونون پر گھٹنون سے نیچے ڈالین اور اوپر سے نیچے کو ستوتین جب پانی کی گرمی جاتی رہی خشک کپڑے سے پیرون کو پونچھکر دوسرا کپڑا گھٹنون سے نیچے تک باندھین مگر تلوے کھلے رکھین و مریض کو کپڑا مناسب اوڑھا کر لٹادین بعد دو تین گھڑی کے کپڑا پائون کے نیچے سے کھولین و اگر اندیشہ صعود ابخرے کا ہو تو تلوے نیمگرم پانی مین رکھکر کھولین اور جبکہ ضرورت پاشویہ اور شاخون کی ہوے تو پہلے شاخین کھچوا کر تب پاشویہ کرین اور بحران و شدت حرارت تپ مین استعمال پاشویہ کا ممنوع ہی اگر بضرورت شدید اتفاق ہوے تو صرف آب گرم و نمک سے کرین **پاشویہ** کہ واسطے صداع حار و سرسام صفراوی و بیخوابی کے نافع ہی ص برگ کنار سبوس گندم نیم نیم پاؤ برگ بنفشہ گل نیلوفر گل خطمی عنب الثعلب برگ خرفہ برگ پالک چار چار تولہ تراشہ کدو چھ تولہ نمک خرد تین تولہ ایضاً گل نیلوفر چار تولہ گل سرخ ایک تولہ تراشہ پٹھا تراشہ کدو دراز سبوس گندم چھ چھ تولہ کشنیز تر و نمک خرد دو دو تولہ برگ کنار چھ تولہ پاشویہ کہ واسطے درد سر بارد و سبات و سرسام بلغمی و تپ بلغمی کے مفید ہی ص گل بابونہ اکلیل الملک گل خطمی خرد دل نمک طعام خوب کلان تین تین تولہ سبوس گندم برگ کنار چھ چھ تولہ ایضاً پرسیاوشان گل بابونہ تخم خطمی تین تین تولہ برگ کنار برگ سمبھن چار چار تولہ نمک طعام دو تولہ بدستور استعمال کرین **فصل ۱۶ نسخہ جات پیڈی مین** پیدی کہ عورات کے مزاج کو از بس مفید و رطوبات کو خشک تحلیل و بدن کو خوشرنگ و تقویت بدن و تولید خون صالح و مردون کی رقت منی و سستی باہ کو دفع تی ہی ص تال مکھانا چاکسو بقشر تخم اوٹنگن ہلیلہ آملہ مازو سبز زیرہ سیاہ زیرہ سفید دو دو تولہ الائچی کلان الائچی خرد تخم سریالی جایفل لونگ ایک ایک تولہ مغز پنبہ دانہ سپیاری چار چار تولہ گوند ببول بروغن زرد بریان کردہ نو تولہ نشاستہ گندم ڈیڑھ پاؤ شکر سفید ڈھائی پاؤ میوجات و روغن زرد ملا کے بدستور نسخہ مذکور کی بنا رکھین بقدر مناسب کھایا کرین ایضاً کہ مردون کے مزاج کو نہایت مفید تقویت گردہ و باہ و تولید منی کی کرتی ہی ص گندم بریان تخم السی بریان آدھ آدھ پاؤ کنجد سیاہ بریان مغز پنبہ دانہ ایک ایک چھٹانک گوند ببول بریان نیم چھٹانک سفوف کرکے باضافہ شکر سفید آدھ سیر روغن زرد پاؤ بھر کے بدستور بنا وین

باب ۴ حرف التاء المثناۃ فوقانیہ

فصل ۱ نسخہ جات تریاقات مین واضح ہو کہ حکماے سابقین نے اولاً ترکیب تریاق کی جزاے فاذہر سے کی تھی زان بعد اجزاے قوی العمل سے ترکیب دینا شروع کیا مقصود یہ ہی کہ تریاق مرض مقابل کو ایسا نافع ہی کہ جیسا دفع زہر مین فاذزہر ہوتا ہی **تریاق اربعہ** کہ مخترع حکیم اندرماوس کا ہی و طیاری سے

چالیس روز کے بعد استعمال کرنا چاہیے دو برس تک قوت کامل رہتی ہی محلل ریاح غلیظ مفتح سدہ جگر و طحال و فاذر ہر سموم حیوانات و مدر فضلات و مخرج جنین میت و نافع صرع و خفقان و جمیع امراض بارده سے
ص حب الغار حنظل یا نام مکی زراوند طویل خواہ زراوند مدحرج مساوی الوزن سفوف کرکے سہ چندان شہد کف گرفتہ مین ملاوین خوراک ایک ماشہ سے چار ماشہ تک اور اگر ایک جزو زعفران ملاوین زیادہ لطیف وقوی ہو تریاق حامہ حکیم بلیدوس نے آٹھ جزون سے بناکر اس نام سے موسوم کیا سمیت سموم کھائے ہوے و کاٹنے نیش مارے حیوانات کو دفع کرتا ہی و قولنج و صلابت و سدہ و طحال و فالج و رعشہ و صرع کو مفید و محلل ریاح و مفتح سدہ عروق ہی ص مرکی حب الغار حنظل یا ناقسط تلخ ایک ایک تولہ فلفل گرد سلیخہ آٹھ آٹھ ماشہ زعفران دار چینی چار چار ماشہ شہد سہ چندان تریاق صغیر مخترع شیخ الرئیس دفع سمیت سموم ماکولہ و دفع سم جانوران مین تریاق اربعہ سے قوی و دیگر منافع مین مساوی ہی ص زراوند طویل حب الغار حنظل یا پوست بیخ کرافسنتین زرچوبہ بیخ حنظل جملہ مساوی شہد یکنیم چند تریاق الکرکم عقرب زدہ کو مفید ہی و دفع قولنج و درد اشا و سدۂ امعا و تسہیل ولادت کرتا ہی ص صبر سقوطری قسط تلخ پودینہ سداب بری عقرقرحا زنجبیل فلفل دراز شونیز حلتیت جملہ بوزن مساوی سفوف کرکے سہ چندان شہد مین مخلوط کرکے کھین خوراک چھ ماشہ ساتھ آب گرم کے تریاق المشانہ تالیف حکیم ابوالماہر کہ دافع قروح گردہ و مثانہ و مجاری بول و احتباس و سوزش بول قرین کو مجرب ہی قدرے شیر گاؤ کے ساتھ اور مفید امراض رحم و مدر حیض و سکن و درد ہاے اعضاے تناسل ہی آب خیساندہ تخود کے ساتھ و نافع صعود ابخرہ بدماغ و مقوی و منقی اعضاے تنفس ہی مار العسل کے ساتھ ص ساخ گاؤ کو ہی سوختہ بسد و مروارید نو نو ماشہ آفیون ایک ماشہ رب السوس سماق گل ارمنی گل شیرازی ریوند چینی زوفا خشک صعتر تخم کرفس انیسون چار چار ماشہ گل مختوم تخم خطمی تخم خبازی تخم خرفہ مغز تخم خیارین مغز تخم کدوی شیرین تخم خربزہ دم الاخوین پانچ پانچ ماشہ اشنہ کتیرا حب القلب مغز بادام شیرین سات سات ماشہ حب کا کنج نو ماشہ شہد سہ چندان تریاق لاسبان کہ درد دندان و ورم مسوڑھون کو جو سردی سے ہو دفع کرتی ہین نہایت مجرب ہی ص فلفل گرد عقرقرحا انگوزہ زرنباد نمک سنگ بوزن مساوی کوٹ چھان کے شہد مین سان کر غلولہ بناکر سایہ مین خشک کرکے دانت کے نیچے دبا دین فصل ۸ انسخہ جات تیزاب مین دستور کھینچنے عرق تیزاب کا ہی کہ دواؤن کو نیکوب کرکے ایک کھڑے مین رکھین اور اسکے منھ سے ایک ہانڈی کا منھ آٹے سے

دھصل کرکے چولھے پر گھڑے کو ایسا محرف یعنی رکھین کہ ہانڈی چولھے پر جو اول چولھے سے کچھ بلند ہوے

رکھی جاوے اور ہانڈی کی کمر مین ایک سوراخ کرکے اُس مین بالون کے نبی لگاکے ایک پیالہ چینی خواہ شیشہ وغیرہ اُس نبی کے نیچے مقابل رکھین کہ اُسمین عرق ٹپکے اس شکل سے تیزاب کہ گوشت زائد کو زخمون سے قطع کرتا ہی و دنبل سخت کو توڑتا ہی و بشورات مزینہ کا مواد مبا تا ہے

ص شورہ قلمی پھٹکری نوشادر بوزن مساوی نیکوب کرکے بدستور عرق کھینچین تیزاب کہ برص کے چھڑے اور گوشت ناقص کو کاٹتا اور اچھا گوشت وچمڑا جماتا ہی ص پھٹکری ہفید دو تولہ پھٹکری زرد چار تولہ شورہ قلمی سات تولہ بدستور بناوین جلد کو کھجلا کر لگاوین تیزاب جسکو دیگ پر دیگ بوجہ صورت اُسکے بنا نیکی کہتے ہین بواسیر کو اور گوشت زائد کو کاٹ کے دفع کر دیتا ہی اور یہ دوا کو تکلیف دیتی ہی بعد کٹ جانے گوشت کے کرنب گاے گابتا جوش کرکے اُسکا پانی لیکر اُسمین گاہی گابھی ملا کر گھسین جب مثل مرہم کے ہوجاوے تب لگاوین اور اگر اُس سے زخم دفع نہووے دوسرا مرہم استعمال کرین واگر ایک روز کے لگانے مین گوشت نہ کٹے تو ایک روز درمیان دیکر پھر لگاوین

ص سیماب نوشادر چار چار تولہ زنگار چونہ پتھر کا آٹھ آٹھ تولہ سجی لوبان گندھک زرد چوبین چھ چھ تولہ پارہ وزنگار کو سرکہ مین کھرل کرین جب پارہ کا نشان باقی نرہی اجزا کو ملا کر کھرل کرکے دوا کو خشک کرین اُسکے بعد سرد پانی مین رکھکر ایک ڈیگ مٹی مین رکھین دوسری دیگ سر اوندھا کر اُسپر رکھکر آٹے سے منھ بند کردین و خفیف آنچ کرتے ہین کہ سب دوا کا جوہر اُڑکر دوسری دیگ بالا مین لپٹ جاوے تب کھولکر اوری ہوئی کو لیکر استعمال کرین

باب ۵ حرف الثا ثلاثی فوقانیہ

فصل ۹ اثیاوریطوس معجون ہی کہ حکما قبل جالینوس نے سلطان وقت کیواسطے بنایا تھا جسکا نام بھی تھا اُسی کے نام سے موسوم کیا صداع صداع مزمن و فالج ورعشہ ولقوہ وصرع واوجاع معدہ وجگر وطحال وبرص وتاریکی نظر وجمیع امراض بارد ورطب کو مفید ہی واد رار بول واخراج سنگ گردہ ومثانہ وتلیین کرتا ہی ص صبر سقوطری غاریقون ایک ایک تولہ زعفران دارچینی زنجبیل مصطگی رومی نونوماشہ فلفل دراز جنطیانا نفاح اذخر کمادریوس قسط شیرین افتیمون اسارون سلیخہ سنبل الطیب چھ چھ ماشہ سفوف پارچہ بیز کرکے تین تولہ روروغن گاؤمین چرب کرکے شہ چندان شہد مین ملا رکھین خوراک چھ ماشہ سے نو ماشہ تک وقوت اسکی چار سال تک رہتی ہی

باب ۶ حرف الجیم ابجد

فصل ۲ جلاب مین کہ قسم شربت ہی مگر قوام جلاب کا شربت سے بہت رقیق ہوتا ہی وبسبب رقت کے جلد ناقص ہو جاتا ہی اسقدر بنانا چاہیے کہ بہت دنون تک رکھنا بڑے و شربت سے سریع الاستحالہ ہی لہذا اختراع ہوا **جلاب** کہ تقویت دل و دماغ و معدہ کی کرتا ص برگ گاؤزبان چار تولہ گل گاؤزبان بادرنجبویہ گل سرخ دو دو تولہ سیر بھر عرق گلاب مین جوش دیوین جب چہارم جل جاوے ملکر چھان لیوین سیر بھر قند سفید ملاکر پکاوین جب بقوام مناسب آوے اُتار رکھین و بقدر مناسب پلاوین **جلاب** کہ تقویت قلب و تقویح معدہ ہاے عروق مین بیمثل ہی ص آب سیب آنار شیرین آدھ آدھ پاؤ عرق گلاب پاؤ بھر عرق گاؤزبان عرق کاسنی آدھ سیر شیرہ تخم خربشک ایک تولہ نبات سفید تین پاؤ ملاکر پکاوین و بقدر مناسب پلاوین **جلاب** کہ تقویت معدہ مین بعدیل ہی ص زرشک دو تولہ زیرہ گل سرخ ایکتولہ دانہ ہاے انار شیرین مع عرق پاؤ بھر الائچی سفید مع پوست چھ ماشہ سب کو پیسکر تھوڑا پانی ملاکر چھان لیوین آدھ سیر نبات سفید ملاکر بدستور پکاوین و بقدر مناسب صباح پلایا کرین **فصل ۲ جوارشات مین** اسکا اختراع معجون کے بعد ہوا مخصوص واسطے امراض معدہ کے زبان بعد اور اعضا کے ہاضمہ بھی بننے لگی دستور بنے جوارش کا مثل معجون کے ہی مگر سفوف جوارش کے اجزا جریش یعنے دردرا ہونا چاہیے **جوارش دارچینی** کہ تمام اعضا اور باہ کو قوت دیوے اور درد سر و سعال بلغمی و بواسیر بادی و درد و نقرس و سبق و سنگ گردہ و مثانہ کو مفید ہی ص سنبل الطیب دانہ الائچی سفید سلیخہ دارچینی خولنجان قرنفل سعد کوفی زنجبیل مرچ سیاہ دارفلفل قسط شیرین اسارون ہر ایک دو جزو زعفران ایک جزو مصطگی پانچ جزو شکر سفید برابر مجموع کے و شہد ہموزن سب دواؤن کے **جوارش کمونی** مقوی معدہ و ہاضم کاسر الریاح و دافع فضلات ہی ص زیرہ سیاہ مرکہ خالص مین تسفیہ کیا ہوا سات جزو مرچ سیاہ زنجبیل سداب دارفلفل پودینہ ہلیلہ زرد تین تین جزو نمک سنگ چار جزو شہد سہ چندان مجموع کے **جوارش مصطگی** دافع بدبودت معدہ و جگر و سیلان لعاب دہن و مقوی معدہ و ہاضمہ ہی ص مصطگی رومی ایک جزو سفوف کرکے قوام قند سفید سولہ جزو مین کہ عرق گلاب کے ساتھ بنایا ہوی ملاوین **جوارش عود ترش** مقوی معدہ و ہاضم طعام ہی ص عود پانچ تولہ قرنفل سنبل الطیب زرشک ایک ایک تولہ ایک طل شکر سفید کے قوام مین جسمین دس تولہ عرق لیموں کا غذی خواہ بارہ تولہ عرق انار ترش داخل ہوے ملاوین **جوارش جالینوس** کہ تمام اعضا کو اور باہ کو قوت دیوے و کثرت بول و غلبہ ریاح و صداع و سعال بلغمی و بواسیر بادی

قوبا و نقرس و سبق و سنگ گردہ و مثانہ کو دفع کرے و سیاہی بالوں کی محفوظ رکھے ص سنبل الطیب
قاقلہ سلیخہ دارچینی خولنجان قرنفل سعد کوفی زنجبیل چوبۂ فلفل سیاہ دارفلفل قسط شیریں عود بلسان
اسارون ایک ایک تولہ زعفران چھ ماشہ مصطگی رومی دو تولہ قند سفید سب دواؤں کے برابر شہد دو چند ان
دواؤں کے جوارش خوزی کہ اطبائے خوزستان نے اختراع کیا ہاضم طعام دافع اسہال پیچش
جسکو تلی اور بروٹ کہتے ہیں و استسقا و کثرت بول کو دفع کرے ص قسط شیریں سلیخہ سنبل الطیب
ایک ایک تولہ جوہر بوادو تولہ دانہ الائچی سرخ قرنفل انیسون اکلیل الملک شیطرح نو نو ماشہ بسباسہ زنجبیل
زراوند مدحرج اشبہ ہلیلہ زرد ہلیلہ کابلی ہر ایک چھ چھ ماشہ نبات سفید دو چند ان مجموع کے و بعد دو دینے کے
لایق استعمال کے ہیں جوارش بوعلی کہ ریاح و خفقان و مالیخولیا و کبر اہٹ دل و وسواس سودای کو
دفع کرے ص عود ہندی بسباسہ فرنجمشک زرنب زرنباد برگ گاؤزبان سنبل الطیب ایک ایک تولہ
دارچینی مصطگی بادیان چھ چھ ماشہ کافور تین ماشہ شہد ہم چند ان نبات سفید دو چند ان جوارش اسقف
حکیم اسقف نے لکھا ہی کہ میں نے کسی مرکب کو اس سے بہتر و موثر نہیں پایا ہی قولنج وغیرہ امراض بلغمی و
اسعاو بواسیر و درد پشت و درد نشستگاہ و نشیان رتے کو دفع کرے ص زنجبیل دارچینی الائچی قرنفل
بسفائج جوزبوا ایک ایک تولہ قرنفل گردالائچی سفید ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ سقمونیا تربد نو نو ماشہ نبات سفید
سفید ہموزن و شہد دو چند ان جوارش قنداد یقون کہ مسہل سوم باسم منتج ہے درد پشت
و درد سعدہ و ضعف ہرد و کہ بسبب برودت و ریاح کے ہو دفع کرے ص زنجبیل دارچینی سیاہ
سنبل الطیب مصطگی رومی ناخواہ ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ تخم کرفس پودینہ سیاہ سیاہ عاقرقرحا سفید [illegible]
سرخ ایک ایک تولہ شہد سہ چند ان جوارش فنجوش کہ استرخاء معدہ و ریاح و بواسیر و قساوت [illegible]
کرے ص نبت الحدید کہنہ تین تولہ ریزہ ریزہ کر کے دو ہفتہ سرکہ میں تر کریں و نکال کر [illegible]
روغن گاؤ میں سرد کریں و ہلیلہ آملہ سعد کوفی شیطرح ہندی سنبل الطیب فلفل سیاہ فلفل [illegible]
ایک ایک تولہ تخم شبت تخم گندنا نو نو ماشہ شہد کف گرفتہ شہ چند ان جوارش سماق کہ [illegible]
و درد شکم دوامی و بواسیر کو نفع کرے ص سماق تخم ترہ تیزک بوزیدہ سیاہ مرزنجوش مصطگی رومی [illegible]
ایک ایک تولہ سقمونیا تربد پانچ پانچ ماشہ شہد سہ چند ان جوارش سوملیدیں کہ دماغ و دیدہ و [illegible]
دیوسے اور منی کو زیادہ اور گاڑھی اور قوت باہ ازاد کرے ص تخم پیاز تخم خرفہ تخم [illegible]

تخم شلجم تخم گندر کرفس شقاقل مصری دار فلفل الائچی سرخ خولنجان دارچینی خرفہ زنجبیل نونواشہ اسگندہ
سوصلی سیاہ سوصلی سفید مرچ کنکول کباب چینی عاقرقرحا چھ چھ ماشہ فلفل جوزبوا تین تین ماشہ گوند بول
روغن گاؤ مین بریان کرکے تین تولہ شکر سفید سہ چندان جوارش فلانیا منقول کامل البضاعت سے
چونکہ جملہ فلفل عمدہ اس ترکیب کے ہین اسلئے اسی نام سے موسوم ہوئی درد معدہ و شہوت کلبی یعنی ہر دم خواہش
غذا کی رہنا و خورش قلیل ہونا و ہضم طعام کو مفید و ریاح غلیظہ و تب ربع کو زائل کرتی ہی ص فلفل سیاہ و
فلفل سفید فلفل دراز ڈیڑھ تولہ زنجبیل کرفس نا تخواہ پودینہ سلیخہ اسارون ایک ایک تولہ شہد سہ چندان
بدستور بناوین خوراک چار ماشہ سے نو ماشہ تک **جوارش مقلیا ثانی** کہ زحیر یعنی اجابت قلیل قلیل
ساتھ پیش کے باختلاط آنون کے ہوتی ہے و منغص درد خفیف امعا مین بدون قبض کلی کے
و نواسیر بادی کو دفع کرے ص تخم ترہ تیزک بودادہ زیرہ سیاہ مدبر نونواشہ مصطگی رومی ڈیڑھ تولہ
ہلیلہ کابلی روغن گاؤ مین بریان کرکے چھ ماشہ سب کو سفوف باریک کرکے روغن گاؤ مین چرب
کرکے پاؤ بھر شکر سفید کے قوام مین ملاوین و بقدر مناسب کھلاوین **جوارش** فواکہ کہ معدہ
و جگر و دل و احشار یعنی سائر اعضاے اندرونی کو قوت دیوے و قی صفراوی و خمار شراب
کو دفع کرے ص آب انار شیرین و آب انار ترش آب سیب امرود آدھ آدھ پاؤ آب لیمون کاغذی
آدھ پاؤ مین زرشک دو تولہ سماق ایک تولہ پیسکر کیڑے مین چھان لیوین جملہ اجزا ساتھ ڈھائی پاؤ
شکر سفید کے قوام کرین و بقدر مناسب کھایا کرین **فصل ۲۲ جوگراج** مین تدبیر اسکی ترکیب کے
ساتھ لکھی جاتی ہی **جوگراج** کہ واسطے دفع فالج و لقوہ و رعشہ و دیگر امراض باردہ دماغی کے ازبس
مفید ہی ص فلفل سیاہ فلفل دراز بھنگرہ سیاہ شاخون کا خشک ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ زنجبیل قسط شیرین دیودار
سوہرل تیزپات قرحا پیر اسول ترکیبی تولہ بھر تج پل ستاور کباب چینی پودینہ خشک نونواشہ سب کو
سفوف پارچہ کرکے ہموزن سب سفوف کے گوگل کے ساتھ مخلوط کرین کہ یکذات ہو جاوے
و موافق تحمل مزاج مریض کے کہ گرمی زائد محسوس نہووے کھلایا کرین **جوگراج** کہ معدہ و گردہ و
مثانہ کو قوت دیوے و شہوت و دیہ زنان حاملہ کو دفع کرے ص کنجد سیاہ مقشر چار تولہ زرنباد
و تخم کرفس سیاہ دانہ سیاہ نا تخواہ کندر زنجبیل فلفل گرد فلفل دراز دارچینی دانہ الائچی سرخ نونواشہ
دو چندان نبات سفید کے قوام مین بدستور بناوین

باب حرف المحار خطی مین

فصل ۲۳ حبوب دافع امراض دماغی مین کہ جوہر دماغ مین ہون خواہ بواسطہ اعصاب کے کہ سبب انجا دماغ ہی دوسرے اعضا مین ہون وفائدہ باندفاع مواد ہو یا بطرز دیگر دستور بنانے گولی کا یہ ہے کہ جو برگ یا پھول تازہ سے بنائی جاوے وہ ویسا ہی پیسکر بنائی جاوے اور اگر اجزاے خشک سے بنائی جاوے تو اجزا کو کوٹ چھان کر پانی سادہ خواہ جس پانی کے ساتھ ترکیب مین لکھا جاوے سان کر بنائی جاوے لیکن جو گولی واسطے اشتہا و ہضم طعام و امراض معدہ کے بنائی جاوے اسکے اجزا بہت نازیک سہون کہ معدہ مین کچھ دیر یک ٹھہرے باقی گولیون کے اجزا نہایت باریک ہون کہ جلد مستحیل ہو جاوین **حب کرفس** کہ فالج ولقوہ ورعشہ واسترخا واختلاج کو دفع کرے ص کرفس فلفل دراز سپر اسپور تخم کٹائی نانخواہ کباب چینی نمک سانبھر حلیلہ بلیلہ آملہ مساوی نیم کوفتہ کرکے آب برگ مدار خواہ شیر مدار مین تسقیہ دیکر سفوف باریک کرکے مغز گھیکوار مین سانکر بقدر نخود گولیان بنا رکھین ایک صبح کو و دو وعدد شب کو سونیکے وقت کھایا کرین **حب اصطمخیقون** کہ بلغت یونانی بمعنی منقی ہی صداع مزمن و شقیقہ و بیضہ خورہ و عصابہ وجملہ امراض دماغی و مالیخولیا و دیگر امراض متعلقہ دماغ کو باسہال سوداو بلغم واخلاط فاسدہ کے سودمند ہی ص صبر سقوطری ہلیلہ زرد تخم برآوردہ تربد مجوف و مقشر چار ماشہ حب النیل بودادہ انیسون غاریقون سفید دو دو ماشہ تخم حنظل نمک سنگ تین ماشہ علیحدہ علیحدہ سفوف کرین و سفوف تربد کو روغن بادام مین چرب کرین و چھ ماشہ بادیان تھوڑے پانی مین جوش کرکے اسی پانی مین جملہ ادویہ کو سان کر بقدر نخود گولیان بنا رکھین بوقت حاجت صبح کو سات ماشہ سے نو ماشہ تک شہد مین رکھا کر یا تولہ شہد تھوڑے پانی مین کھولکر نگل جاوین **حب ایارج** کہ صداع مزمن و صرع و سکتہ و جمود و شخوص و سبات و امراض آنکھ کو نفع تی ہی و دماغ و اعضاے رئیسہ کو فضلات و اخلاط بلغمی سے صاف کرتی ہی ص تربد سفید مجوف و مقشر سات ماشہ سفوف کرکے روغن بادام مین چرب کرین و حب النیل بودادہ و غاریقون سفید و تخم حنظل چھ چھ ماشہ انیسون و نمک لاہوری چار چار ماشہ سب کو سفوف کرکے ایارج فیقرا نو ماشہ ملا کر آب بادیان مین بقدر نخود کے گولیا بنا رکھین بوقت حاجت صبح کو سات ماشہ کھا کر تھوڑا پانی پیوین **حب قوقایا** بلغت یونانی قوق سر کو کہتے ہین چونکہ اس گولی سے تنقیہ مواد سر کا ہوتا ہی و امراض دماغی و اعضاے سر کو مفید ہی لہذا حکیم جالینوس مخترع اس گولی نے اس نام سے موسوم کیا ص صبر سقوطری

عصارہ افسنتین مصطگی رومی ہر ایک ایک تولہ شحم حنظل تربد چھ چھ ماشہ کرفس کے پانی مین گولی بنا رکھین
واگر عصارہ افسنتین دستیاب نہو دو چند افسنتین داخل کرین حب فیقرا کہ مادہ خنازیر و سلعہ و عذود
کے ابھرنے کو تحلیل و باسہال خارج کرے ص البوہ نوماشہ غاریقون دنوشادر چھ چھ ماشہ شحم حنظل
تین ماشہ انزوت بریان ایک تولہ تربد یک نیم تولہ سقمونیا چار ماشہ آب گندنا گولی بناوین خوراک
تین ماشہ حب شبیار کہ تنقیہ دماغ کرے وجالہ امراض دماغی کو مفید ہی ص ہلیلہ کابلی سنا مکی تین تین
مقل یک جز گل سرخ حب النیل بودادہ چار چار عصارہ ریوند مصطگی رومی دو دو جز بدستور گولیان بنا رکھین
شب کو وقت خواب کے بقدر مناسب آب گرم کے ساتھ نگل جاوے حب کندر کہ واسطے دفع صرع اطفال
کے ازبس مفید ہی ص کندر جندبیدستر صبر سقوطری ہموزن سے گولیان بقدر دانہ شرسف بنا رکھین دو ایک صبح
و ایک شام کھلایا کرین حب افتیمون کہ واسطے دفع صرع کے بی نظیر ہی ص صبر سقوطری مقل ارزق تو اتولہ
جندبیدستر و عود صلیب تین تین ماشہ آب افتیمون مین بقدر دانہ سونگ کے گولیان بناوین اطفال کو ایک
گولی و جوان کو تین گولی کھلایا کرین حب افیمون کہ دفع نزلہ و زکام مین مجرب ہی ص جندبیدستر زعفران
تین تین ماشہ دارچینی چھ ماشہ ضمع عربی کتیرا ربالسوس نونو ماشہ افیمون بزرالبنج دو دو ماشہ بقدر فلفل کرد
کے گولیان بناوین صبح و شام بقدر مناسب کھلایا کرین حب کجلہ کہ فالج و رعشہ و اختلاج و درد اعضا
و کثرت نزلہ کو دفع کرے و عقیمہ بعد ظہر کے کھانیسے حاملہ ہو جاوے ص دارچینی جوزبوا بسباسہ عود صلیب
قرنفل ایک ایک تولہ کچلہ کہ شیر گاؤ مین تر و مقشر کرکے اوراق باریک تراشا ہو دو تولہ سب کو سفوف کرکے
آب نانخواہ و آب پودینہ تسقہ دیکے گودلی بناوین حب صبر کہ دردمفاصل کو دفع کرے ص صبر سقوطری
تربد سفید یک نیم یک نیم تولہ ہلیلہ زرد بوزیدان سورنجان شیرین ایک ایک تولہ انیسون سقمونیا مقل نونو ماشہ
آب گندنا گولی بناوین حب سورنجان کہ واسطے دفع نقرس کے مجرب ہی ص شونیز بیخ کنیر مقل عقرقرحا
سات سات ماشہ ہلیلہ سیاہ بلیلہ آملہ شیطرہ زنجبیل دارفلفل نمک ہندی نونو ماشہ سورنجان شیرین ہموزن
جملہ اجزا آب بادیان گولی بناوین حب ہلیلہ کہ عرق النسا کو دفع کرے اسہال لانیسے ص صبر سقوطری
ہلیلہ زرد سورنجان شیرین بوزن مساوی گولی بناوین فصل ۲۴ حبوب دافع امراض چشم مین حب سرخ
کہ دمعہ و جرب العین و انتفاع چشم و مدد و درد بیخ کو نہایت مفید و مجرب ہی ص گیرو چار جز افیمون ایک جز
زنجبیل نیم جز ہلیلہ کے پانی مین گولی کلان کلان بنا رکھین اگر آنکھ پر ورم ہو تو آب کشنیز خواہ آب کوی مین

واگر ورم منہ سے آب کو کنار مین کھسکر لگایا کرین حب افیون کہ امراض چشم کو مفید ہے ص
پھٹکری بریان چار ماشہ افیون دو ماشہ رسوت آٹھ ماشہ بزرگ تازہ نیب پانچ عدد زعفران پانچ
سرخ سب کو ظرف آہنی مین دستہ آہنی سے رگڑ کر گولی بنا رکھین بوقت ضرورت پانی مین گھسکر
طلا کرین حب پلاس پاپڑ اکہ آنکھ کی پھلی وظفرہ و دوقہ وطرفہ وسبل کو دفع کرے ص ہلیلہ سیاہ
تخم پلاس صندل سرخ نمک لاہوری ہموزن ہی گولیان بنا رکھین و پانی مین گھسکر لگایا کرین حب
ہلیلہ کہ شب کوری کو دفع کرے ص چرک گوش آدمی ہلیلہ تخم برآوردہ تین تین ماشہ قلمی شورہ
ایک ماشہ گولی بنا رکھین ایک گھڑی باقی رہے پانی مین گھسکر لگایا کرین **فصل ۲۵ حبوب دافع**
امراض دہان وحلق مین حب نشاستہ کہ شوزش وشقاق زبان وثبور وقروح لہات وقلاع
کو دفع کرے ص تخم خربزہ مغز تخم خیارین مغز تخم کدوے شیرین ایک ایک جز نشاستہ کندم مساوی
مجموع کے باب گوند ببول گولی بنا کے بنا کر منہ مین رکھا کرین حب صندل کہ ثبور وقلاع
وقروح القم وثقل زبان کو دفع کرے ص نشاستہ سعد کوفی پوست ترنج فرنجمشک صندل سفید ایک
ایک طولہ طباشیر کافور چھپر یلہ تین تین ماشہ مشک نیم ماشہ باب گوند ببول بنا کر منہ مین رکھا کرین
حب کتان بستگی وگرانی کو کہ گرمی وخشکی سے ہوئے ورم الحنک ودرم زبان وثبور کو دفع کرے ص
اصل السوس بقشر تخم کتان بریان کتیرا ضمغ عربی مغز بادام شیرین مغز چلغوزہ بوزن مساوی شہد کف کردہ تین
گولی بنا دین اور منہ مین رکھین حب فلفل کہ واسطے دفع بستگی آواز کے جو سردی ورطوبت سے ہوئے
وثقل اللسان وفساد بطلان ذوق کے مفید ہی ص فلفل گرد پانچ ماشہ خردل بریان خولنجان دکندر نوشادر
بدستور گولیان بنا رکھین و منہ مین رکھین حب حمض کہ گرفتگی آواز کو دفع کرے ص تخم خود بریان بقشر باقلا
بریان ایک ایک تولہ مغز بادام شیرین بقشر مغز چلغوزہ کتیرا سویز تخم برآوردہ سوا سوا تولہ بقدر کنار جنگلی کے گولی بنا کے
منہ مین رکھکر چوسا کرین حب طباشیر کہ واسطے دفع قرحہ دہن وحلق کے مفید ہے ص
طباشیر سفید دم الاخوین مغز تخم کنول گٹہ بوزن مساوی بدستور گولیان بنا کے منہ مین رکھین
وچوسا کرین **فصل ۲۶ حبوب ہاضم وشتہی طعام ودافع امراض معدہ** حب گوگر کہ ہاضم طعام
ودافع تخمہ واسہال وقی واشلائی ہی ص زنجبیل فلفل گرد فلفل دراز گوگر زرد نمک سنگ جملہ مساوی الوزن
باب عرق لیمو حب مرچ سیاہ گل آب ناخواہ کرفس نمک سنگ مساوی باب ادرک حب تج دارچینی زنجبیل

مرچ سیاہ نمک سجی نمک جوا کھار مساوی الوزن حب سداب کہ سوء ہضمی و درد و ریاح معدہ کو
دفع کرے ص سداب مین جزو مرچ سیاہ دو جز نمک سنگ ایک جز سرکے مین گولی بناوین حب
کہ ہاضم طعام و دافع ریاح و ورم و درد معدہ ہی ص سہاگا جوا کھار نوسادر نمک سیندھا ہینگ
مرچ سیاہ مساوی سرکہ مین گولی بناوین حب زنجبیل کہ ہاضم و مستہی طعام و مقوی معدہ و دافع
رطوبات و ریاح و اوجاع معدہ و نافع فساد شہوت ہی ص انبل بونڈی زنجبیل مرچ سیاہ پیپرامور اجوائن
دیسی اجمودھا ایک ایک تولہ نمک سیاہ نمک سنگ نوماشہ عرق لیمو مین گولی بناوین حب ترش کہ منہضم
طعام و تقویت اشتہا و معدہ مین بعدیل ہی ص زنجبیل بے ریشہ دس تولہ فلفل گرد فلفل دراز پیپرامور
بلیلہ سیاہ بلیلہ دنا نخواہ دو دو تولہ ہینگ چار ماشہ نمک سنگ نمک سیاہ و سجی و جوا کھار ایک
ایک تولہ سفوف کرکے پیالہ چینی مین رکھکر عرق لیمون کاغذی خواہ عرق لیمون قسم انبلید کا ڈالین
کہ سب دوا سے عرق اوپر آجاوے دھوپ مین خشک کرین اسیطرح تین مرتبہ تر و خشک کرین دفع سیوم مین
دریافت کرین اگر نمک کم ہووے تو نمک سنگ بقدر مزہ کے اور ملا کر گولیان بنا رکھین و کھایا کرین حب سہجن
کہ بارگولا و سول و درد شکم کو دفع کرے ص زنجبیل سوہاگا خام ہینگ نمک سنگ مساوی الوزن
باب پوست درخت سہجن بقدر کنار دستی گولیان بنا رکھین و ایک گولی کھاکر قدرے آب گرم پیوین

فصل ۲ حبوب قابضہ مین حب دافع اسہال و قابض ص مازوی سبز مائین چھ چھ ماشہ افیون
دو ماشہ بقدر رنجود کے گولیان بناوین حب **سماق** کہ تقویت معدہ و اسعاد دفع اسہال کو از بس مفید ہی
ص پوست انار سماق مازو مساوی الوزن بقدر رجود کے گولیان بناوین حب سہاگہ کہ اگر شہد مین
گولی بناوین کثرت اسہال وقت شب کو مفید ہی و اگر عرق لیمون مین بناوین اسہال روزانہ کو مفید ہی
ص سہاگہ بریان ایک جز افیون چار جز حب **اطفال** کہ اسہال رنگ برنگ اطفال کو مفید ہی ص
کلی خرد انار کی ایک عدد چاکسو مقشر سوت زرد چوب مقشر برگ نیب برگ سفیل دو دو ماشہ
افیون ایک ماشہ حب **قشر الرمان** کہ ہر قسم کے اسہال کو دفع کرے ص پوست آنار ترش بلیلہ سیاہ بریان و عن گاؤ
و مغز تخم انبہ مغز تخم جامن نو نو ماشہ جفت بلوط چھ ماشہ مصطگی رومی دانہ الائچی سفید تین تین ماشہ سوکندہ بالا
زرکچور چار چار ماشہ بدستور بناوین بقدر مناسب کھلاوین حب **عفص** کہ اجزای اسہال کو بند کرے
ص مازو سبز کزمانج ہموزن سے گولیان بناوین و ایک ماشہ خوراک ہی حب **اقاقیا** کہ فوراً اسہال

بند کرے ص افیون دو ماشہ اقاقیا نو ماشہ سماق دو حب الآس چار چار ماشہ صمغ عربی بریان پانچ ماشہ
بدستور بنا دین خوراک یکنیم ماشہ **فصل ۲۸** حبوب مسہلہ دافع ہر قسم سوداوی و بلغمی و قولنج و دیدان بواسیر مین
حب لاجورد کہ دفع مواد سوداوی مین مجرب و جملہ امراض سوداوی کو مفید ہی و اکثر امراض مین بجاے
زیا ترغوب ہی ص لاجورد مغسول نو ماشہ مقل سقمونیا تین تین ماشہ غاریقون اقتیمون بسایج
ایارج فیقرا ایک ایک تولہ انیسون کے پانی مین گولیان بنا دین **حب شیطرح** کہ قبض و درد شکم کو دفع
کرے ص مرچ سیاہ فلفل دراز ہلیلہ زرد بلیلہ گل سرخ شیطرح بادیان چھ چھ ماشہ برگ سنبھالو نو ماشہ
ترمد تین ماشہ نمک سانبھر نمک سنگ چار چار ماشہ **حب ترمد** کہ مسہل قوی ہی ص برگ سنا ترمد غاریقون
جمال گوٹہ مدبر ہموزن سب بعرق لیموں گولیان بنا دین **حب جمال گوٹہ** کہ مغص و قولنج و سل کو باسہال دفع
کرے ص جمال گوٹہ مدبر صبر ہلیلہ زرد و آملہ مساوی الوزن سب گولیان بنا دین **حب جمال گوٹہ**
بنوع دیگر کہ اخراج مواد غلیظہ و رقیقہ و دفع قولنج مین نظیر ہی ص جمال گوٹہ مدبر ایک حصہ آملہ خشک دو حصہ
ملا کر آٹھ پہر عرق لیموں کاغذی مین صلایہ کر کے بقدر نخود کے گولیان بنا رکھین خوراک دو گولی
حب حنظل کہ قولنج کو دفع کرے ص شحم حنظل دس ماشہ ترمد سقمونیا چار چار ماشہ بدستور گولیان بنا دین خوراک
دو ماشہ **حب دیدان** کہ تینون قسم کے کیڑون کو مژدہ و زندہ پیٹ سے باسہال نکالے ص شحم حنظل چھ ماشہ سقمونیا
و حب النیل نو نو ماشہ افتیمون تولہ بھر ترمد ڈیڑھ تولہ بدستور گولیان بنا دین و پانچ پانچ ماشہ ہر روز قدرے
آب گرم کے ساتھ کھا دین **حب سرخس** کہ اخراج ہر قسم کے کیڑے نکال پیٹ سے کرتی ہی ص کمیلا دو تولہ ارزق
و سقمونیا و حب النیل و انیسون نو نو ماشہ ساتھ آب برگ شفیالو کے بنا دین اول تھوڑی کری ناریل کی
کھا کر اسکے بعد چھ ماشہ گولیان کھا کر تھوڑا آب نیگرم پیوین **حب مقل** کہ دفع بواسیر بحری مین مجرب و بی نظیر ہی ص
مقل ارزق چھ تولہ پاؤ بھر شیر گاؤ مین آگ پر رکھکر چمچہ سے حل کرین جب مخلوط ہو جاوے کپڑے مین چھانکر
آگ پر گاڑھا کر کے گولیان بقدر نخود کے بنا رکھین و پانچ پانچ گولی صبح و شام کھایا کرین **حب آملہ**
کہ بواسیر بادی کو مفید ہی ص بلیلہ آملہ نو نو ماشہ خردل خرد بریان چھ ماشہ سفوف کر کے تین تولہ مقل ارزق کو
پانی مین ڈھیلا کر کے جلا دین و چھوٹی چھوٹی گولی بنا رکھین چھ چھ ماشہ صبح و شام کھایا کرین **حب حضض**
کہ دفع بواسیر بادی و خونی مین مجرب ہی ص سوت ایک تولہ مغز تخم نیم بکائن مغز تخم کدو شیرین
نو نو ماشہ بدستور گولیہاے خرد بنا دین و دو دو ماشہ کھایا کرین **حب صدف** کہ دفع

مجرب ہی ص صدف سوختہ کہربا تخم کشنیز مقشر رسوت ہلیلہ سیاہ بروغن گاؤ بریان کرکے گل سرخ
جملہ بوزن مساوی سفوف کرکے ساتھ عرق کلاں کے گولیان بناوین پانچ پانچ ماشہ کھایا کرین حب
ہلیلہ کہ دونون قسم کی بواسیر کو مفید ہی ص ہلیلہ کابلی روغن گاؤ مین بریان کرکے تخم اسکے دفع کرتے
ہموزن اسکا رسوت ملاکے بدستور مقدار ماسہ کے گولیان بناوین ہر صبح و شام چار چار ماشہ آب سرد کے
ساتھ کھاوین فصل ۲۹ حبوب دافع امراض جگر و طحال و مرارہ مین حب نبکار کہ ورم و ریح و حساوت
نفخ و سدہ طحال کو دفع کرے ص سہاگا خام نانخواہ کلونجی تخم سبت نوشادر سجی بوزن مساوی کھیکوار
کے لعاب مین گولیان بناوین ایضاً سہاگا بریان ہینگ ایک ایک تولہ قند سیاہ کہنہ چار تولہ مین بقدر
نخود کے گولیان بناوین ایضاً ہلیلہ زرد شیطرج زنجبیل سجی سہاگا بریان زیرہ سیاہ نمک سنگ مساوی الوزن
قند سیاہ کہنہ ہموزن جملہ ایضاً ہر سونٹھ شیطرج سہاگا بریان سجی قلمی شورہ بارنگ نمک سیندہا بوزن مساوی
سرکہ مین سانکر گولیان بناوین حب زنجبیل فلفلین دار ہلدی اکھار شیطرج ہندی قنبل مساوی الوزن
حب ریوند کہ درد ورم و نفخ و سدہ و درد جگر و ابتدای ہر قسم استسقاء و سوء القنیہ کو مفید ہی و بحالت کھانسی کے
رب السوس بوزن ایک جزء کے داخل کرنا چاہیے ص ہلیلہ زرد مصطگی رومی انیسون لک منسول ریوند چینی
یا ریوند خطائی یا رہ نیقرا جملہ ہمون بدستور باب بادیان گولیان بناوین ورات کو سوتے وقت تین ماشہ
ساتھ تھوڑے آب گرم کے نگل لیا کرین حب کرفس کہ استسقاء رزقی کو مفید ہی ص تخم کرفس ایک تولہ
سداب نانخواہ پودینہ ریوند چینی نونو ماشہ بدستور باب کاکرندہ خواہ باب ابہونہ گولیان بناوین و بقدر
مناسب کھلایا کرین حب افتیمون کہ استسقاء طبلی و لحمی کو مفید ہی ص افتیمون ایک تولہ سنبل الطیب
تج دارچینی لک منسول نونو ماشہ مصطگی رومی غاریقون چھ چھ ماشہ بدستور بناوین و بقدر مناسب کھایا کرین
حب کندش کہ یرقان اسود کو مفید ہی ص کندش دو تولہ سفوف کرکے تین بار سرکہ مین تسقیہ دیکر
افتیمون تخم کشوث ایک ایک تولہ ہلیلہ سیاہ ڈیڑھ تولہ باب بادیان گولیان بناوین و بقدر مناسب
کھایا کرین حب یرقان اصفر مفید ہی ص تخم کاسنی زیرہ سفید ایک ایک تولہ پوست بیخ کاسنی تخم خرفہ
کباب چینی ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ نمک لاہوری دو تو سفوف کرکے تین بار سرکہ تند مین تسقیہ دیگر گولیان بنا رکھین
و بقدر مناسب کھلایا کرین فصل ۳۰ حب دافع سرفہ و سعال و ضیق النفس و نفث الدم و خشونت صدر مین
حب کہ کھانسی و ضیق النفس رطوبی کو دفع کرے ص فلفل دراز زنگار سنگی اصل السوس مقشر تخم خرفہ پوست انار شیرین

جوا کھار چھ چھ ماشہ سفوف کرکے شہد مین سانکر بقدر کنار صحرائی گولیان بناوین و منھ مین رکھکر
چوسا کرین حب کہ سرفہ یابس و ضیق النفس حار کو مفید ہی ص صمغ عربی بریان کتیرا نشاستہ گندم ایک
ایک تولہ اصل السوس مقشر تخم خبازی مغز تخم کدوی شیرین سو سوا تولہ زعفران تین ماشہ بدستور بناکر چوسا
کرین حب افیون اطفال کہ عمر کی کھانسی کو دفع کرے ص نشاستہ گندم صمغ عربی بریان اصل السوس افیون
جملہ بوزن مساوی آب پوست انار شیرین مین بقدر مونگ کے گولیان بناوین و ایک صبح و ایک شام کو
کھلایا کرین حب کہ تلیین سینہ و تصفیہ آواز دفع سرفہ کرے ص مغز بادام شیرین مقشر تخم خربزہ بریان تخم انسی
بریان مغز چلغوزہ صمغ عربی بریان کتیرا بریان اصل السوس پوست خراشیدہ جملہ بوزن مساوی سفوف کرکے
قدرے شہد خالص ملاکے آب بادیان مین گولیان بناوین و منھ مین رکھا کرین حب کہ ضیق النفس و سرفہ شدید
کو جس سے قی ہوجاتی ہی دفع کرے ص مرچ سیاہ فلفل دراز چھ چھ ماشہ انار دانہ کہ قسم غلہ خوردنی مثل
سنڈوا کے ہوتا ہے تولہ بھر جوا کھار سات ماشہ سفوف کرکے قدرے قند سیاہ کہنہ مین گولیان بناوین
واستعمال کرین حب پنبہ دانہ کہ تلیین صدر و دفع سرفہ یابس کرے ص مغز پنبہ دانہ مغز بادام شیرین
اصل السوس مقشر جملہ بوزن مساوی لعاب بہدانہ مین گولیان بناوین حب کہ نفث الدم کو دفع
کرے ص گل ارمنی کہربا صمغ عربی دم الاخوین طباشیر سفید نشاگندم کتیرا گلنار اقاقیا مساوی بوزن
سفوف کرکے باب تخم بارتنگ گولیان بناوین و منھ مین رکھین فصل ۳۱ حبوب دافع حمیات مین
حب کہ تپ ربع یعنی چوتھیا کو مفید ہی ص مغز تخم پلاس پوست دور کردہ مغز تخم کرنجوہ بوزن
مساوی بقدر فلفل گرد گولی بناوین ہر صباح ایک گولی کھاوین حب کہ انواع تپ کو مفید ہی
ص دار فلفل مغز تخم کرنجوہ ایک ایک تولہ زیرہ سفید برگ تازہ مغیل چھ چھ ماشہ بقدر تخود کے گولیان بناوین
ایک صبح و ایک دوپہر کو و ایک و ایک شام کو تین روز تک کھاوین حب کہ تپہاے بلغمی و دردہاے بلغمی کو مفید ہی
ص ہلیلہ زرد ہلیلہ سیاہ صبر زرد مقل تخم خطل دس دس ماشہ خردل سعد کوفی زیرہ سیاہ نمک سنگ
مصطگی دو دو ماشہ چھوٹی چھوٹی بناوین دو تین ماشہ تک خوراک ہی حب الشفا امراض نزلہ اور
تپہاے بلغمی و سوداوی کو مفید ہی و تپ نائبہ مین چار گھڑی قبل نوبت سے کھانا چاہیے ص تخم خربزہ مغز
یعنی دھتورہ تین جزبرلوند چینی دو جزو زنجبیل سیدہ ایک جزو سفوف کرکے آب صمغ عربی مین بقدر تخود کے
گولیان بناوین حب کافور کہ تپہاے گرم و تپ دق کو سود مند ہی ص کافور تین ماشہ

طباشیر سفید صندل سفید کشنیز خشک نونو ماشہ مغز تخم کدو سے شیرین مغز تخم پٹھہ سفید ایک ایک تولہ
گل ارمنی زہرہ خطائی چار چار ماشہ گوند بجاوہ سہ ماشہ بدستور گولیان خرد بناوین تین تین ماشہ صبح شام کسی عرق
مناسب کے ساتھ کھایا کرین جب نشاشتہ کہ تیہای گرم کو مفید ہی ص نشاستہ گندم تولہ بھر طباشیر سفید
صندل سفید کتیرا چھ چھ ماشہ مغز تخم کدو سے شیرین نو ماشہ کافور تین ماشہ بدستور ساتھ لعاب بہدانہ کے
بناوین و بقدر مناسب کھایا کرین **فصل ۳۲** حبوب دافع آتشک وامراض اعضای بول مین
حب آتشک کہ آتشک کو دفع کرے بعد تنقیہ وقبیل تنقیہ کے کھانا مفید ہی ص ہلیلہ سیاہ ایک تولہ
طباشیر چھ ماشہ نیلا تھوتھا تین ماشہ پانی آثار آب لیموں مین گھرل کرکے بقدر کنار دشتی کے گولی بناوین
اور ایک ایک صبح و شام کھائین اور شیرینی سے پرہیز کرین **ایضاً** سیماب اجوین خراسانی کتھہ سفید
آٹھہ آٹھہ ماشہ لونگ آٹھ عدد پانی مین گھرل کرکے گولی بناوین بقدر کنار دشتی خرد کے وایک ایک صبح
و شام دہی کے پانی کے ساتھ نگلین و دال مونگ وکدو دودھی دودھ سے پرہیز کرین **ایضاً** دفع
آتشک مین مجرب ہی ص ہلیلہ سیاہ خرد چھ تولہ نیلا تھوتھا مروارسنگ ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ سفوف کرکے
ظرف آہنی مین دستہ چوب نیم سے جسمین ایک پیسا تانبے کا جڑا ہو عرق لیموں کا غذی ڈال کر اسقدر رگڑین کہ
سوا سیر عرق جذب ہو جاوے زان بعد کشتہ قلعی چار ماشہ مخلوط کرکے رگڑین و بقدر نخود کلان گولیان
بناوین سات روز پہیم صبح و شام کو ایک ایک گولی قدرے عرق لیموں کے ساتھ نگلین **حب کرامات**
کہ آلہ دزخم آتشک و ہر قسم کے بثورات جو کسی عضو مین یا تمام بدن پر ہوئین دفع کرتی ہی ص کمیلا چونہ
نیلا تھوتھا ہلیلہ زرد کتھہ پٹرپا مساوی الوزن گولی بنا رکھین بوقت حاجت روغن گاؤ مین گھسکر
لگاوین **حب بقراط** دافع قرحہ شاحہ وتقیب بستگی بول کی ہی ص تخم خطمی مغز تخم خیارین ۲ دو دو تولہ لوبان سفید
مغز تخم خربزہ تخم خرفہ تخم خشخاش کتھہ سفید ایک ایک بلعاب اسپغول گولی بنا رکھین و کھایا کرین **فصل ۳۳**
حبوب مقوی باہ و مسک انزال منی مین **حب جالینوس** جو شخص کہ بسبب سستی اعصاب و جلق زودگی
کے از کار رفتہ ہووے ازالہ بکارت نکر سکے ص شقاقل مصری تخم پیاز تخم گندنا ثعلب مصری تخم خربق سفید ماہی
بوزن مساوی مغز مغز خانگی جو بوقت پنجال کے ذبح کیا گیا ہووے ایک عدد شہد مین ملا کر بقدر
نخود کے گولیان بناوین دو تین ماشہ گولی شراب انگوری کے ساتھ خواہ آب انگور کے ساتھ کھایا کرین
حب مبہی و مسک ص تودری مین کزبرہ سافج سعد کوفی زعفران قرنفل سورنجان شیرین عربی بوبسباسہ

مصطگی انیسون پوست خشخاش قاقلہ خردطباشیر گل سرخ صندل سفید سنبل الطیب عود غرقی
درونج عقربی بورید ان صمغ عربی بریان دارچینی تخم خشخاش بذرالبنج ایک ایک تولہ ثعلب مصری شقاقل مصری
دو دو تولہ سفوف کرکے روغن بادام میں چرب کرکے آدھا پاؤ نبات سفید کو آدھ پاؤ عرق گلاب میں قوام بناکر
مخلوط کرکے بناوین حب کہ کیف وامساک کرتی ہو ص جوزبوا نوانجان ثعلب مصری ایک ایک تولہ بسباسہ
جدوار خطائی چھ چھ ماشہ افیون تین ماشہ بقدر شوکے گولی بناوین حب ممسک و منشط ص اسارون
زعفران تخم کرفس دارچینی سنبل الطیب چھ چھ ماشہ بذرالبنج زرنباد عقرقرحا قرنفل بسباسہ صمغ عربی
تین تین ماشہ افیون چار ماشہ گلاب میں گولی بناوین حب اصفہانی کہ تفریح بسیار و قوت باہ و دفع
سرعت انزال کرتی ہی ص چرس درونج عقربی ثعلب مصری نونو ماشہ جدوار خطائی تین ماشہ آب
کوکنار میں گولی بناوین حب ہندی کہ قوت باہ کی مع نشاط واسماک کرتی ہی قریب وقت مجامعت
کے ایک عدد لہ کھانا چاہیے ص اسپند سونتھ بریان ایک نیم تولہ پوست خشخاش کنجد سیاہ ایک ایک تولہ
کوٹکا قند سیاہ کہنہ دس تولہ مجموع سات خوراک ہی حب ہندی کہ قوت باہ و امساک کرتی ہی ص کچلا شیر گاؤ
میں ترکرکے مقشر کیا ہوا چار تولہ قاقلہ گرد قرنفل زرد دو دو تولہ بقدر کنار دبگلی گولیاں بناکر قبل
دو ساعت مباشرت سے کھانا چاہیے ایضاً زعفران قرنفل جوزبوا افیون مساوی شہد کف گرفتہ
میں بقدر نخود کے بناکے قبل از جماع کھاوین ایضاً گنجشک خانگی وقت ہیجان کے شکار کرکے ذبح کرین
پر دا حشا دفع کرکے ایک فرما میں بقدر اسکے تخم افیون بھر کے شکم گنجشک میں رکھکر آرد گندم سے
گل حکمت کرکے پکاوین اور بعد دفع آرد کے سب کو پیس کر گولی بقدر نخود کے بناکر قبل از وقت کھاوین
فصل ۳۴ جوب دافع اوجاع مین حب سورنجان کہ تقدد و درد مفاصل و نقرس و عرق النساو
وجع الورک و درہائے پشت کو مفید ہی ص سورنجان شیرین بوریدان ایک ایک تولہ صبر سقوطری
تربد سفید انیسون تخم حنظل حب النیل تین ماشہ کتیرا نمک لاہوری چھ چھ ماشہ بآب بادیان گولیان
بناوین و بقدر مناسب کھایا کرین حب شیطرج کہ عرق النساو درد مفاصل و درد پشت کو دفع کرتی
ص پوست ہلیلہ زرد صبر سقوطری ایک ایک تولہ قاقلہ گرد قرنفل و ازخرد چھ چھ ماشہ شیطرج ہندی
ڈیڑھ تولہ زنجبیل نو ماشہ نمک سنگ چھ ماشہ بدستور بناوین و بقدر مناسب کھلاوین حب حنائی
کہ نقرس و عرق النسا کو مفید ہی ص پودینہ سورنجان شیرین تخم کبر ہلیلہ آملہ شیطرج ہندی زنجبیل

پیرا مور سورنجان شیرین نونو ماشہ تخم خسا تولہ بھر نمک سنگ چھ ماشہ سب کو سفوف یا رچہ بیز کرکے ایک تولہ آب انیسون میں ڈھیلا کرکے سفوف ملا کر گولیاں بناوین خوراک متوسط پانچ ماشہ **خب** منقول کامل الصفات سے واسطے دردہائے اطراف و پشت و کمر کے مفید ہے **ص** فلفل دراز زنجبیل برگ خسا خشک زیرہ سیاہ نوشادر بریان کف دریائی نمک سنگ چھ چھ ماشہ سورنجان شیرین ساڑھی تین تولہ بدستور بناوین چھ ماشہ صبح وقت رات کو ساتھ آب گرم کے کھایا کرین **فصل ۲۰ جبوب** متفرقہ مین **خب بقراط** کہ مداومت اسکی قرمہ قضیب و مثانہ کو دفع کرتی ہے **ص** تخم خطمی مغز تخم خیارین مغز تخم خربزہ تخم خرفہ تخم خشخاش سفید بوزن مساوی ادویہ بسہ مغول مین کوٹ بناوین دو تین تین ماشہ صبح و شام کھایا کرین **خب زرنباد** کہ مداومت اسکی فتق ریحی کو نہایت مفید و مجرب ہے **ص** بسفائج اذخر قسط شیرین زرنباد درونج عنصری اسارون نونو ماشہ تخم کرفس انیسون اسبند ہلیلہ کابلی ایک ایک تولہ مصطگی دمی چھ ماشہ زعفران تین ماشہ بدستور بناوین صبح و شام تین تین ماشہ کھایا کرین **خب فوتنج** کہ اگر تقریب ایام معینہ حیض کے استعمال کرین ادرار حیض بخوبی کرے **ص** بھل مجیٹھ اسبند زنجبیل ایک ایک تولہ نمک تین ماشہ بدستور بناوین صبح کو چھ ماشہ کھایا کرین **خب** کہ دفع ادرار بدی و دودی مین مجرب ہے **ص** عنصر قرحا جوز بوا نشاستہ گندم وارچینی قرنفل نونو ماشہ اسبند کنجد سیاہ ایک ایک تولہ انیسون تین ماشہ سفوف کرکے شہد مین چہان کر بقدر کفایت صعتری گولیان بناوین ایک گولی ہر صباح کھا کر اوپر شیر گاؤ پیا کرین **فصل ۲۱ سوم** مین جسکو مرہ پرہ و تلی کہتے جسکو کہ ضعف دماغ و درد سر و شقیقہ و بیضہ و خورہ و عصابہ و سدر و دوار و دوران سر کو دفع کرتا ہے **ص** سبوس گندم ایک چھٹانک پانی مین تر کرکے ملکر چہان لیوین و شیرہ تخم خشخاش و شیرہ مغز تخم کدو و شیرہ کشنیز ایک ایک تولہ شکر سفید چار تولہ مخلوط کرکے پکاوین و دو تولہ روغن زرد سے خوشبو کرکے نیمگرم نوش کرین جسکو کہ ریہ کو مواد سے صاف کرتا ہے و بحبحۃ الصوت و سعال و ضیق النفس کو مفید ہے **ص** آب سبوس گندم پانچ تولہ آرد گرمنہ ایک تولہ شیرہ چلغوزہ نونو ماشہ اصل السوس مقشر تین ماشہ شکر سفید تین تولہ داخل کرکے پکاوین جسوقت کہ نفث الدم کو دفع کرے **ص** جو مقشر چار تولہ بارتنگ چھ ماشہ تخم خشخاش سفید ایک تولہ عناب تخم برآورد دس دانہ نبات سفید چار تولہ بدستور پکاوین **فصل ۲۲ حقنہ ہا** مین تدبیر حقنہ کرنے کی یہ ہے کہ آب جوشاندہ دوا کو خوب ملکر کپڑے مین چھانکر چمڑے کی تھیلی مین بسکا

منھ تنگ ہو بھر کے اُسکے منھ پر کوئی چیز سوراخ دار مخروطی شکل مثل مہتال نیچہ حقنہ کے
کشادہ طرف سے باندھین مریض کو لٹا کر دونون سرین کے نیچے تکیہ رکھکر پتلی طرف مقعد مین
کرکے آہستہ آہستہ تھیلی کو دباوین کہ دو حقنہ کی معامین پہونچے اگر کوئی دوا مسہلہ ملا کر حقنہ کیا
جاوے تو اخراج مواد کا بخوبی ہوتا ہی اور حقنے کی دوا ایسی گاڑھی نہونا چاہیے کہ ما بین فضلہ
وامعا کے جا نہ سکے اور بہت رقیق بھی نہو کہ فضلہ پر لپیٹ نہ سکے و نیز گرم ہو کہ تحریک اخراج کی کرے
و روغن بنسا سبہ کا ملا نا واسطے تسہیل اخراج کے ہی حقنہ کہ سرسام بلغمی و صفراوی کو مفید ہی حص
برگ گاؤزبان برگ بنفشہ تخم السی ایک ایک تولہ کا دے بادیان چھ چھ ماشہ جوش کرکے اب صاف لیکر
روغن گل ایک تولہ ملا کے حقنہ کہ سرسام صفراوی کو مفید ہی حص دو تولہ جوکھنہ پانی مین پیسکر
چھان لیوین و ایک تولہ اسپغول کا لعاب ودہ بیضہ مرغ کی سفیدی و چھ ماشہ روغن گل ملا کر ایسا ہی
حقنہ دستور عمل کرین حقنہ کہ سرسام بلغمی و سوداوی کو مفید ہی حص برگ سنا مکی مغز تخم خطمی صفر دو دو تولہ
ترنجبین مفید تخم شبت بادیان نونو ماشہ عنب الثعلب ایک تولہ انجیر سات عدد سیر بھر پانی مین جوش
کرین جب نصف رہجاوے ملکر چھان لیوین سات ماشہ نمک سنگ ایک تولہ روغن بادام خواہ روغن
بابونہ ملا کر عمل کرین حقنہ کہ واسطے قولنج کے مفید ہی حص انیسون رازیانہ تخم کاسنی گل نیلوفر برگ گاؤزبان
برگ بنفشہ نونو ماشہ پرسیاوشان گل بابونہ تخم خطمی چھ چھ ماشہ برگ سنا مکی ڈیڑھ تولہ روغن بید انجیر دو تولہ
حقنہ کہ قروح امعا و زحیر کو مفید ہی حص عدس گل سرخ گلنار جو مقشر ایک ایک تولہ دم الاخوین اقاقیا
کوندیرول چھ چھ ماشہ ایضاً صمغ عربی گل سرخ تخم کتان تخم خطمی اسپغول زرد ورد ایک ایک تولہ پستان
دس دانہ زعفران دو ماشہ بدستور استعمال کرین فصل ۳۸ نسخہ جات حلوا مین حلوا کہ مشمن بدن
و مقوی ارواح و مبہی حص خرما تخم برآورده آدھ سیر دو چند شیر گاؤ مین پکا کر پیین اور نشاستہ گندم
و مغز بیضہ بادام پاؤ پاؤ سیر بریان کرکے مخلوط کرین و آدھ سیر روغن گاؤ مین سب کو بریان کرکے تین پاؤ
شکر سفید کا قوام ملا کے حلوا پکاوین و مغز بادام و مغز فندق و مغز چلغوزہ مغز پستہ مغز اخروٹ ایک ایک چھٹانک
تیکا و قتہ کرکے ملا وین حلوا کہ مبہی و مقوی بدن ہی حص دال نخود کو شیر بیش مین تین بار تسقیہ کرکے روغن گاؤ مین
بریان کرکے مائدہ کرین اور باضافہ شیرینی و روغن زرد و میوہ جات بوزن مناسب کے حلوا بناوین
حلوا سے گذر کہ نہایت مقوی باہ و مفرح و مقوی اعضا ہی حص آب انشردہ گز مصفی تین سیر شکر سفید

ایک سیر مین قوام کرین و مغز پستہ و مغز چلغوزہ و مغز اخروٹ مغز بادام شیرین مغز فندق چرونجی ہر ایک پانچ پانچ تولہ پیسکر روغن گاؤ نیم آثار ملاکر حلوا پکاوین **ایضاً** گز مصفی دو سیر ہموزن شیر گاؤ مین پکاکر مع شیرند کور پیسین و آدھ سیر روغن گاؤ مین خوب بریان کرین کہ رطوبت جاتی تب چرونجی آدھ پاؤ مغز بادام شیرین و مغز نارجیل سیاہی دور کرکے ایک ایک چھٹانک باریک کچلکر ملاوین و قوام شکر سفید ایک سیر داخل کرکے حلوا بناوین **ایضاً** کہ نہایت مقوی باہ و مصفی اخلاط و دافع یبوست ہی ص گز مصفی دو سیر شلجم ایک سیر خربوزہ تخم برآوردہ و کشمش پاؤ پاؤ سیر شیر گاؤ مین پکاکر خوب پیسین و تین پاؤ روغن زرد مین بریان کرکے قوام قند سفید ایک سیر شامل کرین **حلوای مرغ** کہ تقویت باہ مین مجرب ہی و بدن کو فربہ و خوشرنگ کرتا ہی ص گوشت مرغ فربہ جوان کا تین سیر الائچی سرخ دو دار چینی کشنیز خشک ایک ایک تولہ پیاز آدھ پاؤ داخل کرکے دیگ سربستہ مین خوب پکاوین اور ویسا ہی سرکہ کرکے خوب ملکر چھان لیوین کہ عرق خوب گاڑھا نکل آوے و سیر بھر شکر سفید ملاکر قوام کرین و مغز بادام شیرین و چرونجی نیم نیم پاؤ مغز پستہ مغز چلغوزہ چار چار تولہ باریک پیسکر ملاوین **حلوائے بیضۂ مرغ** تفریح طبع و تقویت باہ کرتا ہی ص تیس عدد انڈے کی سفیدی و زردی کو بانس کی پتلی تیلیون سے خوب مخلوط کرین زبان بعد ڈیڑھ پاؤ روغن زرد ملاکر نہایت نرم آنچ پر رکھین اور اُنھین تیلیون سے حرکت دیتے رہین کہ یکجا منعقد نہونے پاوے جب پختہ ہوجاوی اُتھائی پاؤ شکر سفید کا قوام داخل کرکے سفوف ان دو پیز و نکا ملاوین دار چینی جاوتری زعفران تین تین ماشہ دانۂ الائچی سفید دو ماشہ شقاقل مصری ثعلب مصری ایک ایک تولہ **حلوای چوب چینی** جس کسیکو بعد عارضۂ آتشک کے ضعف باہ ہوگیا ہو یا کہ آثار سواد سودا وی کے باقی ہون از بس مفید ہے ص آرد گندم آدھ سیر روغن گاؤ روغن کنجد سفید پاؤ پاؤ آثار مین بریان کرکے چوب چینی بارہ تولہ اندر جو ثعلب مصری شقاقل مصری دار چینی خولنجان سعد کوفی بہمن سفید ایک ایک تولہ سفوف کرکے مخلوط کرین و تین پاؤ شکر سفید کا قوام شامل کرکے مغز چلغوزہ مغز پستہ مغز بادام چار چار تولہ چرونجی چھ تولہ خوب کچلکر ملاوین **حلوا** کہ مقوی باہ و مولد و مغلظ منی و دافع سرعت انزال و کثرت احتلام کا ہی ص شیر گاؤ چار سیر شکر سفید ایک سیر ملاکے مثل کھوے کے پکاوین و کلیجی و ستاور و شقاقل سگندہ ایک ایک تولہ خربا چھ تولہ کھیل کھانا دو تولہ مغز بادام مغز چلغوزہ مغز پستہ چرونجی تین تین تولہ باریک پیسکر ملاوین

خوراک یکنیم تولہ ایضاً مقوی باہ و گردہ و مثانہ و مغلظ منی و دافع سرعت انزال ص ترنجبین خراسانی
نبات سفید نو نو ماشہ شہد خالص اٹھارہ تولہ شیر گاؤ دوسیر مین مخلوط کرکے گرم کرین و چھانین و
کھوا کے بناکر بہمنین و مغز تخم کنوانچ ایک ایک تولہ شقاقل مصری ستاور ہندی مغز بادام مغز
چلغوزہ مغز پستہ تین تین تولہ زرچوبہ جاوتری چھ چھ ماشہ زعفران سفوف کرکے ملاوین

باب ے حرف الخاء المعجمۃ

فصل ۹۳ خرم بضم حرف اول و تشدید حرف دوم پوست مغسول بیضہ مرغ کو کہتے ہین و بعض
کتب معتبرہ مین حار حطی و ہار ہوز سے لکھا ہی چونکہ جزو اعلی ان ترکیب کا وہی ہی لہذا اُسی سے موسوم ہوا
و طریق استعمال مثل سرمہ کے سلائی سے خواہ بطور زرور کے ہی خرم کبیر آنکھ کی پھلی کو دفع کرتا ہی ص
پوست مغسول بیضہ گانٹھ پرانی سرکنڈہ کی صدف سوختہ زبد البحر اقلیمیا چاندی کی اقلیمیا سونیکی
خاکستر ساخ انگوچھنکری بریان جایہ بوزن مساوی سرمہ ساکر کے استعمال کرین خرم صغیر کہ امراض
مذکور کو دفع کرتا ہی ص پوست مغسول تخم مرغ نبات سفید مساوی الوزن سرمہ بناکر استعمال کرین
خرم عسلی کہ امراض مذکور کو مفید ہی ص پوست مغسول تخم مرغ کو سرمہ ساکر کے شہد مین ملاکر
استعمال کرین **فصل ۹۴ خضاب مین** اگرچہ خضاب کے نسخے صدہا مشہور ہین حاجت نسخہ کتابی
کی نہین ہوتی و بہتر برگ نیل سے کوئی خضاب نہین ہوتا اگر چند نسخہ آسان نقل کیے جاتے ہین **خضاب**
برگ نیل بنگلی پانچ جزو برگ حنا خشک ایک جزو علیحدہ علیحدہ سفوف سرمہ ساکر کے باہم پانی مین گھولکر لگاوین
و برگ زیتون باندھین **خضاب** پوست انار شیرین خواہ پوست بابیلہ بلیلہ آملہ جوش کرکے اُسکے پانی
مین وسمہ گھولکر لگاوین و باندھین **خضاب** سنگ براحت و چونہ سنگ مرمر کا ایک ایک جزو مردار سنگ
چار جزو سرمہ ساکر کے رکھین بوقت حاجت پانی مین گھولکر لگاوین پان ہی باندھین **خضاب لوہ** چون
ایک حصہ آرد گندم دو حصہ پانی مین گھولکر آفتاب مین رکھین جب خمیر ہوجاوے لگاکر باندھین **خضاب**
مازو بے سوراخ آدھ پاؤ روغن کنجد سیاہ مین بریان کرین جب سرخ ہوجاوے کپڑے مین ملکر
روغن کو دفع کردیوین و ہلیلہ سیاہ بوزن سات فلوس بلیلہ بہیڑہ آملہ بوزن چھ فلوس پھٹکری بوزن
دو فلوس نوسادر سعدنی بوزن ایک فلوس سب کو سفوف کرکے اور پانی جوشاندہ بلیلہ بلیلہ آملہ ہمراہ
ملاکر لڑاہی آہنی مین ڈالکر آہنی سے کھرل کرکے گولی بنا رکھین بوقت حاجت آب آملہ مین گھسکر لگاوین

و برگ ارنڈ سے باندھین **ایضاً** برادہ مس پانچ تولہ کسیس لونگ ایک ایک تولہ ہلیلۂ زنگی ایک
چھٹانک طبا سیر کپود چھ ماشہ مازوے کلان پاؤ آثار مازو کو بدستور بالا بریان کرکے بتدبیر مذکور گولی
بناوین اور اسیطرح استعمال کرین **ایضاً** مازوی سیر آدھ پاؤ بدستور بریان کرین و برادۂ مس و
ہلیلۂ زنگی ایک ایک طولطیا و سنگ جراحت و لونگ بوزن ایک ایک فلوس کسیس بوزن ربع
فلوس بدستور بالا کے گولی بناوین و استعمال کرین **فصل ۴۱ خمیرہ ہا و ادویہ مین خمیرۂ صندلین کہ**
خفقان و طپش دل و سوداوی کو سفید ہی **ص** صندل سفید نو تولہ صندل سرخ پانچ تولہ سفوف
باریک کرکے ایک شبانہ روز نیم آثار عرق گلاب ترکر جوش کرین و اڈھائی پائی پاؤ نبات سفید سفوف
کرکے ملا کر جوش دیگر گاڑھا کرلین **خمیرۂ گاؤزبان** مقوی دل اور دماغ و نافع خفقان اور غشی ہی
ص برگ گاؤزبان دس تولہ بادرنجبویہ پانچ تولہ سنبل الطیب گل سرخ برادۂ صندل سفید ایک
ایک تولہ سہ چندان پانی اور دو چندان گلاب مین ترکر کے جوش کرین جب چہارم حصہ باقی رہی ملکر چھانین
وتین پاؤ شکر سفید ملا کر قوام کرین اور چار ماشہ زعفران باریک گھسکر ملاوین **خمیرۂ ابریشم** مختبرہ حکیم
سبارک الدین جد راقم کہ واسطے والی ملک ریوان کے طیار کرایا تھا ازالۂ توحش و تقویت اعضاے رئیسہ
و قوت ہاضمہ کرتا ہی **ص** سنگ یشب سبز مروارید تین تین ماشہ عرق کیوڑا مین تین روز تک صلایہ کرین
مصطگی فرنجمشک گل گاؤزبان چھ چھ ماشہ ابریشم خام دو تولہ سفوف کرکے قوام قند سفید آدھ سیر مین کہ
جوشاندہ برگ گاؤزبان و بادرنجبویہ ایک ایک تولہ مین کیا ہو ملاوین **خمیرۂ بنفشہ** مخترعہ حکیم الدین علے
برادر خرد راقم کہ امراض صدر و ذات الجنب و ذات الریہ کو سفید و خلط صفرا کو خارج کرتا ہی **ص**
گل بنفشہ گل سرخ گل گاؤزبان تین تین تولہ قند سفید کوفتہ ڈیڑھ پاؤ گلاب آدھ سیر داخل کرکے
خوب دست مال کرکے پکاوین کہ گاڑھا ہو جاوے **فصل ۴۲ نسخہ جات خمیرۂ تنبا** کو مین اگرچہ خمیرۂ
تنبا کو داخل ادویہ نہین ہی مگر دھوان تنبا کو کا حقہ سے کھینچنا دافع قبض و محلل ریاح شکم و مخرج رطوبات ہین
و گلو و مخفف رطوبات دماغی ہی لہذا چند نسخے لکھے جاتے ہین **خمیرۂ پانڑی** قند سیاہ دو آثار قوام
قوام کرکے آدھ سیر تنبا کو سفوف کرکے ملاوین اور صندلین اگر تکرر نقش قاقلین ناگر موتھا بالجھڑ و چھریلہ
چھ چھ ماشہ پانڑی چھ تولہ سفوف کرکے ملا رکھین بعد اکیس روز کے تھوڑا خمیرۂ تنبا کو مین جو ہموزن
قند سیاہ کے ساتھ کوٹی گئی ہو ملاوین **خمیرۂ مشک** خالص دو ماشہ پانی مین گھول کر

آدھ پاؤ سفوف تمبا کو مین ملین اور جایفل جاوتری لونگ چارچار ماشہ سفوف کرکے پاؤ بھر قند سیاہ کے قوام مین مخلوط کرکے تنبا کو مذکور ملا رکھین تھوڑا اس خمیرہ سے تنبا کو طیار مین ملا کر استعمال کرین خمیر اتنا اس پختہ و قند سیاہ پاؤ پاؤ پھر قوام کرکے آدھ پاؤ سفوف تنبا کو کا ملا کر چھپر یا بالچھڑ نا کر ہو تھا کپور کچری لونگ ایک ایک تولہ سفوف کرکے ملا کر ظرف گلی مین بند کرکے چند روز رکھین دو وقتین بار ہاتھ سے مل دیوین اُسکے بعد تنبا کو طیار مین ملا کر استعمال کرین خمیرہ کبیلا و کتھل و امرود و بہی اسی ترکیب سے بنایا جاتا ہی خمیرہ سیب مربا سیب ایک پاؤ قند سیاہ آدھ سیر تنبا کو خشک پاؤ سیر باہم کوٹ کر ملا وین اور دانہ الائچی سفید چھ ماشہ صندل سفید دو تولہ سفوف کرکے ملا وین و ظرف گلی مین بند کرکے تین ہفتہ تک زمین مین مدفون کرین اُسکے بعد تنبا کو طیار مین ملا کر استعمال کرین خمیرہ آملہ آملہ رسیدہ خواہ مربای آملہ تخم برآوردہ کا بھی اسی ترکیب سے بناتے ہین ساتھ کمی بیشی دیگر اجزاے خوشبو کے خمیرہ گاؤ قند گلقند آفتابی ایک سیر تنبا کو خشک آدھ سیر باہم کوٹ کر ظرف گلی مین کھدکر زمین مین مدفون کرین بعد چالیس روز کے تھوڑا تمبا کو طبا کو طیار مین ملا وین خمیرہ کنار بیر پختہ دو سیر قند سیاہ دو سیر پانی مین پکا کے ملکر تخم بیر دفع کرکے سیر بھر تنبا کو خشک کوٹ کے ملا وین و تین ہفتہ تک زمین مین مدفون کرکے تنبا کو طیار مین ملا وین ایضاً بیر پختہ خشک کا تخم دفع کرکے قند دفع کرکے قند سیاہ و تنبا کو کے ساتھ کوٹین و چند روز رکھکر استعمال کرین دفع ہو کہ جب کوئی خمیرہ خشک ہونے لگے تو کوئی عرق خوشبو ملانا چاہیے

فصل ۴۴ خمیرہ لقوان شرابی

قوام کہ دافع برودت معدہ و جگر و احشا و مقوی ہاضمہ و ضعیفون کو از بس مفید ہی خمیر شراب کہنہ پانچ رطل شہد مصفی ڈیڑھ رطل بخمیل سوا تولہ دانہ الائچی سفید دانہ الائچی سرخ قرنفل دارچینی فلفل گول ایک ایک تولہ زعفران چھ ماشہ اجزا کو پانی مین پیسکر چھانکر شراب و شہد مین ملا کر قوام رکھین و بقدر مناسب استعمال کرین

باب ۸ حرف دال مہملہ

فصل ۴۴ بیان دربرہ مین دستور بنانے دربرہ کا کہ نشہ ہوتا ہی یہ ہی کہ سب اجزا کو بقاعدہ خیسانده ایک ظرف کلان گلی مین رکھکر پانی ڈالین و نصف ظرف خالی رکھین و ظرف کو ایسا سپاٹ ایسا مدفون کرین کہ منھ ظرف کا کھولنا و بند کرنا سکین اور قریب دفن کرنے کے تین چار روز تک لکڑی سے دوا کو حرکت دیوین زان بعد نگران رہین جب دوا جوش مارکے خود بخود جوش فرو ہو جاے

تب بدون بگنے اور جنبش کے پارچہ سنگین سے چھانکر ظرف شیشہ یا چینی مین رکھین در سہرہ گھیکوار
کہ امراض سوداوی و بلغمی و باردہ و امراض جگر و استسقا کو دفع کرے و نشالاوے ص قند سیاہ دس سیر
پوست اندرونی درخت ۱۰ میل اڑھائی سیر پوست اندرونی درخت کنار ایک سیر مغز گھیکوار تین پاؤ
آملہ پاؤ سیر سارہ ون سلیخہ اسطوخودوس بادرنجبویہ دارچینی بادیان سنبل الطیب چوب چینی ناگیسر کباب چینی
بدر البنج پانچ پانچ تولہ برگ تازہ ترنج برگ تازہ نارنج چھ چھ تولہ ایک من پانی ڈالکر بدستور مقررہ بالا بنا وین
در سہرہ بالا در کہ بقوی باہ و منشی و دافع امراض باردہ و نقرس و وجع مفاصل کہا ہی ص قند سیاہ پانچ سیر
بالا در نیکوفتہ پاؤ آثار ہلیلہ سیاہ ہلیلہ کابلی ۱۰ فاغل فلفل سیاہ فلفل سفید گل ہما دا تخم بالم دارچینی چھ چھ تولہ
تیس سیر پانی ملا کے بدستور بناوین در سہرہ فنجوشت کہ بقوی باہ و منشی و محلل صلابت و مرطحال و
نفخ شکم کا ہی ص قند سیاہ پانچ سیر انجیر زرد آدھ سیر مویز پاؤ سیر خبث الحدید ۱۰ خواہ کزوا دارچینی بدر البنج
قرنفل چار چار تولہ تیس سیر پانی ملا کے بدستور بناوین **فصل ۴۵** بیان لوک مین لوک اس دوا کو
کہتے ہین کہ چند اجزا باہم پیسکر ایک پوٹلی کپڑا مین باندھکر عضو ماؤف پر اس پوٹلی سے دلک کیا جاوے
یا کہ عضو ماؤف پر دوا الگا کر ہاتھ سے دلک کیا جاوے تاکہ تاثیر دوا کی بواسطہ دلک کے مقام مرض پر جلد
پہونچے دلوک کہ ضیق النفس بلغمی کو جسے لوبکتے ہین مفید ہی ص زبد البحر بورہ ارمنی ناخواہ کزوا گل بابونہ
بورن سساوی سفوف کرکے پوٹلی مین باندھکر چھاتی و پسلیون پر دلک کرین دلوک کہ اقسام خناق کو
مفید ہی ص سبوس گندم چار تولہ اکلیل الملک ایک تولہ گل بابونہ گل خطمی پر سیاوشاہ توری کو
تازہ پانی مین پیسکر گرم کرکے پوٹلی باندھکر ظاہر حلق پر دلک کرین دلوک کہ درد کمر و درد گردہ کو
مفید ہی ص تنبا کو خشک مغز تخم کرنجوہ گل بیخان تینون ہموزن پیس کر گرم کرکے پوٹلی باندھکر
دلک کرین **فصل ۴۶** دواہاے ترا کیب معینہ قدیمہ و جدیدہ مین وبید الورد مقوی معدہ و جگر و دمع
امراض انکی و نافع استسقا ہی ص سنبل الطیب مصطگی زعفران طباشیر دارچینی بیخ اذخر سوگند بالا بسط شیرین
تخم کشوث کرنس زراوند دانہ الایچی سفید عود عرقی جملہ مساوی گل سرخ ہموزن مجموع سفوف کرکے
شہد سہ چندان مین ملاوین دیا قوزہ کہ اقسام کھانسی تپ دنزک کو مفید ہی ص کوکنار پوست دانہ دو تولہ
اصل السوس پوست خراشیدہ تخم خطمی تخم خبازی جملہ نیکوفتہ تین تین تولہ صمغ عربی بہدانہ اسپغول
ایک ایک تولہ سوا سیر پانی مین چار پہر تر کرکے جوش دیکر صاف کرین واڑھائی پاؤ شکر سرخ

ملا کر قوام کریں و جمع تا کہ قولنج ریحی و دیگر امراض بادی کو مفید و مدر حیض ہی ص تخم اسپند
باے برنگ دو تولہ مرچ سیاہ عقر قرحا سوگند بالا زنجبیل تج قسط شیرین ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ زعفران
ایک تولہ شہد دو چندان مجموعے کے **دوا المسک** کہ مالیخولیا مراقی و احتراقی و صفراوی و وحشت طبع و
خفقان کو دفع کرے ص مشک اعلی تین ماشہ زعفران ایک ماشہ مروارید دو ماشہ کہربا بیخ مرجان
سنگ یشب ابریشم طبا شیر چھ چھ ماشہ گلاب میں صلایہ کر کے شیرہ کشنیز خشک و تخم خربزہ و تخم خبازی ایک
ایک تولہ ملا کر شکر سفید نیم آثار کا قوام بنا کر ادویہ مذکور ملا دیں **دوا المکرم** امراض جگر و طحال
و استسقار رطوبی و سدہاے احشا و ریاح کو دفع کرے و گردہ و مثانہ کو طاقت دیوے ص زعفران
ایک تولہ اسارون سنبل الطیب اذخر انیسون ریوند چینی ریوند خطائی چھ چھ ماشہ سفوف کر کے
آدھ سیر شکر کے قوام میں ملا دیں **دوا القسط مخترعہ** شیخ الرئیس کہ درد معدہ و اسعاد و درد کبد کو دفع
کرے ص قسط شیرین ایک تولہ دار چینی تج انیسون کرفس اسارون سوا سوا ماشہ ریوند چینی چھ
ماشہ شہد ڈیڑھ پاؤ **دوا الکبریت** مخترعہ حکیم مبارک الدین جد امجد راقم کہ تریاق المعدہ ہی ہے
تقویت معدہ و جگر و احشا کی کرے و فالج و تقوہ و تشنج و رعشہ و نسیان و ضیق و یاح و ضعف بدن کو
دفع کرے و باہ کو قوت دیوے ص کبریت صفی ایک تولہ سنبل الطیب قسط شیرین سلیخہ مصطگی زنجبیل قرنفل
بسباسہ چھ چھ ماشہ فلفل سیاہ کرفس انیسون ناخواہ زیرہ سیاہ پودینہ دشتی نو نو ماشہ شہد چار چند **دوا مخدر**
کہ وقت شدت اوجاع اطراف کے استعمال کرنا چاہیے نہ درد قولنج وغیرہ میں جہاں تلیین طبیعت درکار ہی
ص تخم کاہو بذر البنج ایک ایک تولہ شیطرج آفیون تین تین ماشہ بقدر خود کلاں کے حب بنا دیں و ایک
حب کھا دیں **دوا المحلل** کہ خناق بلغمی و سوداوی کو مفید ہی ص غرغرہ کرنے و خارج حلق پھلا کرنے
سے ص اسپند تخم ترب حلتیت مرکی بورہ ارمنی نوسادر سعدنی سماوی ان سفوف کر کے ہمچندان
شہد ملا دیں **دوا الحلتیت** کہ بحۃ الصوت کو دفع کرے ص مرچ سیاہ حلتیت خردل
زعفران سماوی الوزن شہد ہمچندان **دوا الحطا طیف** کہ خناق بلغمی و سوداوی کو
غرغرہ کرنے و طلا کرنے میں مفید ہے ص بسباسہ سنبل الطیب چھ چھ ماشہ تخم کرفس انیسون
ناخواہ اسپند دار چینی مرکی زراوند طویل نو نو ماشہ گل سرخ مازوی سبز ایک ایک تولہ خاکسہ خطائی
یعنی چمگادڑ قسم خرد ڈیڑھ تولہ زعفران تین ماشہ شہد سہ چندان **دوا الحلتیت** کہ جانوران

زہردار کے کاٹنے و نیش مارنے کا اثر کھانے اور لگانے سے دفع کرے ص حلتیت سداب مکی مرچ سیاہ مساوی شہد ہمچندان دوار الجالینوس جالینوس کا قول ہے کہ مینے نہین دیکھا کہ جسکو سگ دیوانہ نے کاٹا ہووے اور اس دوا سے نفع نہ پایا ہووے ص سرطان محرق دو جزء کندر ایک جزء نبات سفید نصف مجموع سفوف کرکے تین ماشہ صبح اور چھ ماشہ شام کو کھایا کرین دوار اللہات کہ واسطے لٹک جانے لہات یعنی ملاذہ کے جسکو کوا و گٹی کہتے ہین از بس مفید ہی ص سماق مازوی بی سوراخ کلی انار شیرین کی اقاقیہ مین گلاب کے پھول کا زیرہ بوزن مساوی سرمہ ساکر کے ملاذہ پر چپکاوین ایضاً فلفل سفید مرکی تین تین ماشہ مازو چھ ماشہ سفوف کرکے لہات پر لگاوین ایضاً کہ ملاذہ اطفال کو اٹھاوے ص مازو پانی مین گھسکر تارک سر پر لگاوین ایضاً گل گیدان سرکے مین پیسکر سر پر لگاوین دوار السعال کہ ہر اقسام کی کھانسی کو دفع کرے ص کھار روسہ تین ماسہ صمغ عربی کثیرا اصل السوس نو نو ماشہ نبات سفید ہموزن سفوف کرکے بقدر مناسب کھایا کرین دوار الربو کہ ضیق النفس و سعال کو دفع کرے ص کھیرا ایک سیر نمک کھاری تین چھٹانک اجوائن دیسی آدھ پاؤ فلفل دراز ایک تولہ سب کو ایک ہانڈی آب نارسیدہ مین کھار منٹھ اوسکا سفالی سے ساتھ ماش کے بند کرکے جلاوین کہ سب خاکستر ہوجاوے دوار الفجل کہ واسطے ضیق النفس کے مجرب ہی ص بیخ ترب کلان پارچہ پارچہ کرکے ہموزن شہد کف گرفتہ کے ساتھ دیگ سربستہ مین پکاکے بعد سرد ہونے کے خوب ملکر لعوق بناوین دوار السلق چقندر و شکر سرخ کو اسیطرح بناوین نہایت مفید و مجرب ہی دوا ے پرسوت وسیب ص کندر ترکھور پانچ پانچ ماشہ جدوار چار ماشہ جوشاندہ بناکے چار رتی مشک حل کرکے نوش کرین دوا ے پرسوت و جھولہ تخم دھتورہ سیاہ تین ماشہ زنجبیل مرچ سیاہ چھ چھ ماشہ پانی کے ساتھ گولیہا ے خرد بناوین خوراک دو سرخ یا زیادہ بقدر احمال طبیعت کے ایضاً شنگرف دو ماشہ پانی مین حل کرکے مرچ سیاہ تخم سنبھالو فلفل دراز دو دو ماشہ سفوف کرکے باہم کھرل کرکے گولیان بناوین خوراک دو سرخ دوار الزنجبیل معروف بسہاکہ سونٹھ کہ امراض باردہ و عارضہ پرسوت عورتون کو و امراض بعد زائیدگی کو از بس مفید ہی ص زنجبیل میدہ تین چھٹانک سفوف کرکے سوا سیر شیرگاؤ مین پکاوین جب گاڑھا ہوجاوے پاؤ سیر روغن گاؤ مین بریان کرکے تین پاؤ شکر سفید کا قوام ملاوین ناگر موتھا زیرہ سیاہ زیرہ سفید کشنیز بادیان تخم شبت نرکچور سوگندھ بالا لونگ جاوتری صندل سفید

پٹھانی لودھ ہو بیڑا گرنیلہ پیڑا مورمرچ سیاہ ایک ایک تولہ سفوف کرکے ملاوین واگر تقویت مریضہ
کی بھی مطلوب ہو میوہ جات مناسب ورق نقرہ وطلا بقدر ضرورت مخلوط کرین **دوا القبیل**
کہ اقسام کرم شکم کو قتل دفع کرے **ص** برگ نیم بابڑنگ کمیلہ ہموزن سفوف کرکے شہد بقدر کفایت
ملاکے کھائین **دوا** کدودانہ وکرم دراز کو مارے ونکالے **ص** حب النیل تربد سفید بابڑنگ
کمیلہ تین تین ماشہ سفوف کرکے دودھ وشکر مین ملاکر پیوین **ایضاً** بابڑنگ کمیلہ تربد سفید
نمک سنگ تین تین ماشہ سفوف کرکے مویز منقے مین سان کر کھلاوین **ایضاً** برگ شفتالو
اجواین خراسانی مقل ازرق سقمونیا ایک ایک ماشہ کمیلہ تین ماشہ سفوف کرکے شکر ملاکے کھائین
وآدھ سیر دودھ شکر ملا پیوین **ایضاً** کرم مقعد کو مارے ودفع کرے **ص** تخم الوبخارہ خواہ آب برگ
شفتالو خواہ زہرہ گاؤمین روئی تر کرکے مقعد مین رکھین **دوا** الدرج کہ حکیم علی گیلانی نے واسطے سنگ بنی
کے مجرب لکھا ہی **ص** دراج یعنی تیتر کو ذبح کرکے آلایش صاف کرکے ساق وانار دانہ مساوی سفوف کرکے
اُسکے پیٹ مین بھرکے گل حکمت کرکے جلاوین کہ کوئلا ہوجاوے وہموزن اُس کوئلے کے نان گندم سوختہ ملاکے
سفوف کرین وبقدر مناسب کھلایا کرین **دوا** اگر قبل غذا کے ایک ماشہ کھانے کے مداومت کیجاوے تو تقویت
معدہ کی کرتی ہی واگر بعد غذا بقدر نیم ماشہ کھائی جاوے تو غذا بخوبی ہضم ہوکر دوسرے وقت اشتہاے صادق
ہوتی ہی واگر سورہضمی مین دو ماشہ کھائی جاوے تو اُسکو دفع کرتی ہی واگر قے واسہال استلائی مین بدفعات
ایک ایک ماشہ کھاکر اوپر سے تھوڑا عرق گلاب یا عرق بادیان پیا جاوے تو اسکو بھی دفع کرتی ہے
ص درخت آک مع درخت گھمورے درخت کٹاے مع بیخ گل تنبا کو یعنی جو چلم پر تنبا کو کشیدنی سوختہ
ہوجاتی ہی علیحدہ علیحدہ جلاکر خاک کرین وچارون خاک ہموزن لیکر ہشتم حصہ اُن سب کا سہاگہ خالص ملاکر پانی مین
سانکر چار پہر کے بعد مثل رنگ کسم کے اسکا پانی ٹپکا لیوین واُس آب زلال کو دیگچی مین رکھا ایک دو جوش
دیوین تب سرد کرکے پانی لیوین وخاک جو تہ نشین ہوجاوے اُسے دفع کرکے آب زلال کو آگ پر پکا کر نمک بناوین
دو تولہ نمک مین زنجبیل مرچ سیاہ ابہل زرشک پوست ترنج پودینہ خشک دانہ الائچی سفید تین تین ماشہ
ملاکر سفوف کرین **دوا** کہ واسطے دفع ورم طحال کے جسکو تلی وبروٹ کہتے ہین نہایت مفید ہے
ص سہاگہ بریان پھٹکری بریان نوسادر بریان شورہ قلمی سبجی جوا کھار بابڑنگ کلونجی خرد نمک
سیاہ نمک سنگ چونہ گھونگھا کا جملہ بوزن مساوی کوٹ چھانکر لعاب گھیکوار مین سان کر بقدر

کنار صحرائی گولیان بنا رکھین ایک صبح و ایک شام کو کھایا کرین و اگر گرمی تحمل سے زیادہ محسوس ہو تو بقدر نصف کے کھاوین **دوا** کہ ورم و صلابت طحال کی دفع کرنے مین مجرب ہی **ص** نمک سنگ سجی جوا کھار سہاگہ زرد چوبہ نمک سیاہ دو دو تولہ ہینگ ایک تولہ سفوف کرکے ایک چھٹانک روغن سرشف مین مخلوط کرکے سو صد دبرگ آک پر جو زرد ہو کر درخت سے خود بخود گرے ہون طلا کرکے تو بر تور کھکر ایک ہانڈی مین بھر کر گل حکمت کرکے جلا دیوین و چار رتی سے ایک ماشہ تک اُسکی خاک کو کھایا کرین **ایضاً** کہ تحلیل کرنے ورم طحال مین بے نظیر ہی **ص** عرق گوگرد بقدر دو سرخ پانی مین ملا کر پیا کرین چار سرخ تک **ایضاً** بیخ ترب و کنجد سیاہ مساوی پیسکر نیگرم طحال پر ضماد کیا کرین تحلیل ورم مین نہایت مجرب و مفید ہی **دوا** کہ ورم کو جو صدمہ خارجی سے ہوا ہو مفید ہی **ص** ریوند چینی گلنار دم الاخوین شب یمانی ایک ایک ماشہ سفوف کرکے آب تازہ برگ مکوی دو تولہ نبات سفید ایک تولہ ملا کر پیا کرین **ایضاً** ریوند چینی گل ارمنی حب الآس ایک ایک ماشہ سفوف کرکے شکر سفید چھ ماشہ ملا کے کھایا کرین **دوا** کہ یرقان سیاہ کو دفع کرنے مین مجرب ہی **ص** برگ تازہ مکوی و کاسنی و ترب و کلونجہ علیحدہ علیحدہ کچلکر دو دو تولہ پانی چار ونگا لیکر باہم آگ پر رکھین جب پھٹ جاوے صاف کرکے دو تولہ نبات سفید ملا کر پیا کرین **ایضاً** ہلیلہ زرد و نبات سفید ہموزن سفوف کرکے ایک بھر صباح کھایا کرین **دوا** کہ یرقان زرد و سیاہ دفع کرتی ہی **ص** صندل سفید دار ہلد تین تین ماشہ مانی مین پیسکر نو ماشہ شہد ملا کر پیا کرین **ایضاً** برگ حنا تازہ نیمکوفتہ ایک تولہ رات کو تھوڑے پانی مین تر رکھین صباح آب لال اُسکا پیا کرین **دوا** کہ خون بواسیر کے بند کرنے مین اثر تمام رکھتی ہی **ص** کہربا گل ارمنی ہر دو دو ماشہ سفوف کرکے ہموزن شکر سفید ملا کر کھایا کرین **ایضاً** کہ مسہ ہاے بواسیر کو خشک یا تحلیل کرے **ص** قسط تلخ پوست بیخ کنیر اسبند تین تین ماشہ گندھک لوبان ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ سفوف کرکے چار تولہ روغن سرشف مین ملکر رکھین و لگایا کرین **دوا** کہ استحاضہ کو دفع کرتی ہی **ص** تال مکھانا خار سوت برابر سفوف کرکے صبح کو چھ ماشہ کھاکر شکر سفید چاول کے پانی مین ملا کر پیوین **دوا** کہ ورم رحم کو دفع کرے **ص** روغن گل روغن بنفشہ چربی بط چربی گردہ بز مغز ساق گاؤ ایک ایک تولہ زردی تخم مرغ ایک عدد مصطگی تین ماشہ زعفران ایک ماشہ بدستور مرہم بنا کے استعمال کرین **دوا** عرق النسا کے دفع کرنے مین تجربہ قدما و تجربۂ حال ہی **ص** سورنجان شیرین ایک تولہ سناء مکی سوا تولہ

شیطرج سات ماشہ زعفران دو ماشہ سفوف کرکے ہموزن شکر سفید ملا رکھین نو نو ماشہ کھایا کرین دوا کہ وجع المفاصل کو مجرب ہی ص اسبند تخم ترب سینگ بورہ ارمنی نوسادر بوزن مساوی سفوف کرکے ہمچو شکر سفید ملا رکھین و بقدر مناسب کھایا کرین دوا کہ علت رشتہ یعنی نارو کو دفع کرتی ہی ص افیون صابون پیاز ہموزن روغن کنجد سفید مین پکا کر مثل مرہم کے بنا دین و موقع وعوالی اُسکے پر ضماد کیا کرین ایضاً صابون کو روغن کنجد سفید مین ملا کے مرہم بنا کر لگایا کرین دوا کہ برص کو مفید ہے اکھاڑ ہی کا استعمال زمانہ طویل کے ص سورچہ کلان قبرستان کو سرکے مین پیسکر لگایا کرین وجب دھونا چاہین آب جوشاندہ بادرنجان دھویا کرین

باب ۱۰ حرف الذال معجمہ

ذرور و تدبیر ذرور کی یہ ہی کہ ایجاد دوا کو سرمہ سے باریک سفوف کرکے محل مرض پر چھڑکین یا چپکا دین

فصل ۴۴ ذرورہاے نافع امراض چشم مین کہ آنکھ کی پلکین کھولکر بقدر مناسب چھڑکنا چاہیے ذرور توتیا کہ خارش پلک و چشم و ڈھلکا یعنی اجزاے اشک کو مفید ہی ص امیران چینی تین ماشہ توتیا کو تین بار گرم کرکے آب بادیان مین سرد کیا ہو پھٹکری بریان سرمہ سفید چار چار ماشہ بدستور استعمال کرین ذرور انزروت کہ قرحہ کو صاف و پر کرے ص انزروت بریان کشتہ ارزیز دو دو ماشہ نشاستہ گندم تین ماشہ بدستور استعمال کرین ذرور زرد چوبہ کہ سیلان اشک و خارش و ضعف ابصار کو مفید ہی و موافق مزاج بوڑھون کے ہوتا ہی ص زرد چوبہ پوست ہلیلہ زرد پانچ پانچ ماشہ توتیاے مغسول چار ماشہ فلفل دراز فلفل گرد ایک ایک ماشہ ذرور کرد چشم کہنہ و سرخی و سیلان اشک کو دفع کرے ص توتیاے مغسول کشتہ ارزیز نشاستہ گندم ہموزن ذرور کرد نارش و حکہ پلک و جالاو ناخنہ آنکھ کو دفع کرتا ہی ص گھر پاچاندی کی گوند ببول بریان تین تین ماشہ زعفران فلفل سیاہ دو دو ماشہ افیون ایک ماشہ ذرور چشمہام کہ کتھی و درد چشم اطفال کو دفع کرنے مین مجرب ہی ص چاکسو اصلاح کردہ دو جزو پھٹکری بریان ایک جزو سرمہ سا کرکے پلکون کو اُلٹکر ذرور کرین ذرور امیران کہ دفع اختلاج دائمی و امراض باردہ و تقویت بصر مین مجرب ہی ص امیران چینی تو نفل فلفل دراز توتیاے مغسول ضعف عربی بریان جملہ بوزن مساوی فصل ۴۵ ذرورات نافع امراض دہن مین ذرور کہ قلاع سرخ کے دفع کرنے مین مجرب ہی ص طباشیر سفید جوسوختہ کشنیز خشک مقشر کتھہ سفید بوزن مساوی

ذرور کہ قلاع سفید کو دفع کرے ص ہلیلہ زرد اقاقیا گلنار کرنا مرچ بوزن مساوی ذرور کہ قلاع بلغمی اطفال کو دفع کرے ص مازو زرد چوبہ پوست انار شیرین گلنار کتھہ سرخ برگ گاؤزبان سوختہ بوزن مساوی ذرور کہ قلاع شدید کو جسمین زبان پر دانے مثل کانٹون کے سخت ہوتے ہین مفید ہی زبان کو پارچہ خشن سے کھجا کے استعمال کرنا چاہیے ص طباشیر سفید کتھہ کباب چینی سنگ جراحت دانہ الایچی سرخ جملہ بوزن مساوی ذرور کہ ہر قسم کے قلاع کو مفید ہی ص سرخ ہر مرہ خطائی طباشیر سفید زیرہ گل سرخ تخم نیلوفر تخم خرفہ صندل سفید صندل سرخ گل ارمنی حضض کی عدس مقشر گلنار مغز تخم کیول گٹہ کتھہ سفید کباب چینی عنب الثعلب جملہ بوزن مساوی ذرور کہ جوشش دہان کو مجرب ہی ص کتھہ سفید طباشیر سفید دانہ الایچی زیرہ گل سرخ زیرہ گل سیوتی ناگرموتھ ہلیلہ سیاہ بابچی تخم بکاین سوختہ جملہ بوزن مساوی ذرور کہ قلاع وجوشش دہن کو مجرب ہی ص دانہ الایچی سرخ کشنیز سوختہ پھٹکری سوختہ بوزن مساوی **فصل ۴۹** ذرورات دافع جروح وقروح وثبورات آکلہ مین ذرور کہ زخم ختنہ اطفال کو خشک واصلاح کرتا ہی کہ حاجت مرہم کی نہین ہوتی بعد بند ہونے خون کے استعمال کرنا چاہیے ص کتھہ سرخ مردار سنگ ہلیلہ سیاہ بلیلہ تخم کنار سوختہ جملہ ہموزن ذرور کہ قروح ختنہ کو دفع جلد اصلاح دیوے دفع کرے ص پھٹکری توتیا سبز نیم سوختہ بوزن مساوی **ایضاً** دفع قروح ختنہ ص کندر دم الاخوین دو دو ماشہ کشتہ مس پانچ ماشہ پھٹکری بریان پوست انار شیرین مازو کاغذ نیلہ رنگ سوختہ ناگرموتھ چھ چھ ماشہ ذرور دوم کہ سیلان خون زخم کے دفع کرنے مین بے نظیر ہے ص کندر دم الاخوین سماق پھٹکری بریان تین تین ماشہ صبر کاغذ سوختہ ایک ایک ماشہ ذرور کہ جراحت آتشک کو تقصیب ودیگر اعضا سے دفع کرے ص یوست بویدار سوچھ ماشہ خرمہرہ زرد سوختہ پانچ عدد سوپیاری ایک عدد نیلہ کتھہ کتھہ بریان ایک ماشہ مردار سنگ کتھہ سفید سنگ جراحت دو دو ماشہ سفوف بار یک کر کے چھڑکین

باب ۱۱ حرف الراء مہملہ

فصل ۵۰ - ربوب مین دستور بنانے ربوب کا تین طرح پر ہی ایک میوہ جات کثیر المائیت مثل کولا دسترہ وانارین کے انکا زیرہ ودانہ صاف کر کے اُسکا پانی ملکر نچوڑ لیوین اور اُس پانی مین چہارم حصہ شیرینی ملا کر پکاوین جب شربت سے زیادہ گاڑھا ہو جاوے رکھ لیوین دوسرے میوہ جات قلیل المائیت مثل سیب وبہ وانگور وآملہ تازہ کے اُنکا تخم دفع کر دینا ضرور ہی مگر پوست چھیلڈالنا صرف نظافت ونفاست ہی

ورنہ پوست خالی از فائدہ نہین ہی کھرل ہنگین مین خوب کچل پانی نچوڑلیوین و نصف اُسکے شیرینی ملا
ویسا ہی قوام بناوین تیسرے میوہاے مرطوب مدیم المائیت مثل زرشک و آلو کے انکو پانی مین صرف
ترکر کے خواہ جوش بھی دیکر ملکر چھان کے ہموزن میوہ کے شیرینی ملا کے بدستور بکالین رب کولا
وسنگترہ دافع تشنگی و حرارت صفرا و خون و رافع یبوست مفرح طبع ہے رب انار شیرین
مقوی اعضاے رئیسہ و مفرح طبع و دافع گرمی مزاج ہے رب انار ترش دافع
قے صفراوی و مسکن تشنگی و منطفی حرارت ہے رب سیب و بہ مقوی دماغ و معدہ دافع حرارت
مزاج و مصلح خون ہین رب آلہ مقوی معدہ و مصلح خون و ہاضم طعام و قابض ہے رب آلو
صفرا شکن منطفی حرارت و دافع تشنگی ہے رب زرشک مقوی معدہ و دافع غلیان صفرا ہی **فصل ۵۱**
روشنائی مین بہ لغت یونانی اس لفظ کے معنی لانے والی نور بصر کی ہی روشنائی ص مروارید و کشتہ
تانبا زعفران و ورق نقرہ و ورق طلا تخم نیل جنگلی ساذج ہندی ایک ایک ماشہ سرمہ اصفہانی تین ماشہ
قرنفل چار عدد مرچ سیاہ چھ عدد فلفل دراز قسم خورد ایک عدد سب کو دو روز آب انار شیرین مین تین دن
آب بادیان مین صلایہ کرکے خشک کرین ازان بعد سرمہ کرکے استعمال کرین **فصل ۵۲** تدابیر بنانے
روغنون مین دستور بنانے روغنون بطریق ہاے مفصلہ ذیل ہے دستور بنانے روغن موم
اور روغن بہروزہ کا مثل قاعدہ و عرق تیزاب کے ہی مگر بجاے ہانڈی کے گھڑا دوسرا وصل کرنا چاہیے
و بجاے محرف رکھنے کے دو لوگھڑے دو چولھا پر برابر رکھنا چاہیے اور موم کے ساتھ اسکے نیچے
ہموزن سیوم حصہ موم کے نمک سانبھر نیم کوب کرکے خواہ استخوان کہنہ سفوف کرکے رکھنا چاہیے
دستور بنانے روغن پھولونکا چند طرح پر ہی ایک یہ کہ پھول تازہ مصفی چار جزو روغن کنجد سفید پانچ جزو
مین ڈالکر آفتاب مین رکھین جب بعد مضمحل ہونے کے بوے اصلی پیدا ہوے تب پھولون کو مل کر
روغن صاف کرلین اور اُس مین تین جزو اور پھول تازہ ملا کے ویسا ہی آفتاب مین رکھ کے
صاف کرکے پھر دو جزو پھول تازہ ملا کے ویسا ہی آفتاب مین رکھ کے بعد فناے رطوبت و قیام
خوشبو کے رکھ لین دوسری پھول تازہ مصفی ہموزن روغن مذکور مین ملا کر آفتاب مین رکھین
اور بعد متعفن ہونے کے جب رطوبت پھولون کی باقی نرہے خوب ملکر روغن کو صاف کرلیوین
اور اگر اثر رطوبت کا معلوم ہوے تو آفتاب مین رکھکر فنا کردین تیسری پھول تازہ کا شیرہ نکال کر

کریم وزن شیرہ کے روغن مذکور ملا کے پکاوین جب شیرہ جل جاوے روغن صاف کرلیوین
پھولتھی پھول خشک کا جوشاندہ بنا کے آب جوشاندہ دوچندان پھول روغن مذکور ملا کے جوش دین
جب اثر پانی کا نہ رہے روغن صاف کرلین فائدہ روغن کی قوت پھولون کی قلت اور
کثرت سے متعلق ہی مگر تدبیر اول محض مخصوص گلاب کے پھول سے ہی اور تدبیر اول و دوم مین اگر
کسی قدر جدید پھول بعد اتمام تدبیر کے ممزوج کر رکھے جاوین اور رطوبت اُن کی آفتاب مین فنا
کیجاوے تو اولی اور عمدہ ہی دستور بنانے روغن برگ و بیخ و چوب تر و تازہ و تخم ہای کم روغن کا
تدبیر جوہر پھولون کی ہی مگر تھوڑا پانی ملا کے شیرہ نکالنا چاہیے کہ اثر اُسکا بخوبی نکلے دستور
بنانے روغن برگ و بیخ و چوب خشک کا بہ تدبیر چہارم پھولون کی ہی فائدہ چوب روغندار
و تخم کم روغن کا تیل بطور ڈول جنتر کے نکالا جاتا ہی دستور نکالنے روغن اُن تخمون کا جنمین
دہنیت زیادہ ہی مثل بادام و چلغوزہ کے چند طرح پر ہی ایک یہ کہ اگر تخم زیادہ ہو تو لوہے مین
پیلکر نکالتے ہین دوسری مغز تخم کو خوب کچل کر پانی مین پکاوین روغن بالای آب و فضلہ
تہ آب ہو جاتا ہی سرد کر کے روغن کو جدا کر لیتے ہین تیسری مغز تخم کو کچلکر تھوڑی نبات سفید
ملا کے اندک پانی غلیظ کر کے نیگرم چھوڑتے ہین روغن پک آتا ہی چوتھی مغز کو فتہ مین قدرے
نباتہ سفید و تھوڑا پانی ملا کے ایک کنارے طشت کے رکھ کے اُسکے نیچے آگ رکھ دیتے ہین
اُسکی گرمی سے روغن طشت کے دوسرے کنارے کی طرف ہو نیچا رہتا ہے سیلان کرتا ہے
دستور سب قسم کے انڈے کے تیل کا چند طریق پر ہی ایک یہ کہ انڈے کو جوش کر کے زردی
اُسکی جدا کر لین اور سب زردیون کو ہاتھ سے خوب ملکر فی زردی کلان ایک ماشہ نوشادر معدنی
ذخیرہ مین کم اُس سے سفوف کر کے ملا دین اور اُسکو ایک شیشے خواہ بوتل بھر کے اُسپر گل حکمت
کرین اور منھ مین سیکین لگا دین اور ایک ٹھیکرے مین سوراخ کر کے چولھے پر رکھین اور گردن
شیشے کی اُس سوراخ سے نیچے ٹھیکرے کے نکالین اور ٹھیکرے مین کنڈا خواہ چیلے کی آگ کرین
اور بوتل کے منھ کے نیچے ایک پیالی چینی یا شیشہ کی رکھین کہ روغن اُسمین ٹپکے دوسری تدبیر یہ ہی
کہ انڈا جوش کر کے زردی جدا کر کے ایک تھالی مین آتش نرم پر یا دھوپ سخت مین رکھین جسطرف
انڈا ہوے بلند رکھین دوسری طرف نیچے کو روغن تھالی مین جمع ہو جائے تیسری تدبیر یہ ہے

کہ اندا جوش کرکے زردی نکال لیوین اور ہاتھ سے خوب ملکر آنچ دکھلا دکھلا کر نچوڑین دستور روغن نخود و گندم وجو کے نکالنے کا ایک یہ ہی کہ غلہ صاف ایک شب اُسقدر پانی مین تر رکھین کہ تمام پانی اُسمین جذب ہوجاوے اُسکے بعد شیشے مین رکھکر اُسی طریق سے ٹپکا دین جیسا روغن بیضہ مین مذکور ہوچکا دوسرے یہ ہی کہ نہائی گرم پر دانہ ہاے غلہ رکھکر ہتوڑی نہایت گرم سے دبا دین کہ روغن جدا ہوتا ہی اُسکو علاحدہ کرلیوین چندمرتبہ تھوڑے دانون سے کسی قدر روغن جمع ہوتا ہی اور اگر زیادہ کلف وغیرہ پر لگایا ہوے تو ویسا ہی لگاے لینا مناسب ہوتا ہی دستور بنانے روغن حواصل روغن ارہ اور روغن ضبع در روغن خفّاش کا کتب قدیمہ مین جو لکھا ہی اُسمین ان جانورون کو زندہ جان دیگ مین ڈالکر جوش دینا لکھا ہے کہ نزدیک راقم کے یہ تدبیر دو وجہ سے ناپسند و غیر مناسب ہے ایک یہ کہ جانور زندہ کو آگ مین جوش دینا کس قدر معصیت عظیم ہی دوسرے گو احشا مین کسیقدر گرمی زیادہ ہی مگر غلاظت و گندگی اُسکی اُس سے زیادہ نامطبوع ہے لہذا راقم کو جب اتفاق ہوا تو اسطور پر طیار کرایا کہ جانور کو اسطور شکار کرایا کہ فوراً اُسکی جان فنا ہوگئی زان بعد پیٹ چاک کراکے آلایش معدہ و امعا کی دفع کرکے وطیور کے پر بھی دفع کرکے چند پارچہ کرکے دیگ مرلپتہ مین اسقدر ریلوایا کہ خوب مہرا ہوگیا گوشت و پوست و استخوان علاحدہ ہوگئے اُسکو سرد کرکے چربی علحدہ کرلی اور پانی کپڑے مین صاف کرالیا اُس پانی مین اجزاے مناسبہ ایک شب تر کراکے صباح روغن مناسبہ مع چربی مذکور ڈال کر پکوایا جب پانی جل گیا و اجزاے دوا سوختہ ہوگئے تب بحالت گرمی کپڑے سے صاف کرالیا کہ روغن و چربی مخلوط و صاف ہوا ئی اُسکو رکھا لیا وقت استعمال کے شیر گرم استعمال کرایا کسیطرح کا نقصان تاثیر مین نہ پایا و ترکیب لطیف نظر آئی و طریق لگا روغن کا بدن پر یہ ہے کہ لگا کر مالش خفیف کی جاوے تاکہ بذریعہ مالش کے بدن مین روغن جذب ہووے اگر موقع ہو تو کوئی تپا سب رکھکر باندھ دیا جاوے کہ اس سے نفوذ روغن کا قرار واقعی ہوتا ہی **فصل ۵۳** تذکرہ روغنہاے نافع امراض دماغی و متعلقات اُسکے مین روغن کاہو کہ درد سر و بیخوابی کو جو حرارت و یبوست سے ہو دفع کرتا ہے ص آب برگ کاہو دو حصہ روغن کنجد سفید ایک حصہ باہم پکاوین جب پانی جل جاوے روغن کو سرد کرکے پیشانی اور سر پر لگایا کرین روغن کدو کہ لگانا اوسکا درد سر گرم و خشکی ناک و سوزش آنکھ کو

دفع کرے وسیخوابی وبدخوابی مین خواب لاتا ہی وتقویت دماغ کی کرتا ہی **ص** کدوی دراز کو دھو پونچھ
ومغز وتخم کچل کر پانی اُسکا پنجوڑلین وچہارم حصہ اُسکا روغن کنجد سفید ملاکے پکاوین بعد جل جانے
پانی کے روغن استعمال کرین **فائدہ** روغن بادام شیرین وروغن مغز تخم کدوے دراز شیرین
وروغن تخم کاہو وروغن تخم خربزہ بھی یہی فواید رکھتے ہین وروغن بنفشہ وروغن گل سرخ سوا ے
تقویت دماغ کے باقی سب فوائد مین یکسان ہین **روغن سیماب** کہ فالج وعشہ وجمیع امراض باردہ کو
دفع کرتا ہی **ص** سیماب تخم دھتورہ ایک ایک تولہ روغن کنجد سیاہ اکیس تولہ پہلے روغن کو خوب گرم کرین
کہ سرخ ہوجاوے تب سرد کرکے تخم دھتورہ باریک کرکے وسیماب ملاکے خوب حل کرکے استعمال کرین
روغن قسط کہ فالج ولقوہ وعشہ وتشنج واسترخا واختلاج کو سوا ے اختلاج قلب بہ مدد کے نہایت
مفید ہی **ص** قسط تلخ کندش عنصر قرحا چھ چھ ماشہ فلفل دراز سنبل الطیب بیخ سوس قرنفل ۳ ماشہ بلہد
قرنفل ناخواہ کرفس اردون زنجبیل زرنباد کندر ومصطگی تین تین ۳ ماشہ گل بابونہ ایک تولہ مغز
بادام تلخ دو تولہ مغز تخم ارنڈ تین تولہ سب کو جوکوب کرکے ایک رطل پانی مین آٹھ پہر تر کرکے
جوش کرین جب نصف پانی باقی رہی ملکر چھان لین اور روغن کنجد سیاہ وروغن سرسون تین تین
چھٹانک ملاکے جوش کرین جب پانی جل جاوے روغن استعمال کرین **روغن لبوب** کہ تشنج والینجوا لیا
وبیخوابی کو دفع کرتا ہی لگانے اور کھانے اور سعوط کرنے سے **ص** مغز فندق مغز پستہ مغز بادام شیرین کنجد قشر
مغز چلغوزہ مغز تخم کدوے شیرین مغز اخروٹ سب بوزن مساوی بطور روغن بادام کے
طیار کرین **روغن بلادر** کہ استرخاے اعصاب اور فالج اور لقوہ اور دیگر امراض رطوبی کو دفع و
تحلیل کرتا ہی **ص** جٹا مانسی جائفل مرچ سیاہ سلیخہ سیطرج ہندی پیر مورآنبہ ہلدی مین پھل بھلاوا
سونف کوٹ تلخ زنجبیل ایک ایک تولہ نیمکوفتہ کرکے تین پاؤ پانی مین چار پہر تک تر رکھین پھر آدھ سیر
دودھ گاے کا اور اڑھائی پاؤ تیل سفید تل کا ملاکر پکاوین جب پانی اور دودھ جل جاوے روغن کو صاف
کرلین **روغن چوب چینی** کہ فالج استرخا دعشہ دکزاز درد مفاصل اور اور دردونکو جو آتشک سے ہون
وجملہ امراض بلغمی کو دفع کرتا ہی **ص** چوب چینی بیس تولہ سورنجان تلخ دس تولہ سب کو جوکوب کرکے
دو شبانہ روز پانچ سیر آب دریا مین تر کرین اور روغن سرسون وروغن گل وروغن بابونہ چالیس ۴۰ تولہ
وروغن بیلا وروغن چنبیلی وروغن شبت تیس ۳۰ تیس ۳۰ تولہ ملاکر پکاوین جب پانی جل جاوے روغن صاف کرلین

واگر بروقت استعمال کے تھوڑی مومیائی خواہ جندبیدستر ملاکے استعمال کرین تو زیادہ قوی
ہووے روغن حریل کہ فالج ورعشہ وتشنج وگرانی دست وپا ودردہاے بلغمی کو جو کسی عضو پر تمام بدن
مین ہو دفع کرے ص اسبند سوختنی بارہ تولہ زنجبیل تین تولہ پاؤ سیر پانی مین چار پہر تر کرکے
چالیس تولہ روغن سیاہ ملاکر پکاوین جب دوا جل جاوے روغن صاف کرلین و پانچ عدد جائفل
سرمہ ساکر کے روغن مین مخلوط کرکھین اور وقت استعمال کے آب سرد سے بدن کو محفوظ رکھین
روغن بن و باہ کہ فالج وتشنج ولقوہ ورعشہ ووجع المفاصل ودردلپشت کو مجرب ومفید ہے
ص آب گوشت ایک روباہ کا بدستور مذکورہ بالا لیکر اُس مین مال کنگنی پیرامور سداب تخم دھتورہ
پوست بیخ انجیر آدھ آدھ پاؤ جو کوب کرکے تر کرین وآدھ سیر آب برگ وشاخ تازہ دھتورہ وتین سیر
روغن کنجد سیاہ ملاکے پکاوین جب دوا وپانی جل جاوے روغن صاف کرلیوین وپانچ عدد جائفل و
ایک تولہ قرنفل سرمہ ساکر کے مع ایک تولہ افیون کے مخلوط کرکھین و شیر گرم مالش کیا کرین روغن
صبغ کہ امراض مذکورہ کو از بس مفید ہے ص آب گوشت ایک گفتار کا کہ مادہ اولی ہی لیکر تخم گل شبت
وشاخ برگ بابونہ پیرامور کائفل پودینہ آدھ آدھ پاؤ تر کرکے روغن سرشف اڑھائی سیر ڈال کر پکاوین
جب دوا وپانی جل جاوے روغن صاف کرلیوین وکام مین لاوین روغن حواصل کہ دفع امراض
مذکور ودیگر امراض باردہ مین نہایت موثر ومجرب ہی ص ایک عدد حواصل کا آب گوشت لیکر سنبل الطیب
بسباسہ سورنجان تلخ خولنجان زرنباد جوز بوا دارچینی قسط تلخ قرنفل ایک ایک تولہ جو کوب کرکے
تھوڑے آب چاہ شور مین چار پہر تر کرکے اُسی آب گوشت مین ملاکے ڈیڑھ سیر روغن سرشف
ملاکے پکاوین وبعد جلنے پانی واخراے دوا کے روغن صاف کرلیوین واستعمال کرین فائدہ
روغن سداب وروغن شبت وروغن پودینہ بدستور مذکورہ بالا بنا کر لگانے سے امراض وردہاے
باردہ کو دفع کرتے ہین **فصل ۴۵** روغنہاے نافع امراض گوش **روغن** کہ درد گوش
وبہرا پن کو مجرب ومفید ہی ص اجواین خراسانی اسبند سوختنی دو دو تولہ آدھ سیر پانی مین
چار پہر تر کرکے جوش کرین جب سوم حصہ باقی رہے ملکر چھان لین اور پانی مذکور مین دس تولہ روغن کنجد
سفید ملاکے پکاوین جب پانی جل جاوے روغن صاف کرکھین و شیر گرم کان مین ٹپکایا کرین روغن بید
کہ درد وگرانی گوش وثقل سمع کو مفید ہی ص مولی کی جڑ کچل کر ڈیڑھ پاؤ پانی اُسکا چھان لین

اور آدھ پاؤ روغن کنجد سفید ملا کر پکاوین جب پانی جل جاوے روغن صاف کرلین و شیر گرم ٹپکایا کرین
ایضاً روغن بادام تلخ بدستور مذکورہ بالا طیار کرکے شیر گرم کان مین ٹپکانا امراض مذکورہ کنجد
ہی روغن زہرہ کہ آواز گوش و ثقل سمع کو دفع کرتا ہی حص مغز لوبیا را ایک تولہ چار تولہ زہرہ گاؤ مین
پیسکر پانچ تولہ روغن گل مین پکاوین جب پانی جل جاوے روغن صاف کرلین پہلے ایک تولہ
گل بابونہ چھ تولہ سرکہ مین جوش کرکے کان مین بھپا لیکر بعد قطرہ روغن کو ر شیر گرم ٹپکایا کرین
فصل ۵۵ روغنہا و دافع امراض شکم مین روغن مختار حکیم شیر علی الدراقم کہ بارہا تجربہ ہوا در دشکم و قولنج
شکم و قبض و ریاح کو دفع کرتا ہی حص جٹا بانسی ہر یک تولہ گل بابونہ سداب تخم ہر یک تولہ
زیرہ سیاہ پودینہ اذخر ہر یک ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ سب کو آدھ سیر پانی مین تر کرکے جوش کرین جب چوتھائی
ملکر چھان لیوین اور اُسمین روغن بید انجیر روغن سرشف ایک ایک چھٹانک ملا کے پکاوین جب پانی
جل جاوے روغن صاف کرلین وقت استعمال کے تھوڑا لیوہ خواہ شحم حنظل جل کر
لگاوین روغن کہ قبض شکم کو دفع کرتا ہی حص شحم حنظل ایک تولہ چھ
بید انجیر چھ تولہ مین پکا کے لگاوین روغن کہ درد شکم کو دفع کرے حص پوست
تازہ سنبھالو برگ آک چار چار تولہ کچل کر پانی پچھڑین اور اُس پانی مین چھ تولہ روغن سرشف
پکاوین جب پانی جل جاوے تب شیر گرم لگاوین روغن مصطگی کہ طلاء
حص روغن کنجد سفید آدھ پاؤ ایک بوتل مین کرین و تولہ مصطگی رومی سفوف کرکے اُسمین ڈالین بوتل کو
دیگچی مین پانی بھر کے رکھین و جوش دیوین کہ اُسکی گرمی سے مصطگی روغن مین مخلوط ہو جاوے
روغنہاے دافع اوجاع اطراف و مفاصل و پشت و کمر و غیرہ مین روغن کچلہ کہ در
و وجع الورک و عرق النسا و نقرس کو سود مند ہی حص افیون دو تولہ مین کچل پاؤ سیر شیر گاؤ مین حل کر
کچلہ دس عدد ریزہ ریزہ کرکے ملا دین اور ڈیڑھ پاؤ روغن کنجد سیاہ ملا کر پکاوین جب دودھ و کچلہ
جل جاوے روغن صاف کرلین روغن خفاش کہ در عرق النسا و نقرس و درد مفاصل و
و درد کمر و درد گردہ کو مفید و مجرب ہی حص آب گوشت خفاش دس عدد شیرک یعنی چمگادڑ کا بدستور
مذکورہ بالا لیکر اُسمین قسط تلخ زرا وند مدحرج زنجبیل ریشہ دار ہر دو دو تولہ سورنجان تلخ ایک تولہ
جو کوب کرکے تر کرین و آدھ پاؤ آب دو نامرداد آدھ سیر روغن سرشف ملا کے جوش دیوین جب

جب پانی اور دواجل جاوے روغن صاف رکھین و شیر گرم مالش کرین روغن ادرک کہ درد صلابت مفاصل و درد گردہ و کمر و پشت کو نہایت مفید ہی ص ادرک تازہ کچل کر پانی اُسکا لیکر ہموزن اُسکے روغن کنجد سیاہ ملا کر پکاوین جب پانی جل جاوے استعمال کرین روغن موم کہ بدستور مرقومہ بالا بنایا ہوی دردہاے مذکورہ بالا کو مفید ہی روغن اوراق کہ درد مفاصل وعرق النسا و نقرس و درد پشت کو دفع کرنے مین ازبس مفید و مجرب ہی ص برگ زرد رسہ برگ سنبھالو برگ مکوے برگ آک برگ دھتورہ پوست درخت سہنجنہ برگ سہنجنہ پوست بیخ ارنڈ برگ حنا جملہ بوزن مساوی ایک ایک چھٹانک کچلکر قدرے پانی ڈالکر نچوڑ لیوین و اُسی پانی مین اسگندھ ناگوری اجواین دیسی خراسانی پوست خشخاش سفید رائی خرد اجمودھ زنجبیل ریشہ دار پیراموز نرکچور ناگر موتھ جٹا بانسی ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ پیسکر روغن کنجد سیاہ و روغن سرشف پاؤ پاؤ بھر ملا کے بدستور لگاوین و روغن صاف کر رکھین و مالش کیا کرین **فصل ۵** روغنہاے دافع ضربہ وسقطہ جراحات مین روغن دیودار کہ ترکیب متقدمین و منقول معتبرین سے ہی ضربہ و سقطہ کے درم و درد کو دفع کرنے و زخمہاے چوٹ سے چرک گوشت ناقص کو دفع کرنے و گوشت بہتر جمانے و زخم ماسور کرنے مین بمنزلہ خرچ عادت کے ہی طلا کرنا خواہ پکانا یا کچا خواہ روغن تر کر کے بمقام حاجت کے رکھنا چاہیے ص آنبہ ہلدی چوب دیودار اصل السوس چوبینی ہر یک دو دو تولہ فرفیون کرین دو تولہ کرہوان یعنی دودھ مکان گاخن ملا کے تھوڑی دیر تک کھرل کر کے تین پاؤ روغن تل کے پکاوین جب نصف پانی جاوے آگ سے علیحدہ کر لیوین فائدہ حکیم علی کیلانی نے اپنے تجربات مین لکھا ہی کہ اس روغن مین اگر بہروزہ ملا کے لگاوین تو درد مفاصل و دوسرے دردہاے کہنہ کو دفع کرتا ہی اور اگر چیچک کے آبلے متعفن و قرحہ ہو گئے ہون تو تھوڑا کافور اُسمین حل کر کے لگاوین نہایت مفید ہوتا ہی روغن شیخ صنعان دافع اقسام زخم و ناصور و بواسیر و محلل اورام بارده و مقوی اعضاء و اطبای سابقین نے لکھا ہی کہ کھانا اس روغن کا ساتھ اجزاے مناسب کے عارضہ ہیجان الاسعا کو جسکو آہنی ساز کہتے ہین دفع کرتا ہی ص جدوار خطائی و کنجد سفید جائفل ہر یک سفید دار ہلد چوب حنا و چوب دیودار بیخ مکہ بہروزہ ہلیلہ بلیلہ آملہ چوب آبنوس پوست درخت مغیل ہر ایک دو دو تولہ کنکول مرچ سپیدار چوب چینی حلبہ یعنی بیتھی دو دو چنر و خانہ عنکبوت آنبہ ہلدی ایک ایک تولہ برگ حنا تازہ ان قسم کاری ہر ایک

نیم تولہ سبکو جوکوب کرکے تین سیر پانی مین پکاوین جب چہارم پانی باقی رہے صاف کرلین
وموسیائی سعدنی اشق وشنگرف ہرتال سرخ مردارسنگ رال سفید چھ چھ ماشہ سفوف کرکے
مخلوط کرین واڑھائی پاؤ روغن کنجد سفید ملاکے پکاوین جب پانی باقی نرہے اُتار رکھین ایضاً
کہ مجرب ہی دفع ضربہ وسقطہ دورم وزخم اُسکے مین ص بیخ مہک دیودار پوست درخت سنبھل
آنبہ بلدی دارہلد دو دو تولہ جوکوب کرکے آدھ سیر پانی مین ایک رات تر کرین اور صبح کو ڈیڑھ پاؤ
روغن السی ملاکے پکاوین جب پانی جل جاوے روغن صاف کرکے استعمال کرین **فصل ۵۸**
روغنہاے نافع امراض اعضاے تناسل مین **روغن مورچگان** کہ قضیب کو سخت وموٹا و
ودرازو قوت باہ نعوذ کی زیادہ کرتا ہی اگرچہ یایوس ہوا ہوے ص روغن چنبیلی آدھ پاؤ ایک
شیشے مین رکھین اور ایک سو چیونٹی قبرستان کی بڑی بڑی اُسمین ڈالکر چالیس روز تک
رکھین اُسکے بعد قضیب پر لگایا کرین کھجلاکے **روغن خشک** کہ منی کو غلیظ اور باہ کو زیادہ
واصلاح کردہ ومشانہ کی کرتا ہی ص گوکھرو کلان تازہ کو کچل کر ڈیڑھ پانی اُسکا نکالین اور ڈیڑھ پاد
شیر گاؤ اور پاؤ بھر روغن کنجد سفید اور ایک چھٹانک سفوف زنجبیل ملاکر نرم آگ پر پکاوین جب دودھ
پانی جلجاوے تب روغن کو صاف کرلین و بقدر مناسب کھایا کرین **روغن** مخترع حکیم امان علی برادر
خرد راقم کہ طلاکرنا اُسکا قضیب پر تقویت باہ ودفع سستی اعصاب ورفع یبوست وبرآمدگی عروق مذکور کو
از بس مفید ومجرب ہی ص گھنگچی سفید پوست بیخ کنیر جسکا پھول ہووے اسگند ناگوری تخم خار خینی
عقرقرحا تال مکھانا تخم اٹنگن اندرجو اسبند کلونجی تخم پیاز مغز پنبہ دانہ مال لنگنی تراشہ سم اسپ
چھ چھ ماشہ چرونجی چلغوزہ بیخ اونٹ کٹار بودار عودعرقی سوصلی سیاہ ایک ایک تولہ جائفل
لونگ رس کپور تخم دھتورہ تین تین ماشہ افیون ۹ ماشہ سب کوٹ کر ڈیڑھ چھٹانک بھیڑی کے گھی مین خواہ گائی
کے گھی مین ملکر دس عدد زردی بیضہ مرغ مین ملاکر شیشے مین چار پہر رکھکر اُسکے بعد موافق دستور اول روغن انڈا
کے تیل نکالین اور عمل مین لاوین **فصل ۵۹** روغنہاے متعلق بالون مین **روغن** کہ بالونکو
سیاہ ودرازو گرنے سے محفوظ کرتا ہی ص ہلیلہ بلیلہ آملہ دو دو تولہ پروشان عود خام ایک ایک تولہ
برگ کنار برگ انار شیرین برگ جھاؤ برگ مغیل ہر ایک تازہ تین تین تولہ سیر بھر پانی مین جوش کرین
[illegible] صاف کرلین واُس پانی مین سپیاری نیکوفتہ چار تولہ مصطگی رومی ایک تولہ طباشیر سفید چھ ماشہ

روغن کنجد سفید پاؤ بھر ملا کر پکاوین جب پانی جل جاوے شیشے مین کر رکھین یہ روغن بضیہ کہ دو ہفتہ
مین بال جاوے ص ایک عدد خربوزہ نیم پختہ کو سوراخ کر کے تخم نکال ڈالین و دس عدد زردہ تخم
مرغ اور ایک تولہ برادہ آہن و دو تولہ برگ تازہ کنار و چار تولہ روغن سرشف اُس بھر کے مُنھ اُسکا
مستحکم بند کر کے گل حکمت کر کے رات کو گرم بھاڑ مین رکھکر صُبح کو مٹی دفع کر کے رگڑ کر شل
مثل مرہم کے بناوین و لگاوین روغن کہ بالون کو دراز و خوش رنگ کرتا ہی لہلیہ بلیلہ آملہ ناگرموتھا
جٹا بالنی چھر ہلدی ایک ایک تولہ گل سرخ زرچوبہ کپور کچری چھ چھ ماشہ سبکو نیکوب کر کے روغن کنجد سفید
ڈیڑھ پاؤ ملا کے شیشے مین بھر کر دھوپ مین رکھین و بعد چند روز کے استعمال کرین روغن کہ
بال بیٹھنے و گرنے کو و خارش بن موے کو دفع کرتا ہی ص آملہ برگ حنا تازہ برگ مغیل تازہ ود و تولہ
پاؤ بھر پانی مین جوش کر کے جب چہارم پانی رہی ملکر چھان کر پاؤ تیل سفید تل کا ملا کے پکاوین و آفتاب
مین رکھین اور استعمال کرین فصل ۶ روغنہاے دافع امراض متفرقہ مین روغن سیماب کہ داد اور
بہق یعنی سہواں کے دفع کرنے مین مجرب ہی ص سیماب گندھک و توتیا ایک ایک تولہ سرمہ سا کر کے
تین چھٹانک روغن کنجد سفید تین چار سیر صلایہ کر رکھین یہ روغن گندم بدستور مذکورہ بالا بنا کر لگانا
سعفہ یعنی گنج سر و داد کو دفع و اورام سخت کو تحلیل کرتا ہی روغن کہ ہاتھ پانون کی ترقیدگی یعنی
جھاجن کو صحت دیتا ہی ص تخم بلیخی دھنی سیندور مغز تخم ارنڈ چرم کہنہ سوختہ ایک ایک تولہ پانی مین پیکر
آدھ پاؤ روغن کنجد سفید مین ملا کر پکاوین جب پانی جل جاوے دوا کو روغن مین مخلوط کر کے ترقیدگی پر
لگا کے آگ خفیف مین سینک کرین روغن ضفدع کہ واسطے ورم مقعد و درد بواسیر کے نہایت مفید ہی
ص میڈھک کلان ایک کو مار کر آلایش اندرونی دفع کر کے خوب قیمہ کر کے دو شیر بادنجان سیاہ یعنی
ڈیب بیگن کے کچل کر دو چار تولہ چربی بکری کی ملا کر سیر بھر پانی مین جوش دیوین جب آدھا پانی
باقی رہی سرد کر کے روغن جو بالاے پانی کے آوے نکال کر رکھ لیوین و لگایا کرین روغن عقرب
کہ دو تین قطرہ اصلیل مین ٹپکانے سے سنگ مثانہ کو ٹکڑہ ٹکڑہ کر کے ادرار بول کے ساتھ خارج کرتا ہی
ص ریوند چینی ناگرموتھا ایک ایک تولہ تخم کرتھی مغز بادام تلخ دو دو تولہ کچلکر شیشے مین رکھین و پاؤ بھر
روغن کنجد سفید و دس عدد عقرب زندہ اُسمین ڈالکر کیس روز آفتاب مین رکھین و کبھی کبھی
جنبش دیا کرین پس ازان استعمال کرین روغن کہ ناصور کو پر کرتا ہی ص ایک عدد

گرگٹ جوان جسکا سر سرخ ہوگیا ہووے مار کر پنجہ و آلایش پیٹ کی دفع کرکے آدھ پاؤ روغن گنجد سیاہ
مین جب گرگٹ جل جاوے اُسکو دفع کرکے تین ماشہ شنگرف روغن مین صلایہ کرکے رکھین قدرے
قدرے ناصور مین ٹپکایا کرین چند روز مین پر ہوجاتا ہی **روغن مسمن** کہ لاغری و یبوست بدن کی
دفع کرتا ہی ص مغز پستہ مغز چلغوزہ چرونجی و مغز بادام شیرین مغز پنبہ دانہ مغز تخم تربزہ مغز فندق مغز تخم
خیارین کشنیز مقشر جملہ بوزن مساوی ہی بدستور روغن نکالین و مکان گرم مین تمام بدن پر مالش کرین
روغن جل نیب کہ خارش خشک بدن اور دد و دوڑی و گنج سر کو مفید ہی ص جل نیب تازہ
کچل کر پانی اُسکا نچوڑ لیوین و ہموزن اُس پانی کے روغن گنجد سفید ملا کے پکاوین کہ پانی جل جاوے

باب ۱۲ حرف الزاء معجمہ

فصل ۶۱ زروق یعنی پچکاری مین تدبیر پچکاری کی مثل تدبیر خفنہ کی ہی راہ بول مرد یا عورت
مین دوبارہ بالفعل پہونچائی جاوے مگر قلیل الکمیت کہ صرف زخم تک پہونچے اگر مقدار زیادہ پہونچتی ہی
تو مردون کو ورم فوطہ و عورتون کو عوارض رحم پیدا ہوجاتے ہین **زروق** کہ قرحہ قدیم و جدید سوزاک
کو دفع کرے ص پچکاری ایک تولہ نیلا تھوتھا چھ ماشہ دونون کو بریان کرکے سیر بھر پانی مین کھولکر
شیشے مین رکھین اور ہر روز پانچ چار بار استعمال کرین و اگر چاہین بریان نہ کرین پانی مین پکا کے
استعمال کرین **ایضاً** واسطے قرحہ مثانہ و راہ بول کے مجرب ہی ص صمغ عربی کتیرا نشاستہ گھریا
چاندی کی ایک ماشہ مغز تخم خیارین کشتہ قلمی ہر ایک دو ماشہ شیر خشت چھ ماشہ شیاف بنا رکھین بروقت
حاجت شیر دختر خواہ شیر زن مین گھسکر سوزاخ بول مین ٹپکاوین **زروق** کہ دفع قرحہ سوزاک مین بیمثل ہی
ص سفیدہ کاشغری کندر پچکاری بریان صمغ عربی نشاستہ دم لاخوین بوزن مساوی باب برگ
تازہ نیم گولی بنا رکھین بوقت حاجت شیر دختر یا شیر زن مین گھسکر استعمال کرین **ایضاً** دفع قرحہ
سوزاک ص سفیدہ کاشغری گل رمی ایک ایک تولہ افیون خالص نو ماشہ نیلا تھوتھا چھ ماشہ سرمہ سا
کرکے شیر یا پانی مین حل کرکے پانچ چار بار ہر روز استعمال کرین **ایضاً** دفع سوزاک مین مجرب ہی ص پچکاری سفید
نشاستہ گندم کشتہ قلمی ساوی الوزن کھرل کرکے شیر زن مین ملا کر استعمال کرین **ایضاً** ہلیلہ سیاہ بلیلہ
آملہ ساوی نیکوفتہ سب کو پانی مین تر کرکے خیسانده خواہ جوشانده صاف کرکے استعمال کرین **فصل ۶۲**
زرعونی مین اس لفظ کے معنی زبان یونانی معجون مقوی و مسمن و اختراع اس نسخہ کا بہت قدیم ہی

اضافہ

اعضائے پشت و گردہ کو گرم و بلغم و ریاح کو دفع و منہ کو خوشبو و معدہ کو اخلاط فاسدہ سے صاف و شانہ سے ریگ کو دوا دراسے لعاب کو دہن سے دفع و تولید منی کی زیادہ کرتا ہے **ص** تخم کرفس تخم کندر تخم شلجم تخم شبت تا خواہ از زیانہ مغز خربزہ مقشر تخم بادرنگ بیخ کرفس ایک ایک تولہ عقرقرحا زعفران ۴ عدد نام تولہ شاشہ بسباسہ قرنفل کباب چینی فلفل سیاہ ۲ چھ ۲ چھ ماشہ صوف پارچہ پر کر کے سر چند ان شمدین الماریکین فی بعد دو مہینے کے تو ماشہ سے ایک تولہ کھایا کریں

باب ۱۳ حرف السین مہملہ

فصل ۶۲ سعوط مین طریق سعوط کا یہ ہے کہ مریض کو سیدھا لٹا کر دوا رقیق ناک مین ٹپکائی جاوے اگر مریض اسی دوا رقیق کو خود ناک سے بطریق دماغ کے کھینچے تو اسے نشوق کہتے ہین مگر بلا سدید کا یہ قول ہے کہ دوا رقیق کو مین ٹپکائی جاوے سب کا نام سعوط ہے **سعوط** کہ سر سام و صداع کرم کو نفع دیوے **ص** روغن بنفشہ روغن بادام روغن مغز تخم کدو سے شیرین آب برگ تازہ کاہو آب برگ تازہ کاسنی شیرہ مغز سب بوزن مساوی ایک شیشے مین ڈالکر خوب جنبش دیوین کہ قرار واقعی مخلوط ہو جاوے پس استعمال کرین **فائدہ** ان ادویہ سے اگر جزو امد خواہ دو ایک جزو استعمال کرین تب بھی مفید ہی **سعوط** دافع سدر و دوار **ص** روغن قسط ۲ چھ ماشہ مین مشک چار سرخ حل کر کے استعمال کرین **سعوط** نافع نقرہ و فالج **ص** صبر شونیز بورہ ارمنی مساوی الوزن آب پنبہ مین حل کر کے استعمال **سعوط** کہ ترقی نزول الماء آنکھ کو دفع کرے **ص** مشک ۲ سرخ زعفران ایک ماشہ بالچھڑ ۲ ماشہ کا پچھل چار ماشہ گولی بنا رکھین ہر روز پانی مین گھسکر دو ایک قطرے ناک مین ٹپکا دین **سعوط** کہ رعاف کو بند کرے **ص** کاغذ سوختہ تخم مرغ سوختہ مازو سوختہ سرمہ ساکر کے آب برگ تازہ ببول مین گھولکر استعمال کرین **ایضاً** برگ تازہ ببول برگ تازہ انار شیرین کچلکر نچوڑ کر ٹپکا دین اور سر پر لگا بھی مفید ہی **فصل ۶۳** سفر جلی مین جب انوشدارو آملہ سے دوگنا بین سے بنائی جاتی ہی ویسا ہی سفر جل کی آب افسنتین یا لب صاف کردہ سے سفر جلی تبر اکیب چند بنائی جاتی ہے سفر جلی **مقوی معدہ و مشہی طعام ہی ص** عدد سفر جل پختہ کو ملکر چھان لیوین کہ تمام لب اسکا نکل آوے و دانہ و ثقل دفع ہو جاوے تب آدھ سیر لب مین سیر بھر قند سفید ملا کر قوام کر لین جب گاڑھا ہو جاوے زنجبیل بے ریشہ فلفل دراز دانہ الائچی سفید

ودانہ الائچی سرخ دارچینی مصطگی رومی ایک ایک تولہ زعفران چھ ماشہ سفوف کرکے ملا رکھین
وایک تولہ سے دو تولہ تک کھایا کرین **سفر جلی** کہ گرم مزاجون کو موافق ہی خصوص ایام گرمی مین
ص بہی کو چل کر پانی اسکا نچوڑ لیوین ڈیڑھ پاؤ پانی مین مغز تخم کدو شیرین مغز تخم خیارین مغز تخم پیٹھہ
دو دو تولہ پیسکر ملا دین واڑھائی پاؤ قند سفید کے ساتھ قوام کرکے گل سرخ تولہ بھر طباشیر سفید دانہ
الائچی سفید چھ چھ ماشہ سفوف کرکے ملا دین **سفر جلی** کہ تقویت دماغ واحشا کی کرے وباغمہ کو
قوت دیوے ص سیر بھر بہی کو آدھ سیر سرکہ مین پکا کر بہ ستور مذکور الصدر لب اسکا کر لیوین
وڈیڑھ ڈیڑھ پاؤ شہد و نبات سفید کے ساتھ قوام کرین وعود عرق ونشاستہ ڈیڑھ تولہ ترنجبل مصطگی رومی زعفران
تین تین ماشہ سفوف کرکے ملا دین **فصل ۶۵** سفوف ہائے دافع توحش خفقان وامراض ماغیہ وقلبیہ مین **سفوف مروارید**
محرمہ جالینوس کہ دفع سوزش صدر وخفقان مین مجرب وبینظیر ومسکن حرارت ومقوی قلب ودماغ ہے
ص مروارید ناسفتہ ورق نقرہ ورق طلا چار چار ماشہ ابریشم مقرض نو ماشہ یاقوت سرخ ایک ماشہ
مرجان تین ماشہ پانچ روز تک عرق کیوڑا مین صلایہ کرکے خشک کرین گل گاؤزبان تخم بالنگو بہمن سفید
گل سرخ گل سیوتی تخم ریحان سات سات ماشہ درونج عقربی چھ ماشہ سب کو سفوف سرمہ ساکر کے شیشی مین
رکھ لیوین بوقت حاجت بقدر مناسب کسی بدرقہ کے ساتھ کھلا دین **سفوف** لاجورد کہ دافع امراض مذکورہ ہے
ص لاجورد تین ماشہ سنگ یشب زہر مہرہ خطائی ابریشم مقرض چھ چھ ماشہ تین روز تک عرق گلاب مین
صلایہ کرکے خشک کرین وباضافہ بادرنجبویہ برگ گاؤزبان گل گاؤزبان آملہ نو نو ماشہ درونج عقربی
بہمن سفید چھ چھ ماشہ سفوف کر رکھین وکسی بدرقہ مناسب کے ساتھ بمقدار مناسب کھلایا کرین
ایضاً کشنیز خشک دو تولہ برگ گاؤزبان آملہ گل سرخ صندل سفید ایک ایک تولہ شکر سفید دس تولہ
ایضاً گل گاؤزبان گل نیلوفر گل سرخ چھ چھ ماشہ صندلین تین تین ماشہ کشنیز خشک ایک تولہ شکر سفید
تین تولہ **ایضاً** گل سرخ طباشیر سفید کافور تین تین ماشہ کشنیز خشک چھ ماشہ نشاستہ جو دو تولہ نبات سفید
مساوی **ایضاً** گل سیوتی گل سرخ ایک ایک تولہ گل گاؤزبان گل بنفشہ چھ چھ ماشہ صندل سفید ابریشم خام نو نو ماشہ
نبات سفید ہموزن مجموع کے **فصل ۶۶** سفوفات مسہل ومخرج سوداوی مین سفوف کہ سوداوی کو دفع کرتا ہے
ص سنا مکی انیسون تربد سفید غاریقون مجیٹہ نو نو ماشہ ہلیلہ سیاہ گل سرخ بسفائج مستقی چھ چھ ماشہ
ریوند چینی تین ماشہ شکر سفید ہموزن مجموع کے **سفوف** کہ مواد بلغمی اور سوداوی کو دفع کرتا ہے

ص برگ سنا ہر سہ ہلیلہ و بلیلہ و آملہ تر بد سفید ایک ایک تولہ زنجبیل چھ ماشہ نمک سنگ دو تولہ
ایضاً بلیلہ سیاہ ہلیلہ زرد بادیان گل سرخ ایک ایک تولہ سنا رکی نو ماشہ شخم خطل تین ماشہ شکر سرخ
ہموزن جملہ ادویہ سفوف سناکہ درد شکم و درد قولنج و اخلاط غلیظہ کو دفع کرتا ہی ص سنا رکی زنجبیل
ہلیلہ زرد نمک سیاہ مساوی سفوف کرکے بقدر مناسب کھاکر تھوڑا نیم گرم پانی پیوین سفوف تربد
کہ اسہال لاتا ہی اور معدہ کو قوت دیتا ہی ص سنا رکی انار دانہ ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ زنجبیل نمک سانبھر تربد سفید
بادیان ایک ایک تولہ ایضاً کہ واسطے اخراج وسوداوی کے بنظیر ہی ص ہلیلہ سیاہ غاریقون افتیمون تولہ
تولہ بھر شخم خطل چھ ماشہ بادرنجبویہ ڈیڑھ تولہ بدستور بناوین خوراک تین ماشہ آب گرم کے ساتھ فصل
سفوفات دافع تپ کھانسی و نزلہ و نفث الدم کے سفوف کہ تپ دق و تپ خلطی و کھانسی و نزلات
گرکو نفع کرتا ہی ص تخم خطمی گلنار چار چار ماشہ کتیرا نشاستہ صمغ عربی مغز تخم کدو ی شیرین مغز ہر بیڑہ
رب السوس طباشیر سفید مغز تخم خیار گل ارمنی سات سات ماشہ تخم بالنگا مقشر پوست خشخاش سفید
تین ماشہ سرطان سوختہ ایک تولہ نبات سفید ہموزن سب کے سفوف نافع سل کو کہ ساتھ نفث الدم و تلین
طبیعت کی ہوے ص طباشیر سفید بیخ انجبار دم الاخوین مروارید ناسفتہ کہربا ہر دو صلایہ بعرق گاؤزبان
کردہ کتیرا بریان مغز تخم کدو ے شیرین سرپس ہا ہی رب السوس سرطان سوختہ نشاستہ گندم مغز بادام شیرین
صمغ عربی بریان پوست خشخاش چا چار ماشہ کا فور زعفران دو دو ماشہ قند سفید مساوی سبکو کوٹ
چھان رکھین صبح و شام بقدر مناسب ساتھ شیرہ بار تنگ کے کھلایا کرین ایضاً کہ مواد کھانسی کو پختہ دفع
کرتا ہی ص تخم خطمی صمغ عربی کتیرا طباشیر سفید دو دو ماشہ رب السوس بہدانہ تخم خبازی نشاستہ
مغز بادام تین تین ماشہ تخم خشخاش مغز بالنگا چار چار ماشہ شکر سرخ نصف مجموع کے ایضاً کہ نفث الدم
یعنی خون تھوکنے کو دفع کرتا ہی ص بیخ انجبار دم الاخوین نشاستہ چھ چھ ماشہ تخم خربوزہ بریان صمغ عربی کہربا
تخم کاہو اقاقیا تخم خشخاش کتیرا رب السوس گل ارمنی صندل سفید چار چار ماشہ کافور تین ماشہ
سرطان سوختہ نو ماشہ نبات سفید نصف وزن کے ایضاً دافع نفث الدم ص سنگ راحت تین ماشہ
پوست خشخاش بودادہ دم الاخوین کہربا بیخ انجبار پانچ پانچ ماشہ نشاستہ گندم نو ماشہ نبات سفید
ہموزن مجموع کے ایضاً کھانسی بلغمی ضیق النفس کو دفع کرتا ہی ص اصل السوس فلفل دراز عنقرقرحا بنسلوچن
مساوی شکر سرخ برابر سب کے وقت سونیکے بقدر مناسب کھاکر تھوڑا گرم پانی پیین ایضاً اجوائن دیسی

نمک کھاری دو تولہ پانی مین پیسکر پچیس عدد برگ مدار بزرکہ زرد ہوکر گرے ہون لگاکے توتیہ کیلکر خشک
کرین اور ایک کلھیا مین بند کھلکر گل حکمت کرکے جلاکر اُسکی خاک تھوڑی تھوڑی مُنھ مین رکھا کرین
بہت جلد صحت ہوتی ہی **فصل ۶۸ سفوف مقویات معدہ وہاضم طعام ودافع ریاح وباؤگولہ وسوداوی**
سفوف مقوی معدہ ص کباب چینی جٹا بانسی بانسی زنجبیل خشک ہر دمی دانہ انار شیرین پوست ترنج
پانچ پانچ ماشہ لونگ جاوتری تین تین ماشہ عود خام ایک تولہ شکر سفید ہموزن کے **ایضاً** کہ تباہی وسوزش معدہ
غثیان کو دفع وغذا کو ہضم ودہن کو خوشبو کرتا ہی دل ودماغ کو قوت دیتا ہی ص تنج تیزج اگر تمر مصطگی
ہلیلہ کابلی زنجبیل خشک زیرہ سیاہ دارچینی چھوہارہ قاقلہ فلفلین زنجبیل لونگ جایفل دانہ انار شیرین جملہ مساوی
نبات سفید ہموزن مجموع **سفوف** بزور کہ معدے کو قوت دیوی دریاح کو دفع کری ص زیرہ سلیخہ انخواہ
کرفس دانہ الائچی سرخ چھ چھ ماشہ لونگ دو ماشہ زنجبیل فلفل دراز پانچ پانچ ماشہ شکر سفید یک وزن جملہ کرکے
سفوف کہ اشتہا لانے مین بنظیر ہے ص نمک سانبھر نیم پاؤ ریزہ ریزہ کرکے کسی برتن مین آگ پر
رکھین جب سرکہ خالص اُسپر چھڑکین اور ایک لکڑی سے جنبش دیتے رہین کہ سرکہ آدھ پاؤ جذب ہوجاوے
کشنیز بریان زرشک انار دانہ بریان سماق ایک ایک تولہ ملاکے سفوف کرین **ایضاً** پودینہ خشک ایک تولہ
مرچ سیاہ چھ ماشہ انخواہ زنجبیل پاسے برنگ لونگ تین تین ماشہ نمک لاہوری نو ماشہ **سفوف** ہندی
مخزنہ اطبائے ہند اشتہا لانے مین لاثانی ومجرب ہی ص نکھنی وسونٹھ وپودینہ وکھٹائی ومدار کا کھار علیحدہ
علیحدہ نکالکر ہموزن ملاکر عطر انخواہ یا عطر دارچینی سے چرب کرکے سفید کرین **سفوف** نمک سلیمانی کہ تحلیل غذا
مین بنظیر ہی واگر زردہ تخم مرغ مین ملاکر کھایا کرین مقوی باہ ہی ص نمک سنگ نمک سانبھر نوسادر سات
سات تولہ اجمود انخواہ مرچ سیاہ زنجبیل لونگ زیرہ سیاہ جایفل جاوتری ایک ایک نولہ نیلوبہ کرکے
آدھ سیر سرکہ خالص ڈالکر جوش دین کہ سب یکذات وخشک ہوجاوے تب سب کو سفوف کرین **سفوف**
دافع رطوبت معدہ وہاضم طعام ص دارچینی ناگرموتھا عود عرقی انخواہ بادیان خطائی فلفل سیاہ
دارفلفل دانہ الائچی سفید پودینہ انیسون کشنیز متقشر بریان زیرہ سیاہ بریان زنجبیل مصطگی ہموزن مساوی شکر سفید
ہموزن جملہ **سفوف** عود کہ تقویت معدہ سرد کی کرتا ہی ص تر زفل کباب چینی سنبل الطیب مصطگی چھ چھ ماشہ
عود غرقی دو تولہ نبات سفید مساوی جملہ کے **سفوف** کہ باد گولہ وکثرت آروغ کو دفع کرتا ہی ص
فلفلین زنجبیل زیرہ سیاہ اجمود ہینگ نمک سنگ جملہ بوزن مساوی سفوف کرکے بقدر مناسب

قبل و بعد غذا کے کھایا کریں **ایضاً** نمک سجی نمک جوا کھار نمک سیاہ زنجبیل زیرہ سیاہ گل بابونہ مساوی
سفوف کہ قے صفراوی و غثیان کو دفع کرتا ہے **ص** کافور دو ماشہ طباشیر سفید چھ ماشہ گل سرخ
سماق پانچ پانچ ماشہ سفوف کرکے بقدر مناسب انار ترش یا آب زرشک کے ساتھ کھایا کریں
ایضاً عود خام پوست بیرون پستہ پودینہ چھ چھ ماشہ زرشک سماق دانۂ انار شیرین نو نو ماشہ
شکر سفید برابر مجموع کے **ایضاً** دانۂ الائچی سفید مغز تخم کنول گنہ کشنیز خشک بودادہ مین تین ماشہ شکر
سفید ایک تولہ **سفوف** کہ قے بلغمی کو دفع کرتا ہے **ص** پودینہ دار چینی زنجبیل ایک ایک تولہ زرشک فلفلین
تین تین ماشہ نمک سنگ نو ماشہ بقدر مناسب کھایا کریں **ایضاً** قرنفل جوزبوا دانۂ الائچی خرد
تین تین ماشہ دار چینی پوست انار شیرین چھ چھ ماشہ شکر سفید دو تولہ خوراک بقدر مناسب **فصل ۶۹** سفوف
دافع اسہال و امراض امعا مین **سفوف** کرتلین شکم کو دفع کرے **ص** سماق تا سنوا ہ زنجبیل انار دانۂ بریان
زرشک مغز تخم کنار مساوی شکر برابر مجموع کے **سفوف** کہ سہال کو دفع کرے **ص** گلنار صنع عربی
بریان حسب الاس سماق زرد رو پانچ پانچ ماشہ انار دانہ بریان نو ماشہ شکر سفید ہموزن مجموع کے
سفوف دافع سنگرہنی **ص** ہلیلہ سیاہ بریان مغز بیل بایان پوست کوکنار بریان رسال سفید
مرد دہ پھلی کشنیز ناگرموتھ مغز تخم انیسون مساوی شکر سفید ہموزن مجموع کے **ایضاً** موچرس مائین گل
دھاوا پانچ پانچ ماشہ مصطگی رومی مغز بیل پوست کوکنار رسال سفید چار چار ماشہ ہموزن **سفوف**
کہ دفع زحیر و اسہال کہنہ و علت دواجیہ مین مجرب ہے **ص** تخم ترہ تیزک بریان اہبل بریان ہر یک
سات سات ماشہ زیرہ تخم گورپا تخم شنبت تخم خشخاش انیسون تخم کرفس بزرالبنج نو نو ماشہ افیون تین
ماشہ نبات سفید نصف وزن مجموع کے **سفوف** کہ اسہال کو بند کردے خصوص افیونی کے جیکا بند ہوتا
و شوار ہوتا ہے **ص** گل دھاوا رسال سفید دونون مساوی سفوف کرکے کھایا کرین اور اوسپر می آہن دافع
پیا کرین **سفوف** دافع اسہال و موی و صفراوی **ص** صنع عربی کتیرا طباشیر سفید سنگ جراحت گل ارمنی
ہر دم الاخوین ایک ایک ماشہ سفوف کرکے ایک تولہ آب بیدانہ انار شیرین کے ساتھ کھایا کرین **سفوف** کہ زحیر و سیچ
دور دورہ کو دفع کرے **ص** تخم خبازی تخم خطمی ایک ایک تولہ نشاستہ بریان نو ماشہ صنع عربی گل ارمنی طباشیر
چھ چھ ماشہ خوراک صبح و شام تین تین ماشہ ساتھ پانی کے حسین گوند بیول تین ماشہ گھولا ہوا دے **سفوف**
کہ دفع کرنے اسہال مین مجرب ہے **ص** بلوط مازو پوست انار شیرین ایک ایک تولہ سماق

حب الآس ڈیڑھ تولہ سفوف کرکے چھ ماشہ آب سرد کے ساتھ کھایا کریں **سفوف** دافع اسہال جسکے ساتھ کھانسی بھی ہو **ص** حب الآس بلوط پوست خشخاش بریان نوتو ماشہ صمغ عربی بریان چھ ماشہ **ایضاً** صمغ عربی طباشیر گل ارمنی حب الآس ایک ایک تولہ پرسیاوشان کندر تین تین ماشہ بقدر مناسب ساتھ شربت خشخاش کے کھایا کریں **سفوف** کہ دفع اسہال دموے وغیرہ موی کو مجرب ہے **ص** صمغ عربی بریان طباشیر گل ارمنی حب الآس پوست بیرون پستہ پوست تخم پستہ سوختہ تخم خرمہ مویز مازو سپستہ پوست انار شیرین وترش جفت بلوط کہربا گلنار پوست تخم اخروٹ سوختہ مائین مغز تخم کنار اقاقیا برادہ صندل سفید پوست خشخاش زیرا سیاہ تخم خرفہ بریان مغز تخم جاسن مغز تخم انبہ چھ چھ ماشہ سفوف کرکے ہمراہ بارتنگ کنوچہ تخم ریحان اسپغول حب الرشاد تخم چوکا چھ چھ ماشہ بریان کرکے مخلوط کریں ونصف وزن سب کے شکر سفید ملا دیں وصبح وشام آب سرد کے ساتھ بقدر مناسب کھایا کریں **فصل ۷۰** سفوف دافع امراض جگر وطحال ومرارہ میں **سفوف** کہ واسطے دفع استسقا کے مجرب ہے **ص** ملیتہ نوماشہ پیپر زنجبیل نامنخواہ ڈیڑھ تولہ بلیلہ زرد شیطرع قسط شیرین ہمن سفید سنا کی دو دو تولہ نمک لاہوری ششم حصہ مجموع کے **سفوف** کردہ طحال کو تحلیل کرتا ہے **ص** زرد فارپرسیاوشان پوست بیخ کنیر عنب الثعلب تخم سفرجل تخم سداب مساوی سفوف کرکے سکنجبین سادہ کے ساتھ کھایا کریں **ایضاً** سماگہ بریان ایک تولہ فرول تین تولہ سفوف کرکے بقدر مناسب کھایا کریں **ایضاً** کہ ورم کہنہ وکثیر طحال کو دفع کرتا ہے **ص** نوشادر سماگہ بریان شورہ قلمی مرچ سیاہ بورق مساوی سفوف کرکے بھین ہر صباح ایک ٹکر امغز کھیگوار کا بوزن دو ماشہ لیکر اوسمین جسقدر سفوف پسے اپنی کے نگلیا کریں **سفوف** کہ دافع یرقان ہے **ص** کبریت زرد دو ماشہ افتیمون امجود مرکندر سفید چار چار ماشہ مغز چلغوزہ نو ماشہ مویز منقے خشک ایک تولہ سفوف کرکے بقدر مناسب کھاکر آب بادیان پیویں **سفوف** کہ دافع ورم جگر ومقوی جگر ہے **ص** گل سرخ نو ماشہ زرشک لک مغسول سات سات ماشہ طباشیر سفید صندل سفید نشاستہ صمغ عربی تین تین ماشہ ریوند چینی دو ماشہ زعفران ایک ماشہ نبات سفید تین تولہ خوراک بقدر مناسب حال مریض کے **سفوف** نیرورکہ دافع ورم جگر ومدر بول ہے **ص** مغز تخم خربزہ مغز تخم خیارین ایک ایک تولہ تخم کاسنی تخم کشوث نو ماشہ افتیمون باریان تخم کرفس رب السوس زرشک ریوند چینی لک مغسول سنبل الطیب مصطگی چھ چھ ماشہ زعفران تین ماشہ کافور دو ماشہ نبات سفید نصف مجموع کے **فصل ۷۱** سفوفہائے مصلح ومغلظ منی ودافع جریان ومقوی باہ **سفوف** دافع جریان ومغلظ منی **ص** بیج بند گوکھرو کلان تال مکھانا اندرجو شیرین

لہسوڑہ تخم برآوردہ جملہ بوزن مساوی شکر سفید ہم چند سفوف کرکے بقدر مناسب ساتھ آب سرد کے کھایا
کرین **سفوف** کہ بند کشادگی دفع مین مجرب ہے **ص** پوست اندرونی درخت ڈھاکھہ و مولسری و گوکرو سینبل
کا گوند سینبل موصلہ سینبل کے بیجبند گوند ڈھاکھہ تخم تمرہندی مقشر تخم دریان جملہ بوزن مساوی شکر سفید
ہمچند خوراک بقدر مناسب **سفوف** کہ اصطلاح منی و تقویت باہ مین مجرب ہے **ص** شقاقل مصری ثعلب
مصری ایک ایک تولہ مصطگی رومی چھ ماشہ دارچینی گوکھرو بحر و قال گھانا سنگھارہا خشک ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ شکر سفید
ہمچند ایک تولہ ساتھ شیر گاؤ کے کھایا کرین **سفوف** کہ تقویت باہ و تغلیظ منی مین مجرب ہے **ص**
گوکھرو کلان سفوف کرکے تین بار شیرہ گوکھرو تازہ سے مستقیہ کرین اور زنجبیل بے ریشہ و دارچینی و عود خام
ہموزن کہ مجموع چہارم حصہ گوکھرو کے ہون ملا کے سفوف کرکے ہم چند سفید شکر ملا کر بقدر مناسب ساتھ
شیر گاؤ کے کھایا کرین **سفوف** کہ تقویت باہ و اشتہا کرتا ہے **ص** زنجبیل بے ریشہ پیپر و مرچ سیاہ تخم کرفس
سفید ایک ایک تولہ قرنفل تین ماشہ تخم انگن کافراخ موصلہ نیبل تودری زرد تودری سرخ ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ شکر
سفید ہموزن جملہ **سفوف** کہ تقویت باہ و امساک مین بنظیر ہے **ص** گوند ڈھاک کندر گلنار مغذل
سرخ مورچس نشاستہ گندم گوکھرو کلان کزنا ج ثعلب مصری اندرجو شیرین بکھان
بید ایک ایک تولہ بہمن سرخ بہمن سفید نوتو ماشہ نبات سفید ہموزن سفوف کرکے بقدر مناسب ساتھ شیر گاؤ کے
کھایا کرین **سفوف** دافع سرعت انزال **ص** ڈھیپ برگ بڑہل ڈھیپ برگ تاہاک ستاور مغز تخم پیٹھ
موصلہ سینبل پوست بیخ درخت کھرنی پھلی خرد ببول کی جملہ بوزن مساوی شکر سفید ہمچندان سفوف کرین
نوتو ماشہ صبح و شام ساتھ پانی کے کھایا کرین **فصل ۲۷** سفوف دافع امراض گردہ و مثانہ
سوزاک مین **سفوف** کہ سنگ گردہ و مثانہ کو تازہ کرکے خارج کرتا ہے **ص** مغز
تخم خیارین مغز تخم خربزہ مغز تخم کدوے شیرین سوا سوا تولہ گوکھرو کلان ڈیڑھ تولہ جیرا
الیہود و حب القلت نوتو ماشہ تخم کرفس تین ماشہ صمغ عربی کتیرا چار چار ماشہ سفوف
کرکے بقدر مناسب ساتھ آب افسردہ یا آب خیسانیدہ گوکھرو کلان بامثانہ شکر
سفید کے کھایا کرین **ایضاً** تخم کھرنی دو تولہ تخم خربزہ نشاستہ گندم ڈیڑھ تولہ حب
الیہود نوتو ماشہ نبات سفید دو چند سفوف کرکے بقدر مناسب ساتھ آب خود کے
کھایا کرین **سفوف** کہ مدر بول و دافع حرقت مثانہ و سوزش بول **ص** مغز تخم خیارین تخم خربزہ

مغز تخم کدو سے شیرین تخم خشخاش سفید نشاستہ گندم کشنیز تولہ تولہ بھر زرائچ تین ماشہ شکر سفید دو چند ان سفوف کر رکھین بقدر مناسب ساتھ آب نیساندہ شیرۂ تخم کاسنی کے کھایا کرین **سفوف** کہ تورمے ذکانے سنگ مثانہ و سنگ گردہ مین مجرب ہے **ص** خاکستر بیخ کرنب خاکستر پوست بیضہ مرغ مجر الیہود جملہ مساوی مثل سرمہ کے کر رکھین بقدر مناسب ساتھ آب نیساندہ یا افشردہ گوکھرو کلان کے کھایا کرین **سفوف** کہ بول الدام کو دفع کرتا ہے **ص** دم الاخوین کھربا گلنار بیخ انجبار تخم خرفہ گل ارمنی پھٹکری بریان ہموزن سفوف کر کے بچند ان نبات سفید ملا رکھین ساتھ آب ساق کے کھایا کرین **سفوف** کہ سلس البول و تقطیر بول و بول فراش کو دفع کرتا ہے **ص** گلنار کرمانج ایک ایک تولہ کشنیز خشک بریان صمغ عربی گل ارمنی کندر جفت بلوط دو تولہ شکر سفید ہم وزن جملہ کے خوراک ایک تولہ ساتھ پانی کے **سفوف** کہ ریگ گردہ و مثانہ کو دفع کرتا ہے **ص** مغز تخم خیارین مغز تخم خربزہ مغز تخم خیارہ تخم کدو تخم بادیان کا کنج تخم بلیون جملہ بوزن مساوی نبات سفید بچندان **سفوف** کہ دفع قرحہ مثانہ مین مجرب ہے **ص** ریوند چینی صمغ عربی گلنار تین تین ماشہ تخم خرفہ تخم کاہو مغز تخم خیارین زرشک کنجد سفید مقشر نو نو ماشہ طباشیر سفید چھ ماشہ افیون ڈیڑھ ماشہ نبات سفید بچندان سفوف کر رکھین بقدر مناسب ساتھ پانی کے کھایا کرین **سفوف** کہ قرحۂ اعلیل و قرحہ مثانہ کے دفع کرنے مین بے نظیر ہے و بدخصات تجربہ ہوا **ص** طباشیر سفید چھ ماشہ دانۂ الائچی ست گلوکباب چینی ایک ایک تولہ کشنیز قلمی چار ماشہ ست سلاجیت سات ماشہ نبات سفید دو چند ان سفوف کر رکھین بقدر مناسب شیرۂ تخم خیارین کے کھایا کرین **سفوف** کہ دفع قرحۂ سوزاک کہنہ و جدید مین مجرب ہے **ص** کشنیز قلمی دانۂ الائچی سفید طباشیر سفید کباب چینی بوزن مساوی نبات سفید ہموزن جملہ سفوف کرین تین ماشہ شاتھ شیر گاؤ خواہ پانی کر کھایا کرین **سفوف** کہ دافع سوزاک کہنہ و جدید مختبر و مجرب بہ حکیم علی گیلانی کا ہے **ص** ست سلاجیت لوبان سفید ہر ایک نصف ایک تولہ موصلی سیاہ موصلی سفید آملہ چھ چھ ماشہ کشنیز قلمی تین ماشہ نبات سفید دو چند ان سفوف کر رکھین ہر دو صبح ایک تولہ ساتھ تھوڑے سے پانی کے کھایا کرین **سفوف** کہ دفع سوزاک قدیم و جدید مین مجرب ہے **ص** سلاجیت ست گلوقلمی شورہ پھٹکری بریان کتھہ سفید دانۂ الائچی کلان بوزن نبات سفید ہمچند مجموع کے **فصل ۳** سفوفہائے دافع و نافع بواسیر متعدین **سفوف** کہ بواسیر خونی و بادی کے دفع کرنین مجرب ہے **ص** مغز تخم نیم مغز تخم بکاین ہلیلہ سیاہ

رسوت بوزن مساوی سفوف کر رکھین تین ماشہ آب سرد کے ساتھ کھایا کرین داؤ سپر تھوڑی سی گھود
بریان چاہین **سفوف** کہ دفع کرنے بواسیر خونی مین بعدیل ہر **ص** مغز پستہ دانہ دو ماشہ رسوت ایک ماشہ
نبات سفید مین سفوف کر کے ہر روز اسقدر کھا کر اوپر تھوڑا آب سرد پیا کرین **سفوف** کہ بواسیر خونی کو قطعاً دفع
کرتا ہے **ص** نشاستہ بودادہ گل ارمنی زرد ورد صمغ عربی بریان شاخ گوزن سوختہ پوست تخم مرغ سوختہ
گلنار دم الاخوین چکنی ڈلی تخم ریحان زیرہ سفید بریان بارتنگ حبقت بلوط حب الآس کشنیز خشک
جملہ بوزن مساوی نبات سفید ہمچند مجموع کے سفوف کر رکھین وصبح شام بقدر مناسب کھایا کرین اوپر اسپر
تھوڑا آب سرد پیوین **سفوف** کہ اسہال بواسیر خونی کے دفع کرنے مین مجرب ہے **ص** گل سرخ
سماق صمغ عربی بریان دانہ انار ایک ایک تولہ طباشیر سفید گل ارمنی تین تین ماشہ شکر سفید ہم چند مجموع
کے خوراک بقدر مناسب **سفوف** کہ بواسیر بادی کو دفع کرتا ہے **ص** گل ارمنی سنگ جراحت
خصص مکی کشنیز خشک مقشر تخم خرفہ مصطگی رومی لوبان سفید جملہ بوزن مساوی نبات سفید ہموزن
مجموع کے سفوف کر رکھین وبقدر مناسب کھایا کرین **فصل ۴۷** سفوفہای دافع دنافع امراض جلد
وامراض متفرقہ مین **سفوف** مبارک کہ بہق اسود دہلدام واوراس سوداوی وداد وخارش کو عدیم ہے
ص لاجورد معسول ہلیلہ سیاہ ہلیلہ زرد بلیلہ چھ چھ ماشہ آئیمون بسفایج فتنقی عشبہ مغربی نو نو ماشہ برگ
مکی گل سرخ ایک ایک تولہ سفوف کر کے شکر سفید ہموزن سب کے ملا رکھین وبقدر مناسب
عرق گاؤزبان سے ساتھ کھایا کرین **سفوف** دافع حذر **ص** درونج عنقربی زرنباد مصطگی رومی ریشم عنصل
بونریدان تخم بادرنجبویہ برگ گاؤزبان دانہ الائچی سفید تین تین ماشہ جدوار عود عرقی ایک ایک ماشہ عود صلیب
تخم فرنجمشک دارچینی سلیخہ سنبل الطیب دو دو ماشہ سونجان شیرین چار ماشہ بہمن سرخ بہمن سفید
چھ چھ ماشہ نبات ہموزن سب کے خوراک چھ ماشہ عرق مناسب کے ساتھ **سفوف** کہ دود دھاور
منی کو زیادہ کرتا ہے **ص** تخم شلجم تخم ترب تخم پیاز تخم گندنا بادیان زیرہ سفید نو نو ماشہ نشاستہ جو دو تولہ
شکر سفید ہم وزن جملہ بدستور سفوف بنا دین وہر صباح ایک تولہ کھا کر آدھ پاؤ شیر گاؤ پیا کرین **سفوف**
کہ شہوت رو بہ زنان حاملہ کو دفع کرتا ہے **ص** زرنباد تخم کرفس نان خواہ زیرہ سیاہ چھ چھ ماشہ کندر نو
ماشہ کہربا مقشر دو تولہ نبات سفید یکنیم تولہ **سفوف** کہ مواد بلغمی کو دفع کرتا ہے **ص** پوست بالائے
ناریل سوختہ تولہ بھر فرفیون تین ماشہ سفوف کر کے قدری مدری بدمغات کھاوین **سفوف** کہ واسطے دفع خروج

امشا کے مفید ہے ص گلنار کہربا گل ارمنی کندر دم الاخوین ہر وزن مساوی سفوف بناوین وبقدر مناسب
ساتھ آب پیٹھیا شربت انار شیرین کے کھلایا کرین سفوف دافع دیابطیس ص صندل سفید نشاستہ
کثیرا تخم کاہو تخم خرفہ ہر نو ماشہ صمغ عربی گل ارمنی گلنار ساق ہفت بلوط ایک ایک تولہ بنات سفید ہمچند
تیلہ سفوف کرکے مین ساتھ خیساندہ آملہ خشک کے کھایا کرین ایضاً پوست اندرونی درخت گولر دو جزو گل ارمنی
گلنار انار دانہ شیرین مغز تخم زبہ آملہ کشنیز خشک ایک ایک جز شکر سفید ہم وزن سفوف کرکے مین بقدر مناسب
ساتھ پانی کے کھایا کرین **فصل ۵** سکنجبینون مین سکنجبین سادہ کہ غلبہ صفرا و مرارت جگر و تشنگی و
غثیان و تلخی دہن و سدہ عروق کو دفع و ادرار بول کرتی ہے ص سرکہ خالص پاؤ سیر شکر سفید آدھ سیر آگ پر
رکھکر صاف کرلین وقوام بناوین اور اگر چاہین کہ قوی زیادہ ہووے وزن سرکہ کا دیا زہ کرلین سکنجبین زوری
بارد کہ محرورین کو بتقسیع سدہ و جگر و ادرار بول کرتی ہے و استسقاد تپہاے گرم کو مفید و دافع تشنگی ہے
ص پوست بیخ کاسنی تخم کاسنی تخم خیارین تخم خربزہ ہر وزن کوٹ کر چار چند سرکہ مین ایک
شبانہ روز تر کرکے جوش دیوین جب سوم حصہ جل جاوے ملکر چھان لیوین وتین پاؤ قند سفید ملاکر قوام
کرلیوین سکنجبین زوری حار کہ مبرودین کے سدہ جگر کو دفع و معدہ کو فضلے پاک و ادار بول کرے
و استسقی کو نفع دیوے ص تخم کاسنی تخم کرفس ادیان انیسون جملہ یکوقتہ تخم کشوث ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ پانی بھبر
سرکہ دو پاؤ بھر پانی مین خیساندہ و جوشاندہ کرکے آدھ سیر شکر سفید ملاکے قوام بناوین سکنجبین زوری معدل
جس سے سدہ و جگر و طحال کھولتی ہین و تپہاے مرکبہ دفع ہوتی ہین و مدر بول ہے ص تخم کاسنی پوست
بیخ کاسنی ہر ایک تخم کرفس ہر دو تولہ آدھ سیر پانی دو پاؤ بھر سرکہ مین باضافہ آدھ سیر شکر سفید کے بناوین
سکنجبین زوری اصولی کہ سدہ جگر و طحال کھولتی ہے و بلغم کو دفع کرتی ہے و مسکن صفرا و مقوی
معدہ ہے ص انیسون تخم کشوث بادیان پوست بیخ کبیر پوست بیخ کرفس سوا سوا تولہ تخم کاسنی اڑھائی
تولہ سب کو نیم کوب کرکے آدھ سیر سرکہ مین پکاوے اڑھائی پاؤ نبات سفید کے ساتھ بدستور تخم بناوین
سکنجبین دیناری کہ بتقسیع سدہ جگر و طحال مین بے نظیر ہے و اورام احشا کو دفع کرتی ہے ص ریوند چینی
ریوند خطائی چھ چھ ماشہ پوست بیخ کبیر پوست بیخ کاسنی تخم کرفس تخم کشوث اصل السوس مقشر تخم کاسنی ہر ایک
دو دو تولہ لگدر نخ تین تولہ سیر بھر سرکہ مین پکاکے سیر بھر قند سفید کی ساتھ بدستور بناوین سکنجبین فوہ
کہ استسقاد صلابت طحال و ورم جگر کو دفع کرے و سدہ جگر و طحال کو کھولے ص فوہ سوا تولہ بادیان

پوست بیخ بادیان پوست بیخ کنیر ہر یسون تخم کاسنی تخم کشوث وفای یا ہر ایک یکتولہ تخم کرفس پوست بیخ کرفس بنبل الطیب ۱ سارون نو نو ماشہ آدھ سیر سرکہ و پاؤ بھر پانی مین تر کرکے پکا کے تین پاؤ شکر سفید کے ساتھ بنا دین **سکنجبین رمانی** کہ پتاسے محرقہ و حرارت جگر و معدہ و تشنگی کو دفع کرتی ہے **ص آب انار شیرین** آب انار ترش سرکہ خالص پاؤ بھر پاؤ بھر زلال زرشک چار تولہ کا اڑھائی پاؤ شکر سفید کے بدستور بنا دین **سکنجبین بھی لیمونی** معدہ و جگر حار کو قوت دیتی ہے و اشتہا طعام کی لاتی ہے و سدہ جگر کو کھولتی ہے و ہضم طعام کرتی ہے **ص آب** بہ آب لیمون کاغذی سرکہ خالص عرق گلاب آدھ آدھ پاؤ قند سفید آدھ سیر بدستور بنا دین **سکنجبین دینی** کہ تقویت معدہ و جگر مین بے نظیر ہے **ص** مویز منقے آدھ سیر سرکہ خالص و پانی پاؤ پاؤ بھر مین پکا کے شکر سفید و شہد پاؤ پاؤ سیر مین بدستور بنا دین **سکنجبین تفاحی** کہ مبہی و ہاضم طعام و مقوی معدہ و دل و دافع غثیان و قے و منفتح سدہ جگر و طحال ہے **ص آب** سیب پختہ و شیرین پاؤ بھر سرکہ خالص آب انار شیرین عرق گلاب آدھ پاؤ مین پودینہ تازہ ایک چھٹانک جوش کرکے مچھان لیوین و آدھ سیر شکر ملا کے قوام کرین **سکنجبین عنصلی** کہ سختی جگر و طحال و سدہ عروق و سعال و ضیق النفس و اخلاط غلیظ کو دفع کرے **ص** پیاز عنصل پاؤ رطل بانسکی کھپلچ سے ٹکرا ٹکرا کرکے اڑھائی رطل سرکہ خالص مین جوش کرین اور ملکر چھانکر ساڑھے تین رطل شکر سفید ملا کر قوام کرین اور اگر چاہین کہ قوی تر ہو بحساب ہشتم حصہ عنصل کے پرسیاوشان و زوفا سے یا بس بالمناصفہ عنصل کے ساتھ جوش کرین **سکنجبین رمانی** کہ ترکیب اول سے قوی تر ہے پتاسے محرقہ و جگر و معدہ گرم کو نفع و تشنگی کو دفع کرتی ہے **ص** آدھ سیر شیر گاؤ کوتشی سے پھاڑ کر مچھان لیوین جسقدر رانسکا پانی صاف نکلے اوسمین پاؤ پاؤ سیر آب انارین و ایک چھٹانک زرشک ملا کر جوش کرین جب نصف باقی رہے صاف کرکے تین پاؤ شکر سفید ملا کر قوام کرین **سکنجبین وردی** کہ معدہ گرم کو نفع و قبض دفع کرے **ص** گلقند آفتابی پاؤ سیر عرق گلاب پاؤ سیر مین پیکر سرکہ خالص پاؤ بھر ملا کر صاف کرکے قوام کرین **سکنجبین افتیمونی** کہ مالیخولیا و توحش و صرع کو باخراج مواد نفع کرے **ص** افتیمون بسفائج فستقی تر بد سفید برگ گاؤزبان پرسیاوشان تخم کاسنی فرنجمشک بادرنجبویہ مچھ مچھ ماشہ گلقند آفتابے پانچ تولہ آدھ سیر سرکہ خالص اور پاؤ سیر پانی مین چار پہر تک تر کرکے جوش و صاف کرکے آدھ سیر شکر کے ساتھ قوام کرین **فصل ۶۷ سنون** بفتح مبحن مین **سنون** کہ قرحہ اور خون چونا مسوڑھون سے دفع اور دانتون کو مستحکم کرتا ہے **ص** سپیداری سوختہ گلنار مرجان شاخ گوزن سوختہ سماق جو سوختہ بیخ بید

طباشیر سفید مائین زرور دباغچہ گل سرخ تخم بلیلہ زرد دود و ماشہ وسم الخوین لوبان سفید ناگر موتھ تین تین
ماشہ پھٹکری بریان پانچ ماشہ سب سفوف کرکے مسوڑھون و دانتون پر ملین **سنون** کہ مسوڑھون
اور دانت کو مضبوط کرتا ہے **ص** ناگر موتھ گلنار شریک اگر سوختہ پھٹکری بوزن مساوی **ایضاً** توتیا کوکی دخنین
ایسا بریان کرین کہ قریب جلنے کے ہو جاوے اور زنجبیل اور کتھ سفید جملہ بوزن مساوی **سنون** کہ درد و
جنبش زیادہ کو دفع کرتا ہے **ص** مصطگی مازو سپیاری سوختہ چھ چھ ماشہ چوب پیخی دکتھ پیر یا ایک ایک تولہ
چرک آہن دو تولہ توتیائے سبز بریان تین ماشہ سنجن کرنیکے بعد تین بار روغن کنجد سفید سے مضمضہ کرکے چند
مرتبہ آب نیم گرم سے مضمضہ کرین اور بیڑہ پان کھا کر لعاب دہن دفع کرین **سنون** درد و ضعف و جنبش دندان
خون قرحہ مسوڑھون کو دفع کرتا ہے **ص** سنگ جراحت مازو گلنار پھٹکری بریان کتھ سفید طباشیر سفید سیسہ
سیس ناگر موتھ عقرقرحا ریوند چینی سوختہ کہربا بوزن مساوی **سنون** کہ دانتون کو مستحکم اور اوسکے رگون کو صاف
اور منھ کو خوشبو کرتا ہے **ص** مازو زنجبیل کت دریا فلفل دراز دانہ الائچی سفید دود و ماشہ نمک سانبھر بریان دس
ماشہ عود سوختہ پانچ ماشہ جوسوختہ پانچ ماشہ **سنون** کہ منھ کو خوش بو کرے اور دانتون کو استحکام
دجلا دیتا ہے اور گوشت مسوڑھون کا جماتا ہے اور مضبوط کرتا ہے **ص** خرمہرہ زرد سوختہ پانچ عدد
کف دریا نمک سجی نمک لاہوری تین تین ماشہ جوسوختہ عود سوختہ عقرقرحا کباب چینی پانچ پانچ ماشہ لونگ
دو ماشہ **سنون** کہ استحکام دانت مین بےنظیر ہے **ص** ہلیلہ بلیلہ آملہ زنجبیل فلفلین مازو سنبھلو بابلہ بقم نمک سنگ
نمک سیاہ نمک سانبھر جملہ مساوی الوزن **سنون** کہ بارہا تجربہ ہوا دانتون کے درد و جنبش کو دفع کرنیمین تاثیر
عظیم بلا تاخیر رکھتا ہے **ص** کونلہ کچلہ تخم املتاس ایک ایک تولہ مرچ سیاہ نمک لاہوری چھ چھ ماشہ وبعد استعمال کے
مضمضہ کرین بیڑہ پان چابین بہت جلد فائدہ ہوتا ہے **سنون** کہ دانتون کا میل و رنگ ناقص و ہر قسم
کے ورم مسوڑھونکو دفع اور دانتون کی جڑ و مسوڑھونکو مستحکم و منھ کو خوشبو کرتا ہے **ص** شاخ گوزن سوختہ
خرمہرہ زرد سوختہ سپیاری سوختہ مصطگی رومی چکنی ڈلی مائین پوست بیخ انار شیرین پوست بیخ کنار صحرائی
پوست بیخ اندرونی درخت مولسری موچرس گوند ڈھاکھ آملہ توتیائے بریان پھٹکری بریان زیرہ سفید بریان
ایک ایک تولہ نمک سنگ دو تولہ مرچ سیاہ دانہ الائچی سرخ کشمیر مشک کپور کچری ناگر موتھ زرکچور چھ چھ
ماشہ کوٹ چھانکر رکھین دانتون مین مل کر لعاب دہن گراوین و ایک بیڑہ پان چاب کر تازہ پانی سے مضمضہ
کرین **فصل ۷۷ سنون قسم سی** مین مسی کہ دانت اور مسوڑھونکو مستحکم اور خوشنما کرتی ہے **ص** برادہ آہن

مازوے سبز چار تولہ نیلا تھوتھا بریان ایک تولہ کتھہ سفید دو تولہ واٹہ الائچی سفید چھ ماشہ سفوف کرکے استعمال کرین **ایضاً** برادہ آہن مازوے سبز بے سورج آدھ آدھ پاؤ الائچی خرد مع پوست و نیلا تھوتھا و کتھہ سرخ ایک ایک تولہ مصطگی رومی ہیر کسیس سونا مکھی چار چار ماشہ **ایضاً** برادہ مس ست انار ایک ایک چھٹانک مازوے سبز اڑھائی تولہ پھٹکری بریان ایک تولہ **مسی** کہ دانتون کو مستحکم کرتی ہے **ص** مصطگی مازو ہیرا کسیس مائین پوست ہلیلہ زرد پھٹکری بریان پوست درخت مولسری جملہ بوزن مساوی سنجن کرکے لعاب دہن گراوین اور اُسپر پان کھاکے لعاب دہن دفع کرین

باب الشین المعجمہ

فصل ۸ ۷ تدابیر بنانے شربتون مین **دستور** بنانے شربتون کے یہ ہین کہ میوہ جات آبدار کا مثل انار و کنولا و منترہ کے پانی نچوڑ لیوین و بچند اوسکے شیرینی ملاکے قوام کریوین و جس قدر شیرینی زیادہ پانی سے ملائی جاتی ہے اسیقدر تاثیر ضعیف ہوجاتی ہے و پھولون کا مثل گل نیلوفر و گل بنفشہ و گل سرخ پانی مین جوش کرکے بعد جلنے نصف پانی کے پھولون کو ملکر چھان لین و پھول تازہ مین ہم وزن اوسکے و خشک مین دوچند اوسکے شیرینی ملاکر پکاوین و اجزاے خشک کا مثل بیخ و چوب و تخم کے یہ ہے کہ اونکو نیکوب کرکے و برگ خشک کو ویسا ہی چار پہر تر کرکے جوش دیوین جب سوم حصہ پانی رہے ملکر چھان کر شیرینی بقدر مناسب ملاکے بناوین و ثمرہاے خشک مثل عناب و مویز و سپستان و انجیر کے سے مفرد ہو یا مرکب اُسی طرح خیساندہ و جوشاندہ کرکے مل مکے چھان کر بناوین و ثمرہاے ترش مثل آلو و زرشک و تمر ہندی کے صرف خیساندہ کرکے ملکے چھان کے شیرینی مناسب کے ساتھ بناوین مگر کل شربتون کے قوام پختہ ہوجانیکا یہ امتحان ہے کہ دو چار قطرہ جلیلہ کے سرد ہونے پر انگلی سے اُٹھاوین اگر دو تین تار نکلے تو پختہ ہے ورنہ خام ہے و خام جلد فاسد ہوجاتا ہے و پختہ عرصہ تک خراب و بدبو و بدمزہ نہین ہوتا **فصل ۹** ۷ شربتہاے مفرح و مقوی و دافع امراض قلب و دماغ و معدہ مین **شربت گاؤزبان** کہ خفقان و توحش و بوے خلق کو مفید ہے **ص** برگ گاؤزبان دو تولہ گل بنفشہ گل سرخ اسطوخودوس فرنجمشک نونو ماشہ بادرنجبویہ گل نیلوفر ایک ایک تولہ آدھ سیر پانی مین چار پہر تر کرکے جوش دیکر خفیف ملکر چھان کر باضافہ عرق گلاب آدھ پاؤ و شکر سفید دو سیر ڈھ پاؤ کے قوام کرین **شربت ابریشم** کہ حکیم مسیح الزمان نے واسطے جہانگیر شاہ کے طیار کیا و دفع خفقان کو نہایت مفید ہوا **ص** ابریشم خام و نس تولہ بادرنجبویہ ایک تولہ تین پاؤ پانی مین خیساندہ و جوشاندہ کرکے پاؤ بھر عرق گلاب

اور اڑھائی پاؤ نبات سفید ملاکے قوام کرین وسنگ یشب چھ ماوہ مروارید ناسفتہ دو ماشہ عرق کیوڑہ
مین صلایہ کرکے دصندل سفید عود خام ومصطگی رومی سات سات ماشہ سفوف کرکے ملاوین **شربت**
سیب مفرح ومقوی دل ومعدہ ومسکن تشنگی واسہال صفراوی ہے **ص** سیب کا پوست وتخم دفع کرکے
کچل کر نچوڑین ہم وزن اوسکے پانی کے قند سفید ملاکے قوام کرین **شربت صندل** مقوی دل ودافع
خفقان ونافع جگر ومعدہ گرم ومسکن تشنگی ہے **ص** براوۂ صندل سفید آدھ پاؤ عرق گلاب آدھ سیر تین چار
پھر تکرکے خفیف جوش دیکر ملکر چھان لین اور آدھ سیر قند سفید ملاکر قوام کرین **شربت نارنج** مقوی دل
ومعدہ ومفرح ہے **ص** شکر سفید ایک سیر عرق گاؤزبان تین پاؤ ملاکر قوام کرین جب خوب گاڑھا ہو جاوے
تب آب افشردہ لیمون نارنگی ہم وزن شیرینی کے ملاکے چار پانچ جوش دیوین وتین ماشہ زعفران چار تولہ
عرق گلاب مین گھسکر ملاوین **شربت برگ ترنج** کہ صنعف دل ومعدہ وخفقان کو مفید ہے **ص** برگ
ترنج دو سو پچاس عدد سیر بھر پانی مین جوش دین جب سیوم حصہ باقی رہے بدون ملنے کے صاف کرلیوین
اور تین پاؤ شکر سفید ملاکے قوام کرین **شربت پوست ترنج** کہ نہایت مقوی معدہ ومفرح ہے **ص**
پوست ترنج اگر تازہ ہووے تو سیر بھر خشک ہووے تو آدھ سیر جوش کرکے اسکے زلال مین شکر سفید
آدھ سیر ملاکے قوام کرین **شربت گزر** کہ مقوی دل اور باہ ومفرح ومولد خون صالح ہے **ص** آب گزر
مصفی ساتھ ہم وزن قند سفید قوام کرین **شربت سنترہ وکیولا** بدستور مذکورہ بالا بنا کر ایام گرما مین استعمال
کرنا موجب تفریح طبع ودافع تشنگی وغلیان صفرا ہے **شربت سیب وشربت بہ** مقوی دل ومعدہ ومفرح
ہین **شربت آلو وشربت تمر ہندی** دافع صفرا وتشنگی ودافع قے وغثیان ہین **شربت زرشک** مقوی معدہ
ومشتہی طعام ودافع تشنگی وقے وغثیان ہے **شربت انار تیرین** مقوی قلب وکبد ودافع تشنگی ہے **شربت**
انار ترش دافع غثیان وقے صفراوی ومقوی معدہ ہے **شربت اناس** کہ تفریح وتقویت قلب مین بے
نظیر **ص** آب افشردہ اناس ڈیڑھ پاؤ عرق گلاب آدھ پاؤ تین پاؤ نبات سفید کے ساتھ قوام کرین **فصل ۴**
شربت ہاے دافع انواع کھانسی ونزلہ ودرد سر وذات الجنب وذوات الریہ وضیق النفس **شربت**
اسطوخودوس کہ تپ وکھانسی بلغمی وفضلات کو سینہ سے دفع کرتا ہے **ص** انجودوس دو تولہ اصل السوس تخم
خطمی بکینم کینیم تولہ برگ بنفشہ ایک تولہ مویز منقے ساٹھ عدد سپستان چالیس عدد عناب تیس عدد شکر سرخ
آدھ سیر شہد آدھ پاؤ بدستور شربت بناوین **شربت زوفا** کہ تپ وکھانسی بلغمی وضیق النفس کو دفع کرتا ہے

ص زوفا سے یابس اصل السوس ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ بادیان پرسیاؤشان کرمس چھ چھ ماشہ انجیر زرد دس عدد مویز منقے چالیس عدد جملہ نوماشہ گلقند آفتابی چھ تولہ شکر سرخ آدھ سیر بدستور شربت بناوین **شربت بنفشہ** کہ ذات الجنب وذات الریہ ودرد سر کو دفع کرتا ہے **ص** برگ بنفشہ آدھ پاؤ ایک رطل پانی مین چار پہر تر کرکے جوش دین جب سیوم حصہ پانی باقی رہے آدھ سیر شکر سفید ملاکے قوام کرین **شربت نیلوفر** کہ درد سر وتپ صفراوی وذات الجنب وذات الریہ کو نافع ہے **ص** گل نیلوفر کی اگر صرف سفید تپی لے کر اگر تازہ ہو تو چار رطل واگر خشک ہو تو ایک رطل دو رطل پانی مین جوشش کرین جب سیوم حصہ پانی باقی رہے دو رطل شکر سفید ملاکے قوام کرین **شربت اعجاز** کہ واسطے اقسام کھانسی خشک وتپ دق کے مفید ہے **ص** عناب تینتیس دانہ سپستان ساٹھ دانہ اصل السوس متقشر تخم خبازی تخم خطمی گل نیلوفر بنفشہ ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ سبدانہ چھ ماشہ صمغ عربی نوماشہ سیر بھر پانی مین خسیاندہ وجوشاندہ بناکے تین پاؤ شکر سفید ملاکے قوام کرین ونوماشہ کتیرا سفوف کرکے ملاوین **شربت عنصل** جسکو شربت بزرجمہر بھی کہتے ہین مزیق النفس قدیم وعدید کو دفع کرتا ہے **ص** پیاز عنصل جو تو برتو مثل پیاز خوردنی کے ہوتی ہے صاف کرکے بانسکی چھری سے تراش کے چار چند پانی مین جوشاندہ بناکر دو نیم چند عنصل کے شکر سفید ملاکے قوام کرین **فصل ۱۴** شربت ہاے دافع اقسام تپ مین **شربت کاسنی** تپہاے صفراوی کو دفع وتقویت جگر ودل ومعدہ وتفتیح سدہاے وادرار بول کرتا ہے **ص** آب مروق برگ کاسنی ایک رطل مین شکر سفید ڈیڑھ رطل ملاکے قوام کریں وقریب قوام کے چار تولہ آب لیمون کاغذی ملاوین **شربت آلو** کہ پت ہاے دموے وصفراوی وغصہ کو دفع کرے ونافع وردسر سوزش اطراف وغثیان ہے **ص** تخم خرفہ دو تخم خیارین تخم کاہو پوست ترنج ایک ایک تولہ آو بجار اپچاس دانہ تمر ہندی چار تولہ تین پاؤ پانی جوش وصاف کرکے اڑھائی پاؤ قند سفید ملاکے قوام کرین **شربت گلوکہ** پتہاے کہنہ کو مفید ہے صرف تب ہو خواہ کھانسی کے ساتھ ہو **ص** گلوے تازہ نیم کوفتہ چھ تولہ گل نیلوفر مصفی چار تولہ گل سرخ دو تولہ قند سفید ایک رطل بدستور بناوین **شربت فرہادرس** کہ تپ وکھانسی تری کو دفع کرے **ص** برگ گاؤزبان صندل سفید پرسیاؤشان دو دو تولہ اصل السوس بادیان تخم خطمی گل سرخ گل سیوتی پوست خشخاش سفید ایک ایک تولہ مویز منقے پچیس عدد تین پاؤ شکر سفید کے ساتھ بدستور قوام بناوین شربت تالیف حکیم شیر علی والد ماجد مولف کہ پتہاے مرکبہ مزمنہ کو مفید ہے **ص** تخم خبازی تخم خرفہ گل نیلوفر ایک ایک تولہ برگ گاؤزبان گلوے تازہ دو دو تولہ

جوش کرکے صاف کرین اور آب پنجہ و آب کدوے دراز نیم نیم رطل قند سفید ایک رطل ملا کے
قوام کرین **شربت** دافع پت خفیف مرتبہ حکیم مروان علی برادر کلان مؤلف **ص** گل نیلوفر برگ گاؤزبان
دو دو تولہ برگ بنفشہ برادہ صندل سفید گلوی تازہ ایک ایک تولہ آب خیارزدراز آب کدوے دراز نیم نیم پاؤ آب انار
ترش ایک چھٹانک قند سفید ایک رطل کے ساتھ قوام کرین **شربت بزوری** معتدل کہ حمیات و امراض
جگر و گردہ کو مفید ہے و مواد کو ساتھ اور ابول کے دفع کرتا ہے **ص** تخم کاسنی بادیان تخم خربزہ ایک ایک تولہ بیخ
کاسنی بیخ بادیان ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ شکر سفید پاؤ آثار برسم معروف طیار کرین **شربت بزوری** حار کہ امراض
بارد جگر و گردہ و معدہ و پت ہائے بارد کو مفید ہے **ص** پوست بیخ کاسنی تین تولہ پوست بیخ بادیان تخم کاسنی
دو دو تولہ بادیان تخم کرفس بیخ کرفس ایک ایک تولہ تخم کشوث چھ ماشہ شکر سفید آدھ سیر بدستور شربت بناوین
شربت بزوری بارد کہ امراض گرم جگر و پت ہائے گرم و امراض گردہ و مثانہ کو مفید ہے **ص** پوست بیخ کاسنی
دو تولہ تخم کاسنی تین تولہ تخم خربزہ تخم خیارین ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ اڑھائی پاؤ شکر سفید کے ساتھ بدستور معروف بناوین
دانہائے قوام کے سنگرنجم خربزہ مغز تخم پیٹھہ ایک ایک تولہ کو شیرہ کرکے داخل کرین **شربت بزوری** کہ
پت ہائے کہنہ و یرقان کو زائل و اورار بول و ادرار حیض کرتا ہے و سنگ گردہ و سنگ مثانہ کو گراتا ہے و سدہائے
جگر و طحال کو کھولتا ہے **ص** تخم کاسنی بادیان تخم خربزہ تخم کدو تخم کاہو دو دو تولہ پوست بیخ کاسنی تخم خلمی
اصل السوس سنبل الطیب گل بنفشہ برگ گاؤزبان ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ شکر سفید مین بدستور بناوین **فصل ۸۲**
شربت ہائے دافع امراض جگر و طحال و مرارہ **شربت اذخر** کہ سدہ جگر و یرقان و رباح معدہ و نفس کو مفید ہے
ص سنبل الطیب سلیخہ وچ ترکی ریوند چینی مصطگی نو نو ماشہ بیخ اذخر و فتاح اذخر دو دو تولہ بادیان انیسون تخم
کرفس گل سرخ ایک ایک تولہ شکر سفید اڑھائی پاؤ بدستور بناوین **شربت اصول** کہ سوء القنیہ و استسقا کو نہایت مفید
و مفتح سدہ و دہ کاسر ارباح و مدر فضلات ہے **ص** پوست بیخ بادیان پوست بیخ کرفس کاسنی ایک ایک تولہ مویز منقے دو تولہ
انجیر زرد بیس عدد پوست بیخ کنیر نو ماشہ فتاح اذخر سنبل الطیب اسارون سلیخہ سات سات ماشہ شکر سفید آدھ سیر
بدستور بناوین **شربت کشوث** مقوی جگر و معدہ مفتح سدد ملین طبع و واضع سوء القنیہ و دہائے مزمنہ **ص** پوست
بیخ بادیان گل سرخ انیسون نو نو ماشہ تخم خیارین تخم کاسنی تخم خربزہ ایک ایک تولہ تخم کشوث چھ ماشہ قند سفید آدھ سیر
و شیر خشت چار تولہ بدستور بناوین **شربت ریوند** کہ واسطے امراض جگر و طحال کے مفید و مفتح سدہ و ملین طبع ہے
ص ریوند چینی ریوند فنتائی ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ ترنجبین سفید غاریقون سفید بیخ چھ چھ ماشہ تخم کاسنی دو تولہ بنفشہ نو ماشہ

شکر سفید ایک رطل بدستور بناوین **شربت ویناز** مخترع اسکا حکیم بخشوع سے اوسکی وجہ تسمیہ مین روایات مختلفہ ہین **ایک یہ** کہ مخترع اسکا بزدینا سے بنیا تھا **دوسری** دینا نام تخم کشوث کا ہے اس مناسبت سے کہ دینا رکھتی رہتی ہو تخم کشوث بھی تھیلی مین رکھکے جوش ہوتا ہے **تیسری** مخترع اسکا زرمحلول داخل ترکیب کرتا تھا **چوتھی** کہ رنگ زرد ہوتا ہے دافع حمیات و عفونت اخلاط ملین طبع و مفتح سدد و نافع سوء المزاج و استسقا ذات الجنب و درد جگر و شکم و رحم و مثانہ و بدبول ہے **ص** تخم کاسنی گل سرخ دو دو تولہ پوست بیخ کاسنی چار تولہ گل نیلوفر برگ گاؤزبان ایک ایک تولہ تخم کشوث ڈیڑھ تولہ قند سفید تین پاؤ بدستور لیا کرین **ایضاً شربت** دینار مخترع حکیم سدید قریب اعتدال و کثیر منافع و مفتح سدہ جگر و ماسا لقیا و اشتہا و دافع اسکے درمون کا ہے **ص** ریوند خطائی تخم کشوث چھ چھ ماشہ گل سرخ دو تولہ کاسنی تین تولہ پوست بیخ کاسنی چار تولہ قند سفید ڈیڑھ تولہ بدستور بناوین **فصل ۳۸** شربت ہای دافع امراض گردہ و مثانہ و حلیل **شربت قلعت** کہ سنگ گردہ و مثانہ کو توڑتا ہے و بہ اور او دفع کرتا ہے **ص** بیخ کاسنی بیخ بادیان تخم قلعت دو دو تولہ تخم کاسنی بادیان تخم خیارین خربزہ ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ تخم کرفس پرسیاوشان چھ چھ ماشہ شکر سفید سوا رطل بدستور معین بناوین **شربت بلیون** کہ گردہ و مثانہ کو ریگ و مواد سے بہ اور ارصاف کرتا ہے **ص** تخم بلیون جاوشی تولہ کباب چینی تخم خربزہ ایک ایک تولہ قند سفید آدھ سیر بدستور معین بناوین **شربت آلوبالو** کہ اخراج ریگ و سنگ گردہ و مثانہ بہ اور ارہول کرتا ہے **ص** آلوبالو ایک رطل جوش و صاف کرکے دو رطل قند سفید کے ساتھ قوام کرین **شربت حسنک** کہ منافع مذکور و قوت باہ و تنقیہ منی زیادہ کرتا ہے **ص** آب گوکھروی کلان و خرفہ تازہ نیم نیم رطل ساتھ یکنیم رطل قند سفید کے قوام کرین دارگو کھرو خشک ہون تو بوزن بالا پاؤ رطل کے نیم کوب کرکے جوشاندہ کرکے بدستور بناوین **شربت کاکنج** کہ قرحہ و سوزاک کہنہ کو دفع کرتا ہے **ص** انیسون تخم کرفس برگ گاؤزبان خارخسک نونونا شہ پرسیاوشان گل بنفشہ چھ چھ ماشہ کاکنج ڈیڑھ تولہ جوش و صاف کرکے ڈیڑھ پاؤ شکر سفید کے ساتھ قوام کرین **فصل ۳۹** شربت ہای دافع امراض معدہ و امعا **شربت عود** کہ معدہ و اشتہا و ہاضمہ کو قوت دیتا ہے اور منہ کو خوشبو کرتا ہے **ص** عود ہندی آملہ مقشر دو تولہ سنبل الطیب قرنفل مصطگی جوزبوا نونا شہ نیم کوب کرکے جوش دین و صاف کرکے اوس کے پانی مین حسب الحق گلاب پاؤ سیر شکر سفید آدھ سیر ملاکے قوام کرین **شربت تمرہندی** کہ مقوی معدہ و مفتح سدہ و غثیان و ملین طبع و مسکن صفرا ہے **ص** تمرہندی پاؤ سیر زرشک چار تولہ تر کرکے صاف کرلین آدھ سیر شکر کے ساتھ

قوام کرین **شربت خبث الحدید** کہ معدہ باضمہ کو قوت دیتا ہے وریاح بواسیر کو دفع کرتا ہے **ص** تخم
کرفس زنجبیل کندر بیخ بادیان انیسون مچھ مچھ ماشہ زیرہ سیاہ پودینہ کشنیز خشک دارچینی تج سنبل الطیب ناگر
موتھ ایک ایک تولہ خبث الحدید نیم کوفتہ پانچ تولہ دوسیر پانی مین جوش کرکے اس کے زلال مین نبات سفید
اڑھائی پاؤ ملاکے قوام کرین **شربت انارین منعنع** کہ قے وغثیان کو دفع کرتا ہے وتقویت معدہ کی کرتا ہے **ص**
آب مروق پودینہ تازہ آدھ پاؤ انار آب شیرین آب انار ترش پاؤ پاؤ بھر اڑھائی پاؤ قند کے ساتھ قوام کرین **شربت**
کہ ہچکی کو بعد غذا کے بکثرت آتی ہے دفع کرتا ہے **ص** زیرہ سیاہ انیسون پودینہ کشنیز دو دو تولہ بدستور ساتھ
شہد وشکر سفید پاؤ بھر کے بناوین **شربت فواکہ** معدہ ودل کو قوت دیتا ہے وقے وغثیان وغلبہ تشنگی
کو دفع کرتا ہے **ص** آب سیب آب بہ آب امرود آب انار شیرین آب انار ترش آدھ آدھ پاؤ مین زرشک
چار تولہ سماق دو تولہ چار پہر تڑکے ملکر چھان لین واڑھائی پاؤ نبات سفید ملاکے قوام کرین **شربت**
حماض کہ غلبۂ صفرا وتشنگی وقے کو دفع کرتا ہے ومعدہ وجگر ودل کو قوت دیتا ہے وخفقان گرم کو مفید
ہے **ص** آب مروق چوکا تازہ ڈیڑھ پاؤ قند سفید آدھ سیر بدستور قوام کرین **شربت لنعناع** کہ نہایت
متحرک اشتہا ہے **ص** برگ پودینہ تازہ آدھ پاؤ زنجبیل ریشہ دار خردل پیڑا مور پوست ترنج ایک
تولہ جملہ نیم کوفتہ زرشک دو تولہ بدستور ساتھ پاؤ بھر شکر سفید وپاؤ بھر شہد کے بناوین **شربت قسر الفنق**
کہ غثیان وقے کو دفع کرتا ہے اور معدہ کو قوت دیتا ہے **ص** پوست بیرون پستہ دو تولہ پودینہ گل سرخ زرشک
عود ہندی ایک ایک تولہ مصطگی رومی نو ماشہ برسم معروف جوش وصاف کرکے نبات سفید اڑھائی پاؤ کے
ساتھ قوام کرین **شربت** کہ ورم معدہ کو پختہ کرکے توڑتا ہے **ص** تخم خلیہ تخم السی چار چار تولہ انجیر ولایتی بیس
عدد حب القلب دو تولہ جوش وصاف کرکے آدھ سیر شکر سرخ کے ساتھ قوام کرین وچھ ماشہ زعفران تھوڑے
عرق گلاب مین گھسکر ملاوین **شربت صلین** آلو بخارا ایک سو عدد تمرہندی نصف رطل تر بد سفید ایک
تولہ کو سفوف کرکے پوٹلی مین رکھ کر سب کو جوش وصاف کرکے چھ تولہ ترنجبین اور ڈیڑھ پاؤ شکر
سفید کے ساتھ قوام کرین **شربت افتیمون** کہ معدہ کو بلغم وسودا وصفرا سے باسہال وتلیین صاف
کرتا ہے **ص** افتیمون دو تولہ برگ گاؤزبان گل سرخ بادرنجبویہ ہلیلہ سیاہ ایک ایک تولہ سپستان پچاس عدد آلو بخارا
بیس عدد تین پاؤ پانی مین جوش دیوین جب سیوم حصہ رہے ڈیڑھ پاؤ شکر سفید مین قوام کرین خوراک شخص متوسط
دو تولہ تفصیل **۵۸** شربتہای مختلف اقسام مین **شربت عسل** کہ رعشہ وفالج وجملہ امراض بلغمی ویارکو نہایت مفید ہے

ص عسل خالص دو رطل آٹھ رطل آب دریا مین ملاکر آنچ پر رکھین وکف دفع کرکے مرچ سیاہ زنجبیل خولنجان قرنفل مصطگی پودینہ عنقر قرحا ایک ایک تولہ کوٹ کر پوٹلی مین باندھکر داخل کرین اور پوٹلی کو نچبنش دیتے رہین جب شربت گاڑھا ہونیکے قریب ہو پوٹلی کو نچوڑکر دفع کرین وشربت کا قوام کرلین اور ایک ایک ماشہ مشک وعنبر بعد طیاری کے ملاوین قوی التاثیر ہوجاوے **شربت افسنتین** کہ بالیخولیا رمراقی وضعف معدہ کو کہ بردوت سے ہو وسواس الفیہ کو نہایت مفید ہے وتلین طبیعت کی کرتا ہے ص سنبل الطیب دو تولہ زبد سفید غاریقون سفید مین تین تولہ افسنتین رومی چار تولہ گل سرخ چھ تولہ شکر سفید آدھ سیر ایضاً کہ صنعت جگر ومعدہ وورم لحال وریاح رودہ کو دفع وتلین طبیعت کی کرے ص افسنتین چھ تولہ سنبل الطیب بیخ اجمودھ چار چار تولہ شکر سفید مین پاؤبدستور بناوین **شربت توت** کہ دافع خناق ہے ص آب افسنتین دو رطل شہد خالص ایک رطل کے ساتھ قوام کرین اور تین ماشہ زعفران گھسکر ملاوین **شربت انجبار** کہ خون تھوکنے کو اور کثرت خون حیض وبواسیر خونی کو دفع کرتا ہے ص بیخ انجبار دو تولہ پوست انار شیرین حب الاس ایک ایک تولہ برادۂ صندل سفید نو ماشہ جوش وصاف کرکے آب مروق برگ مینل تازہ چار تولہ شکر سفید آدھ سیر کے ساتھ قوام کرین **شربت تنبول** کہ تفریح وتقویت باہ وفناے رطوبت غریبی کی کرتا ہے ص برگ تنبول پختہ قسم بنگلہ دو سو عدد باریک کترکے خواہ نیم کوب کرکے دو رطل پانی مین زعفران جاوتری جائفل دانہ الائچی سفید چھ چھ ماشہ قرنفل تین ماشہ عرق گلاب مین صلایہ کرکے ملاوین **شربت انگور** کہ تقویت باہ وتفریح طبع وبدن کو خوش رنگ کرتا ہے ص آب انگور دو رطل قند سفید یک نیم رطل ملاکے قوام کرین واثنای قوام کے ثعلب مصری دو تولہ تخم شلجم سہن سفید لسان العصافیر تخم گذر چھ چھ ماشہ عرق کیوڑہ مین صلایہ کرکے ملاوین **شربت ورد مکرر** کہ باستعمال تین تولہ تک معدل صفرا ومصرح طبع ودافع تپ صفراوی وحرقت بول وسوزش احشا ورافع قبض وتلین تکم ہے وباستعمال چھ تولہ خلط صفرا وفضلات رقیقہ کو باسہال خارج کرتا ہے ص گلاب کے پھول مصفی ایک رطل چار رطل آب دریا مین جوش کرین جب ایک رطل پانی جل جاوے تب ملکر پانی صاف کرلین اور اسی پانی مین ایک رطل اور پھول ملاکے جوش دین اسی طرح تین مرتبہ ایک ایک رطل پھول ملاکے پکاوین اور مل کے صاف کرین مرتبہ اخیر مین ایک رطل شکر سفید ملاکر قوام کرین واضح ہو کہ جسقدر پھول زیادہ اسی تدبیر سے شامل کیے جاوین زیادتی تاثیر کی ہوگی **شربت ورد** کہ معدل صفرا ومسکن حرارت ودافع تشنگی ہے ص ایک رطل پھول تازہ دو رطل پانی مین جوش کرکے مل کر صاف کرین

اوده ایک رطل شکر سفید ملاکے قوام کرین **شربت گوزهل** کہ دافع خفقان وتوحش ومانع صعود ابخرہ ومقوی قوت مبصرہ ومصفی رنگ بشرہ ہے **ص** سو عدد گل گوزهل تازہ سبزی وزیرہ سیاہ سے صاف کرکے آدھ سیر عرق کیوڑہ مین خوب ملکر صاف کرلیوین وسیر بھر قند سفید ملاکے قوام کرکھین بقدر مناسب کسی عرق مین گھولکر پیا کرین **فصل ۶ ہ** شراب ہاے یکیت مین جن مین نشا، وسرور خفیف وفائدہ کثیر ہوتا ہے **دستور** اس کے بنانے کا یہ ہے کہ آب افسردہ اجزا علی کو کپڑے مین چھان کر سولھوان حصہ شیرینی ملاکے پکاوین جب چہارم حصہ پانی جل جاوے اوسکو دھوپ مین رکھین جب ترشی خفیف آجاوے تب استعمال کرین **شراب کنولا وسنترہ** بدستور مذکور بنا کر پینا دافع سوزش قلب واسکن تشنگی ومصفی رنگ بدن ومقوی ومفرح ہے **شراب گزر** مقوی بدن ومصفی بول ودافع حرارت ویبوست احشا ومفرح ہے **شراب ترنجہ** کہ بدستور بنائی گئی ہو اسکن حرارت ودافع یبوست ومدر بول ومفید سوزاک جدید ہے **شراب الثمانین** کہ تدبیر اس کے بنانے کی بدستور مذکورہ بالا ثمانین ہے دافع توحش وخفقان ومقوی بدن ومصفی لون ہے **ص** سو عدد گل گوزهل سبزی وزیرہ سے صاف کرکے آدھ سیر لیموں کاغذی مین ملکر چار پہر رکھین اوس کے بعد سیر بھر قوام شکر سفید کا کر آب دیا مین بنایا ہو ملاکر بقدر نصف نصف کے شیشیون مین بھر کر شیشیون کو تا یہ گلو پانی مین ایک ہفتہ تک ڈوبا رکھین جب کف مارنے لگے صاف کرکے شیشیون مین رکھین واجتدر مناسب پیا کرین **فصل ۷** شراب ہاے منشی مین **دستور** بنانے شراب قندی منشی کا یہ ہے کہ قند سیاہ وپوست تازہ درخت بہل وپوست درخت کنار ٹکڑا ٹکڑا کرکے سب کو خم مین ڈالکر بقدر مناسب پانی ڈالین مگر بدون آمیزش گل چکان کے پھین معقول نہین اوٹھتا لہذا دہم حصہ قند سیاہ کا مہوہ خشک زیرہ سے صاف کرکے ایک تھیلی کپڑے مین بہت ڈھیلا باندھ کر خم مین چھوڑ دیوین جب پھین اٹھنے تو پہلے مہوہ کو دفع کرکے بدستور عرق کھینچین واگر مزاج مین کرنشہ زیادہ ہو تو زیرا بیچ یعنے اجوائن خراسانی وقنب یعنے بھنگ وتخم دھتورہ وپوست خشخاش بقدر مناسب ایک شبانہ روز پانی مین ترکرکے بروقت کشیدگی پھین مین ڈالین ایسا ہی جوازاے معنوی وغیرہ ملانا ہوے **بقاعدہ** نیساندہ ایک شبانہ روز ترکرکے بروقت کشیدگی پھین مین ملاوین اسواسطے کہ ایسے اجزا کے خم مین ملنے سے پھین نہین اٹھتا اور ان اجزا کی بھی کیفیت تاثیر خراب ہوجاتی ہے اور اگر آب گوشت ملانا ہووے تو بقاعدہ آب سنجی بناکر بروقت کشیدگی ملاوین واگر دودھ ملانا ہووے تو شیر گاؤ تازہ خام بروقت کشیدگی ایسا ہی اگر ملاوین آب سنترہ یا آب انار ین ملا ہووے اسکو بھی بروقت کشیدگی ملانا چاہیے **شراب بنفشہ** کہ خوش کیفیت

دوافع سرعت انزال ہے **ص** سماق مازو گلنار گل سرخ کشنیز خشک کندر صمغ سعد کوفی دودہ تولہ جنبث الحدید چار تولہ دو سیر پانی مین خیساندہ کرکے لہن مین موسات سیر قند سیاہ وآدھ سیر کشمش سے بنایا ہووے ملا کے عرق کھینچین **شراب ریحانی** کہ نشہ عمدہ کرتی ہے ودافع امراض بلغمی ہے **ص** قند سیاہ دس سیر انگور پانچ سیر دارگرد ستیاب منقی کشمش نیم کوفتہ دو سیر ملا کے لہن اوٹھاوین جب لہن طیار ہووے دارچینی قرنفل بسباسہ جوزبوا عود ہندی تین تین تولہ برگ گاؤزبان بادرنجبویہ ایک چھٹانک ملا کے دوسرے روز عرق کھینچین **شراب** کہ تقویت دل ودماغ وازدیاد قوت باہ کی اور چہرے کو خوش رنگ کرتی ہے **ص** کشمش نیم کوفتہ سات سیر قند سیاہ پچیس سیر آب گرم ایک من آملہ دو سیر آب دربا کے خم مین رکھین جب جوش کرے دارچینی پاؤ سیر تخم شبنم آدھ پاؤ اذخر ہفت سیر شیر یادہ گاؤ مین چار تر کرکے ملاوین وعرق کھینچین **شراب** کہ تقویت باہ ومسہل ودافع منقوں وفوائد عظیم کرتی ہے **ص** پوست درخت کنار پوست درخت ببول پانچ پانچ سیر قند سیاہ ایک من کا لہن اوٹھا کر تخم خربزہ نیم کوفتہ بادرنجبویہ گاؤزبان گل گاؤزبان بادام صندل سفید برادہ صندل سرخ برادہ آبنوس برادہ شیشم پانچ تولہ تخم شبنم تخم خربہن شقاقل مصری شیطرح ہندی زرنب سانج ہندی دارچینی ابریشم خام خولنجان دانہ الائچی سرخ گل سرخ چار چار تولہ منڈی سوا سیر خیساندہ کرکے ملاوین وایک شیشہ گلاب وآلکر کھینچین **شراب** دو آتشہ کہ نہایت بہتر وکثیر النفع وخوش کیفیت ہے وخمار نہین لاتی **ص** قند سیاہ ایک من پوست درخت ببول دس سیر پوست درخت کنار پوست درخت انبہ پانچ پانچ سیر ضمہ کرین وشراب کھینچین اور اوس شراب مین قرنفل تین تولہ جوزبوا بسباسہ دو دو تولہ سعد کوفی سنبل الطیب دارچینی گاؤزبان عود ہندی تو درمین موصلہ سیمل چار چار تولہ کشمش وقند سیاہ ایک ایک سیر تین روز تک تر رکھ کے دو آتشہ کھینچین **شراب** دو آتشہ کہ بہت مین منافع بہت ہے وخمار دیوی نہین ہے **ص** قند سیاہ ایک من پوست درخت ببول تین سیر کا لہن اوٹھاوین وخیساندہ دارچینی سنبل الطیب ہمیشہ برادہ صندل سفید الائچی سرخ آدھ آدھ پاؤ گل منڈی ایک سیر کا آلکر عرق کھینچین پھر اسی عرق کو دوبارہ کھینچین **شراب** کہ شخص ضعیف کو موت جوان کی دیتی ہے وتقویت باہ واسکاسی مین بے نظیر ہے **ص** قند سیاہ دو من مویز سیاہ دس سیر پوست درخت ببول پندرہ سیر کا لہن اوٹھاوین وخیساندہ سنبل الطیب اذخر بھنگرہ جنس پاؤ پاؤ سیر سلیخہ سانج ہندی بیخ لبلاب بیخ پان بادرنجبویہ الائچی کلان تال مکھانہ بیخ بند ہر سہ گل دھاوا سوگندہ بالا اذخر جوزبوا کچور تازہ موتھ کھیلی کھیلا صندلین سہ لیمین تخم اوٹنگن آسگندھ ستاور آدھا آدھا پاؤ کا ملا کر عرق کھینچین اور اسی عرق مین تعلب مصری عود ہندی قرنفل جوزبوا بسباسہ تخم گذر تخم شبنم تخم ریاز مغز تخم کنوچ بہیدانہ تخم خربہ مین شقاقل مصری

ناگیسر دو دو چوب پینی پوست ترنج پاؤ پاؤ آنار ملا رکھین و بعد تین روز کے دو سیر قند سفید و دس سیر شیر گاؤ ملا کے
دو آتشہ کھینچین **فصل ۸** شموما سے یعنی ادویہ بواسیر سونگنے سے مرض دفع ہون **شموم** کہ درد سر بادی
کو مفید ہے **ص** جوز بوا قرنفل مساوی سفوف کر کے **شموم** کہ درد سر گرم کو مفید ہے **ص** کافور ۱ الائچی سفید
گمسکرا **ایضاً** گلہائے تازہ مثل گل سرخ و گل نیلوفر **ایضاً** خیار دراز تراش کر **شموم** کہ نسیان و صداع کو مفید ہے
ص جوز بوا بسباسہ قرنفل مرچ سیاہ سفوف کر کے آب مرزنجوش یا آب سداب ملا کے **شموم** کہ دوار کو مفید ہے
ص جوز بوا بسباسہ قرنفل مرچ سیاہ سفوف کر کے مفید ہے **ص** مرچ سیاہ نیم کوفتہ سرکہ مین ڈالکر **ایضاً**
مشک **ایضاً** زریق دوج و مسطگی **فصل ۹** شیافہائے دافع امراض آنکھ تین شیاف بلنت یونانی ایک
جسم صلیب کا نام ہے جو طویل و مخروطی شکل یعنی ایک گوشہ موٹا اور ایک پتلا کو کہا ہو دستور اوسکے بنانیکا شکل منہ بہ ہے
ہے مگر اس شکل کی اختراع سے ظاہرا وہی مطلب ہین ایک اگر گھسنا ہو تو پتلا گوشہ سر تمام کر ہوئی گوشے کی طرف دے
کہ نوک و جلد گھسے دوسری اگر کسی منفذ مین رکھنا ہو دے تو پتلے گوشہ سے داخل کیجاوے کہ مرور اسکا آسان ہو
شیاف کہ آنکھ کے درد کو فوراً دفع کرتی ہے **ص** گل سرخ سوا تولہ زعفران چھ ماشہ افیون دس ماشہ
سنبل الطیب صنع عربی تین تین ماشہ ساتھ پانی دریا کے شیاف بنا رکھین بوقت حاجت پانی مین گھس کر لگایا
کرین **شیاف** کہ واسطے ناصور گوشہ آنکھ کے مفید ہے **ص** صبر کندر گلنار از ہر دو دم الاخوین سنگ سرمہ
سیاہ شب یانی تین تین ماشہ عرق گلاب مین شیاف بنا رکھین و پانی مین گھسکر منہ ناصور کا صاف کر کے
ٹکاوین **شیاف** کہ خارش و ڈھلکہ و باھمنی و ناخنہ و سختی پلکون کو مفید ہے **ص** توتیا سے مغسول ماسیران
چینی زبد البحر خصص کی چار چار ماشہ پوست ہلیلہ زرد سانولی ہندی مین تین ماشہ زعفران کتیرا صمغ
عربی دو دو ماشہ بدستور شیاف بنا رکھین بوقت حاجت گمسکر طلا کرین **شیاف** کہ نزول آب
آنکھون کو مجرب ہے **ص** گھریا چاندی کی گھریا سونیکی دار فلفل کرہوان اسکی مکان کا جہان تانبا گلاتی ہون سب
بوزن مساوی آب بادیان کے ساتھ شیاف بناوین **شیاف** اسود کہ واسطے ڈھلکہ و باھمنی و خارش پلکون کے
مفید ہے **ص** زنگار چھ ماشہ اشق صنع عربی چار چار ماشہ گھریا سونے کی افیون دو ماشہ مازو
ایک ماشہ ساتھ پانی سداب کے سیاف بناوین **شیاف** کہ نزول آب آنکھون کو خارش
ڈھلکہ و آشوب چشم و دیگر امراض پلکون کو مفید و مجرب ہے **ص** توتیا پاے پرورودہ آب پوست
ترنج کا نو ماشہ کتیرا نشاستہ گندم از زروت گل سرخ صبر حضض کی دو دو ماشہ **کشتہ** قلعی تین ماشہ

ہلیلہ زرد مع تخم ایک عدد انیون ایک ماشہ بدستور شیاف بناوین **شیاف ابیض** کہ امراض گرم آنکھ کو
دفع اور ورمون کو تحلیل کرے ومواد ورمون کو بازگشت کرے **ص** نشاستہ تین ماشہ قلمی کشتہ گوندیوں
کتیرا نو ماشہ لعاب اسبغل خواہ سفید تخم مرغ کے ساتھ شیاف بناوین **شیاف ابیض انزروتی**
کہ ابتدائے رمد کو مفید ہے **ص** قلمی کشتہ چھ ماشہ انزورت بریان شیر خرمین منتفیہ کرکے ایک تولہ پوست
ہلیلہ زرد تین ماشہ سپیدہ تخم مرغ مین شیاف بناوین **شیاف یاسمین** کہ ڈھلکہ وناخنہ وباہمنی وزنگار
نظر کو دفع کرے **ص** غنچہ تازہ یاسمین تیس عدد سنگ سرمہ سنگ بصری توتیائے ہاروني شورہ قلمی مغز
تخم سرس مدبر تین ماشہ زعفران دو ماشہ ساتھ آب لیمون کاغذی کے تین روز تک کھرل کرکے شیاف
بناوین **شیاف احمر** کہ ڈھلکہ وناخنہ وکنی دلہانی وآشوب مزمن چشم کو دفع کرتا ہے **ص** پھٹکری مصفہ بریان
نصف خام گھریا املا سنگ بصری وسنگ مرجان تین تین ماشہ وہم الاخرین چھ ماشہ ساتھ سپیدہ تخم مرغ کے
شیاف بناوین **شیاف اخضر** کہ خارش وڈھلکہ وباہمنی وناخنہ وپھلی کو مجرب ومفید ہے **ص** زنگار مصفی تین
ماشہ گھریا چاندی کی بیول قلمی کشتہ کف دریا دو دو ماشہ ساتھ پانی سداب تازہ کے شیاف بناوین **فصل ۹**
شیاف ہائے دافع امراض کان وناک مین **شیاف** کہ بہرائن کو دفع کرے **ص** مرزنجوش خردل سفید
تخم حنظل بوزن مساوی ساتھ زہرہ گوسفند کے شیاف بنا رکھین روغن تلخ مین گھسکر کان مین ٹپکایا کرین
شیاف کہ بہرائن وآواز کان کو دفع کرے **ص** بورہ ارمنی حب الغار جند بیدستر تین تین
ماشہ خردل چار ماشہ انجیر ایک عدد شراب کہنہ خواہ زہرہ گوسفند مین شیاف بناوین **شیاف**
کہ صمم وثقل سماعت کو دفع کرے **ص** تخم حنظل مغسلین جند بیدستر زراوند مدحرج تین ماشہ نمک سبجی چھ ماشہ
ساتھ پانی سداب خواہ سیب تازہ کے شیاف بناوین **شیاف** کہ ثؤلول **ص** کندش مویز منقے
نمک سبجی زنگار بوزن مساوی ساتھ زہرہ گوسپند کے شیاف باریک بناوین وقت ضرورت کے ناک
مین رکھین **شیاف** کہ بواسیر ناک کو دفع کرتی ہے **ص** انار خام کو کچلکر اسکا پانی شیشے کے برتن مین
دھوپ مین رکھین جب گاڑھا ہوجاوے تب شیشے کے دستے سے کھرل کرکے شیاف بناوین وبوقت
حاجت ناک مین رکھین **ایضاً** گلنار مازو پوست انار رسوت بوزن برابر زہرہ گوسفند مین شیاف
بناوین **فصل ۱۰** شیاف ہائے امراض اخیلیل مین **شیاف** کہ قرحہ سوزاک کو صاف ومندمل کرے
ص توتیائے معمول دو ماشہ مروارسنگ ایک ماشہ سنگ بصری لوبان پھٹکری ابریان مازو گلنار

با تخمیا دم الاخوین نیچہ انار ترش کاغذ سوختہ گوند ببول مین پیس ماشہ بدستور شیاف بنا رکھین بوقت حاجت
پانی مین گھسکر پکا کرین **شیاف** کہ قرحۂ سوزاک کو دفع کرے **ص** دانۂ الائچی سفید تین ماشہ توتیا
سہ ماشہ مردار سنگ ایک ایک ماشہ گیرو گوالری دو ماشہ بدستور شیاف بنا وین **ایضاً** سنگ جراحت
کبیر الوبان تین تین ماشہ برگ حنا برگ مہندی دو دو ماشہ آب برگ نیم مین شیاف بنا وین

فصل ۹۲ شامل

کے ذکر مین **استور** بنانے شاذ کا دو طرح پر ہے ایک یہ کہ دو انگل کی لانبی تبی ایک طرف موٹی اور ایک
طرف پتلی بنا کے خشک کر رکھین بوقت حاجت اوسکو روغن مناسب سے چکنی کر کے پتلی طرف سے مبہ
زین رکھین دوسرے یہ کہ صابون مین ویسا ہی تبی تراش کر روغن مناسب لگا کے اوسپر سفوف ادویۂ مناسب
کا چھڑک کر بدستور مبہ زمین رکھین **شافہ** کہ قروح کو دفع کرے **ص** خطمی تخم کرفس بادیان نمک ہندی سداب
بوزن مساوی شیاف بنا رکھین وقت حاجت کے روغن بید انجیر سے چکنا کر کے استعمال کرین **ص** برگ
بنفشہ سنار کی تخم خطمی ایک ایک تولہ تھوڑے پانی مین جوش کر کے ملکر چھان لین اور اوس مین چار تولہ مغز
خیار شنبر ملکے صاف کرین و شہد خالص ایک تولہ نمک ہندی چھ ماشہ ملا کے آگ پر گاڑھا کر کے شیاف
بنا رکھین بوقت حاجت کے روغن مناسب سے چکنا کر کے استعمال کرین **ایضاً** گل بنفشہ نو ماشہ سقمونیا تربد
سفید چھ چھ ماشہ نمک ہندی دو ماشہ صابون ایک تولہ بدستور شیاف بنا وین و روغن گل سے چکنا کر کے استعمال
کرین **شیاف** واسطے دفع قبض و سدہ اطفال کے مفید ہے **ص** پودینہ تربد سفید میگنی پیپے کی چھ چھ ماشہ
آب خیار شنبر دو تولہ بدستور شیاف بنا رکھین وقت کے روغن گل سے چرب کر کے استعمال کرین **ایضاً**
پشک موش شکر سرخ ایک ایک تولہ نمک ہندی تین ماشہ آگ پر پکا کر شیاف بنا رکھین
روغن گل سے چرب کر کے استعمال کرین

باب ۱۵ - حرف الصاد المہملۃ

فصل ۹۳

صبغ مین **صبغ** کہ آنکھ کو سیاہ و سرمہ گین و خوش رنگ کرے **ص** سرمہ تین ماشہ دو دو چراغ
دو ماشہ مازو ایک ماشہ سرمہ کر کے لگاوین **صبغ** کہ داغ برص کو رنگین کرے **ص** مازو برگ حنائے تازہ پوست
[illegible] انجیر برابر گھسکر لگاوین **ایضاً** پوست درخت انجیر کو سرکہ مین گھسکر لگاوین **صبغ** دافع داغ بہق
[illegible] قسط تلخ تین تین ماشہ تخم ترب نو ماشہ سرکہ کہنہ مین پیسکر لگاوین **صبغ** کہ نشان آبلہ و زخمون
[illegible] **ص** سرد سنگ تین ماشہ پنج نے چھ ماشہ چھ ماشہ آرد نخود آرد برنج کہنہ

تخم خربزہ مغز تخم السی ایک ایک تولہ پانی مین پیسکر لگاوین وآب گرم سے دھوئین۔

باب ۱۶- حرف الضاد معجمہ

ضمادات دستور استعمال ضمادات کا یہ ہے کہ ادویہ خشک خواہ تر کو پانی یا کسی اور شئے مرطوب مین پیسکر امراض بارد مین حار بالفعل و امراض حار مین بارد بالفعل عضو ماؤف پر دبیز لگایا جاوے

فصل ۹۴ ضماد ہاے دافع امراض سر و دماغ **ضماد** کہ درد سر شدید الحرارت کو دفع کرے **ص** گل نیلوفر کشنیز برگ بنفشہ پوست خشخاص چھ چھ ماشہ گلاب مین پیسکر چار رتی افیون اور ایک ماشہ کافور ملاکے لگاوین **ضماد** دافع درد سر سوداوی مزمن **ص** سداب مرزنجوش تین تین ماشہ آرد جو ایک تولہ پانی مین پیسکر سرکہ و روغن گل ملاکے لگاوین **ضماد** کہ درد سر گرم کو دفع کرے **ص** برگ خرفہ تراشہ کدو خرما گل خطمی صندل سفید ہر ایک مساوی عرق گلاب مین پیسکر تھوڑا سا سرکہ ملاکر لگاوین **ضماد** دافع درد سر کہ ضربی او رسقطی سے ہووے **ص** صبر دس دس ماشہ مونگ مقشر نشاستہ نخلہ وبھٹوانس گل سرخ تولہ تولہ بھر گل بابونہ چراتیہ دو ماشہ بدستور ضماد کرین اور اگر ورم ہو گیا ہو تو نخلہ مسور و گلنار دو دو ماشہ اضافہ کرین **ضماد** کہ واسطے سدر و دوار کے مفید ہے **ص** سنبل الطیب مصطگی تین تین ماشہ صبر مرکی گل سرخ چھ چھ ماشہ سفوف کرکے موم زرد ایک تولہ روغن زرد تین تولہ مین گرم کرکے ملاوین اور پیشانی اور سر پر ضماد کرین **ضماد** کہ واسطے سرسام اطفال کے مفید ہے **ص** گل بنفشہ چار ماشہ عود ہندی عود صلیب اسطوخودوس تین تین ماشہ دال مونگ مقشر دو تولہ زردہ تخم مرغ ایک عدد تھوڑا سا شیر دختران ملاکے ضماد کرین خواہ کپڑے پر لگاکے سر پر رکھین **ضماد** کہ سرسام بلغمی کو مفید ہے **ص** اسطوخودوس عود ہندی عود صلیب چھ چھ ماشہ آرد مونگ چار تولہ زردہ تخم مرغ ایک عدد باہم ملاکے ساتھ پانی ورغن گل کے ضماد کرین **ضماد** کہ واسطے سکتہ و دسبات کے مفید ہے **ص** خرول شیطرج ہندی مرزنجوش نونوماشے شیر گاؤ مین پیسکر ضماد کیا کرین **ضماد** کہ واسطے سکتہ کے مفید ہے **ص** گل سوسن شونیز خرول چھ ماشہ جوز بوا قرنفل عقرقرحا دو دو ماشہ شیر گاؤ مین پیسکر ضماد کرین

فصل ۹۵ ادویہ دافع امراض وگوش بینی **ضماد** کہ درد سخت کان کو مفید ہے **ص** آرد باقلا آرد جو ایک ایک تولہ گل ابونہ گل بنفشہ گل خطمی چھ ماشہ اکلیل الملک تین ماشہ روغن بنفشہ ملاکر ضماد کرین **ضماد** کہ کان کے اوکھڑنے اور کچل جانے کو مفید ہے **ص** مغاث اقاقیا راتیخ چھ چھ ماشہ برگ حنا تازہ

بدستور ضماد کرین **ایضاً** خشک روئی جو کی پانی مین تر کرکے شیر گاؤ و روغن گل ملا کے ضماد کرین **ضماد** کہ پیشانی پر لگانیسے نکسیر کو بند کرتا ہے **ص** گلنار ارمنی برگ مغیل تازہ ایک ایک تولہ کافور تین ماشہ افیون ایک ماشہ بدستور ضماد کرین **ایضاً** مازو سے سبز پوست انار گل سرخ چھ ماشہ آرد عدس ایک تولہ درسوت تین ماشہ گلاب مین پیکر سر اور پیشانی پر لگاوین **فصل ۹۶** ضمادہاے دافع امراض دہان و حلق **ضماد** کہ در دانت کو دفع کرتا ہے **ص** بیخ بھٹکٹائی کالی زیری پیس کر رخسارہ پر لگاوین **ایضاً** بھٹکٹائی کا پھل و اجوائن دیسی عقرقرحا پیکر لگاوین **ضماد** دافع خناق **ص** تخم میتھی تخم السی تخم سودا گل بابونہ مزنجوش ظاہر حلق پر لگاوین **ایضاً** آرد جو برگ مکوے ایک ایک تولہ بارتنگ تخم کاسنی چھ چھ ماشہ عرق گلاب مین پیکر تھوڑا سرکہ ملا کے لگاوین **ضماد** کہ خنازیر کو مفید ہے **ص** صبر دنا نخواہ دو دو ماشہ زراوند مدحرج فلفل سیاہ تخم میتھی ایک ایک ماشہ تخم السی تین ماشہ ضماد کرین **ایضاً** خردل زید البحر ریوند مقل بوزن مساوی لگاوین **ضماد** کہ خنازیر کو تحلیل کرے **ص** زراوند کندش چھ چھ ماشہ اشق تین ماشہ شہد ایک تولہ **ضماد** دافع خناق کہ رونگی ہوئی اگھڑنے و بکھرنیسے ہوا ہو **ص** مازو پوست انار بھوسی انا قیا ساتھ لعاب اسبغول کے گردن و حلق پر لگاوین **فصل** ضمادات دافع ذوات الجنب و سوختہ و ذوات الریہ و سوء تنفس مین **ضماد** کہ در ذوات الجنب و ذوات الریہ کو ساکن کرتا ہے و مواد کو تحلیل یا پختہ کرکے دفع کرتا ہے **ص** برگ بنفشہ تخم خطمی گل بابونہ چھ ماشہ آرد باقلا تخم السی ایک ایک تولہ اصل السوس ڈیڑھ تولہ روغن گل ملا پہلو پر ضماد کرین **ضماد** کہ رگ سینہ کی پھٹنے کو مفید ہے جسکے سبب سے تھوک مین خون نکلتا ہے **ص** پوست انار مازو گلنار گل ارمنی چھ چھ ماشہ ارد جو ڈیڑھ تولہ **ایضاً** مسکن در ذوات الجنب **ص** آرد جو آرد باقلا آرد گندم ایک ایک تولہ برگ بنفشہ تخم خطمی مغز تخم کدو سے شیرین چھ چھ لعاب بہدانہ تین ماشہ کے ساتھ **ضماد** کہ تنگی دم کو مفید ہے **ص** آب کدو یا آب خیار یا آب برگ اسبغول یا آب جو مین السی کا لعاب نکالکر کپڑا تر کرکے سینہ پر رکھین خواہ ان چیزون کو سینہ پر لگاوین **ایضاً** مصطگی سبغول الطیب خیرو چرائتہ بوزن مساوے **فصل ۹۷** ضمادات دافع امراض پستان مین **ضماد** کہ ورم پستان کو دفع کرتا ہے **ص** چوب میدہ پوست و رخت کچناں تخم میتھی پوست بیخ ارنڈ گیرو بوزن مساوی ضماد کرین **ضماد** کہ شیر کو زیادہ کرتا ہے **ص** تخم بادروج آرد باقلا مساوی **ضماد** کہ شیر غلیظ کو اصلاح دیتا ہے **ص** برگ بنفشہ تخم خطمی جو مقشر مساوی

ضماد کرین **ضماد** کہ ورم پستان کو جو بسبب کثرت شیر کی ہو دفع کرتا ہے **ص** آرد باقلا آرد عدس مقشر آرد جو ایک ایک تولہ تخم کاہو گل سرخ گل ارمنی پانچ پانچ ماشہ روغن گل وسرکہ ملا کے ضماد کہ خون منجمد کو اصلاح دیتا ہے **ص** کنجد سیاہ باقلا ان خشک گندم بوزن مساوی روغن گاؤ دوشند ملا کے ضماد کرین **ضماد** کہ کونگی پستان کو دفع کرتا ہے **ص** مونگ وموٹھ مع دانہ بوزن مساوی پانی مین پیسکر ضماد کرین **ضماد** کہ دبیلہ پستان کو پختہ وشکستہ کرتا ہے **ص** تخم کتان کنجد سیاہ بیخ سوسن سرگین بز سرگین کبوتر مساوی قدرے روغن گل ملا کے ضماد کرین **فصل ۹۹** ضمادات دافع امراض معدہ وامعاء وطحال وجگر مین **ضماد** کہ ادرام سخت معدہ کو دفع کرتا ہے **ص** افسنتین سنبل الطیب ایک ایک تولہ صبر زعفران نین نین ماشہ شیر گرم ضماد کرین **ضماد** کہ ورم کہنہ معدہ کو تحلیل کرتا ہے **ص** تخم کرنب سنبل الطیب ایک ایک تولہ سعد کوفی مصطگی انزروت چھ چھ ماشہ اشق تین ماشہ نیم گرم **ایضاً** تخم بیخی تخم خطمی گل بابونہ سعد کوفی ایک ایک تولہ پھٹکری مصطگی چھ چھ ماشہ تھوڑا روغن گل ملا کے **ضماد** کہ ورم طحال کو دفع کرتا ہے **ص** انجیر ولایتی سرکہ مین پیسکر شیر گرم لگا دین **ایضاً** خاکستر جوب انگور خاکستر پشک بز مساوی سرکہ مین ضماد کرین **ضماد** کہ نفع وصلابت طحال کو دفع کرتا ہے **ص** سداب پودینہ نونا ماشہ بورہ ارمنی تین ماشہ سرکہ کہنہ ملا کے **ضماد** کہ ورم وسختی طحال کو دفع کرتا ہے **ص** حلبہ بابونہ سنبل الطیب ایک ایک تولہ انجیر زرد پانچ عدد سرکہ مین پیسکر **ایضاً** مقل چھ ماشہ آرد باقلا کہنہ ایک ایک تولہ تخم کتان سنبل اکلیل الملک نونا ماشہ سرکہ مین پیسکر تھوڑا روغن بابونہ ملا کے لگا دین **ضماد** دافع ورم کبد **ص** نوفل گل سرخ صندل سفید چراتیہ چار چار ماشہ آرد جو ایک تولہ کافور نین ماشہ سرکہ مین ملا کے لگا دین **ضماد** کہ ضعف جگر کو مفید ہے **ص** خصص کی تخم کشنیز عود ہندی سماق چھ ماشہ مصطگی چار ماشہ زعفران دو ماشہ قدرے روغن بابونہ ملا کے **ضماد** کہ ورم گرم جگر کو مفید ہے **ص** کافور مصطگی رومی سافج ہندی تین تین ماشہ گل ارمنی گل بنفشہ سرخ صندل سفید کشنیز خشک چھ چھ ماشہ **ضماد** کہ ورم جگر کو مفید ہے **ص** سنبل الطیب اسارون سلیخہ پانچ پانچ ماشہ زعفران دو ماشہ روغن بابونہ ملا کے لگا دین **ضماد** کہ اسہال کو بند کرتا ہے **ص** برگ مغیل برگ انار برگ کنار گل ارمنی مساوی پیٹ پر ضماد کرین **ایضاً** املہ کشنیز خشک بیخ نیلوفر گیرو بوزن مساوی ضماد کرین **ایضاً** خصص کی پوست انار شیرین

اقاقیا گل سپیاری گل پستہ گلنار ۱ وبوزن مساوی ضماد کرین **ضماد** واسطے دفع اسہال اطفال کے
مفید ہے **ص** زرورد ساق کشنیز خشک تین تین ماشہ پوست انار پانچ ماشہ ضماد کرین **فصل ۱۰۰**
ضمادات دافع امراض مقعد مین **ضماد** کہ ورم مقعد کو دفع کرتا ہے **ص** عدس منشر پوست انار جفت بلوط
قدرے روغن گل ملاکے ضماد کرین **ایضاً** واسطے خروج ورم مقعد کے مفید ہے **ص** برگ بھانگ ایک تولہ
برگ بنفشہ چار ماشہ ضماد کرین **ایضاً** اقاقیا رسوت دم الاخوین مساوی الوزن **ضماد** کہ درد وورم بواسیر
ریحی کو مفید ہے **ص** تخم گندنا تخم السی ومقل ارزق بوزن مساوی تھوڑا روغن گاؤ ملاکر لگاوین **ایضاً**
مغز ساق کاہو مغز تخم آلو زردہ تخم مرغ روغن گاؤ جسمین پیاز کا دغ ہووے ملاکے ضماد کرین **ایضاً**
پیاز روغن گاؤ مین بریان ضماد کرین **ایضاً** اقاقیا دم الاخوین کشنیز ارزیز تین تین ماشہ مقل چھ ماشہ
افیون ایک ماشہ قدرے روغن گل ملاکے **ایضاً** مغز تخم نیشہ مغز تخم بکائن رسوت بوزن مساوی
ایضاً مغز تخم کدو مغز تخم آلو شیر گاؤ مین پیسکر ضماد کرین **فصل ۱۰۱** ضمادات دافع
امراض گردہ ومثانہ مین **ضماد** کہ ورم گردہ کو دفع کرتا ہے **ص** گل بنفشہ برگ کشنیز تازہ برگ خرفہ چھ چھ ماشہ
مغز بادام شیرین پانچ دانہ عرق گلاب مین پیسکر لگاوین **ضماد** کہ ورم سخت گردہ کو تحلیل کرتا ہے **ص** اشق
مقل مصطگی رومی تین تین ماشہ پانی مین گھولکر تخم خطمی تخم خبازی تخم سیب گل بابونہ تخم کتان میتھی پانچ
پانچ سوف کرکے ملاکے ضماد **ضماد** محلل ورم گردہ **ص** آرد گندم برگ شبت گل بابونہ اصل السوس
چھ ماشہ شہد ڈیڑھ شیر گاؤ مین پکاکر لگاوین **ضماد** کہ خون منجمد مثانہ کو ادرار بول سے دفع کرتا ہے
ص تخم کرمن نانخواہ ساٹھ ماشہ برگ حوالنسہ اکلیل الملک گل بابونہ پانچ پانچ ماشہ آرد جو آرد
نخود سیاہ ایک ایک تولہ برگ کرنب مین پیسکر **ضماد** کہ بستگی بول کہ جو بسبب ابخمادریم کے مثانہ مین ہو
مفید ہے **ص** برگ چتدر تخم میتھی گل بابونہ اکلیل الملک آرد باقلا آرد نخود پیاز بریان بوزن مساوی
تھوڑا پنجال کبوتر روغن سرشف ملاکے ضماد کرین **ضماد** دافع بول الدم **ص** اقاقیا صندلین سماق کشنیز
خشک بوزن مساوی **ص** تخم خرفہ گل سرخ گلنار چھ چھ ماشہ مازو منقع عربی سماق تین تین ماشہ
ضماد دافع بول الدم کہ بسبب جراحت کے ہووے **ص** گل ارمنی صبر حضض اقاقیا مساوی بعرق گلاب و
قدرے سرکہ **ضماد** کہ سنگ مثانہ وسنگ گردہ کو توڑتا دفع کرتا ہے **ص** برگ خان پرسیاوشان برگ تلسی برگ
پودینہ برگ سویا آب باریان **ایضاً** بیضہ سنگ پشت تخم بلیدن سنگ جراحت پیسکر روغن

عقرب ملا کے **ایضاً** عقرب سوختہ خبرالیہود مغز خشک پشت آلو بالو گل سرخ بوزن مساوی ساتھ
آب سیب کے **ضماد** نافع ورم مثانہ **ص** تخم سوا گل بابونہ تخم خطمی مساوی **ضماد** کہ ورم گردہ کو دفع کرتا ہے
ص خشخاش تخم خطمی بوزن مساوی بسرکہ مین **ایضاً** آرد باقلا سویز زیرہ سیاہ نوشادر ماشہ خاکستر تخم خرما
تخم خطمی تین تین ماشہ **فصل ۱۰۲** اضمادات نافع امراض خصیہ وقضیب مین **ضماد** کہ ورم قضیب کو
دفع کرتا ہے **ص** تخم سبنی بوآرد تخود باقلا نوشادر سویز منقے پندرہ عدد روغن سرشف وچربی بربط قدرے
ضماد نافع فتق **ص** سعد کوفی بورہ ارمنی زیرہ سیاہ تخم خطمی صبر دودماشہ آرد جو پشک گوسفند
گل ارمنی چار چار ماشہ سرکہ خالص ملا کے **ضماد** نافع فتق **ص** چربی پوست انار مازو گلنار کندر تین تین ماشہ
آرد باقلا ایسا توا شراب کہنہ تین پیکر **ایضاً** سعد کوفی مغز بنجوش مازو واقاقیا کندر مساوی شراب کہنہ تین پیکر
ضماد کہ پیشاب کی قضیب کو دفع کرے **ص** مروس ماشہ منطقی زیرہ پنجینی افیون تین تین ماشہ
مصطگی سگبری پانچ پانچ ماشہ زعفران ایک ماشہ شراب انگوری مین پیس کر تھوڑا روغن گل ملا کے
ضماد کہ کوفگی قضیب کو دفع کرے **ص** مثاثہ سبز مرکی اقاقیا مساوی الوزن باریک پیس کے
سفیدہ تخم مرغ مین ملا کے **ضماد** کہ بعد رفع اعوجاج کی قضیب کو مستحکم کرتا ہے **ص** خضخاش کی
فاویا گلنار انار دوبرابر تخم دوپوست انار شیرین بوزن مساوی ساتھ لعاب اسبغول کے **ایضاً** پوست
انار شیرین سوا گل کبھی بریان گل بنفشہ مساوی واگر بعد رفع اعوجاج کے خلش رحم کی اندر ہلیلہ مین ہوے
روغن گل پکا کے **فصل ۱۰۳** اضمادات نافعہ امراض رحم مین **ضماد** نافع ورورم **ص** زعفران افیون بزرالبنج
دودہ ماشہ تخم خطمی تخم انسی پانچ ماشہ رودہ تخم مرغ برشت یک عدد **ضماد** کہ سیلان خون حیض کو جو بسبب
کشادگی دہن رگون کی ہو دفع کرتا ہے **ص** گلنار جفت بلوط برگ مینہدی برگ کنار تخم خرما بوزن
مساوی **ایضاً** عدس مقشر پوست انار ترش پارہ مازو تخم خرما چار چار ماشہ بھ انگ چھ ماشہ **ضماد**
کہ اجراے خون حیض زنان حاملہ کو مسدود کرتا ہے **ص** گلنین مازو پوست انار ترش گلنار مساوی سگ بابنص
ملا کے **ضماد** کہ اختناق رحم کو دفع کرتا ہے **ص** مصطگی رومی سنبل الطیب چھ چھ ماشہ اکلیل الملک سلیخہ شونیز پونہ
کوہی تخم سیب نوشادر روغن بابونہ ملا کے عانہ سے نافع وکمر تو انشتگاہ ضماد کیا کرین **ضماد** آبنین مسوہ کو خارج کرتا ہے **ص**
تخم خطمی برگ سداب قسط تلخ بوزن مساوی ساتھ زہرہ گاو خواہ شہد کی زہار دنافہ بضماد کرین **ضماد** کہ تولد جنین کو آسان کرے
ص تخم انسی ایک تولہ مصطگی شہد ایک تولہ روغن کنجد سیاہ ملا کے شیر گرم زہار دنافہ بضماد کرین

فصل ۴۰ اضمادات دافع تبور واورام ودنبل ظاہر بنہم مین **ضماد** کہ ابنہ اسے اورام مین مواد کو بازنشت کرتا ہے **ص** صندل سرخ گیرو رسوت مساوی ساذج آب کشنیز یا آب عنب الثعلب سے **ایضاً** گل سرخ عدس منتشر گلنار پوست انار آرد وجو مساوی الوزن قدرے روغن گل ملا کے **ضماد** محلل ورم **ص** گل خطمی گل بنفشہ آرد عدس مساوی قدرے سرکہ خلا مع ملا کے **ایضاً** گل خطمی گل بنفشہ پانچ پانچ ماشہ کشنیز خشک گل بابونہ اکلیل الملک پھپھا شہ **ایضاً** موم آرد چھ ماشہ زیت تورد وعن سرشتہ مین گداخت کے مومیا ئی ایک تولہ انجیر زرد دو عدد پیکر ملا وین **ایضاً** گل بابونہ اکلیل الملک تخم السی تخم میتھی آرد جو مساوی تو ڑا روغن گل ملا کے **ضماد** کہ اورام کو پکاتا ہے اور توڑتا ہے **ص** نیلہ تھوہر تین ماشہ تخم بالم تخم بادی راں سفید چھ ماشہ گل قند ایک ایک تولہ **ایضاً** دنبل کو تحلیل کرتا ہے خواہ پکا کر توڑ دیتا ہے **ص** آرد مونگ آرد جو لوبیا آرد مسور گیرو بنو شہ سرکہ وپانی مین خمیر کر کے نیگرم لگاوین **فصل ۵۰** اضمادات دافع ضربہ وشقاقلہ مین **ضماد** کہ درم ودرد ضربہ وشقاقلہ کو دفع کرتا ہے **ص** چوب میدہ آنبہ بلدی تخم بالم صابون خشت کہنہ بوزن مساوی روغن کنجد سیاہ ملا کے شیگرم ضماد کرین **ایضاً** مغاث گل ارمنی تخم خطمی بابونہ اکلیل الملک ہر ایک ایک تولہ زرد چوبہ شبت کندر چھ چھ ماشہ **ضماد** کہ ضربہ وشقاقلہ کو دفع کرتا ہے **ص** گل ارمنی چھ ماشہ برگ چمبا برگ گلاب برگ کنار نونہا ماشہ **ایضاً** زرد چوبہ برگ تازہ کہنے گل ارمنی ایک ایک تولہ کھلی سرسون کی دو تولہ **ایضاً** گل ارمنی کنجد سیاہ آنبہ بلدی تخم بالم مساوی الوزن سب کے روغن السی ملا کے **ضماد** کہ آثار ضربہ وشقاقلہ کی سیاہی کو دفع کرتا ہے **ص** آرد مشر آرد نخود چھلکا تخم السی نونہا ماشہ شکر سرخ چھ ماشہ مرچ سیاہ تین ماشہ قدرے سرکہ ملا کے **فصل ۶۰** اضمادات متفرقہ مین **ضماد** نوشادر بمقدار برآمدگی ان مبتلا کو بند رکھنے مین دفع کرتا ہے **ص** آرد باقلا آرد نخود چھلکا پوست انار ترش ایک ایک تولہ پانی مین پیس کر پوست تخم بیضہ مرغ ایک تولہ سفوف کر کے ملا کے ضماد کرین **ضماد** کہ سرطان کو دفع کرتا ہے **ص** آرد عدس پوست انار گیرو قند سیاہ کہنہ مساوی الوزن کر داگرد سرطان کے لگاوین اور اسکے اوپر کوئی دوا نہ لگاوین اسی تدبیر سے تبل ہو جاتا ہے خواہ پختہ ہو کر مزہ بخود ٹوٹ کر آرام ہو جاتا ہے **ضماد** کہ بدن کو خوش رنگ کرتا ہے **ص** آرد باقلا آرد نخود چھلکا پستہ بادام مغز تخم خربزہ تخم خیارین کف دریا مساوی شیر گاؤ بقدر کفایت مین پیس کر ضماد کرین اور ایک ہفتہ کے بعد دھوڈالین **ضماد** کہ کانٹا وغیرہ جو بدن مین چبھا ہو نکالے **ص** بیخ نے زراوند مدحرج ہم وزن پیس کر ملا کے ضماد کرین **ضماد** کہ قبل ورم کرنے نشتر سانپ کے کاٹنے کا زہر جذب کر لیتا ہے **ص** ابہل پیاز عصفل حب النار آرد مشر مساوی شیشہ اب مین پیس کر **ایضاً** گنجشک جوزہ مرغ

خاکی زندہ پھاڑ کر بادہ دیوین **ایضاً** گوشت انفی و گوشت سیدھک ہر ایک پیکر لگاوین **نعناع** کہ بڑی کامگر گرد دیتا ہے **ص** بھی چونہ سفید در پنجال کنجشک صابون مساوی ضماد کیا کرین دہر گاہ بتوڑی دفع ہوجاوے روغن کاہو لگا کر بگ زدہ پیپل کو باندھین کہ آیندہ کو برآمد نہ ہوے **ایضاً** پھوری ریچنی لگا کے صابون بھی و چونہ دونو ساور شنگرف ہر ایک پیکر روغن کنجد ملا کے لگاوین جب سب مواد دفع ہوجاوے اندمال زخم کی تدبیر کرین **ایضاً** افیون تخم الفار بند تخم دھتورا بھی دودھ چھیر مساوی **ایضاً** کہ نہایت مفید ہے **ص** چوک نیلہ تھوہر بھی تونہ مساوی روغن کنجد سیاہ ملا کے **ضماد** اجنبل کہ اورام گرم زود دفع ہو فاصل و کنج ران و تقسیب و فرج و تمام اعضا کو مجربانہ ہے **ص** اجنبل قلم دبوست کو کنار سفوف کر کے مساوی پکاوین و تھوڑا روغن گل ملا کے لگاوین

باب ۱۷- حرف الطا مہملہ

طلا دستور طلا کا مثل ضماد کے ہے مگر اوس سے رقیق لگایا جاتا ہے **فصل ۱۰۷** طلاے دافع امراض سر تا بگردن **طلا** اشقیقہ بارد کو دفع کرتا ہے **ص** خردل ایک جزو موز دو جز سرکہ مین پیس کر لگاوین **ایضاً** زنجبیل دو ماشہ برگ حنا سے تازہ ایک تولہ پانی مین پیس کر **ایضاً** زعفران ایک ماشہ مغز بادام شیرین دو عدد برگ مرزنجوش تازہ مین پیس کر **طلا** دافع شقیقہ حار **ص** صندل سفید گل نیلوفر ہر ایک ایک تولہ کاہو زرد ماشہ **ایضاً** گل محمکند دوب تازہ کشنیز ہر وزن مساوی پانی مین پیس کر **طلا** گل سرخ تخم کاہو ہر تین تین ماشہ افیون چار ماشہ سرخ زعفران دو سرخ عرق گلاب مین گھسکر تھوڑا روغن گل ملا کے **طلا** دافع صداع مزمن بارد **ص** گندھک تولہ سارا ایک جزو پورہ ارمنی دو جز پانی مین پیس کر لگاوین **ایضاً** صندل سفید ایک تولہ قرنفل پانچ عدد **ایضاً** نخواہ اجمودہ تخم سوا مساوی الوزن **طلا** کہ ہر قسم کے درد کو بوجہ تحذیر کے مفید ہے **ص** پوست خشخاش بند پانچ ایک ایک تولہ افیون دو ماشہ پانی مین گھسکر **طلا** کہ آشوب چشم کو مفید ہے **ص** لودھ پچھانی رسوت پھٹکری بریان پوست ہلیلہ زرد تین تین ماشہ افیون ایک ماشہ پانی مین گھسکر نیگرم لگاوین **طلا** موسوم بہ گھر کہ آشوب چشم اطفال کو دفع کرتا ہے **ص** پھٹکری بریان رسوت چار چار ماشہ کتھہ سفید افیون ایک ایک ماشہ باریک کر کے عرق لیمون کاغذی ڈالکر آٹھ پہر دستہ آہنی سے ظرف آہنی مین رگڑ کے استعمال کرین **طلا** کہ ورم گوش دنبل گوش دنبا گوش کو دفع کرتا ہے **ص** صندل سرخ سپیاری صبر ہر وزن مساوی عرق گلاب مین گھسکر لگایا کرین **طلا** کہ ثبور منی کو اندر خواہ باہر ہو دفع کرتا ہے

ص گل ارمنی دو ماشہ کافور زعفران ایک ایک ماشہ روغن گل مین گھسکر **ایضاً** مروارسنگ سرکہ مین گھسکر لگادین **طلا** سفندہ سیر یعنی گنجہ کو دفع کرتا ہے **ص** کیلہ سہاگا خام بلدی بکچی بوزن مساوی رب سرسون مین گھرل کرکے **ایضاً** نیلہ تھوتھہ بریان مرچ سیاہ چھ چھ ماشہ مسور سوختہ تنور آملہ پوست انار پوست خشخاش کیلہ بوزن مساوی سفوف کرکے روغن سرسون ملاکے **ایضاً** سفال سوختہ تنور اکیتولہ نمک چھ ماشہ سرکہ مین گھس کر **ایضاً** مروارسنگ پوست انار ترش مازو بوزن مساوی سرکہ مین پیسکر **ایضاً** صابون عرق گلاب مین گھولکر **طلا** کرے سفندہ اطفل کو دفع کرتا ہے **ص** مغز بادام سوختہ برگ حنا خشک کیلہ ایک ایک تولہ مروارسنگ چھ ماشہ نوشادر مرچ سیاہ ایک ایک ماشہ سفوف کرکے سرکہ مین گھول کر تھوڑا روغن گل ملاکے لگایا کرین **ایضاً** کہ سبوسہ سر کو دفع کرتا ہے **ص** بادام تلخ کو سہاگہ برگ کنہہ خواہ سرکہ مین گھس کر **ایضاً** آردمیتی آردنخود سرکہ مین گھولکر **طلا** کرے کلف چہرہ یعنی جھائین کو دفع کرتا ہے **ص** گل سرخ آرد عدس موز مساوی سرکہ مین گھس کر **ایضاً** مغبر آتشوان کہنہ جانور کندر چھ چھ ماشہ سداب تین ماشہ سرکہ مین پیس کر **ایضاً** کہ نہایت مجرب ہے **ص** لیمون کاغذی مین سفوف بلدی گاڑھا کرکے ایک ہفتہ رکھکر بیخ تازہ سرکندہ کی ساتھ جسے میٹھہ بھی کہتے ہین پیسکر رات کو لگادین صبح کو دھو دین **ایضاً** چھڑیلہ آب خربزہ مین تین بار بتقیہ دیا ہو دو تولہ پوست سرکندہ چھ چھ ماشہ پانی مین پیسکر لگادین **طلا** کرے ثبور چہرہ یعنی مہان سے کو دفع کرے و رنگ کو صاف کرے **ص** جوفشرہ آدھ پاؤ سرکہ دو ماشہ مین جوش کرکے خشک کرکے رکھین تھوڑا جوفذکور و تھوڑی بلدی باہم پیسکر طلا کیا کرین **ایضاً** برگ سوسن برگ نیب پوست درخت سرس قدرے قدرے باہم گھس کر طلا کرین **فضل** ۱۰۰ طلیہ نافع امراض ثبورہ بدن مین **طلا** کرنے کو بند کرتا ہے **ص** برگ کنار برگ انار سماق مساوی پانی مین پیسکر معدے پر لگادین **ایضاً** اقاقیا سعد مازو گل سرخ آملہ صندل سفید مساوی **ایضاً** گلنار گل سرخ صندل سفید برگ گندمساوی **ایضاً** پوست بیرون پتہ زرد و صندل سفید چھ چھ ماشہ مصطگی تین ماشہ عرق گلاب مین گھسکر **طلا** سریع الاثر کہ پستان ہرم و غلیظہ کو سخت کرتا ہے **ص** برگ و پھل و پھل خام و پوست درخت انار جلد مساوی سفوف کرکے ایک شبانہ روز پانی مین تر کرکے جوش دین جب سوم حصہ باقی رہے روغن تلخ ڈال کر جوش کرین جب پانی جل جاوے روغن صاف کرکے جبتہ خواہ شیشی کے ظرف مین رکھین و طلا کرین و اگر شیشے یا جبتے کے ظرف مین

دستہ آہنی سے بردقت لگا نیکے خوب گھس لیا کرین زیادہ قوی الاثر ہو جاتا ہے **طلا** کہ سرطان کو تحلیل و دفع کرتا ہے **ص** سنگ یسم کرن جس سے زنگ آہن دفع کرتے ہین وسیسہ ہم وزن آب کشنیز یا آب برگ مکوے مین گھسکر لگایا کرین **ایضاً** سیسے کو آب برگ مکوے مین گھسکر اوس مین تھوڑا صبر و توتیا ملا کے لگاوین **طلا** کہ گندہ بغل کو دفع کرتا ہے **ص** کافور ایک تولہ گھر یا چاندی کی قرنفل پھٹکری چار چار ماشہ سفوف کرکے عرق گلاب مین گھولکر لگاوین **ایضاً** مروارسنگ عرق گلاب مین گھول رکھین ولگایا کرین **ایضاً** توتیا ایک جزکا فوزتین جز عرق گلاب مین گھسکر لگایا کرین **فصل ۱۰۹** اطلیہ دافع امراض حضیہ وقضیب و بین ران **طلا** کہ ورم حضیہ کو دفع کرتا ہے **ص** گل ارمنی رسوت ایک ایک تولہ زنجبیل چار ماشہ آب برگ تازہ مکوے خواہ آب کشنیز مین پیسکر **ایضاً** کاکنج پوست خشخاش آرد جو عدس مساوی الوزن سابق زردہ تخم مرغ وروغن گل کے طلا کرین **ایضاً** گل بابونہ تخم سویا نانخواہ ایک ایک تولہ برگ تنبا کو خشک چھ ماشہ پانی مین پیسکر قدرے روغن گل ملا کے نیم گرم لگاوین **طلا** کہ فربہی حضیہ کو زائل کرتا ہے **ص** سنگ گوزن وسنگ چکی کہنہ مساوی الوزن آب کشنیز تازہ یا آب برگ مکوی تازہ مین گھس کر لگایا کرین **طلا** کہ حارش حضیہ وقضیب و عانہ کو دفع کرتا ہے **ص** صبر نوسادر نشاستہ گندم گل سرخ صندلین مساوی عرق گلاب خواہ پانی مین گھس کر تھوڑا سرکہ ملا کے لگایا کرین **طلا** واسطے کچی تقضیب و سختی اعصاب اُسکی کے مفید ہے **ص** افیون تین ماشہ جائفل عقرقرحا دارچینی پانچ پانچ ماشہ پیاز خشک ایک تولہ پوست بیخ کنیر سفید ڈیڑھ تولہ دو پہر تک شراب مین گھرل کرکے لگاوین خواہ شیاف بنا رکھین وقت حاجت کے شراب مین گھس کر لگاوین **طلا** کہ لاغری بیخ قضیب کو کہ بسبب جلق مارنے کے ہوئے دفع کرتا ہے **ص** جائفل جاوتری چھڑیلہ چرک گوش آدمی چھ چھ ماشہ خون خصیۂ خرچار تولہ شراب دو آتشہ مین اسقدر گھرل کرین کہ پاؤ سیر شراب صرف ہو کر قابل طلا کے ہو جاوے پس ازان استعمال کرین **طلا** دافع مضرت جلق مانیکا **ص** تخم بینے مغز کدوے تلخ دو دو تولہ گنگچی سفید عقرقرحا چھ چھ ماشہ بیخ بل چرا مورتین تین ماشہ تین روز تک روغن گاؤ مین گھرل کرکے طلا کرین و برگ تنبول سے باندھین **طلا** نافع جلق رودہ وانکارزنہ **ص** جال گوٹہ سرگین خرمین جوش کیا ہوا گنگچی سفید مقشر کچلہ عقرقرحا پوست بیخ کنیر سفید دو تولہ شیر گاؤ مین اسقدر گھرل کرین کہ دو سیر دودھ صرف ہو جاوے زان بعد

بطور چوہ کے کھنیمین وحشفہ چھوڑ کر طلا کرکے برگ پان سے باندھا کرین گاہے خراش کرتا ہی **ایضاً** پوست بیخ کنیر سفید وسرخ ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ جالنفل کلان ایک عدد افیون نو ماشہ سب کو سفوف کرکے چربی گوہ کلان کی دو تولہ ملا کے ایک روز کھرل کرین زان بعد آب برگ تازہ وحنظورہ ملا کے کھرل کرکے گولی بنا رکھین بروقت حاجت شراب دو آتشہ مین گھسکر حشفہ چھوڑ کر طلا کرکے و برگ پان سے باندھا کرین **طلا** مؤلفۂ مکیم شیر علی والد راقم کہ عنین وازکار رفتہ کو مفید ہے ومجرب ہے **ص** پوست بیخ کنیر سفید گنگچی سفید آدھ پاؤ کوٹ تلخ جمال گوٹہ دو تولہ سفوف کرکے پندرہ سیر شیر گاؤمیش مین خوب ملا کے پکائین ودہی جما کر صبح کو چار سیر پانی ڈالکر مسکہ نکالین ودہی کو مدفون کردین کہ سم قاتل ہو جاتا ہے ومسکہ کو گرم کرکھین قضیب پر طلا کرکے پان سے باندھین وبوزن ایک رتی پان کے ساتھ کھایا کرین باستعمال دو ہفتہ صحت ہوتی ہے **طلا** کہ ورم بن ران کو دفع کرتا ہے **ص** صندل سرخ پھول گلاب متم چنار سوت سپیاری چھ چھ ماشہ زعفران دو ماشہ آب کشنیز تازہ یا برگ کدو تازہ کے پیسکر طلا کرین **ایضاً** صندل سرخ گل ارمنی رسوت صبر اقاقیا نو نو ماشہ افیون ایک ماشہ زعفران چار سرخ آب برگ تازہ کدو یا کاسنی مین پیسکر **طلا** کہ آتشک کی قرحہ وزخم وشور کو دفع کردیتا ہے **ص** ہرتال سیماب تین تین ماشہ بزر البنج ایک تولہ روغن گاؤ دو تولہ پھول کے برتن مین دستہ ریسہ سے کھرل کرکے لگایا کرین **فصل ۱۱۰** طلاہاے دافع امراض مقعد **طلا** کہ قسیکن ودرد بواسیر مین مجرب ومنبقیہ ہے **ص** آب برگ تازہ کپاس نرم مین آنبہ بدی گھسکر طلا کرین وخشک ہونے پر دوبارہ سہ بارہ طلا کرین **طلا** کہ بواسیر دنواصیر کو مجرب ہے **ص** خراطین کو خون خرمین پیسکر خشک کرکھین بوقت حاجت آب جوشاندہ پچھابدین مین گھسکر لگایا کرین **ایضاً** ڈھپ بیگن کی اور بادام تلخ مساوی بیس روغن گل ملا کے **ایضاً** ڈکر کی قبضے کی ہڈی عرق گلاب مین گھس کر طلا کرین **ایضاً** مغز تخم بکائن مغز تخم نیم رسوت پانچین گھسکر **ایضاً** مغز تخم اکو مغز کدو سے شیرین شیر زمین گھسکر لگاوین **فصل ۱۱۱** طلاہاے دافع امراض اطراف ومفاصل **طلا** کہ ورم دست وپا کو کہ بیماری ہاے دراز مین پیدا ہو جاتا ہے دفع کرتا ہے **ص** اقاقیا شیاف مامیثا مرکی سعد کوفی زعفران مخصص گل ارمنی مساوی سرکہ وآب برگ تازہ کدو مین پیسکر طلا کرین **ایضاً** کف دریا نمک سنگ بورہ ارمنی عود خام زرنباد صبر مساوی سرکہ وعرق گلاب مین پیسکر **ایضاً** گل ارمنی برگ کدو تازہ زنجبیل مساوی الوزن پیس کر تھوڑ

سرکہ روغن گل ملا کے **طلا** کرہجاجن یعنی تشنج اطراف کو دفع کرتا ہے **ص** صابون ولایتی گلاب مین لگاوین **ایضاً** سیماب دو ماشہ کہنہ سرخ ایک ایک تولہ روغن گاؤ چھ تولہ ظرف مٹی مین دستہ پوست سب سے رگڑ کے لگایا کرین **ایضاً** سربس دو تولہ تھوڑا پانی ڈال کر آگ پر پگھلا کے سفوف ہرتال و صبر چھ چھ ماشہ مغز تخم تربوز ایک تولہ ملا کے مثل مرہم کے لگایا کرین **طلا** کہ اینڈی کے پھٹنے و درد کو دفع کرتا ہے **ص** خشخاش کلان ایک عدد سورنجان تلخ ایک تولہ برگ حنائے تازہ نو ماشہ پانی مین پیسکر تھوڑا روغن تلخ ملا کے شیرگرم لگا کے باندھین **طلا** کہ سختی اطراف و مقاصل کو دفع کرتا ہے **ص** چربی بط چربی مغز ساق گوسفند خواہ گاؤ ایک ایک تولہ روغن چنبیلی دو تولہ کھرل کر کے **ایضاً** کھن تازہ شیر گوسفند مین نمک لاہوری سفوف کر کے ملاوین و لگایا کرین **ایضاً** کہ پوست ناخن اکھڑنے کو دفع کرتا ہے **ص** مصطگی چھ ماشہ نمک سنگ ایک ماشہ روغن چنبیلی مین گھول کر لگایا کرین **فضل ۱۱۲** اطلیہ دافع حذر در برص و بہق و حکہ و قوبا و دیگر امراض جلدیہ مین **طلا** کہ حذر کو دفع کرتا ہے **ص** سیماب بچھناگ تین تین ماشہ تخم دھتورہ سوختہ دو تولہ مرچ سیاہ ایک تولہ شیرۂ برگ آک مین کھرل کر کے طلا کیا کرین **ایضاً** عقرقرحا مویز پودینہ مساوی الوزن سرکہ کہنہ مین پیس کر **ایضاً** مرد صبر مساوی آب پودینہ تازہ حل کر کے طلا کیا کرین **طلا** کہ چند روز لگانے سے برص کو دفع کرتا ہے **ص** شیطرج عقرقرحا حضض خردل شونیز ریان بوزن مساوی خون بز مین گولی بنا رکھین و خون تازہ بز خواہ آب شور مین گھس کر طلا کیا کرین **ص** تخم تربکندش مغز بادام تلخ شیطرج ہرتال اسبند کوٹ سیاہ پوست اخروٹ بوزن مساوی سفوف باریک کر کے شراب تیز مین حل کر کے **ایضاً** ذرایح عسل بلادر تخم تربشیطرج بچال کبود تر مساوی سرکہ مین حل کر کے طلا کرین قرحہ کر کے مواد ناقص نکال کر صحت دیتا ہے **ایضاً** خردل شونیز بورۂ ارمنی گوگرد بیخ کتیرا مساوی سرکہ خالص مین پیسکر **ایضاً** پوست بیخ انجیر جنگلی آملہ دو دو تولہ بکچی ایک تولہ جوشاندہ گل ڈھاکہ مع سرخی و سیاہی تین گولی بنا رکھین و طلا کیا کرین **ایضاً** کہ برص دھجاجن کو دفع کرتا ہے **ص** تخم السی تخم تنبرک خردل سرکہ مین پیسکر طلا کیا کرین **ایضاً** چوبچنی آرد تخود سرکہ کے ساتھ **ایضاً** درد شراب کاسرکہ وگند دھک ملا کے **ایضاً** بیخ خاص سرکہ مین پیس کر **طلا** دافع برص **ص** ہرتال گندک پھٹکری مساوی سفوف کر کے سرکہ درشد ملا کے **ایضاً** مغز بادام تلخ بھوانس تخم طرب تخم لسٹ بیرہ تخم کرنب تخم زہ تیزک گرد تلخ

چناور بوزن مساوی سرکہ مین گھسکر **ایضاً** پوست چناور بیخ سرکنڈہ آب لیمون مین گھسکر لگا دین اگر قرحہ ہو جاوے روغن نیم لگایا کرین کہ قرحہ دفع ہو کے جلد صحیح بنگیگی **طلا** کہ سبق پینے سہوان کو دفع کرتا ہے **ص** شیطرج تخم ترب گندس خردل مساوی سرکہ مین پیسکر لگایا کرین **طلا** کہ داغ اکوتہ مین مجرب ہے **ص** سپیاری پینے چھالیہ وبھلاوان چار چار عدد استخوان کمتہ سرادمی ڈیڑھ تولہ سب کو گدھے کی لید مین جلا کر کوئلہ کرین وعلیحدہ علیحدہ سرمہ ساکر کے کتھا چھ ماشہ تیلہ تھوتھا ایک ماشہ سرمہ ساکر کے آدھ پاؤ روغن گاؤ مین مخلوط کر کے استعمال کرین **ایضاً** کچلہ سوختہ ایک تولہ پھٹکری نیلہ تھوتھہ کتھا چھ چھ ماشہ روغن گاؤ ایک چھٹانک مین مثل مرہم کے بنا کر لگایا کرین **ایضاً** تخم بکی چھ تولہ نیم کوفتہ کر کے آدھ پاؤ شیر گاؤ کا مستفیہ دیوین و پوست درخت کپاس وانار ترش خام ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ جملہ پیس کر گولی بنا رکھین ساتھ آب تازہ برگ مکوے کے طلا کیا کرین **ایضاً** سپیاری بلدی بکی مسور پوست کوکنار جملہ سوختہ ایک ایک تولہ راں سفید سہاگہ بریان کتھہ پیر یا چھ چھ ماشہ مرچ سیاہ تین ماشہ سب کو سفوف باریک کر کے روغن سرشف مین مخلوط کر کے لگایا کرین اور چار روز دھانک کا پتہ سینک کر باندھین پھر کھلا رکھین **طلا** کہ خارش خشک وتر کو دفع کرتا ہے **ص** گندھک سیماب نیلہ تھوتھہ ہر تال بکی بوزن مساوی دو چندان روغن تلخ مین کھرل کر کے طلا کرین **ایضاً** سیماب گھرپا چاندی کی گندھک برگ کنیر سوختہ نکھنی مردار سنگ کیلا زردچوبہ نیلا تھوتھہ ایک ایک تولہ کتھا سفید نوشادر برگ حنا تازہ دو تولہ روغن سرشف مین کھرل کر کے لگا دین **ایضاً** کشتہ سیسہ تین تولہ گندھک دو تولہ ہر تال وسیماب ایک ایک تولہ سرکہ مین کھرل کر کے لگایا کرین **طلا** کہ خارش عضو خاص کی دنشا سنا سے آبلہ کو دفع کرتا ہے **ص** سیماب تین ماشہ مغز بادام تلخ چھ ماشہ تخم خربزہ غیر مقشر نو ماشہ سرکہ مین گھسکر رات کو طلا کرین و صبح کو دھوین **طلا** کہ داد کو دفع کرتا ہے **ص** تخم نیوار آملہ لک خام زیرہ سیاہ مساوی الوزن سفوف کر کے پانی مین گھسکر بعد بھلانے داد کے طلا کرین **طلا** کہ دفع داد مین مجرب ہے **ص** تخم نیوار نوشادر معدنی کتھہ سفید زرد چوب گلی چونہ کی مینوان گندھک بوزن مساوی عرق لیمون کاغذی مین گولیان بنا رکھین بوقت حاجت آب لیمون خواہ پانی مین گھسکر لگایا کرین **فصل ۱۲**

اطلاہے مقوی باہ وتقیب ومسک ومنزل ومانع ذ **طلا** کہ تقویت باہ وگردہ کی کرتا ہے **ص** صندل سفید آدھ سیر برادہ صندل سفید پاؤ سیر لوبان سفید آدھ پاؤ قرنفل دو تولہ برسم معروف

چوہ کھینچین ومقام گردہ وقضیب پر لگایا کرین **طلا** کہ تقویت باہ کی کرتا ہے **ص** شنگرف ہرتال طبقی سیماب کیلہ عقرقرحا پیاز نرگس وا پھینی بوزن مساوی زہرۂ گاؤمین کھرل طلا کرین **طلا** کہ سستی قضیب کو دفع کرتا ہے **ص** پیر امور کوٹ تلخ اسگندھ ناگوری بوزن مساوی سرسہ ساکر کے مسکہ مین ملاکر لگایا کرین **طلا** کہ قوت وفربہی قضیب کرتا ہے **ص** اسبند مغز تخم ارنڈ خرول بوزن مساوی روغن چنبیلی مین کھرل کرکے **طلا** کہ قضیب کی فربہی ودرازی کرتا ہے **ص** کٹائی کلان کی بیل پختہ سرشف اسپند کوٹ تلخ اسگندھ مساوی الوزن پانی مین پیسکر چندبار طلا کرین وباندھین **طلا** کہ باہ وامساک کو قوت دیتا ہے **ص** پوست بیخ آک دوتولہ کچلہ ایک تولہ پوست بیخ کنیر سفید چار تولہ رس کپور چھ ماشہ سب کو زہرۂ گاؤمین گھسکر شیات بنا رکھین بوقت حاجت پوست خشخاش کے پانی مین گھس کر لگاوین **طلا** کہ لذت جماع کی زیادہ کرتا ہے **ص** عقرقرحا سہاگہ خام کافور مساوی سرمہ ساکر کے شہد مین ملاکر طلا کرین بعد ایک ساعت کے کپڑے سے صاف کرکے مشغول ہون **طلا** کہ لذت وقوت جماع کی زیادہ کرتا ہے **ص** شیر کی چربی مین تھوڑا سفوف تخم انجرہ ملاکے طلا کرین وبعد ساعتی صاف کرکے مشغول ہون **طلا** کہ عورت کو جلد منزل کرتا ہے **ص** سہاگہ خام کافور مساوی شہد مین ملاکے طلا کرین ومشغول ہون

فصل ۱۴ اطلا ہاے متعلق بالون کے **طلا** کہ دافع الثعلب یعنی بال خورہ کو دفع کرتا ہے **ص** سم بزسیاہ سوختہ سم خرسوختہ چھ چھ ماشہ سرگس تین ماشہ روغن سرشف مین گھسکر لگایا کرین **ایضاً** کندش روغن بنفشہ مین پیسکر لگایا کرین **ایضاً** کف دریا پوست بیخ نے پشک موش مغز بادام تلخ مساوی روغن سرشف مین کھرل کرکے **ایضاً** برادۂ دندان فیل چرک مگس مساوی روغن بنفشہ ملاکر **ایضاً** موے سوختہ کوہ بید موے سوختہ برگ ہلک آنولہ سار بوزن مساوی روغن سرشف مین گھسکر موقع کو پیاز سے کھجلا کر طلا کرین **طلا** کہ ڈاڑھی ومونچھ کے بال جماتا ہے **ص** کف دریا مغز بادام تلخ مساوی روغن کنہ سرشف خواہ روغن بنفشہ مین گھسکر لگایا کرین **طلا** کہ قاتل ہر قسم کی قمل یعنی جون کا **ص** صبر وہرتال مساوی روغن گل مین کھرل کرکے لگاوین **ایضاً** سیماب ومغن چنبیلی مین گھسکر لگایا کرین وبالون کو کپڑے سے باندھین **ایضاً** تخم بھٹوانس تخم خربزہ قرنفل ایک ایک تولہ توتیا چھ ماشہ پانی مین گھسکر لگاوین وبعد دوپہر کے دھوین **ایضاً** آرد اقلا آرد عدس آرد بھٹوانس مساوی پانی مین گھسکر **ایضاً** مغز تخم شریفہ مغز تخم کھرنی مساوی پانی مین پیسکر لگاوین

فصل ۱۵ اطلا ہاے واقع اورام وثبور وضربہ وسقطہ وغیرہ **طلا** کہ ثبور یا سوزش وتچور کو دفع

دفع کرتا ہے **ص** صندل سُرخ سپیاری گل ارمنی مساوی آب کشنیز تر مین خواہ آب برگ کدوے مین گھس کر طلا کرین **طلا** کہ اورام سوزندہ کو دفع کرتا ہے **ص** صندلین کشنیز خشک ایک ایک تولہ آرد جو دو تولہ گل ارمنی چھ ماشہ پانی مین پیس کر لگاوین و پارچہ تر اوسپین رکھین **طلا** کہ گونگی و شکستگی و آماس اعضا کو دفع کرتا ہے **ص** گل ارمنی سپیاری صندل سفید ایک ایک تولہ سوت مرواسنگ صبر مچھ ماشہ آب برگ کدوے تازہ مین پیس کر **طلا** کہ ضربہ و سقطہ کو دفع کرتا ہے **ص** صبر تین ماشہ تخم خطمی برگ بنفشہ صندلین بھنبھولنس اکلیل الملک چھ چھ ماشہ سفوف کر کے سفیدہ تخم مرغ ملا کر نیم گرم لگایا کرین **ایضاً** گھلی کنجد سیاہ گلگلی سرسون گیرو ایک ایک تولہ برگ سنبالو برگ کدوے ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ پانی مین پیس شیر گرم لگاوین **طلا** کہ آثار ضربہ و سقطہ کو دفع و رنگ عضو کو صاف کرتا ہے **ص** خاکستر شاخ گوزن گندر تین تین ماشہ آرد بھنبھولنس آرد باقلا نو نو ماشہ گوند ببول نوساور چھ چھ ماشہ مغز بادام تلخ ایک تولہ پانی مین پیس کر لگایا کرین **ایضاً** بادام تلخ استخوان کہنہ ایک ایک تولہ صدف سوختہ کف دریا پھٹکری زرد چھ چھ ماشہ پانمین پیسکر لگایا کرین **طلا** کہ گوشت زائد کو تحلیل کرتا ہے **ص** ہرتال کٹکی سیاہ پانچ پانچ چرک مس دس ماشہ روغن گل مین کھرل کر کے لگایا کرین **طلا** کہ سوختگی آتش کو دفع کرتا ہے **ص** عدس چار تولہ پانی مین پکا کے گل سُرخ ایک تولہ ملا کے پیسکر لگاوین و کپڑے سے تر رکھین **ایضاً** سفیدۂ تخم مرغ روغن گل مین ملا کر **طلا** کہ مضرت کاٹنے جانوران زہردار کو دفع کرتا ہے **ایضاً** ہینگ لندھک برگ پودینہ پنجاں کبوتر باہم پیسکر لگاوین۔

باب ۱۸ - حرف العین المہملہ

فصل ۱۶ **اعجہ** بالتشدید یعنی خاکینہ کہ اقسام غذائے ووائی سے ہے بامتزاج انڈہ کے **عجہ** کہ زیادتی باہ و قوت مباشرت و تیزی ذہن و حافظہ کی کرتا ہے **ص** زردۂ تخم مرغ دس عدد قیمہ گوشت بزنوجوان آدھ پاؤ آب افشردۂ پیاز پاؤ بھر پیاز تراشیدہ دو دیگر مصالح و نمک بقدر مناسب ڈالکر روغن گاؤ مین بریان کرین **ایضاً** انڈا کبوتر تیس عدد و انڈا کنجشک خانگی دس عدد تراشۂ پیاز آدھ پاؤ نمک و مصالح ڈالکر روغن گاؤ بریان کرین **ایضاً** زردۂ تخم مرغ پانچ عدد پیاز تراشیدہ ایک مٹھا نمک سفوف دارچینی دو تولہ مصالحہ ملا کے روغن گاؤ مین بریان کرین **فصل ۱۷** **اعرق** ہاے معدل و مصفی اخلاط مین **دستور** عرق کھینچنے کا یہ ہے کہ چوب و تخم نیم کوفتہ و گل و برگ بدستور و میوہ جات ٹکڑا ٹکڑا کر کے سب کو آب دریا مین

چار پہر سے آٹھ پہر تک تر کرکے دیگ دیبکا مین خواہ قرع انبیق مین کھینچین ولحاظ رکھین کہ پانی دوا کا
بالکل سوخت نہو جاوے وزیادہ بھی باقی نرہے کہ دونون امر سے تاثیر عرق کی ناقص ہوجاتی ہو اور یہ امر بھی
قرین صحت ہے کہ جسقدر عرق آنے پر بھپکا جدا کرلیا جاتا ہے جاتا ہے اوسیقدر عرق تیز وقوی ہوتا ہے باقی
دوائین دوبارہ بھپکا لگانے سے ویسا تیز عرق نہین آتا ہے **عرق** کہ جوشش واحتراق خون دیوبست
وسوزش وحکہ وخارش وثبورات کو دفع کرتا ہے **ص** برگ شاہترہ آملہ چراپتہ سرخنکہ گل منڈی جلینب
برادہ شیشم پوست اندرونی درخت کچنال پوست اندرونی درخت نیم پوست اندرونی درخت بکائن
تخم خاسب آدھ آدھ پاو سات سیر پانی مین چار پہر تر کرکے دو سیر شیر گاؤ تازہ ملاکر برسم معروف عرق
کھینچین **ایضاً** چوب چینی عناب آدھ آدھ پاؤ صندل سرخ خس کشنیز خشک برگ گاؤزبان بادرنجبویہ اطرفل
ہلیلہ سیاہ گل معصفر گل نیم گل بکائن برادہ انبوس ایک ایک چھٹانک برسم معروف عرق کھینچین **ایضاً**
گل منڈی برگ شاہترہ پاؤ پاؤ بھر چوب چینی خس آدھ آدھ پاؤ آملہ ہلیلہ بلیلہ گل خطمی گل سرخ برم دندی
ایک ایک چھٹانک چار سیر پانی مین چار پہر تر کرکے نراشہ کدو سے دراز ڈیڑھ سیر تراشہ پیٹھہ
تین پاؤ شیر گاؤ مین ڈال کر بدستور عرق کھینچین **ایضاً** چھڑیلہ بادرنجبویہ تخم کاسنی پوست بیخ کاسنی
ابریشم خام ایک ایک چھٹانک آملہ پوست اندرونی درخت کچنال خس پوست درخت گوندنی جلینب گل
منڈی گل نیلوفر گل گرمل چوب چینی گل معصفر آدھ آدھ پاؤ گل نیلوفر برگ سبز وزیرہ تخم اندرونی سے
صاف کیا ہوا برگ گاؤزبان بادرنجبویہ برگ وشاخہاے خردھاؤ برگ شاہترہ تخم کاسنی آدھ
آدھ پاؤ ہلیلہ سیاہ ایک چھٹانک افتیمون وتخم کشنیز دو دو تولہ برادہ صندل سرخ چار تولہ
سب کو چار پہر سات سیر آب دریا مین تر کرکے پانچ سیر عرق کھینچین **فائدہ** اس قسم کی عرقون مین
اگر تھوڑا شہد خواہ شربت عناب سادہ یا شربت نیلوفر سادہ حل کرکے پیا کرین تو زیادہ قوت اُس کی تاثیر
مین نمایان ہوتی ہے **فصل ۸** عرقیات محلل ریاح وقوی معدہ جگر وہاضم طعام ومشتہی غذا
ودافع امراض معدہ وامعاء مین **عرق پان** کہ درد معدہ ودرد شکم وتولنج ریحی کو دفع کرتا ہے **ص**
پان قسم بنگلہ پختہ وتازہ پانچ سو عدد پودینہ تازہ آدھ پاؤ خولنجان ایک چھٹانک قرنفل تین تولہ الائچی سفید
ایک تولہ بدستور تین سیر عرق کھینچین **عرق** قنبا کو کہ اختراع متاخرین سے دافع قولنج ریحی ومحلل
ریاح ومعدہ ہے مگر بعض اشخاص کو مضر ہوجاتا ہے **ص** قنبا کو خشک آدھ سیر برگ پودینہ خشک

یک چھٹانک نانخواہ دارچینی آدھی آدھی چھٹانک بدستور چار سیر عرق کھینچیں **عرق** کرد و معدہ و قبض شکم و ریاح کو دفع کرتا ہے **ص** ہلیلہ سیاہ ہلیلہ زرد پودینہ خشک نانخواہ زنجبیل ریشہ دار خولنجان ایک ایک چھٹانک دارچینی تیج پات الائچی سرخ آدھی آدھی چھٹانک بدستور عرق تین سیر کھینچیں **عرق دارچینی** کہ تقویت معدہ و دفع رطوبات و مغص میں مجرب و منبط ہے **ص** دارچینی ایک چھٹانک نانخواہ انیسون بادیان ہر ایک بابونہ تخم کرنس آدھی آدھی چھٹانک بدستور دو سیر عرق کھینچیں **ص** انبر بارنس کہ مقوی معدہ و جگر و دافع سفراوی و شتمی طعام ہے **ص** زرشک آدھ سیر ایک شبانہ روز تین سیر آب دریا میں تر کریں دو تولہ نیم کوفتہ دو تولہ سرکہ انگوری آدھ پاؤ ملا کے عرق کھینچیں **عرق** کہ دفع ریاح معدہ و امعاء قے یعنی و قلت اشتہا میں مجرب ہے **ص** زنجبیل ریشہ دار پوست بیخ انگ پوست بیخ ازمند دو تولہ فلفل دراز انیسون ہر ایک پونے بیخ پات ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ گل سرخ تین تولہ مورد منقے آدھ پاؤ شہد خالص پاؤ بھر بہم معروف عرق کھینچیں

فصل ۱۹ عرق ہائے مفرح مقوی اعضاء رئیسہ و منبط منی و شتمی و دافع خفقان و مالیخولیا **عرق گل** کہ مبہی و مقوی و مفرح ہے **ص** گل گل گڑھل تازہ نبری وزنیرہ دو درکردہ سوا سیر کشنش آدھ سیر دارچینی ایک چھٹانک ثعلب مصری چار تولہ بدستور عرق کھینچیں **عرق سیل** کہ مقوی و مفرح و مبہی و منبط ہے **ص** گل سنبل سبزی دو درکردہ گل سرخ گل منڈی سب سایہ میں خشک کیے ہوئے آدھ آدھ سیر گل چنبیلی تازہ آدھ پاؤ بہم معروف عرق کھینچیں **عرق** مقوی باہ **ص** دارچینی الائچی سرخ سنبل الطیب بہن سرخ بہن سفید خولنجان بادر بجبویہ گوکھرو کلاں چار چار تولہ مصطگی رومی دو رتی عقربی چھ چھ ماشہ شقاقل مصری فرفل ثعلب مصری دو دو تولہ مویز تخم برآوردہ کشنش خربا تخم برآوردہ آدھ آدھ سیر ایک شبانہ روز تر کرکے بدستور عرق کھینچیں **عرق** مفرح و مقوی دل و دماغ **ص** گل کیتکی ایک عدد گل سیوتی گل گاؤزبان چار چار تولہ گل نیلوفر آدھ پاؤ نشنیز خشک ایک چھٹانک چار پہر تر کرکے تین سیر عرق کھینچیں **عرق** دافع خفقان **ص** گل سرخ پاؤ سیر گل گاؤزبان تین تولہ برگ گاؤزبان مچھ تولہ صندل سفید ابریشم خام دو دو تولہ بدستور تین سیر عرق کھینچیں **عرق** کہ تلطیف منی و تقویت باہ میں مجرب ہے **ص** نوری زرد و نوری سفید نوری سرخ گوکھرو کلاں گوکھرو خرد موصلی سیاہ و موصلی سفید بیج بند تال کھانا فرفل دارچینی دو دو تولہ تخم ناہلم موصلہ سنبھل چھ چھ تولہ تخم گزر تخم سوہ گل دھاوا تین تین تولہ جائفل جاوتری ایک ایک تولہ کشنش خربا تخم برآوردہ آدھ آدھ سیر رسم معروف عرق کھینچیں **عرق** چوب چینی کہ شخص ضعیف کو قوی کرتا ہے و مقوی باہ و دافع مالیخولیای مراقی ہے **ص** چوب چینی ڈیڑھ پاؤ دارچینی آدھ پاؤ کباب چینی ناگرموتھ

ساونج ہندی عود عرق ہمنین زرنباد خولنجان حنا بانسی چھڑیلہ برادہ صندل سفید ایک ایک چھٹانک گاؤزبان
بادرنجبویہ ڈیڑھ ڈیڑھ چھٹانک الائچی خرد لونگ جائفل جاوتری دو دو تولہ روغن عنبر قلب مصری مصطگی دمی
تین تین تولہ مویز سیر بھر شہد خالص آدھ سیر بیس سیر پانی دریامین دو شبانہ روز تر کرکے آدھ پاؤ گل سرخ ڈالکر
پندرہ سیر عرق کھینچین وچھ ماشے زعفران کی پوٹلی نیچے کے منھ پر اندر بھیکے کے باندھین **عرق**
گذر کہ مفرح ومقوی باہ ہے **ص** گذر استخوان وپوست دور کردہ پچیس سیر کشنیز پانچ سیر دیگ سربستہ مین
جوش دیوین دو یگ کو سرد کرین کہ دھوان اسکا نہ نکلے پس ازان دارچینی نیمکوفتہ گل سرخ ناگرموتھہ پوست
ترنج چوب چینی نیمکوفتہ ہمن سفید نیمکوفتہ آدھ آدھ پاؤ صندل سفید ایک چھٹانک الائچی سفید دو تولہ ملا کے
عرق کھینچین **عرق** مفرح ومقوی دل ودماغ **ص** گذر استخوان وپوست سے صاف کرکے کوٹھومین پیلکر اسکا
عرق پندرہ سیر کشنیز مربی آملہ تخم نرآوردہ ایک ایک سیر بدستور عرق کھینچین **فضل ۱۲۰** عرقیات دافع حمیات
مین **عرق کافور** کہ تپ ہائے گرم وتپ دق کو مفید ہے **ص** کشنیز خشک گل گاؤزبان برگ گاؤزبان
صندلین تخم کاسنی تخم خیارین تخم کاہو تخم خرفہ برگ بنفشہ گل نیلوفر گل سرخ ایک ایک چھٹانک تراشہ کدوے
تازہ تین پاؤ تراشہ میٹھہ ڈیڑھ پاؤ کافور پانچ تولہ برسم معہود عرق کھینچین **عرق شیر** کہ تپ صفراوی و
سوداوی وتپ دق کو مفید ہے **ص** برگ گاؤزبان برگ بنفشہ گل نیلوفر آدھ آدھ پاؤ صندل سفید ایک
چھٹانک سات سیر شیر گاؤ ملا کے عرق کھینچین **عرق** کہ تپ دق کو مفید ہے **ص** شیر بزتازہ پانچ سیر برگ
گاؤزبان گل نیلوفر آدھ آدھ پاؤ برگ بید سادہ پاؤ بھر بدستور عرق کھینچین **عرق** دافع حمیات حارہ وتخم
وتخم مزمنہ کہ خفیف سی لاحق رہتی ہین یا بعد غذا کی محسوس ہوتی ہین **ص** گل نیلوفر تخم کاہو تخم خرفہ چار چار تولہ
جوہنشتر آدھ پاؤ کشنیز تین تولہ صندل سفید دو تولہ تھوڑے پانی مین چار پہر تر کرکے تین سیر شیر بز آدھ سیر
تراشہ کنڈھا سفید ملا کے عرق کھینچین **عرق** کہ دافع تپ ربع ومرطبیعت ہے **ص** تخم کاسنی تخم کاہو گل نیلوفر
گل کنول گٹہ کسیرو ایک ایک چھٹانک صندل سفید وصندل سرخ برگ گاؤزبان گل سرخ برگ
شاہترہ عنب الثعلب دو دو تولہ تھوڑے پانی مین چار پہر تر کرکے شیر بز پانچ سیر ملا کے عرق کھینچین **عرق**
کہ تپ کہنہ وگرم کو نائبہ ہو خواہ مزمنہ کو دفع کرتا ہے **ص** سنبل الطیب حسن آملہ برگ شاہترہ عنب الثعلب
ایک ایک چھٹانک سبدانہ ایک تولہ چار پہر تر کرکے تراشہ کدو دراز ایک سیر ڈالکر عرق کھینچین **فضل**
۱۲۱ عصارہ جات مین **دستور** عصارہ کا یہ ہے کہ دواے تازہ کو کچل کر پانی اس کا

کپڑے مین ڈال کر نچوڑلین وآگ پر پکا کر گاڑھا کرلین **عصارۂ آملہ** مقوی قلب ومعدہ ومفرح وطبع دافع سوزش جگر ومعدہ ونافع قے صفراوی وسکن تشنگی ہے **عصارۂ ہلیلۂ زرد** مسہل صفراد دافع حرارت معدہ ہے **عصارۂ** برگ زردسہ کا دافع سعال بلغمی وضیق النفس ہے تنہا یا ساتھ اجزا اسے مناسب کے **فصل ۲۲** ! عطوس مین وہ ہے کہ واسطے لانے عطسہ کے بغرض دفع انجرہ ورطوبات دماغ کے لیا جاوے **دستور** اسکے تین طرح پر ہین **ایک** یہ کہ ادویہ کو سفوف کرکے بذریعہ دم کے ناک سے دماغ کی طرف کھینچین **دوسرے** کپڑا پانبہ کی بتی مین لگا کے ناک مین رکھین **تیسرے** باریک باریک کپڑے کی پوٹلی مین باندھکر ہر دم سونگھا یا کرین **عطوس** کہ دردسر بلغمی کو باخراج رطوبات دماغی دفع کرتا ہے **ص** کندش تنہا کو دو ماشہ مرچ سیاہ ایک ماشہ سفوف کرکے **ایضاً** فلفل دراز فلفل گرد ایک ایک ماشہ خردل دو ماشہ کندش چار ماشہ **عطوس** کہ بحالت سکتہ کے ناک مین پھونکنا مفید ہے **ص** کندش دو ماشہ شونیز ومرچ سیاہ ایک ایک ماشہ **عطوس** کہ فالج ولقوہ وجمیع امراض باردہ دماغی کو مفید ہے **ص** عقرقرحا زرد آوند مدحرج فلفل سیاہ سونٹھ کندش جملہ بوزن مساوی **ایضاً** تخم حنظل اسطوددس فلفل سیاہ شونیز گل بابونہ کندش بوزن مساوی

باب ۱۹ - حرف عین معجمہ

فصل ۲۳ غالیہ مین جسکو ارگجہ بھی کہتے ہین دستور اوسکا یہ ہے کہ اجزا اسے خوشبو کو یکجا و مرطوب بمرہم منفعت سونگھین یا بدن پر لگاوین **غالیہ** کہ تقویت دل ودماغ ودفع خفقان وتوحش وسوء الخلق کرتا ہے **ص** عنبر اشہب دو ماشہ عود ہندی آٹھ ماشہ صندل سفید ایک تولہ مشک ایک ماشہ سفوف کرکے عرق گلاب مین مخلوط کرکے **ایضاً** صندل سفید نو ماشہ سعد کوفی سنبل الطیب چھ چھ ماشہ عرق کیوڑہ مین پیسکر عطر گلاب ملاکے **ایضاً** گشنیز خشک گل بابونہ صندل سفید ایک ایک تولہ سفوف کرکے عرق گلاب مین سان کر عطر حسب خواہ کیوڑہ کا ایک ماشہ ملاکے **فصل ۲۴** اغرغرہ مین دستور غرغرہ کا یہ ہے کہ دوای رقیق کو منھ مین رکھکر جنبش بجانب حلق دیوین کہ تاثیر اسکی حلق مین پہونچے مگر احتیاط رکھنا چاہیے کہ دوا قصبۂ ریہ یعنی زحمی مین نجاوے ورنہ پھیپھڑے کو مضرت ہوتی ہے وامراض باردہ مین دواحار بالفعل وحار مین باردبالفعل استعمال کرنا چاہیے **غرغرہ** کہ گرانی زبان کو جو فالج ولقوہ سے یا بدون اوسکے ہو دفع کرتا ہے **ص** خردل زرنباد دار فلفل شونیز مویز عود ہندی تین تین ماشہ دج ترکی عقرقرحا پودینہ

خشک گل بابونہ اسطوخودوس عود صلیب چھ چھ ماشہ فرنقل دس عدد خیسانده وجوشانده گرم کرکے غرغرہ کرین
غرغرہ کہ استرخاے لہات یعنے ڈھیلا ہونے کوے کو دفع کرتا ہے **ص** عدس گلنار اکلیل الملک مائین
برگ حنا بلیلہ از رد بوزن مساوی جوش کرکے **غرغرہ** کہ خناق گرم کو مفید ہے جب نزلہ سے **ص** کشنیز خشک
پوست خشخاش گلنار کوے چھ چھ ماشہ جوش کرکے صاف کرکے اوسمین مغز فلوس خیارشنبر دو دو تولہ مل کرکر
صاف کرین وتین ماشہ رسوت ملاکے استعمال کرین **غرغرہ** کہ ورم اندرونی حلق کو دفع کرتا ہے **ص**
تخم السی تخم میتھی نوتو ماشہ انجیر زرد پانچ دانہ عناب سپستان پندرہ پندرہ دانہ مویز منقے بیس دانہ پودینہ
دو تا مروا چھ چھ ماشہ جوش کرکے **غرغرہ** کہ خناق کو دفع کرتا ہے جب ورم مائل بسختی ہو **ص**
برگ بارتنگ تخم کرفس اصل السوس نیم کوفتہ تخم خطمی نیم کوفتہ عنب الثعلب گل بنفشہ
برگ نیپ برگ جنازی اکلیل الملک بوزن مساوی شیر گاؤ بزمین جوش کرکے صاف کرکے تھوڑا
نشاستہ گندم ملاکر استعمال کرین **غرغرہ** کہ ورم حلق کو توڑتا ہے **ص** میتھی چھ ماشہ انجیر پانچ
عدد عناب پندرہ عدد جوش کرکے ملکر صاف کرین وشیر گاؤ ایک چھٹانک خمیرہ آرد گندم دو تولہ مل کرکے
غرغرہ کرین واگر دو تین روز کے استعمال مین نہ ٹوٹے تو بھٹکری خام سفوف کرکے ملا دین **غرغرہ**
کہ مبدء ٹوٹنے ورم کے تنقیہ مواد کا کرتا ہے **ص** حبا بابنسی پودینہ کوے عناب مویز تخم برآوردہ
سات سات ماشہ جوش کرین ایک تولہ سرکہ دو تولہ شہد ملاکے غرغرہ کرین **غرغرہ** دافع خناق **ص** شیر
زبمین خمیر ترش آرد گندم کامل کرکے **ایضاً** کہ خناق سخت کو دفع کرتا ہے **ص** برگ
عنب الثعلب برگ کاہو برگ کاسنی برگ کشنیز علیحدہ علیحدہ کچل کر پانی ہر ایک کا نچوڑ کر بوزن
مساوی لیکر اوس مین شہتوت تازہ مل کر خواہ آب توت مین گھول کر غرغرہ کرین **ایضاً** میتھی السی ہالم
نو نو ماشے جوش کرکے **ایضاً** برگ حنا گلنار زرد چوب ایک ایک تولہ برگ کنار و شہتوت تین تین
تولہ جوش کرکے **ایضاً** پوست درخت گوندنی بیخ چنبیلی گل سیوتی مساوی جوش کرکے
صاف کرکے تھوڑا کتھا ملاکے **ایضاً** اگر گوئی غرغرہ مفید ہووے **ص** نیچال ابابیل زبل
گرگ مغز فلوس دو دو تولہ جوش کرکے صاف کرکے بدون آگاہے مریض کے غرغرہ کرا دین
غرغرہ کہ سوراخ تالو کو موآ تشک سے یا نزول مواد سے ہو جاتا ہے دفع کرتا ہے **ص** پوست
خشخاش کشنیز خشک گلنار ہلیلہ سیاہ حب الاس برگ کنار جنگلی نرورد برگ حنا چھ چھ ماشہ

کرماج مازو پانچ پانچ ماشہ جوش کرکے خصص گل ارمنی تین تین ماشہ ملاکے غرغرہ کرین **غرغرہ** کہ دراندرون گلو کو دفع کرتا ہے **ص** برگ حنا گلنار زرد چوب برگ کنار پوست بیخ گوندنی بیخ چنبیلی سپیاری بوزن مساوی جوش کرکے **ایضاً** گلنار پوست کو کنار صندلین چھ چھ ماشہ عدس مسلم ایک تولہ **ایضاً** برگ تازہ ارہر برگ کنار باغی برگ شہتوت برگ چنبیلی پوست خشخاش بوزن مساوی جوش کرکے **فضل ۱۲۵** غسول مین غسول اُسے کہتے ہین کہ ادویہ کو پانی مین تر کرکے یا جوش دے کر اسی پانی سے مقام مرض کو دھووین **غسول** کہ ورم وچرک وسرخی آنکھ کو دفع کرتا ہے **ص** ہلیلہ زرد بلیلہ آملہ چھ چھ ماشہ پھٹکری خام دو ماشہ **غسول** کہ زخم وقرحہ کو رطوبت ردیم سے صاف کرتا ہے **ص** برگ نیم برگ مکوے دو دو ماشہ رسوت تین ماشہ جوش دے کر دھووین **غسول** کہ گنجہ وسبوسہ سر کو بدفعات دھونے سے دفع کرتا ہے **ص** باقلا گلنار ایک ایک تولہ آرد نخود وآرد میتھی تین تین تولہ نمک سنگ نو ماشہ جوش دیکر صاف کرکے دھووین **ایضاً** تخم ترب آسنہ باقلا برگ انار ترش مساوی جوش دیکر **فضل ۱۲۶** غمرہ مین غمرہ بالضم وہ چیز کہ مثل مٹنے کے چہرے پر یا تمام بدن پر لگائی جاوے **غمرہ** کہ رنگ چہرہ کو صاف اور شفاف کرے **ص** جو مقشر چار جز تخم خربزہ آرد باقلا چربی دو دو جز رات کو لگا صبحکو دھوڈالین **ایضاً** آرد جو آرد نخود آرد عدس برگ حنا سے خشک ایک ایک تولہ زعفران ایک ماشہ بدستور استعمال کرین **غمرہ** کہ جلد بدنکو خوشرنگ ونرم وخوش بو کری **ص** صندلین اگر مگر چھ چھ ماشہ زعفران تین ماشہ چربی چار تولہ پانی مین پیسکر گندم آدھ پاؤ روغن چنبیلی دو تولہ ملاکر لگاوین **ایضاً** برگ حنا سے تازہ خشک ایک چھٹانک پانی مین پیسکر صندل سرخ دو تولہ چربی تین تولہ مائدہ گندم آدھ پاؤ روغن بیلا دو تولہ باہم ملاکے لگاوین۔

باب ۲۰ - حرف الفاء

فضل ۱۲۷ فالودہ مین دستور اُسکے بنانیکا یہ ہے کہ جملہ اجزا کو ملاکی پکانے ہین **فالودہ** کہ اسہال ودمے وبواسیر خونی وکثرت طمث کو دفع کرتا ہے **ص** نشاستہ گندم چھ تولہ صمغ عربی بریان تین تولہ دم الاخوین ایکتولہ کشنیز خشک مقشر ڈیڑھ تولہ بارتنگ صندل سفید نو ماشہ شکر وگھی بقدر مناسب ملاکر بشکل حلوا کے پکاوین و بقدر مناسب کھلایا کرین **فضل ۱۲۸** فتیلہ جات مین دستور فتیلے کا یہ ہے کہ کپڑے کی بتی دوار قیق مین تر کرکے خواہ کوئی اجزا باریک بھی اُسپر چھڑک کر مقام مرض پر رکھین **فتیلہ** کہ قرحہ کان کو دفع کرتا ہے **ص** زہرہ گاؤ دو جز شہد خالص ایک جز باہم ملاکر فتیلہ اُسمین تر کرین اور ایسا کان مین رکھین کہ قرحہ تک پہونچے **ایضاً**

فتیلہ شہد مین تر کرکے پھٹکری خام اسپر چھڑک کر **فتیلہ** کہ کان کے درد کو اور رطوبت اور میل آنے کو دفع کرتا ہے **ص** کاغذ سوختہ شہد زردہ تخم مرغ ملا کے فتیلہ تر کرین و پھٹکری و صبر دودم الاخوین سفوف کرکے چھڑکین **ایضاً** روغن نیب و شہد باہم ملا کے **فائدہ** ایسا ہی فتیلہ اجزاے مناسب یا مرہم سے زخمہاے ظاہر مین جو زخم پاپھوڑے سے ہوجاتے ہین یا اودیہ لگانے کے عمق تک نہین پہونچے رکھے جاتے ہین **فصل ۲۹** افزرجہ اے مین **دستور** فرزبہ نین طرح پر ہے **ایک** مثل فتیلہ کے **دوسرے** یہ کہ دوا کے سفوف کی چھوٹی پوٹلی باندھکر زخم کے منہ پر پہونچا دے **تیسرے** فتیلہ کے اندر سفوف دوا کا رکھکر فتیلہ بنا دین رکھین مگر ہر حال مین کپڑا اس قدر لانبا باہر سے ہونا چاہیے کہ بروقت نکالنے کے کھینچ لیا جاوے **فرزجہ** کہ اخراج جنین مردہ و ادرار حیض کرتا ہے **ص** تخم خطمی خربق سیاہ مورج نوشادر مزر بوزن مساوی سفوف کرکے روغن بید انجیر اور زہرہ گاؤ مین ملا کے فتیلہ اس مین آلودہ کرکے رکھین **فرزجہ** کہ ادرار حیض کرتا ہے **ص** سداب مرابہل رازیانہ تخم مرو بوزن مساوی زہر گاؤ کے ساتھ **فرزجہ** کہ خون حیض کو قطع کرتا ہے **ص** کاغذ صمغ عربی مساوی **ایضاً** مردار سنگ گلنار گل ارمنی سنگ سرمہ مساوی الوزن **ایضاً** مازو سوختہ دم الاخوین برگ کنار گل ارمنی گل سرخ سفوف کرکے کپڑا کہ جوشاندہ پوست انار مین تر کیا ہو آلودہ کرکے رکھین **فرزجہ** کہ فرج کو تنگ کرتا ہے **ص** اقاقیا سعد کوفی سنبل الطیب بوزن مساوی سفوف کرکے کپڑا کہ جوشاندہ پوست انار مین تر کیا ہو سفوف مین آلودہ کرکے رکھین **ایضاً** گل وھا و مازو دین پھل دوا مین دو چند بوزن مساوی سفوف کرکے باریک کپڑے مین رکھکر بتی بنا کے رکھین **ایضاً** عود ہندی ناگر موختہ زرد چوب قرنفل اقاقیا بوزن مساوی **فرزجہ** کہ فرج کو تنگ اور رطوبت اسکی خشک کرتا ہے **ص** مازو سبز جوکا جنت الحدید چار چار ماشہ گلنار دو حصہ ملبوط تین تین ماشہ **ایضاً** مازو سبز ال سفید آملہ پوست ہلیلہ زرد پوست بلیلہ دو دو ماشہ قرنفل پانچ عدد **فرزجہ** کہ فرج کو تنگ و خوشبو کرتا ہے **ص** زعفران سعد کوفی عود ہندی قرنفل تین تین ماشہ قفاح اذخر مازو سبز پانچ ماشہ عنبر اشہب خالص چار چار ماشہ **فرزجہ** کہ ورم رحم کو تحلیل کرتا ہے **ص** مقل ازرق تخم خطمی تخم السی تین تین ماشہ چربی مرغکی قدری شہد ملا کے **ایضاً** از زدوت دم الاخوین گل ارمنی بوزن مساوی آب بارتنگ مین گھولکر **فرزجہ** کہ درد رحم و رطوبت گندہ اسکی کو دفع کرتا ہے **ص** باورنگ کھٹ دریا پھل ماشہ بہروزہ خشک نو ماشہ نمک لاہوری تین ماشہ سفوف کرکے پوٹلی بنا کے

دہن رحم پر رکھین **ص** اجمودھا بادیرنگ ہر روزہ خشک تین تین ماشہ تخم سودہ تک لاہوری ڈیڑھ ڈیڑھ ماشہ سفوف کرکے شہد مین سان کر کپڑے باریک مین رکھکر **فرزجہ** کہ خارش رحم کو دفع کرتا ہے **ص** سداب پودینہ پوست انار عدس مقشر مساوی گلاب مین پیسکر تھوڑا سرکہ ملاکے **فرزجہ** کہ عقم کو دفع کرتا ہے **ص** جوز بوا مین پیسکر پوست انار بوزن مساوی کو مکر حیجان کر پانی مین شیاف بنا دین بعد ظہر کے تین شبانہ روز رکھین تجدید کرکے اوسکے بعد مجامعت کرین **ایضاً** پشک خرگوش دنبیرا خرگوش برابر ہم سفوف کرکے شہد ملاکے تین شبانہ روز رکھین تجدید کرکے ازان بعد مباشرت کرین **فصل ۱۳۲** افتمای مین شیخ الرئیس نے قانون مین لکھا ہے کہ افتمای یاد کرتا ہے یاد دلانے دنیا ہے سرعت زوال کو **ص** فلفل گرو زنجبیل سنبل الطیب جوزبوا ایک ایک تولہ خبث الحدید دو تولہ تخم خربق سفید ڈیڑھ تولہ قرنفل ڈیڑھ تولہ لسان العصافیر مغز چلغوزہ مغز پستہ سوا سوا تولہ نیم کرفتہ کرکے ایک تھیلی کپڑے مین رکھکر ظرف گل مین وہ چند دہی مجموع کے ساتھ تھیلی کو ڈالکر نصف اسکا آب کاسہ ڈالکر دھوپ مین رکھین تھیلی کو مذبتا ہتھ دیا کرین جب جوش آوے دو متغیر ہو جاوے تب تھیلی نچوڑکر دفع کرین دادو یہ بچا کر شیشون مین رکھ رکھ لیوین بقدر مناسب پیا کرین **فصل ۱۳۳** آفلونیا مین فلونیا مجنون ہے اولاً حکیم افغان رومی نے ترتیب دیا دفلونیا رومی اوسکا نام رکھا ازان بعد حکماے دیگر نے بھی فلونیا کے نام سے معجونات مرتب کیے **فلونیاے رومی** کہ نزلہ کو بازر کھتا ہے دوردون کو ساکن کرتا ہے وقی الدم واسہال دموی و ہیضہ و سیلان طمث کو دفع کرتا ہے **ص** فلفل سفید دارفلفل مذبر البنج مقشر بیس بیس ماشہ افیون دس ماشہ زعفران پانچ ماشہ تخم کرفس کوہے عقرقرحا چھ چھ ماشہ سافرج ہندی سنبل الطیب سلیخہ تین تین ماشہ کوٹ چھان کر شہد دو چند ان مین مخلوط کرین **فلونیاے فارسی** کہ تقویت دماغ و حافظہ و دفع دردسر و اسہال و آمدگی خون استاد و تقویت و تحلیل مزاج اسکی و محافظت جنین و اندفاع عتے و اسہال و تسکین مدرون کی کرتا ہے **ص** فلفل سفید مذبر البنج میں بیس ماشہ افیون گل مختوم دس دس ماشہ زعفران پانچ ماشہ سنبل الطیب عقرقرحا دو دو ماشہ چند بید سترنر زباد دو دانگ ایک ایک ماشہ مروارید نافہ مشک چار چار رتی کافور ڈیڑھ ماشہ عدد ستور دو چند ان شہد مین بنا دین واضح ہو کہ یہ دونون فلونیا کی خوراک چھ مہینے بعد بیماری سے چار رتی سے ایک ماشہ تک ہے اور واسطے درد معدہ کے ساتھ جوشاندہ انیسون کے واسطے امراض طحال کے ساتھ سکنجبین کے ورد گردہ و

ومشانہ کے ساتھ جوشاندۂ بادیان کے واسطے بازکنے خون کے ساتھ جوشاندۂ سماق کے چاہیے اور یہ دونون فلونیا نسبت نشد و تحدید کے مفسد ذہن ہین جب تک حاجت قوی نہ ہو اسکا استعمال کرنا نہین سنین ہے وبحالت استعمال کے اغذیۂ شیرین وچرب کھانا لازم ہے اور چار سال تک انکی قوت رہتی ہے **فلونیای محمودی** منشی ومقوی ومحلل ریاح ومسکن اوجاع ہے **ص** افیون وفلفل سیاہ تین تین ماشہ سنبل الطیب اسارون بسباسہ دانہ الائچی سفید زراوند چینی مصطگی ریوند چینی زنجبیل افتیمون دودو ماشہ تخم کرفس زعفران گل سرخ چوچو ماشہ عنبر اشہب ایک ماشہ مشک چار سرخ ورق طلا پچاس عدد ورق نقرہ سو عدد شہد سہ چندان **فائدہ** استعمال فلونیا کا قولنج مین باندانے درد کرکے غیر مناسب ہے اسوجہ سے کہ اکثر اجزاے حابسہ شامل ہین اور مورد قولنج ہوتا ہے **فصل ۳۲** اقراذین مین **فلدفنون** حکیم علی گیلانی نے اپنی شرح مین لکھا ہے کہ واسطے ورم وقرحہ مسوڑھون کے وجنبش دانتون کے مفید ہے **ص** اقاقیا ایک تولہ ارمنی شب یمانی نوشادر بادیان دانہ الائچی سرخ فوفل سوختہ سات سات ماشہ کوٹ چھان کر قرص بنا رکھین وقت حاجت کے گھسکر مسوڑھون پر چپکا دین **فصل ۳۳** افادیقون مین **فنادیقون** ترکیب قدیمہ سے ہے دردمعدہ وامعا کو کہ ہیجان وبرودت سے ہو دفع کرتا ہے دنبق کو مفید ہے **ص** زعفران تخم سداب تخم کرفس زنجبیل بودینہ کوہی مغز بود دو تولہ فلفل وراز ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ شہد دوچندان مین معجون بنا دین **فصل ۳۴** افودبخی مین **فودبخی** دردمعدہ وجگر کو کہ بسبب برودت کے ہو تپ ہاے بلغمی وکہنہ وتپ ربع کو مفید ہے **ص** پودینہ کوہی پودینہ بستانی خطمی اسالیون دو دو تولہ تخم کرفس بابونہ حاشا آنحہ آنحہ ماشہ فلفل سیاہ چار تولہ ساتھ سہ چندان شہد کے بدستور معجون بنا دین **فصل ۳۵** افیزوریوبس **فیزوریوبس** مقوی معدہ وباہ ودافع سرعت انزال ہے **ص** پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی شیطرج ہندی تخم کرفس دانہ الائچی سفید قسط شیرین سلیخہ قرنفل بسباسہ خولنجان ایک تولہ پوست ہلیلہ آملہ نانخواہ فلفل دراز تودری سرخ تودری سفید قرفہ سنبل الطیب جوزبوا زنجبیل فلفل مومہ نونو ماشہ نبت الحدید مدبر نصف وزن جملہ اجزا کے کوٹ چھان کر روغن گاؤ مین چوتھا رم حصہ جملہ اجزا کا ہوے چرب کرکے دونیم چند شہد کے ساتھ معجون بنا دین وچھ مہینے کے بعد بقدر مناسب استعمال کرین ساتھ نبیذ مویز یا شیر گوسفند کے

باب ۲۱ حرف القاف

فصل ۱ قرصہائے دافع اقسام صداع و سرسام و حمیات و امراض اعضائے صدر و آلات تنفس مین دستور ربانے قرص کا مثل حبوب کے ہی و انتفاع اس شکل سے سوائے تحفظ قوت کے ظاہرا دوہی فائدہ ہین ایک جلدی خشک دوسرے بآسانی ٹوٹنا **قرص** مثلث یعنے سہ گوشہ اس شکل کے بنانے سے ظاہرا یہی مطلب معلوم ہوتے ہین کہ گوشہ دار چیز بآسانی نگلی جاتی ہین الغرض مشیانی وکنپٹی پر طلا کرنے سے درد سر و درد دنیم سر و بیخوابی دفع ہوتی ہے امراض باردہ مین ساتھ آب برگ حنا و آب مرزنجوش و مثل اسکے حارہ مین بآب لیمون یا آب کشنیز یا سرکہ یا آب کو کنار و مانند اسکے گھسکر طلا کرین **ص** مرکی افیون بذر البنج کافور زعفران عنبر لاذن پوست بیخ تفاح دس دس ماشہ کند ناراز روت آملہ تخل ارمنی ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ سفوف کرکے عرق گلاب مین بناوین **قرص** کہ صداع و سرسام و تپ و کھانسی و یرقان و تشنگی کو دفع کرتی ہے و خواب لاتی ہے **ص** مغز تخم کدوے دراز مغز تخم خیارین تخم کاہو دو دو تولہ رب السوس نشاستہ گندم کتیرا ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ افیون ایک ساتھ لعاب اسبغل سے بناوین **قرص** کہ سرفہ و آماس جگر کو مفید ہے **ص** لک معنسوں تخم کاسنی بادیان تخم خرفہ تخم خشخاش خبیث عربی رب السوس مغز تخم خیارین مغز تخم کدوے دراز نو نو ماشہ ریوند چینی تخم کشوث چھ چھ ماشہ طباشیر کبود تین ماشہ **قرص** بنفشہ کہ خشونت سینہ و سرفہ و ذات الجنب و سل و اسہال صفراوی کو دفع کرتا ہے **ص** گل بنفشہ و برگ بنفشہ ایک ایک تولہ سقمونیا بریان چار ماشہ رب السوس کتیرا نشاستہ چھ چھ ماشہ نبات سفید ڈیڑھ تولہ لعاب اسبغل مین بناوین **قرص سرطان** کہ سل و دق و لفت الدم کو دفع کرتی ہے **ص** سرطان محرق اڑھائی تولہ طباشیر کہربا یوست خشخاش بودادہ کافور سنگ جراحت گل ارمنی تین تین ماشہ گندم مغز تخم خیارین ایک ایک تولہ کل سرخ رب السوس کتیرا ضمغ عربی بریان تخم خرفہ بریان نو نو ماشہ افیون ایک ماشہ ساتھ لعاب بہدانہ کے بناوین **قرص صندل** کہ حمیات حادہ و تشنگی و گرمی جگر و معدہ و خشکی زبان و صعوبہ و ابخرہ صفراوی کو دفع کرتی ہے **ص** مغز تخم خیار دراز کافور کتیرا پانچ پانچ ماشہ صندلین نو نو ماشہ رب السوس تخم خرفہ کتیرا گل سرخ طباشیر سفید چار چار ماشہ ساتھ لعاب اسبغل کے بناوین و آب انار شیرین یا آب سیب ساتھ کھائین **قرص طباشیر** خالص کہ تشنہ و اسہال صفراوی کو نفع کرتی ہے **ص** طباشیر گل سرخ تخم کاسنی تخم کاہو تخم خرفہ سماق چھ چھ ماشہ

گلنار صندل سفید تخم خبکا کاذر تین تین ماشہ افیون ڈیڑھ ماشہ **قرص** طباشیر لین کہ پیاسے مزمنہ کو
دفع و تقویت معدہ و تسکین حرارت کی کرتا ہے **ص** طباشیر سفید سات ماشہ گل سرخ نو ماشہ زرشک
چھ ماشہ مقل نیاے بریان تین ماشہ ساتھ آب برگ کاسنی کے بناوین **قرص** کہ یرقان و پت ہاے گرم کو
مفید ہے **ص** زرشک تخم کاسنی گل سرخ مغز تخم خربزہ مغز کدوے دراز صندل سفید نو نو ماشہ کتیرا کاذر
رب السوس تین تین ماشہ ساتھ لعاب اسبغول کے بناوین **قرص** کحل کہ کھانسی و نمونک مین
خون کو دو اسیر خونی کو دفع کرتی ہے **ص** شاخ گوزن سوختہ سوختہ اقاقیا پرسیاوشان گلنار مازو بیخ انجبار
نو نو ماشہ سرمۂ اصفہانی تین ماشہ دم الاخوین چھ ماشہ ساتھ آب بارتنگ کے بناوین **قرص کہربا**
کہ خون تھوکنے و اجراے خون بواسیر کو دفع کرتا ہے **ص** کہربا تخم خرفہ ایک ایک تولہ شاخ گوزن سوختہ کتیرا
صمغ عربی کشنیز خشک بریان تخم خشخاش سفید چھ چھ ماشہ نشاستہ نو ماشہ آب بارتنگ بناوین **فصل**
۱۳۷ اقراص نافع امراض معدہ و جگر طحال و حرارہ و حمیات سوداوی مین **قرص عافث**
کہ یرقان و درد جگر و طحال و تپ کہنہ و تپ ربع کو دفع و سدۂ احشا کی تفتیح کرتی ہے **ص** عصارۂ غافث
اڑھائی تولہ سنبل الطیب دو تولہ طباشیر سفید ایک تولہ **قرص لک** کہ استسقاے لمی کو مفید و مفتح سدۂ
احشا کی ہے **ص** لک مغسول دو تولہ ریوند چینی ایک تولہ اسارون سنبل الطیب مصطگی تخم کرفس انیسون
نانخواہ اذخر مغز شیرین فلفل سیاہ زنجبیل چھ چھ ماشہ **قرص گل سرخ** کہ استسقاد
امراض معدہ و جگر و طحال و اسہال کو مفید ہے **ص** گل سرخ ایک تولہ گلنار زرشک سماق کرنا
تخم حماض تخم کاسنی فرنجمشک تخم خربزہ چار چار ماشہ سعد فقاح اذخر سنبل الطیب ریوند چینی لک مغسول
بیخ کبر کا دو دو ماشہ افیون ایک ماشہ **قرص** فوہ کہ ورم طحال کو مفید ہے **ص** مجمیہ ایک تولہ زراوند
طویل دو ماشہ ریوند چینی تین ماشہ سہاگہ بریان دو ماشہ دو عدد انجبار سرکہ مین پیسکر اس مین ملا کے قرص بناوین
قرص اسطنتین کہ درد ورم معدہ لا کو مفید ہے **ص** اسطنتین رومی انیسون تخم کرفس بوزن مساوی
قرص مصطگی کہ قے و ہچکی و استلاق کو مفید ہے **ص** عود خام مصطگی ایک تولہ پوست بیدون پستہ دو دو
گل سرخ دو دو ماشہ **قرص زنجبیل** کہ اسہال پیش کو مفید ہے **ص** زنجبیل بیل گری کشنیز خشک
زال سفید بوزن مساوی بناوین **فصل ۱۳۸** اقراص دافع امراض آلات بول مین **قرص**
ذیابطیس کہ مرض ذیابطیس ہر قسم کو دفع کرتی ہے **ص** طباشیر پانچ ماشہ تخم خرفہ تخم کاہو سات سات ماشہ

تخم خاص گل سرخ کتیرہ مشک گل ارمنی تین تین ماشہ صندل سفید گلنار سماق دو دو ماشہ کافور چار سرخ
آب برگ خرفہ بناوین و آب انار شیرین کھاوین **قرص کل کنج** کہ ریم و قرحۂ گردہ و مثانہ و حرقت بول کو دفع
کرتی ہے **ص** مغز تخم خیارین مغز تخم خربزہ تخم خرفہ چار ماشہ گل سرخ طباشیر گل ارمنی صمغ عربی نشاستہ دم الاخوین
دانۂ خشخاش سیاہ تین ماشہ مغز بادام شیرین مغز چلغوزہ دس دس ماشہ کا کنج ایک تولہ ساتھ لعاب بہیدانہ کے
بناوین **قرص کہربا** کہ بول الدم کو نفع کرتی ہے **ص** کہربا پانچ ماشہ گلنار کندر سماق صمغ عربی تین
تین ماشہ افیون چار سرخ **قرص لبوب** کہ قروح گردہ و مثانہ کو ریم سے پاک و مندمل کرتی ہے **ص**
نشاستہ ایک تولہ تخم خطمی تخم خبازی تخم خربزہ تخم کرمس بادیان تین تین ماشہ مذر البنج افیون ایک ایک ماشہ
مغز فندق مغز بادام شیرین مغز تخم خیارین مغز تخم کنار مغز تخم خربزہ مغز تخم کدو سے شیرین مغز چلغوزہ
رب السوس تخم خاص گل ارمنی پانچ پانچ ماشہ ساتھ لعاب تخم السی کے بناوین **قرص**
ماسک البول کہ سلس البول و بول فراش کو دفع کرتی ہے **ص** کزانج اقاقیا پوست بلیلہ کا بلی کشنیز
بریان گلنار گل ارمنی جفت بلوط حب الآس مساوی **قرص** دافع سوزاک **ص** قلمی کشتہ سلاجیت کتیرا
گل ارمنی دانۂ خشخاش سفید صمغ عربی مغز تخم خیارین تخم خربزہ مغز تخم کدو سے شیرین بوزن مساوی ساتھ
لعاب اسپغول کے بناوین ساتھ شیر گاؤ آب آمیختہ کے کھاوین **فصل ۳۹** اقطور مین **دستور**
قطور کا دوا رقیق کو شکاف بدن یا زخم یا قرحہ یا ناصور مین پچکانا ہے گر کان مین دوا بارد بالفعل پچکانا ممنوع ہے
قطور کہ قرحۂ کان کو نفع و چرک و ریم کو دفع کرتا ہے **ص** صبر از روت کف دریا بورۂ ارمنی دم الاخوین کندر
کندر مساوی الوزن پانی مین پیسکر دو تین قطرے سرکہ ملا کے کان مین پچکاوین و بعد ساعتے دفع کرین
قطور کہ درد حار کان کو دفع کرتا ہے **ص** افیون ایک ماشہ روغن گل دو تولہ مین گھول کر چند قطرہ
سرکہ مین ملا کے پچکاوین **قطور** کہ درد شدید کان کو دفع کرے **ص** کافور افیون مساوی شیر دختر یا
شیر زمین گھول کر پچکاوین **قطور** کہ آواز گوش کو دفع کرے **ص** کندر زعفران مساوی شراب
مین گھول کر پچکاوین **ایضاً** قرنفل تین عدد دو تولہ آب مرزنجوش مین گھسکر پچکاوین **ایضاً** خربق سفید دو
ماشہ جندبیدستر ایک ماشہ پانی مین گھول کر قطرہ چند سرکہ ملا کے پچکاوین **قطور** کہ سوزاک و قروح
مثانہ و اعلیل کو مفید ہے **ص** صمغ عربی دو ماشہ نشاستہ گندم چار چار ماشہ شیر دختر یا شیر زمین
حل کرکے **ایضاً** پوست خشخاش نشاستہ رب السوس مساوی الوزن شیر زمین مین پیسکر چھانکر پچکاوین

فصل ۱۴۰ قروطی یعنی موم روغن مین اصل ترکیب قروطی کی اسی قدر ہی کہ روغن مناسب لین موم کو گداخت کر لیتے تھے مگر اب اور اجزای مناسب بھی مخلوط کیے جاینگے وطلاے قلیل المقدار لگانا چاہیے

قروطی دافع قروح ناک کے **ص** موم زرد ایک تولہ روغن گل تین تولہ مین گداخت کرکے مرار سنگ دو ماشہ قلمی کشتہ چار ماشہ مخلوط کرین **قروطی** کہ قروح خشک وریشہ کو دفع کرے **ص** روغن چنبیلی دو تولہ آگ پر رکھے موم زرد ایک تولہ مغز ساق نرایک تولہ کتیرا چھ ماشہ حل کرین **قروطی** کہ شقاق لب دست وپاے کو دفع کرے **ص** روغن گل تین تولہ آگ پر رکھ کر موم زرد ڈیڑھ تولہ چربی مرغابی ایک تولہ کتیرا تین ماشہ ملاکے بناوین **قروطی** کہ ذات الجنب وذات الصدر کو دفع کرے **ص** روغن بنفشہ پانچ تولہ آگ پر رکھکر موم سفید دو تولہ کتیرا نو ماشہ ممزوج کرین **ایضاً** برگ بنفشہ صندل سفید تخم خطمی اکلیل الملوک آرد جو سبوس گندم بوزن مساوی کوٹ چھان کے موم روغن مین کہ روغن بنفشہ یا روغن گل یا روغن کنجد سفید مین بنا پاہو دے مخلوط کرین **ایضاً** گل بنفشہ اکلیل الملک گل بابونہ تخم خطمی اسپغول گل سرخ نو نو ماشہ پانی مین جوتیں کرکے صاف کرین وپانچ تولہ روغن کنجد ملاکے پکاوین جب پانی جل جاوے دو تولہ موم زرد داخل کرین **قروطی** دافع ضیق النفس بارد **ص** موم زرد تین تولہ روغن کنجد سیاہ چھ تولہ مین گداخت کرکے وجلسہ نو ماشہ کلونجی **اصل السوس** چار چار ماشہ عقرقرحا دو ماشہ کوٹ چھان کے مخلوط کرین **قروطی** دافع ضیق النفس وسعال حار **ص** کاہو کشنیز دو تولہ گل نیلوفر برگ بنفشہ ایک ایک تولہ پانی بیس مچھان کر روغن کنجد سفید چھ تولہ مین پکاوین جب پانی جل جاوے موم سفید اڑھائی تولہ داخل کرین **قروطی** نافع ورم حضیہ **ص** موم زرد دو تولہ روغن گل چار تولہ مین گداخت کرکے مقل ارزق کند چار چار ماشہ مخلوط کرین۔

باب ۲۲ حرف الکاف

فصل ۱۴۱ کاجل مین دستور کاجل کا یہ ہے کہ اجزاے دوائیہ کو باعانت کسی تیل وتی کے جلاکر اسکا دھوان سر پوش گلی خام مین لینا **کاجل** کہ پھلی وڈھلکا دجالا فاختہ کو دفع وتقویت نوت باصرہ کی کرتا ہے **ص** امیران چینی قرنفل سنگ بصری سنگ سرمہ سفید ایک ایک ماشہ زرد چوب بیخ گلاب مغز تخم کھرنی کونپل انار کونپل بکائن تین تین ماشہ سفوف کرکے روغن گاؤ دو تولہ مین سان کر پارچہ رنگ معصفر مین لپیٹ کر فتیلہ بناوین وروغن تلخ کے ساتھ چراغ مین روشن کرکے ظرف خام مین

کاجل لیوین **کاجل** کہ تقویت بصر و روشنی آنکھ کی کرتا ہے و دفع خارش چشم کو بہت مفید ہے **ص** نرگس کے پھول یا بکائین کے پھول روئی مین لپیٹ کر روغن سرشف سے چراغ مین جلاوین و دھوان اسکا سفید خام مین لیوین اور کپڑے کی پوٹلی مین سخت باندھکر چالیس روز تک بادیان کے پانی مین تری رکھین اوسکے بعد نکالکر رکھ لین و لگایا کرین **کاجل** کہ بال بروں کی جاتا ہے و سرخی آنکھ کی جو آشوب کے بعد رہتی ہے یا زردی جو بیماریون سے آنکھ مین ہو بہ باقی ہی دفع کرتا ہے **ص** نبدال تازہ کچلکر نچوڑین اور اُس پانی مین تین چار بار کپڑا تر و خشک کرکے آبنہ ہلدی الکیتولہ پھٹکری سفید نوشادر سفوف کرکے پیسین و روغن سرشف کے ساتھ چراغ مین جلاکے بدستور کاجل لیوین **ایضاً** آبنہ ہلدی کو بادیان کے پانی مین پیسکر گیرو رنگ کر کپڑے مین چند جارہ خنکبوت جو مثل کاغذ کے دیوارون مین لگاتی ہی آلایش صاف کرکے مکین و روغن سرشف سے چراغ مین جلاکے بدستور کاجل لیوین **فصل ۱۴۲** کبوس مین **طریق** کبوت ہی کہ دوا تر یا خشک کو پیسکر بڑی یا چھوٹی ٹکیہ بناکے نیم گرم خواہ سرد مقام مرض پر رکھکر برگ تازہ و مناسب اُسپر چپکاکے کپڑے سے باندھنا تاکہ رطوبت دوا کی دیر تک عضو پر رہے **کبوس** کہ استرخاے مقعد کو مفید ہے **ص** حنظل بلوط کندر گھریا چاندی تین تین ماشہ سفوف کرکے برگ تازہ ببول دو تولہ پیس کر ملا دین و سرد باندھین **کبوس** کہ مربع مقعد کو دفع کرے **ص** برگ انار برگ کنار ایک ایک تولہ بھانگ دو تولہ آبنہ ہلدی دو تولہ سبز چھ چھ ماشہ بعد داخل کرنے مقعد کے باندھین **کبوس** کہ دردِ بیمی ہر مقام کو مفید ہے **ص** گلکان تین جزو و تاکہ خورد نی ایک جز پیسکر شیر گرم باندھین **کبوس** کہ اکونہ کو دفع کرے **ص** کلی سیاہ تل کی و ریگ دریاسار پانی مین ٹکیہ بنا کر باندھین چار پہر کے بعد تجدید کرین **فصل ۱۴۳** کحلہاے مین دستور بنانے کحل یعنی سرمہ کا بانواع مختلف ہے مگر قاعدہ کلیہ یہی ہے کہ ادویۂ خشک خواہ کسی پانی کے ساتھ ملا کر خشک کرکے مکرر صلایہ کرکے آنکھ مین لگایا جاوے **کحل** قاطع و دافع آنکھ کی پھلی **ص** کلی تازہ کنجد سفید کلی تلزہ چنبیلی مرچ سیاہ چار چار تولہ پھٹکری بریان سات تولہ خوب کھرل کرے پھر خشک کرکے کحل کرین **کحل** کہ پھلی و جالا و ڈھلکہ و دُھند و خیالات و ابتداے نزول رطوبات کو دفع و تقویت بینائی کی کرتا ہے **ص** سنگ سرمہ آب بادیان مین تین بار بجھاکے ڈیڑھ تولہ استخوان سوختہ خرما ایک ماشہ سافج چار رتی بسباسہ دو ماشہ بدستور صلایہ کرکے استعمال **کحل** کہ جالا و ڈھلکہ کو دفع کرے و تقویت ابصر کی کرتا ہے اور امراض مذکور کو بھی مفید ہے **ص** صدف سوختہ طوطیاے مغسول نبات سفید بوزن مساوی

بنا دین **کحل الجواہر** کہ قوت بصر کو زیادہ دو دھندھ و سیلان رطوبت دآنے چرک کو دفع کرتا ہے **ص**
مروارید ماشہ ایک ماشہ مرجان دو ماشہ فیروزہ لاجورد منسول یاقوت رمانی عقیق سرخ چار چار
سرخ ورق طلا ورق نقرہ پانچ پانچ عدد تین روز عرق کیوڑے مین صلایہ کرین اسکے بعد مامیران چینی
دو ماشہ سنگ بصری تین ماشہ توتیا چھ رتی زعفران دو ماشہ سانبھر ہندی کافور ایک ایک ماشہ مرچ سیاہ
چار سرخ سنگ سرمہ دو تولہ ملاکے آب بادیان ملاکے ڈالکر آٹھ آٹھ پہر صلایہ کرین **کحل مامیران** کہ
خارش چشم و دھندھ و دھلکہ کو دفع کرتا ہے وہان بروتی کے جاتا ہے وقوت باصرہ کی زیادہ کرتا ہے **قص**
کی دو پھٹکری بریان مامیران چینی گھسیا چاندی و سونے کی پوست پیلپل چار چار ماشہ نوسادر معدنی سانبھر
بسباسہ تین تین ماشہ فلفل سیاہ کافور چھ ماشہ توتیا طباشیر کبود کشتہ رانگا ایک ایک ماشہ سنگ سرمہ سیاہ
دو تولہ زہرہ بز ایک عدد آب بادیان مین آٹھ پہر صلایہ کرین **کحل حشبام** کہ آشوب چشم و اجرائے
اشک و کوئی چشم اطفال کو دفع کرتا ہے **ص** حشبام یعنی چاکسو دو تولہ ایک پوٹلی مین باندھکر گدھی کی لید
یا دال ماش مین پانی ڈالکر پکاوین و مقشر کرکے خشک کرین و باضافہ سنگ بصری چھ ماشہ پھٹکری بریان
چار ماشہ رسوت تین ماشہ سنگ سرمہ نو ماشہ بدستور سرمہ بنا دین **کحل** کہ شبکوری و جالا و دھلکا و
عنابر و رد کنہ دنانہ و پھلی کو دفع کرتا ہے **ص** مرچ سیاہ تین ماشہ زہرہ بز مین تشیہ کرکے و سنگ بصری چھ
ماشہ چار بار آب بادیان مین بجھا کر مغز تخم کھرنی دو ماشہ مغز چنبیلی ایک تولہ آب بادیان مین صلایہ کرین **فصل**
۴۴ الکاد یعنی سینک مین **طریق** کما دکایہ ہے کہ دوا خشک کو نیکوب یا سفوف کرکے بمنبہ یا کسی
روغن مین چرب کرکے خواہ اجزائے مطروب کو کچل کر دو پوٹلی کپڑے کی باندھ کر نیمگرم کیے بعد دیگرے عضو
ماؤف پر رکھنا یا دوا کے پانی مین کپڑا تر کرکے نیمگرم سینک کرنا یا دوا کا پانی گرم تو تل خواہ شانہ جانو زمین
بھر کر سینکنا کما دکہ در دیم سر و درد ہائے شدید و ریاح غلیظ کو دفع کرتا ہے **ص** برگ دونا مروا گل بابونہ
برگ تلسی کچل کر کپڑے کی پوٹلی مین باندھکر نیم گرم کرکے سنکین کما دکہ بکالت سکتہ کے سکتہ کو
نفع کرتا ہے **ص** فرفیل بسباسہ جوزبوا عقرقرحا چھ چھ ماشہ نمک خرد دو تولہ سفوف کرکے آرد ماجوا
پاؤ بھر ملاکے دو پوٹلی بناکے پس سر و گردن سینکین کما دکہ ور دریحی معدہ کو دفع کرتا ہے **ص**
تا کخواہ زیرہ سفید بادیان اجوائن خراسانی دو تولہ نمک کھاری چار تولہ سفوف کرکے آدھا پاؤ بسوس
گندم مین ملاکے **ایضاً** اجوائن نمک سبوس گندم بقدر مناسب مخلوط کرکے سینک کرین

کماد کہ تحلیل ریاح و دفع درد احشا و مراق کی کرتا ہے **ص** برگ شبت تازہ پودینہ تازہ دو دو تولہ افسنتین بادیان تخم کرفس ایک تولہ پانی مین جوش دصاف کرکے شانہ کو سپند یا تولہ مین بھر کے سینک کرین **کماد** کہ درد جگر و طحال کو مفید ہے **ص** برگ کدو کے برگ کاسنی برگ سپستان برگ سداب بقدر مناسب جوش دیکر سرکہ خالص مین ملا کے کپڑا تر کرکے سینک کرین

باب ۲۳ حرف کاف فارسی

فصل ۱۴۵ گلقندون کے بیان مین **ترکیب** ابتدائی اسکی یہ ہے کہ گلاب کے پھول تازہ کو تہمد خالص مین مل رکھتی وا سکو گل انگبین کتے و بعرض تلیین طبیعت کے مکملاتے تھے جب دوسری شیرینی ملا کر بنائی جاینگے تب از نام گلقند موسوم ہوئی و علاوہ گل سرخ کے اور پھول سے بھی بنانے لگے مگر زیادہ تر رواج گل سرخ خواہ سیوتی کا ہے اور دستور اسکے بنانے کا یہ ہے کہ گل سرخ و گل سیوتی سے ہری پنکھڑی وزیرہ دفع کرکے شکر سفید یا سرخ یا نبات سفید یا قند سفوف کرکے یا شہد خالص مین ملکر مخلوط کرین اور شیرینی ہم وزن پھولونکے دو نیم چند تک اولی ہے اور چہار چند تک چائز ہے اور شیرینی ہم چند سے جسقدر زیادہ ملائی جاتی ہے ویسا ہی علی الترتیب قوت گلقند کی کم ہوجاتی ہے اور شہد کے ساتھ بنانے سے قوت مسہلہ ملینہ افراج فضلات اعضاے تنفس کی زیادہ ہوجاتی ہے اور گلقند دو قسم ہے ایک آفتابی دوسرا آبی تتم اول مین تلیین زیادہ قسم دوم مین تبرید و تطیب زیادہ ہے تدبیر قسم اول کی یہ ہے کہ پھولون کو شیرینی مین ملکر دو ہفتہ تک دھوپ مین رکھین اور اس اثنا مین دو تین بار خفیف سے مالش کردین تدبیر قسم دوم کی یہ ہے کہ پھولونکو شیرینی مین ملکر ایک ظرف مین رکھین کہ چہارم اُس کا خالی رہے و ظرف کو سربستہ کرکے تین ہفتہ تک تا بگلو پانی مین ڈوبا رکھین اور اگر پھول تر و تازہ بہم نہ پہونچین تو پھول خشک کو تھوڑے عرق گلاب مین یا کسی دوسرے عرق مناسب مین کچھ دیر تک ایسا کرین کہ عرق پھولون مین جذب ہوجاوے تب شیرینی مین ملکر بدستور مذکورۂ بالا مرتب کرین **گلقند مطلق** مقصود اس سے گلقند گلاب کے پھول کا ہے دافع مضرات صفراوی و مفرح و ملین طبع و دوسرے اجزاے مناسب کے ساتھ مسہل اخلاط ملینہ و مجرح سدۂ امعاء دافع قولنج و مغص و درد معدہ ہے شیخ بوعلی نے اپنی تصانیف مین لکھا ہے دیکھا ہے ایک عورت جوان مبتلا بق شروع تھی دوسرے درجے مین پہنچے مداومت کرائی صرف گلقند کی یہان تک کہ غذا مین بھی اکثر شامل کیا مدت ایک سال صحت کلیہ پایا و تولد و تناسل

اُس سے ہوا **گلقند سیوتی** تفریح طبع و دافع وسواس و توحش و خفقان و مالیخولیا ہے مراقی ہے بدستور گلنار آفتابی یا آبی کے بناوین **گلقند گرہل** دافع خفقان و توحش طبع و مولد خون صالح و دافع مضرت صفراوی و سوداوی ہے بدستور گلقند آبی کے بناوین نصف وزن پھولون کے آب لیمون کاغذی خواہ آب انار ترش ملاکے **گلقند خیارشنبر** ملین طبع و مسہل صفراوی ہے **ص** پھول تازہ خیارشنبر کا صرف پنجگنی ایلچی ہموزن شکر مسرخ مین ملاکے بدستور گلقند آفتابی کے بناوین **گلقند سیب** مصفی خون و دافع سوداوی امراض و مفتح سدہ ہاے عروق ہے **ص** پھول تازہ سیب ہموزن شہد خالص مین مخلوط کرکے بدستور گلقند آبی کے بناوین **گلقند خشخاش** جالس طبع و دافع اسہال و دافع نزلہ و مفید سرفہ رطوبی ہے **ص** پھول تازہ خشخاش ریزہ ریزہ کرکے سہ چند شکر سفید مین ملاکر تین روز تک آفتاب مین رکھین **گلقند حنا** مصفی خون و دافع نزلہ ہے **ص** پھول تازہ حنا کے ہم چند شہد خالص مین مخلوط کرکے تین روز تک آفتاب مین رکھین **فصل ۱۴۶** گھرے مین **دستور** اسکے بنانیکا یہ ہے کہ جزاے دوا یہ کو کسی دوا کے خواہ کسی چکنائی کے ساتھ ظرف ربخی خواہ مسی خواہ آہنی مین صلایہ کرکے رکھنا و بوقت حاجت آنکھ مین لگانا اور جب خشک ہونے لگے کسی دوا کی پانی سے ڈھیلا کر لینا **تکمرہ** کہ آشوب چشم و درد و احمرای اشک کو دفع کرتا ہے **ص** پھٹکری بریان تین ماشہ انیون چھ ماشہ ظرف ربخی مین دستہ آہنی سے آب لیمون کاغذی یا آب برگ کتھ ڈال کر چار روز تک صلایہ کرکے اٹھا رکھین **ایضاً** سوت پھٹکری بریان آنبہ ہلدی چھ چھ ماشہ لودھ تین ماشہ انیون دو ماشہ آب برگ انبلی ڈال کر پھول کے برتن مین تین روز تک خمرہ کلان سے رگڑین و رکھ لین **ایضاً** رتن جوت پھٹکری بریان لودھ تین تین ماشہ انیون دو ماشہ ظروف آہنی مین دستہ چوب تازہ نیب سے آب جوشاندۂ ترپھلا ڈال ڈال کر تین روز تک صلایہ کر رکھین۔

باب ۲۴ - حرف اللام

فصل ۱۴۷ البوب مین **دستور** بنانے لبوب کا اسطور پر اختراع ہوا تھا کہ بعض تخم کا شیرہ نکالکر شہد کے ساتھ قوام کرتے تھے ازان بعد معجونات مین کبھی شیرہ و کبھی نرم کوفتہ و کبھی تراشہ باریک مغزہاے تخمونکا خواہ میوہ جات کو داخل کرنے لگے **لبوب کبیر** کہ گردے کو گرم اور قوی قوت باہ و منی کو تازہ کرتا ہے اور دل او دماغ کو قوت اور بدن کو فربہی دیتا ہے اور فرحت اور نشاط لاتا ہے اور امر مجامعت و اصلاح منی و قوت اعضاے تناسل مین عدیم المثال ہے **ص** مغز پستہ مغز بادام مغز نارہیل مغز فندق

مغز اخروٹ مغز چلغوزہ مغز تخم کدو مغز پستہ دانہ خشخاش سفید کنجد سفید متشرر ہر ایک سے تین تین تولہ تخم گزر تخم خسخاش تخم ترب تخم پیاز تخم گندنا لسان العصافیر بلیون تخم ہالم ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ پانی مین ایسا پیسین کہ پارچہ بیزہ نہ کرنا پڑے اور اسکو قوام شکر سفید تین پاؤ اور شہد پاؤ بھر مین مخلوط کرکے پکا وین کہ پانی جل جاوے ایسا قوام سفوف خولنجان و شقاقل بہمنین و تودری مین و ثعلب مصری ایک ایک تولہ داخل کرین **لبوب صغیر** کہ منی کو زیادہ کرتا ہے و گردہ و مثانہ و باہ کو قوت خوب دیتا ہے **ص** شکر سفید و شہد خالص آدھ آدھ سیر باہم قوام کرین و سفوف دارچینی و خولنجان زنجبیل تخم ہالم بہمنین و تودری ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ پودینہ خشک ایک تولہ زیرہ سیاہ عقرقرحا جائفل جاوتری لونگ چھ چھ ماشہ کا ملاوین زان بعد مغز بادام شیرین مغز اخروٹ مغز نارجیل مغز فندق مغز چلغوزہ مغز پستہ تین تین ماشہ چوبچینی چھ تولہ نرم کوٹکر مخلوط کرین **لبوب بارد** نقصان باہ کو اگر حرارت سے ہووے دفع کرتا ہے **ص** نبات سفید ڈیڑھ پاؤ تربجبین خراسانی آدھ پاؤ شہد خالص پاؤ بھر شیرہ تخم خشخاش و کنجد سفید مغز سفید تخم کدو سے شیرین مغز تخم خربزہ مغز تخم خیار مین مغز تخم خربزہ تین تین تولہ ملاکے قوام کرین و سفوف ثعلب مصری و شقاقل مصری دو دو تولہ کا داخل کرین

فصل ۴۸ الخلوق مین طریق خلوق کا یہ ہے کہ اجزائے خوشبو کو پانی یا کسی عرق مناسب سے رقیق کرکے کسے ظرف فرد مین رکھکر سونگھنا خواہ اجزائے مذکور کو کپڑا کپڑے کی پوٹلی مین باندھکر تر کرکے سونگھنا خلوق کہ صداع و شقیقہ حار کو مفید ہے **ص** صندل سفید کشنیز خشک عرق گلاب مین پیسکر تھوڑا سرکہ خالص ملاکے خلوق کرین **خلوق** کہ صداع شقیقہ بارد کو مفید ہے **ص** برگ مرزنجوش برگ تلسی پانی مین پیسکر آمین سفوف قدرے زنجبیل و مرچ سیاہ و چوبہ ملاکے **خلوق** کہ درد سر و سرسام حار کو مفید ہے **ص** صندلین کشنیز خشک گل ارمنی پانی مین پیسکر تھوڑا کافور ملاکے

فصل ۴۹ الطوخ مین دستور لطوخ کا جسکو لازق بھی کہتے ہین یہ ہے کہ دوا کو مثل طلا کے تیار کرکے پرچہ کاغذ پر جسمین سوراخ بند کردیا ہو خواہ کپڑے جھجھرے پر لگاکے مقام مرض پر چپکا دین **لطوخ** کہ دونون کنپٹی پر لگانے سے شقیقہ و درد سر کو نفع کرے **ص** ایلوہ تخم کاہو بذر البنج کیترا دو دو ماشے افیون ایک ماشہ زعفران چھ رتی سرکہ مین مل کرکے **ایضاً** کیترا منع عربی خشخاش و دود و ناخونہ الاخوین حضض گل سرخ افیون ایک ایک ماشہ سفید تخم مرغ مین ملاکے **ایضاً** کوکنار گل سرخ کشنیز خشک چارچار ماشہ گل بابونہ بذر البنج تین تین تولہ صندل سفید دو دو ماشہ افیون ایک ماشہ **لطوخ** کہ زکام مزمن کو دفع کرے **ص** لوبان گل مصطگی روی گل بابونہ جبا بالسی بوزن مساوی پانی مین پیسکر تھوڑا زعفران گل ملاکے **ایضاً** افیون تین جو زعفران

ایک جزو باہم ملاکے **فصل ۵۰** العوق مین دستور بنا ذی العوق کا جسکو بزبان ہندی چینی و زبان یونانی
مطحشا کہتے ہین یہ ہے کہ شربت گاؤزبان مجون سے بنایا جاوے کہ زبان سے بتدریج فرو ہووے
چونکہ تاثیر ادویہ خوردنی و نوشیدنی کی بذریعہ استحالہ معدہ کے اعضاے تنفس کہ بہ توقف پہونچتی ہے
لہذا اطبا نے یہ تدبیر اختراع کی کہ تاخیر مرور مجری سے بسبب قرب اعضا کے تاثیر جلد پہونچتی ہے
لعوق بادام کہ حبکی حلق و منجرہ و کھانسی خشک کو مفید ہے **ص** مغز بادام کدوے دراز مغز بادام شیرین
دو دو تولہ نشاستہ کتیرا صمغ عربی رب السوس ایک ایک تولہ سفوف باریک کرکے قوام نبات سفید یا شکر ایک
پاؤ مین ملاوین **لعوق** کہ ضیق النفس و گرفتگی آواز کو مفید ہے **ص** تخم السی دو تولہ تخم بیتھی چار ماشہ
مغز بادام شیرین مویز منقے کتیرا اصل السوس مغز چلغوزہ نشاستہ صمغ عربی ایک ایک تولہ سفوف باریک
کرکے قوام شکر سفید پاؤ بھر مین مخلوط کرین **لعوق** کہ گلے سے خون نکلنے کو نفع و حرارت مزاج کبد کو دفع کرتا ہے
و بواسیر خونی کو مفید ہے **ص** تخم خرفہ طباشیر سات سات ماشہ مغز تخم کدوے دراز مغز تخم خیار دراز ایک
ایک تولہ لعاب اسبغول لعاب بارتنگ بیتن تین تولہ نبات سفید آدھ پاؤ کے قوام مین ملاوین **لعوق** کہ
کھانسی تری کو دفع کرتا ہے **ص** اصل السوس مقشر تخم خطمی بہیدانہ ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ پوست خشخاش ایک تولہ
بیتن پاؤ پانی مین خیساندہ و جوشاندہ بناکے ڈیڑھ پاؤ شکر سفید مین قوام کرکے رب السوس کتیرا صمغ عربی
ایک ایک تولہ سفوف کرکے ملاوین **لعوق اہلیلہ** کہ باستعمال ایک ہفتہ کے ربو کو دفع کرنے مین
مجرب ہے **ص** اہلیلہ چھ تولہ سفوف کرکے تین تولہ روغن گاؤ مین مخلوط کرکے پاؤ بھر شہد خالص کف
گرفتہ مین ملاوین **لعوق** کہ ربو سرفہ کہنہ کو مفید و سینہ و شش کو از اخلاط غلیظہ سے پاک کرتا ہے **ص**
روغن بابس بیج کبود ایک ایک چھٹانک جوشاندہ بناکر ڈیڑھ پاؤ شہد خالص ملاکے گرم کرین و مکرر
صاف کرکے قوام کرین و اگر بیخ سوسن دستیاب نہو تو ہموزن اسکے شونیز داخل کرین **لعوق**
کہ مسلوک کو اور سرفہ خشک کو مفید ہے **ص** بہیدانہ اسبغول تخم خطمی ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ کا لعاب نکال کر
آب انار شیرین آب خیار دراز آب کدوے دراز آب برگ خرفہ عروق ہر ایک آدھ پاؤ شکر سفید آدھ سیر
باہم مخلوط کرکے قوام کرین و صمغ عربی کتیرا مغز بادام شیرین مقشر تخم خشخاش ایک ایک تولہ رب السوس
شکر نیشاپور چھ چھ ماشہ سفوف کرکے ملاوین و شبانہ روز قدرے قدرے لعق کرین **لعوق سپستان**
کہ سرفہ بلغمی و سرفہ کو مفید و مجرب ہے **ص** سپستان پچاس عدد عناب

تین عدد اصل السوس و تخم خطمی ایک ایک تولہ پوست خشخاش دو تولہ بہدانہ چھ ماشہ جوشاندہ بنا کر شکر سفید آدھ سیر ملا کر قوام کریں و آخر قوام مین جوشاندہ مغز بادام شیرین مقشر تخم خشخاش ایک ایک تولہ کا شیرہ بنا کر ملاوین بعد طیاری قوام کے رب السوسن کبیر اصمغ عربی چھ چھ ماشہ سفوف کرکے ملاوین شربہ روزمین پانچ چار بار لیق کریں **فصل ۱۵۱** ازمین دستور بنانے لوزکا یہ ہے کہ حلوا مین شیرہ یا تراشہ یا نرم کوفتہ مغزہاے تخمون کا خواہ میوہ جات کو داخل کرکے قوام سخت بنا کر جماتے ہین و کرا کرا تراش کر رکھتے ہین **لوز** کہ تقویت باہ کرتا ہے وصاحب نزلہ کو نہایت مفید ہے **اصل** مغز بادام مقشر آدھ پاؤ مغز پستہ تخم خشخاش سفید ایک ایک چھٹانک شیرہ کرکے نبات سفید ڈیڑھ پاؤ مادہ گندم ایک پاؤ روغن گاؤ تین چھٹانک مین بریان کیا ہوا بادام مثل حلوا کے سخت پکاوین اور زعفران تین ماشہ دانہ الائچی سفید چھ ماشہ سفوف کرکے داخل کرین اور بحالت گرمی کے جما کر کرا کرا تراش رکھین ۱۲

باب ۲۵ حرف المیم

فصل ۱۵۲ اللحم مین شیخ الرئیس بوعلی نے لکھا ہے کہ اگرچہ گوشت غذا ہے مگر پانی اسکا دفع ضعف قلب و دیگر امراض مین دوا معقول ہے و بجز اطبا نے گوشت طیور کو ساتھ گوشت بز کے جمع کرنا جائز و روا لکھا ہے اور چونکہ قوت گوشت کی بطور عرق کے لینا مار اللحم مقصود ہے و گوشت خام کا عرق نہ ہوتا ہے واگر علی الدوام یخنی بریان کرکے عرق کھینچتے ہین تو قوت دوائی اسکی پہلے ہی نکل جاتی ہے لہذا تدبیر عمدہ یہ ہے کہ پہلے پارچہ ہاے گوشت کو بطور یخنی کے پوست الائچی و پیاز وغیرہ کی ڈال کر دیگ سربستہ مین پکاوین جب خوب پختہ ہو جاوے ویسا ہی سربستہ سرد کرکے اسکا پانی لیکر مفرد یا دوسرے ادویہ مین شامل کرکے عرق کھینچین **ماء اللحم سادہ** کہ تقویت قلب و توانائی و فربہی بدن کی کرتا ہے اور شربہ مناسبہ کے ساتھ تپ دق کو مفید ہے **اصل** گوشت بکرا جوان وغیرہ کا چربی و سفیدی دفع کرکے پوست دھنیان و تیج پات و الائچی سرخ دار چینی ڈال کے دیگ سربستہ مین جوش دین جب گوشت خوب گل جاوے نے رکھیکر لگا کے عرق کھینچین **ماء اللحم مرکب** کہ تقویت دل و دماغ و دیگر اعضاے رئیسہ و باہ کی اصلاح و اخلاط دقیقہ غلیظہ کو فربہی بدن کرتا ہے **اصل** گوشت صاف بکرا جوان کا سات سیر گوشت صاف کیا ہوا تر تین عدد کا بیر چالیس عدد مغز جوز دو عدد دو تولہ چار عدد کشمش خانگی خواہ دشتی پچاس عدد دانہ ہوئی دار چینی ایک چھٹانک قرنفل ایک تولہ الائچی سرخ تیج پات ڈیڑھ ڈیڑھ چھٹانک پیاز مسلم

پاؤ بھر دیگ سربستہ مین جوش کرین جب گوشت گل جاوے پوٹلی کو دفع کرکے گوشت کو ملکر پانی صاف کرین
واجزاے منصلہ جو ایک شب پانی مین تر رکھا ہوے ڈالکر پانچ سیر شیر گاؤ تازہ ملا کے عرق کھینچین اور اسپر
نیچہ پرچولی زعفران تین ماشہ دانۂ الائچی سفید چھ ماشہ کی باندھین **اجزا** برگ گاؤزبان گل گڑھل خشک
آملہ کشنیز خرما موصلی سنبل بادرنجبویہ گل بنفشہ آدھ آدھ پاؤ اسطوخودوس وارچینی تیج پات گل سرخ
تخم کاسنی برادہ صندل سفید برادہ صندل سرخ برادۂ آنبوس گوکھرو کلان عناب گل نیلوفر ایک ایک
چھٹانک بھینین تو درمیں مقبلین اندر جو چار چار تولہ واضح ہو کہ جو گوشت مذبیاً جائز نہووے یا ہم نہ پہونچے
اسکے مخلوط نہ کرنے سے نقصان فوائد مین نہین ہوتا بشرطیکہ اور سب اجزے داخل ہون اور اگر تقویت
باہ زیادہ تر مقصود ہوے تو گوشت نیل کنٹھ چار عدد دو کھندیکہ یعنی طائر کشمیری جو برابر کنجشک خانگی کے
برنگ سیاہ و سفید ابلق نظر آتی ہے دس عدد کا ایزاد کرین **فصل ۱۵۳** ماء الشعیر مین جسے آشجو کہتے
ہین ماء الشعیر سادہ اکثر اطبا کا اسبات پر اتفاق ہے کوئی غذاے دوائی ماء الشعیر سے بہتر نہین ہے
اور اسمین دس خاصیت ہین **ایک** مجرد **دوسرے** منفع **تیسرے** منقی معدہ **چوتھے** مستفرغ
پانچوین مسہل النفوذ **چھٹے** لذیذ **ساتوین** معتدل الغذا **آٹھوین** مسکن عطش **نوین** مانع ہیجان
اخلاط فاسدہ **دسوین** معدہ مین نفع نہین کرتا مگر مشاے بارد مزاج کو مفرد مصلح اسکا گلقند ہے **ص** جو مسلم علی
مقشر اب چھٹانک سوا سیر پانی مین جوش دوین جب پانی رنگین ہوجاوے پانی دفع کردوین دوسرا پانی ڈال کے
پکاوین جب اسمین سرخی آوے وہ بھی تبدیل کرین اسیطرح دو تین پانی تبدیل کرکے آخر مین خوب
پکاوین کہ جو پھٹ جاوین دو پانی گاڑھا ہوجاوے تب سرد ہوجاوے صرف نبات سفید خواہ کوئی دوسرا
شربت ملا کے پیوین **ماء الشعیر لحم** جب مریض کو طاقت دینا زیادہ منظور ہوے ماء الشعیر مین گوشت
داخل کرین اسکی دو تدبیر ہین ہین ایک یہ کہ گوشت کو مثل تورما کے مصالحہ مناسبہ کے ساتھ پکاوین
مگر روغن زردہ نہ ڈالین اگر ڈالین تو نہایت کم بقدر بھوننے و خوشبو کرنے کے اسمین جو مقشر کا
دو پانی رنگین دفع کرکے شامل کرین دو پانی جدید مثل شوربا کے ڈال کر پکاوین مگر پانی زیادہ ہوے
کہ بخوبی اثر گوشت کا اسمین نکلے دوسرے یہ کہ جب ماء الشعیر اخیر پانی مین پکانے لگین تب آب یخنی گوشت
کی اس مین داخل کرکے پکاوین و اگر چاہین کہ ماء الشعیر مین قوت غالبہ ہوے تو جو مقشر
کو بریان کرکے پکاوین خواہ تھوڑا پوست خشخاش ایک پوٹلی مین باندھ کے

داخل پختہ اخیر کے کرین **فصل ۵۴** اما، الاصول مین کہ پتہ ہاے بلغمی دقیق النفس و گرفتگی آواز و سدہ ہاے جگر و طحال کو دفع کرتا ہے **ص** پوست بیخ ہادیان پوست بیخ کاسنی اصل السوس مقشر ایک ایک تولہ بیخ اذخر بیخ کرفس سنبل الطیب چھ چھ ماشہ مویز منقے سپستان بیس بیس دانہ سوا سیر پانی مین جوش کرین جب چہارم حصہ باقی رہے بدون ملنے کے صاف کر رکھین بقدر مناسب پیکر آمین کوئی شربت خواہ نبات سفید ملا کر پیا کرین **فصل ۵۵** امرہاے مین **مربائے زنجبیل** گرم و خشک ہے بردت معدہ و گردہ و مثانہ کو دفع و ادرار بول و قوت باہ زیادہ کرتا ہے و پتہ ہاے بلغمی کو مفید ہے **ص** زنجبیل بے ریشہ کو ایک برتن مین رکھکر بالوے بند کرین اور اوسپر پانی ڈالین اکیس روز تک اسی طرح پر رکھین پھر نکال کر خوب دھوین اور کسی چیز لونک دار سے خوب کچوکر پانی اور شہد کے ساتھ جوش دیوین کہ قوام ہو جاوے اور قوام مین زنجبیل دوبی رہے **مربائے ترنج** کہ دل اور معدے کو قوت دیتا ہے اور تفریح طبیعت کی کرتا ہے **ص** پوست ترنج کو جوش کرین جب نیم پختہ ہو جاوے نچوڑ کر ساتھ شدید یا قند سفید کے جوش دیوین جب قوام ہو جاوے آتار رکھین **مربائے آملہ** کہ مقوی دل و دماغ و معدہ و مفرح طبیعت ہے و اجزاے مناسب کے ساتھ حابس بطن و مقوی باہ و ہاضم طعام ہے **ص** آنولہ تازہ کہ قریب پختگی کے ہو تیلیاے بانس سے گود کر پانی چونہ مین آنولہ کو ڈبا رکھین تین روز کے بعد نکال کر دھو ڈالین اور جوش خفیف دیکر پانی دفع کر دیوین جب اثر پانی کا نہ رہے تھوڑے سے گھی مین بھون لین اور چکنائی گھی کی دفع کر کے قوام شکر سفید مین ڈال رکھین جب قوام پتلا ہو جاوے تب آملہ علاحدہ کر کے اس قوام مین تھوڑی شیرینی اور ملا کر قوام کرین اور اس مین سپر آملہ ڈال رکھین ایسا ہی جب قوام رقیق ہو مربا کرے اس کو گاڑھا کر لیا کرین **مربائے ہلیلہ** کہ ملین شکم و دافع ریاح و مقوی معدہ ہے **ص** ہلیلہ تازہ اگر ہو تو بہتر ہے ہلیلہ مسلم خشک کو چند روز پانی مین تر رکھکر پانی بدل کر جوش دیوین کہ پوست اور مغز اس کا نرم ہو جاوے اس کے بعد مثل تدبیر مربائے آملہ کے تیار کرین **مربائے پیٹھہ** جس کو کدھا سفید کہتے ہین پتہاے گرم کو مفید ہے خصوص مدقوق کو اور خفقان اور دردسر گرم کو نفع دیتا ہے **ص** پیٹھے کو چھیلکر تراشہ مغز سخت اس کا علاحدہ کر لین اور مغز نرم اسکا جسمین تخم ہوتے ہین پیس ڈالین اور پانی جو پیٹھے تراشنے مین نکلا ہو ملکر چھان لین اس مین تراشہ ہاے سخت کو جوش دیوین جب پانی

جذب ہو جاوے تراشہ ہا نیم خشک کرکے روغن زرد مین نیم بریان کرکے چکنائی اسکی کپڑے سے صاف
کرکے قوام قند سفید مین ڈوبا رکھین جب قوام رقیق ہو جاوے مثل قوام مربای آنولہ کے درست کرلیا کرین **مربای گز**
کہ مقوی باہ و مفرح طبع و مولد خون صالح **ص** گزر استخوان اور پوست سے صاف کرکے
شیر گاؤ مین جوش دین جب پختہ ہو جاوے نیم خشک کرین ازان بعد روغن زرد مین نیم بریان کرکے قوام
شکر سفید مین ڈوبا رکھین اگر قوام رقیق ہو جاوے تو پھر اسکو گاڑھا کرلیوین **فصل ۵۶ امرہم کے**
دستور بنانے مرہم کا یہ ہے کہ پہلے موم کو روغن کے ساتھ آگ پر گداختہ کرین اور اگر چربی
نسخہ مین ہوئے تو اسکو بھی ملاوین جب یہ سب یکذات ہو جاوین تب اگر گوند خشک ترکیب مین ہوئے
تو سفوف کرکے و اگر مرطوب ہو ویسا ہی ملاوین جب یہ بھی خوب مخلوط ہو جاوے تب دوسرے اجزا
کو سرسہ ساگ کے مخلوط کرین **مرہم سفید آب** کہ گوشت جماتا ہے اور زخم کو خشک کرتا ہے اور گرنی زخم
کو نفع کرتا ہے **ص** قلعی گشتہ چھ ماشہ موم سفید ایک تولہ روغن گل ایک تولہ بدستور مرہم بنا دین **مرہم**
سفید اب گاذری کہ مواد ناقص پھوڑے کو نفع کرکے گوشت اور پوست صالح جماتا ہے **ص**
موم سفید ایک تولہ روغن گل تین تولہ مین گداخت کرکے قلعی گشتہ پانچ ماشہ مردار سنگ چار ماشہ
کافور تین ماشہ ملاکے مرہم بدستور بنا دین **مرہم** کہ نرم اور سنجی پھوڑے کو نفع اور زخم کو آرام
کرتا ہے **ص** موم زرد مغز ساق گاؤ چربی گردہ بز ایک ایک تولہ روغن گل تین تولہ زردہ تخم مرغ
ایک عدد آگ پر رکھ کر باہم مخلوط کرین اور زعفران گل یا برگ تین تین ماشہ سفوف کرکے باہم
ملاوین **مرہم آبی** کہ قروحات اور جراحات کو نفع تمام دیتا ہے اور ناصور کو نفع کرتا ہے **ص**
مقل چار ماشے زرت ایک ماشہ دونون کو پانی مین خوب حل کرین ازان بعد سیماب چار ماشہ
ملاکر حل کرکے مرہم بنا دین **مرہم اشق** کہ تحلیل معلبات و خنازیر و پر کرنے ناصور ہاے مین نہایت
نافع ہے **ص** اشق مقل پانچ پانچ ماشہ چار تولہ روغن سرشتہ مین حل کرکے ایک تولہ موم زرد
ملاکر آگ پر رکھین نرمل وکف دریا زر آوند طویل کہ ملک آنولہ سا پانچ پانچ ماشہ سفوف کرکے ملاوین
اور جہان کہ پھوڑے کا پکانا منظور ہو اسی مرہم مین گل خطمی اور برگ خطمی ایک ایک تولہ پیس کر
ملاوین اور نیم گرم پھوڑے پر باندھین **مرہم اکاز** کہ زخم بندوق اور زخم ناصور اور قروح مزمنہ
اور سودا و یہ کہ جو کسی اعضا مین ہوتے ہون دفع کرتا ہے **ص** روغن کنجد و آب چاہ شیرین

پانچ پانچ تولہ ملا کر پیتل کی تھالی مین ہاتھ سے خوب گھوٹین کہ مثل مہی کے ہوجاوے ازان بعد پھٹکری ونیلہ
ستھوتھہ کات کتھ رال سفید سوا سوا تولہ سفوف کرکے اسقدر گلرمین کہ مثل مرہم کے ہوجاوے اور چینی کے برتن
مین رکھین اور جب استعمال مرہم کا کرین تب نلکی کی پوٹلی سے قرحہ اور زخم کو سینکا کرین **مرہم**
باسلیقون کہ زخم ہاے اعضاے عصبانی و دیگر قروح و جراحات کو صحت دیتا ہے اور پھوڑیکو زم اور تحلیل
کرتا ہے **ص** آدھا پاؤ روغن تلخ مین پانچ تولہ موم زرد پگھلا کے ایک تولہ گندہ بیروزہ مخلوط کرین گے
بعد رال سفید دو تولہ پھٹکری بریان مصطگی پنجہ پنجہ ماشہ سفوف کرکے ملا دین اور خوب مل کرکے مرہم بنا دین
مرہم جاذب جس چیز نے کہ بدن مین چبھکر پھوڑا کردیا ہو اُس کو نکالتا ہے اور قرحہ ہاے عمیق کو کہ شت
صالح سے پر کرتا ہے اور زخمون کو اچھا کرتا ہے **ص** رال سفید ایک تولہ مصطگی رومی موم زرد
ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ روغن سرشف چار تولہ بدستور تیار کرین **مرہم خمیر** پھوڑے کو پکا کر توڑ دیتا ہے حاجت
نشتر لگانے کی نہین ہوتی **ص** بورہ ارمنی بتین ماشہ صابون چھ ماشہ خمیر خشک آرد گندم نو ماشہ
چونہ آب رسیدہ سوا تولہ پنیال کبوتر دمزج اڑھائی اڑھائی تولہ روغن تلخ بقدر کفایت مخلوط کرین
مرہم داخلیون کہ تالیف بقراط کا ہے و معالجات بقراطی مین بہت صفات اُسکی
لکھی ہین اورام اور پھوڑا اور پھوڑے سخت کو پکا کے توڑ کر آرام کرتا ہے اور رخنا ریز کو صحت دیتا ہے
اور اورام گرم کے درد کو اعصاب کی سختی کو دفع کرتا ہے **ص** تخم خطمی اسبغول تخم بیتھی تخم السی ڈیڑھ
ڈیڑھ تولہ رات کو پانی مین تر کرکے صبح کو لعاب نکالکر جدا کرلین و روغن زیت خواہ روغن سرشف کہنہ
دس تولہ مین اڑھائی تولہ مردار سنگ سفوف کرکے ملا دین اور آگ پر رکھین اور ایک لکڑی سے حرکت
دیا کرین جب گاڑھا و سیاہ ہوجاوے اتار کر ملا کے مثل مرہم کے پکا دین ازان بعد خاکستر
چوب انگور و آرد بھوسی انس چھ چھ ماشہ پھٹکری زنگار تین تین ماشہ سفوف کرکے ملا دین **مرہم**
غسل کہ ورنل و اورام سخت کو توڑتا ہے و صاف کرتا ہے **ص** شد کو جوش کرین کہ غلیظ ہوجاوے
اور پھٹکری چہارم حصہ اُس کی سفوف کرکے ملا دین **مرہم مصری** مخترعہ اطباے مصر کہ
قرحہ پرانے اور سخت کو دفع کرتا ہے **ص** سرکہ و شہد پانچ پانچ تولہ باہم ملا کے جوش دوین جب
غلیظ ہوجاوے زنگار چھ ماشہ سونا گھی ایک تولہ سفوف کرکے ملا دین **مرہم سیندور** کہ زخم
اور قرحہ کو پر کرتا ہے **ص** روغن کنجد چار تولہ موم سپید دو تولہ گداخت کرکے سنگ بصری

چھ ماشہ سیندور لوبان سات سات ماشہ سفوف کرکے باہم مخلوط کرین **مرہم** کہ زخم ہاے اندرونی کان کو صحت دیتا ہے **ص** سرکہ خالص ڈیڑھ تولہ شد خالص دو تولہ باہم جوش کرین جب گاڑھا ہو جاوے زنگار چھ ماشہ باریک کرکے ملاوین **مرہم سفرجل** کہ قرحہ ناک و دیگر قروح کہنہ کو مندمل کرتا ہے **ص** گل بنفشہ نو ماشہ سہدانہ چھ ماشہ تھوڑے پانی مین جوش کرکے لعاب نکالین اور صاف کرکے دو تولہ روغن گل او ایک تولہ موم سفید ملاکے مرہم بناوین **ایضاً** اگر موتھہ مازو زعفران تین تین ماشہ روغن گل دو تولہ موم سفید ایک تولہ بدستور مرہم بناوین **مرہم** کہ ہونٹھ کے پھٹنے اور خشک ریشہ کو دفع کرتا ہے **ص** موم سپید ایک تولہ روغن کنجد سفید دو تولہ گداخت کرکے کتھہ سفید کشتہ قلعی نشاستہ گندم مازو سبز تین تین ماشہ سفوف کرکے ملاوین **مرہم** کہ لوا سیر لب کو مفید ہے **ص** جنبث الحدید مردار سنگ کشتہ قلعی زعفران پھٹکری تین تین ماشہ سفوف کرکے موم زرد ایک تولہ روغن گاؤ دو تولہ مین گداخت کرکے ملاوین **مرہم** کہ شقاق مقعد کو نفع کرتا ہے **ص** موم سفید دو تولہ برگ حنا نو ماشہ روغن گل چار تولہ بدستور مرہم بناوین **مرہم کافوری** کہ ورم و شقاق مقعد کو دفع کرتا ہے **ص** موم سفید ایک تولہ روغن گل تین تولہ مردار سنگ تین ماشہ نشاستہ چھ ماشہ افیون دو ماشہ **مرہم** کہ ورود مزمن مقعد کو مفید ہے **ص** مکوے و مسور مقشر و گل سرخ مساوی سفوف باریک کرکے آب کشنیز تازہ ملاکر پکاوین اور روغن گل ملاکر مرہم بناوین **مرہم** کہ نواصیر مقعد کو مفید ہے **ص** موم سپید ایک تولہ روغن سرشف چار تولہ مردار سنگ گلنار آنبہ ہلدی دم الاخوین پھٹکری ریوند سنگ سرمہ شاخ گوزن سوختہ دو دو ماشہ **مرہم** کہ مراحت قضیب کو مفید ہے **ص** موم دو تولہ روغن گل چار تولہ مین گداخت کرکے چھ ماشہ طوطیا صلایہ کرکے ملاوین **مرہم رال** کہ نفخ قرحہ قضیب مین بے نظیر ہے **ص** موم سفید دو تولہ بابنج تولہ روغن گل مین گداخت کرکے رال سفید ایک تولہ قلعی کشتہ دم الاخوین مردار سنگ طوطیا گلنار مرجان سیاہ چھ چھ ماشہ سفوف باریک کرکے ملاوین دو روز نعنع کو آب جوشاندہ برگ حنا یا جوب چینی سے دھو کر بچھا ہا اس مرہم کا لگاوین **مرہم شنگرف** کہ قروح حشیہ و فساریہ و سرطان کو دفع کرتا ہے **ص** مردار کندہ بروزہ چھ چھ ماشہ لوبان مصطگی رومی اشق صمغ عربی شنگرف نو نو ماشہ روغن سرشف بقدر کفایت ملاکر صلایہ کرین **مرہم** کہ زخم ہاے ژیاریہ حبیثہ اعضاے تناسل کو خشک و آرام کرتا ہے **ص** جنبث الحدید مردار سنگ چھ چھ ماشہ دو تولہ سرکہ مین کھرل کرین جب خشک ہو جاوے دم الاخوین نو ماشہ

وچا کستر کاغذ و پیچکی سوختہ چھ چھ ماشہ روغن گل چار چار تولہ ملا کر مرہم کرین **مرہم مجرب** دافع قروح قضیب وخصیہ **ص** ہر ایک سفیدہ ایک تولہ روغن بنفشہ یا روغن بادام چار تولہ مین گداخت کرکے مروارید سنگ رال سفید کشتہ افیونی پیچکی سوختہ چھ چھ ماشہ سفیدۂ تخم مرغ ایک عدد مخلوط کرکے کھرل کرین **مرہم مجرب** کہ ایک روز مین دانہ ہائے مین زخم آتشک کو خشک کرتا ہے **ص** چوب چینی دو ماشہ شنگرف دو ماشہ طوطیائے سبز ایک تولہ خاکستر پارچہ گزی سبین پارہ ہر دفعات چھان کر سیاہ ہوتین ماشہ زردی تخم مرغ جسکو خاکستر مین بریان کیا ہو دو عدد روغن گاؤ اسقدر کہ مرہم ہوجاوے باہم ملا کے کھرل کرین **مرہم** دافع آتشک **ص** زنگار سیماب ایک ایک تولہ گندھک ایلوا چھ ماشہ روغن گاؤ چھ تولہ مین کھرل کرکے مرہم بناوین **مرہم** کہ جرب وسبق کو زائل کرتا ہے **ص** کشتۂ نانا گندھک آنولہ سارچونہ سنگ چتا در زندمسادی سفوف کرکے سرکہ تند مین گھول کر بیس روز تک آفتاب مین رکھین بعد اسکے کھرل کرکے استعمال کرین **مرہم** کہ سرطان مقرح وغیرہ مقرح کو صحت دیتا ہے **ص** کشتۂ سفیدۂ طوطیائے معمول چھ چھ ماشہ ساتھ لعاب اسبغول ایک تولہ اور قدرے روغن گل کے مخلوط کرکے مرہم بناوین **ایضاً ظرف** سیسہ مین گل ارمنی وسرکہ ڈالکر دستہ سیسہ سے گھسین کہ سیاہ ہوجاوے اسمین تھوڑا روغن گل ملا کر گھسین کہ مرہم ہوجاوے **مرہم** کہ ورم شدید بواسیر کو دفع کرتا ہے **ص** کرنب کلا ایک عدد پانی مین جوش کرین جب گھلجاوے پیسین اور سفیدی وزردی تخم مرغ ایک عدد روغن گل تین تولہ افیون دو ماشہ سب کو آگ پر رکھکر مرہم بناوین **مرہم شلجم** کہ پرکرنے زخم اور تحلیل اورام اور سختیون مین بے نظیر ہے **ص** آدھا پاؤ روغن گل مین شلجم شلجم بقدر پانچ تولہ ٹکڑا ٹکڑا کرکے بریان کرین جب شلجم جل جاوے روغن کو صاف کرکے دو تولہ سفید در ڈال نیم کی تازہ لکڑی سے خوب رگڑ کر چھ ماشہ کافور ملاوین **مرہم** کہ گوشت زائد کے کاٹنے مین مجرب ہے اور دردہین ہوتا **ص** حب السلاطین دو تولہ زنگار ایک تولہ دونون کو خوب پیسین اور گوشت زائد پر ملا کر کے کسی مرہم کا پھایا اوسپر رکھین **مرہم سیاہ** کہ بنام کالا مرہم مشہور ہے ہر طرح کے پھوڑے اور دنبل کو پکاتے ہین اور مواد کالکر زخمون کو خشک و آرام کرتا ہے **ص** سفیدۂ کاشغری دو تولہ کو خشک صلایہ کرین جب مثل سرمہ کے ہوجاوے روغن کنجد سیاہ پانچ تولہ ظرف آہنی مین آگ پر رکھین نیم کی تازہ لکڑی سے گھوٹین جب ایسا گاڑھا ہوجاوے کہ ایک قطرہ مرہم پانی مین ڈالین قطرہ بندھ جاوے پانی مین مخلوط ہوے تب آگ سے اتار رکھین **مرہم**

تربد البحر کہ حکیم علی گیلانی نے اپنی تصنیفات مین واسطے پرکرنے قرحہ اور خشک کرنے زخمونکے مجرب لکھا ہے ص روغن گاؤ مین تولہ مین موم سفید ایکتولہ ڈالکر گداخت کرین زان بعد سفیدہ ورمرداسنگ وکف دریا ایک تولہ نیلا تھوتھا چھ ماشہ خوب مسلا یہ کرکے مخلوط کرین فصل ۱۵۷ مضمضہ مین مضمضہ کہ قروح مسوڑھا واندرون لب وجنبش ودرد دانت وخوشتن خون دہن کو مفید ہے ص گلنار مازو نیم کوب کزمانج سماق مساوی الوزن جوش کرکے مضمضہ کرین مضمضہ کہ خون آنا مسوڑھے سے دفع کرتا ہے ص سماق مساوی سنبل الطیب زرد دین تین ماشہ برگ کنار بانی بیخ کنار صحرائی ایک ایک تولہ مازو چار ماشہ جوش کرکے مضمضہ کرین مضمضہ کہ درد دندان وقلاع حار کو بہت مفید ہے ص کشنیز خشک بارتنگ چھ چھ ماشہ پانی مین پیس صاف کرین دو ماشہ اسبغل کا لعاب وایک ماشہ کافور ملاکے مضمضہ کرین آب برگ تازہ کوے یا آب برگ خرفہ زیادہ ایزاد ہو زیادہ تر قوی ومفید ہو مضمضہ کہ درد دندان رطوبی وزلی کو دفع کرتا ہے ص عقرقرحا بذر البنج چھ چھ ماشہ وعدس ایک تولہ پوست خشخاش سات ماشہ جوش کرکے مضمضہ کہ ہر قسم کے درد دندان کو مفید ہوتا ہے ص پوست درخت سرش چار تولہ برگ چنبیلی دو تولہ بارتنگ تین ماشہ جوش کرین ایضاً کوے پوست خشخاش اسپند ایک ایک تولہ مجیٹھ چھ ماشہ جوش کرکے مضمضہ کہ قلاع گرم وسرد کو دفع کرتا ہے ص انجیر چار عدد اکلیل الملک تخم السی ایک ایک تولہ جوش کرکے مل کر صاف کرکے قدرے زعفران ورد روغن چنبیلی ملاکر ایضاً سماق زرد ورد نو ماشہ افاقیا یا زوچھ چھ ماشہ جوش کرکے مضمضہ کہ گندہ دہنی کو مبدء تفیہ بلغم کے مفید ہے ص عود خام مصطگی قرنفل بسباسہ جوزبوا یتین تین ماشہ نیکوب کرکے پوٹلی باندھکر عرق گلاب مین جوش کرکھین شبانہ روز مین مدفات مضمضہ کیا کرین مضمضہ دافع بدبوے دہن ص شہد خالص کو پانی مین گھسکر گھولکر مضمضہ کیا کرین مضمضہ کہ بطلان فساد ذوق کو دفع کرتا ہے اگر بلغم سے ہوے ص خرول عقرقرحا مورد جوش کرکے واگر حرارت سے ہوے ص گل سرخ وسماق جوش کرکے مضمضہ کہ دانتونکو مستحکم اور انکے درد کو دفع کرتا ہے ص گلنار افاقیا کزمانج جفت بلوط قرنفل گل سرخ صندلین پوست انار ناگرموتھا بوزن مساوی جوش وصاف کرکے تھوڑا دم الاخوین ملاکے مضمضہ کرا ستر خاے زبان کو دفع کرتا ہے ص خرول زنجبیل مرچ سیاہ عقرقرحا نوساور نمک سبجی کلونجی پودینہ خشک نمک سنگ مساوی

جوش کرکے **مضمضہ** کہ درد زبان و دہان کو مفید ہے **ص** برگ بنفشہ تخم کاسنی اصل السوس مکوہ
دنزماشہ انجیر چار عدد مغز خیار شنبر تین تولہ جوش وصاف کرکے بیم گرم مضمضہ کرین **فصل ۱۵۰**

مطبوخات دافع مالیخولیا و وسواس مین **قاعدہ** بنانے معجون کا جسکا طبیخ و مثلی بھی عربی مین وجوشاندہ
فارسی مین وکاڑھا و بلگرو پھلکا ہندی مین کہتے ہین یہ ہے کہ دواہین جو پھول پتی ہون بدستور وجوشاندہ
بیج وچوب وتخم ہو اُسکو تکوب کرکے پانی مین خواہ کسی عرق مین تر کرکے جوش دیوین جب بقدر مناسب
پانی جلجاوے کپڑے سے چھان لیوین وکوئی شربت خواہ شیرینی ملاکر نوش کرین اگر ایک مقدار سے
زیادہ تر کرین تو صاف کرکے بوتل یا شیشہ مین رکھ لیوین بروقت پینے کے شیرین ملاکر پیا کرین **مطبوخ**
بسفائج مالیخولیا کہ اختراق صفرا سے ہو دفع کرتا ہے ساتھ تلیین کے **ص** بسفائج منتقی ایک
تولہ ہلیلہ زرد ہلیلہ کابلی سوا سوا تولہ انتیمون نو ماشہ اسطوخودوس گل بنفشہ ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ غاریقون چھ ماشہ
غاریقون چھ ماشہ بدستور طیار کرین بقدر مناسب قبل طلوع آفتاب کے پیا کرین **مطبوخ** مولفہ محمد زکریا
رازی کہ اکثر اقسام مالیخولیا کہ بہ تلیین طبع مفید ہے **ص** ہلیلہ سیاہ اڑھائی تولہ بسفائج منتقی سوا تولہ
سنائے مکی ڈیڑھ تولہ تر بسفید انتیمون ایک ایک تولہ مویز منقے اتین تولہ آلو بخارا تین دانہ بدستور تیار کرکھین
علی الصباح بقدر مناسب پیا کرین **مطبوخ** وسواس و مالیخولیا کو مفید ہے **ص** ہلیلہ کابلی بسفائج منتقی
اسطوخودوس برگ بنفشہ ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ سنائے مکی ایک تولہ مویز منقے اڑھائی تولہ خربق سفید چھ ماشہ نمک سنگ
نو ماشہ بدستور تیار کرکھین وبقدر مناسب استعمال کیا کرین **فصل ۵۹** امطبوخات دافع کھانسی
وضیق النفس و درم درد سر و سینہ و پہلو کے **مطبوخ** کہ ضیق النفس و کھانسی کو کہ سردی و طوبت سے
پیدا ہوتا ہے دفع کرتا ہے **ص** زراوند مدحرج مصطگی رومی چھ چھ ماشہ پرسیاؤشان اصل السوس برگ بنفشہ تخم
خطمی تخم خبازی ایک ایک تولہ مویز منقے دو تولہ انجیر دانہ عناب سپستان تیس تیس دانہ بدستور تیار
کرکھین ہر روز شیرہ بادام شیرین ملاکر نوش کیا کرین **ایضاً** تخم میتھی تین ماشہ مویز منقے دس
دانہ ہر صباح جوش کرکے بدستور پیا کرین **مطبوخ زوفا** کہ کھانسی و درد سینہ و درم پہلو دفع
کرتا ہے **ص** زوفا پرسیاؤشان تخم خطمی تخم خبازی گل خطمی پوست بیخ بادیان اصل السوس مغز تخم خربزہ
تخم خیارین چار چار ماشہ گل بنفشہ مغز عناب السنبلہ تین تین ماشہ عناب مویز منقے دس دس دانہ انجیر چار
دانہ ہر روز کے تیار کرکے دو تولہ شربت بنفشہ ملاکر پیا کرین **مطبوخ انجیر** کہ ذات الصدر و ذات الریہ

وذات الجنب وضیق النفس وکھانسی کو مفید ہے ص انجیر سات عدد مویز منقے پندرہ عناب دس دانہ
بادیان انیسون تین تین ماشہ شکر سرخ دو تولہ جوش کرکے ملکر چھانکر شیرۂ مغز بادام شیرین سات عدد مل کر
ہر صبح وشام پیا کرین **فصل ۶۰ مطبوخات دافع امراض معدہ وامعاء وجگر وطحال واستسقا مین مطبوخ**
کہ ورم بلغمی معدے کو دفع کرتا ہے ص شنگوفہ اذخر مصطگی تخم کرفس انیسون تین تین ماشے
پرسیاؤشان بیخ بادیان پانچ پانچ ماشہ جوش کرکے صاف کرین باضافہ شیرۂ مغز بادام شیرین
پانچ دانہ وشکر سرخ ایک تولہ پیا کرین **مطبوخ** دافع ورم معدہ ص بادیان کرفس مکوے مساوے
جوش کرکے باضافہ شیرۂ مغز بادام شیرین وشکر سرخ کے **مطبوخ** کہ معدے کو قوت
دیتا ہے وقے کو موقوف کرتا ہے ص انارانہ نو ماشے مصطگی پودینہ عود خام تین تین ماشے بدستور
جوش کرکے باضافہ ایک تولہ نبات سفید کے پیا کرین **مطبوخ** دافع سنگرہنی ص
ناگرموتھ بیل گری کشنیز خشک تنتر بلا زنجبیل حسن جملہ بوزن مناسب مریض کے جوش کرکے
باضافہ شکر سفید **مطبوخ** کہ ورم طحال کو دفع کرتا ہے ص ہلیلۂ سیاہ ہلیلہ زرد تین تین ماشہ شاہترہ
تخم کاسنی چھ چھ ماشہ تخم کشوث دو ماشہ آلوبخارا پانچ دانہ گلقند آفتابی دو تولہ بدستور تیار کرکے
مطبوخ کہ ورم طحال وجگر ومعدہ وطحال واستسقاء پرقان کو دفع وتلطیف اخلاط غلیظ کی کرتا ہے
وجگر ومعدے کو قوت دیتا ہے ص مجیٹھ مصطگی پوست بیخ بادیان پوست بیخ کرفس پوست بیخ کاسنی
انیسون تخم کرفس سنبل الطیب تین تین ماشے تخم کشوث دو ماشے مویز ایک تولہ بدستور تیار کرین
وباضافہ شکر سفید ایک تولہ وشیرہ بادام شیرین سات دانہ کے پیا کرین **مطبوخ** ریوند چینی کہ سدہ مقعر
جگر کھولتا ہے ص ریوند چینی دو ماشہ انتیین شنگوفہ اذخر تین تین ماشہ سداب حلیہ چار چار ماشہ
مویز دس عدد انجیر زرد دو عدد بدستور تیار کرکے شکر سفید ڈیڑھ تولہ روغن بادام دو ماشہ ملاکے
مطبوخ کہ ورم جگر کو دفع کرتا ہے ص ریوند چینی ڈیڑھ ماشہ تخم کشوث تخم کرفس
بادیان تین تین ماشہ افسنتین مسفائج ہلیلۂ کابلی بلیلہ پانچ پانچ ماشہ مویز منقے پندرہ عدد بدستور
طیار کرین وتر بخبین خراسانی دو تولہ حل کرکے پیا کرین **فصل ۶۱ مطبوخات دافع علل**
گردہ ومثانہ مین **مطبوخ** کہ درد گردہ اور دشواری بول کو نفع کرتا ہے ص کاکنج تخم
خبازی پانچ پانچ ماشہ زیرۂ سفید چار ماشہ تخم خربزہ نیم کوفتہ نو ماشہ

مطبوخ دافع درد گردہ ص حلبہ نانخواہ تخم گذر تخم کرمن تخم سداب گل بابونہ مساوی الوزن مطبوخ کہ درد سنگ و ریگ گردہ و مثانہ کو دفع کرتا ہے ص بادیان انیسون گوکھرو کلان پرسیاؤشان تخم خبازی گل بنفشہ تخم کشوث تخم قلت تین تین ماشہ تخم خربزہ نواشے تخم خیارین ایک تولہ ساتھ شربت بزوری بارد دو تولہ کے مطبوخ کہ درد گردہ کو مجرب ہے ص تخم خربزہ نیم کوفتہ دو تولہ شکر سرخ دو تولہ ڈیڑھ پاؤ پانی مین پکاوین جب سوم حصہ رہے صاف کرکے شیر گرم نوش کرین ایضاً گل داؤدی زرد بقدر مناسب پیس کر شکر سرخ ملاکے صاف کرین و شیر گرم پیوین فصل ۶۲ مطبوخات مدر حیض مین مطبوخ کہ انسداد و قلت و اجلے خون حیض کو دفع کرتا ہے ص اسارون تین ماشے سداب دو ماشے بادیان چھ ماشہ تخم سویا نو ماشہ ایام حیض مین تین روز متواتر پیوین ایضاً تخم سداب بادیان تخم کرمن چھ چھ ماشہ انجیر زرد پانچ ماشہ عدد گلقند افتابی دو تولہ ایضاً لوبیاے سرخ انیسون مجتبہ تخم سداب بوزن مساوی ایضاً کہ مجرب لکھا ہے ص تخم کرنیم کوفتہ برگ گاؤزبان تخم خربزہ نیم کوفتہ بوزن مساوی جوش و صاف کرکے شکر سرخ ملاکے پیوین فصل ۶۳ مطبوخات دافع اوجاع مین مطبوخ سورنجان کہ درد مفاصل کو ساتھ اسہال کے دفع کرتا ہے ص سورنجان شیرین بوزیدان چھ چھ ماشے زرد سفید مجوف و مقشر و مغز تخم کرنب زنجبیل تخم حنظل تین تین ماشہ مجتبہ تخم کرمن انیسون سات سات ماشے بدستور تیار کرکے شکر سرخ ایک تولہ ملاکے نوش کرین مطبوخ بوزیدان کہ درد زانو درد پشت اور سب درد دفع کرتا ہے ص بوزیدان شیطرج ہندی زنجبیل پانچ پانچ ماشہ سورنجان بیخ اذخر پوست بیخ کرمن پوست بیخ بادیان چار چار ماشہ مویز دعلبہ دس دس ماشہ بدستور بنا دین باضافہ نو ماشہ روغن بید انجیر کے پیوین مطبوخ ہلیلہ کہ اوجاع مفاصل کو دفع کرتا ہے ص سورنجان بادیان پوست بیخ بادیان تخم کرمن انیسون پانچ پانچ ماشہ پرسیاؤشان برگ گاؤزبان بادرنجبویہ چار چار ماشہ گل سرخ ہلیلہ زرد چھ چھ ماشہ سنا مکی سات ماشہ گلقند افتابی ڈیڑھ تولہ بدستور تیار کرکے تر زنجبین تین تولہ حل کرکے صباح نوش کرین مطبوخ کہ وجع الورک و عرق النسا کو دفع کرنے مین قوی الاثر ہے ص مصطگی انیسون پانچ پانچ ماشے زنجبیل بیخ اذخر تین تین ماشہ مجتبہ شیطرج ہندی سورنجان بوزیدان تخم کرمن حلبہ برابر چار چار ماشہ مویز پندرہ عدد بدستور تیار کرکے باضافہ ایک تولہ روغن بید انجیر کے پیوین فصل ۶۴ مطبوخات دافع حمیات مین مطبوخ

کہ تپ بلغمی ربع کو باخراج مواد دفع کرتا ہے ص بیخ اذخر شاہترہ سنکائی کباب چینی چار چار ماشے فتیلہ تین ماشہ ہلیلہ کابلی چھ ماشہ مویز پندرہ دانہ بدستور تیار کرکے باضافہ سکنجبین دو تولے کے نوش کرین مطبوخ کہ اُس تپ کو دفع کرتا ہے جو ہر روز لاحق رہتی ہے اور ایک روز درمیان دیگر شدت کرتی ہے ص اصل السوس بیخ کرفس پوست بیخ زرازیانہ پانچ پانچ ماشہ شنکاعی تین ماشہ پودینہ مصطگی دو دو ماشہ کشنیز خشک گل سُرخ چار چار ماشہ بدستور تیار کرکے ترنجبین چار تولہ حل کرکے پیا کرین مطبوخ کہ اُس تپ بلغمی کو دفع کرتا ہے جو بادوقات مختلفہ آتی ہے ص سنبل الطیب انیسون کشنیز خشک گل سُرخ پانچ پانچ ماشہ مصطگی دو ماشہ انسنتین تخم کشوث بیخ اذخر کرفس پوست بیخ زرازیانہ چار چار ماشہ ہلیلہ زرد سات ماشہ مویز پندرہ عدد گلقند عسلی تین تولہ بدستور تیار کرکے سکنجبین دو تولہ ملاکر پیا کرین مطبوخ کہ مواد تپ ربع کو بتلیین دفع کرتا ہے ص برگ سنا رکی افتیمون برگ بنفشہ تخم خربزہ نیم کوفتہ تخم شبت پانچ پانچ ماشہ ہلیلہ کابلی و ہلیلہ زرد سات سات ماشہ بدستور تیار کرکے تین تولہ سکنجبین ملاکر پیا کرین مطبوخ کہ تپ ربع کو بتلیین دفع کرتا ہے ص بادرنجبویہ برگ گاؤزبان آملہ پانچ پانچ ماشہ بسفائج منتقی افتیمون غاریقون تین تین ماشہ ہر سہ ہلیلہ چار چار ماشہ سنا رکی سات ماشہ آلو مویز منقے دس دس دانہ گلقند افتابی تین تولہ مطبوخ کہ تپ بلغمی اور درد احشا کو دفع کرتا ہے ص بیخ کرفس بیخ بادیان بیخ اذخر پرسیاوشان انیسون مصطگی بوزن مساوی مطبوخ کہ تپ ہائے کہنہ وتپ لرزۂ مزمن کو دفع کرتا ہے ص خس وصندل سُرخ کشنیز خشک زرشک بجنبل گلوے تازہ بوزن مساوی جوش کرین جب آٹھواں حصہ پانی باقی رہے صاف کرکے نبات سفید بوزن مناسب مل کر نوش کرین مطبوخ کہ واسطے تپ ربع کے مجربات سے ہے ص پوست کوکنار بقدر تحمل مزاج کے ساتھ ہشتم حصہ مرچ سیاہ نیم کوفتہ کے جوش کرکے پیوین مطبوخ کہ واسطے تپ ربع کے مفید ہے ص پوست ہلیلہ کابلی تخم کاسنی چھ چھ ماشہ بیخ بادیان شاہترہ چار چار ماشہ کشوث تین ماشہ آلو عناب دس دس دانہ گلقند تین تولہ مطبوخ کہ تپ بلغمی کو دفع کرتا ہے ص اصل السوس پانچ ماشہ بادیان چار ماشہ گلوے تازہ سات ماشہ انجیر زرد دو عدد شکر سُرخ دو تولہ مطبوخ کہ تپ کھانسی کو دفع کرتا ہے ص پرسیاوشان تخم خطمی تخم خبازی بیخ ممک بادیان چار چار ماشہ پیاز عدد دو ماشہ شکر سُرخ دو تولہ مطبوخ کہ تپ وکھانسی خشک کو دفع کرتا ہے ص بیخ ممک

برگ بنفشہ برگ گاؤزبان چار چار ماشہ بیدانہ دو ماشہ سپستان دس دانہ شکر سفید ڈیڑھ تولہ **فصل ۱۶۵**
مطبوخات متفرقہ مین **مطبوخ** خ کہ تصفیہ خون فاصد کا کرتا ہے **ص** ناگر موتھ بالچی چراتیہ پوست اندرونی
درخت بکائن صندل سفید گلو سے ہر تین تین ماشہ کٹائی خرد کلان ہلیلہ بلیلہ آملہ کٹکی ہر ایک زرد چوب دو تولہ
کوٹ شیرین اندر جو بھنگرہ بیجے سارو دو دو ماشہ آدھ سیر پانی مین جوش کرین جب ڈیڑھ چھٹانک پانی باقی رہے
رہے بدون ملنے کے صاف کرلین اور ایک تولہ نبات سفید ملا کر پیا کرین **مطبوخ** کہ جذام و مذرہ و
امثال اُس کے کو دفع کرتا ہے **ص** مجیٹھ پوست حنا و ناگر موتھ گرچ تازہ زنجبیل زرد چوب چوب کٹائی کلان
وخرد برگ تنبول بنگلہ ہائے ہر ایک چنار دو پودار اندر جو بھنگرہ ستاور چوب کنیر زرد تر پھلا چراتیہ پوست درخت
بکائن بیجے سار گل فرنگ بکیی صندل سفید از ہر چھال درخت کنار زمہ از ہر چھال کرنج بت پاڑا ایں بیخ اندرائن ہر ایک
بوزن مساوی بدستور تیار کر رکھین اور بقدر مناسب پیا کرین **مطبوخ** کہ واسطے دفع آتشک کے مجرب
ومفید ہے **ص** پوست درخت نیم پوست درخت کچنال بیخ حنظل سنڈی وچوب کٹائی خرد قند
سیاہ کمنہ ایک ایک چھٹانک سہ تین سیر پانی مین جوش کرین جب چہارم حصہ باقی رہے صاف کرکے
ایک شیشے مین رکھین بقدر احتمال طبیعت کے پیا کرین **مطبوخ** کہ حلق مین لگی جونک کو
نکالتا ہے اور مارتا ہے **ص** افسنتین شونیز قسط تلخ برنگ کابلی بوزن مساوی سرکہ مین جوش کرکے
مقدرے قدرے نوش کرین **فصل ۱۶۶** معجونات دافع امراض دماغ و اعصاب عمدہ وقوی مین
قاعدہ بنائے معجون کا یہ ہے کہ اگر سب اجزا و سکے لائق ہو سفوف کرکے ہون نو علیحدہ علیحدہ سفوف
کرکے یکجا کرین و شیرینی کے قوام مین یا شہد کف گرفتہ مین کہ ہنوز گرم ہو سے مخلوط کرین اگر شیرینی
کے ساتھ شہد بھی ہو تو دونون ایک ساتھ اگ پر گرم کرکے چھان کر قوام کرین و اگر معجون کے بعض
اجزا قابل جوشاندہ کے ہون تو انکا جوشاندہ بنا کے آب صاف جوشاندہ مین قوام بنا کر سفوف
ملاوین و اگر شیرہ نبات خواہ آب مروق ملانا ہو تو اُن کو قوام مین داخل کرین و بعد ایک دو جوش کے
سفوف شامل کرین **معجون نجاح** کہ امراض سوداوی وجنون وصرع کو دفع اور تنقیہ دماغ کرتا ہے
حب ہلیلہ سیاہ آملہ بلیلہ ایک ایک تولہ بسفائج منتقی افتیمون اسطوخودوس تربد سفید مجوف
مقشر اڑھائی اڑھائی تولہ خاریقون نرم کوفتہ نخودہ چھ ماشہ سائتہ سہ چند ان سہ شہد کے بنا وین
معجون موافق مزاج کہ یارا زی کہ مداومت اُس کی صرع دلقوہ و فالج کو دفع کرتا ہے

ص انتیمون اسطوخودوس بسفایج افسنتی عقرقرحا بوزن مساوی ساتھ سہ چندان سکنجبین عنصلی کے یا سہ چندان مویز منقے کے معجون بنا دین معجون انتیمون کہ تنقیہ سودا و بلغم کا دماغ اور تمام بدن سے اور مالیخولیا اور جنون کو دفع کرتا ہے ص انتیمون بسفایج سنا کی غاریقون تربد سفید ایک ایک تولہ برگ گاؤزبان اسطوخودوس بادرنجبویہ لوزماشے بارہ رنگ فرنجمشک لاجوردمنسول چھ چھ ماشہ متبط شیرین تین ماشہ سہ چندان مجموع کے معجون ذبیب دافع صرع ص ہلیلہ کابلی بلیلہ زرد بلیلہ آملہ اسطوخودوس ایک ایک تولہ عودصلیب چھ ماشہ عقرقرحا چار ماشہ ساتھ پاؤ آثار مویز منقے کے معجون بنا دین ایضاً بلیلہ زرد تربد سفید زنجبیل مصطگی عودصلیب ایک ایک تولہ اسطوخودوس بلیلہ سیاہ آملہ دو دو تولہ دارچینی ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ روغن بادام شیرین میں چرب کرکے ساتھ سہ چندان شہد کے بنا دین اور بعد چالیس روز کے استعمال کریں معجون کہ نسیان کو نہایت مفید ہے ص کندر روغ سفید ارجانی ارجانی تولہ زنجبیل مرچ سیاہ سوا سوا تولہ ساتھ سہ چندان شہد کے بنا دین معجون کہ واسطے دفع نسیان و تقویت دل و دماغ کے مجرب ہے ص دارچینی سنبل الطیب سب لبان عودصلیب مصطگی زعفران کندر بیخ سوسن ورنج عقرقرحا سعد کوفی بہمنین وج اسطوخودوس کباب چینی اسارون تین تین ماشہ بلیلہ کابلی مغز تالیل مغز فندق چھ چھ ماشے ابریشم مقرنس مویز منقے ایک ایک تولہ پیرا مورز نجبیل مرچ سیاہ دو دو ماشے ساتھ دو چند ان شکر سفید و ہمسند شہد کے بنا دین معجون یونس مقوی حافظہ دافع نسیان ص سلیخہ وج زراوند دارچینی مصطگی دو دو تولہ متبط شیرین تخم سداب فلفل سفید تین تین تولہ بادرنجبویہ ایک ایک تولہ ساتھ شہد سہ چندان کے بنا دین معجون کندر کہ نسیان رطوبی کو دفع کرتا ہے اور عقل اور ذہن کو بڑھاتا ہے ص کندر عود غرقی سعد کوفی زنجبیل بے ریشہ فلفل دراز جوزبوا ایک ایک سفوف کرکے چہار چند شہد کف دریا میں مخلوط کر رکھیں تین ماشے سے پانچ ماشہ تک کھایا کریں معجون یحیی ابن خالد کہ نقرس و درد مفاصل کو نہایت مفید و مجرب ہے ص اسارون زنجبیل زیرہ سیاہ دارفلفل سونچل شیرین چھ چھ تولہ سنا کی تین تولہ شہد سہ چندان معجون کہ نقرس بلغمی کو مفید ہے ص ہلیلہ زرد سورنجان شیرین عقرقرحا سوا سوا تولہ فلفل سفید پانچ ماشہ زیرہ سیاہ دو تولہ

زرشک ایک تولہ بنجبیل سات ماشہ انتیسون دو ماشہ شہد دو تولہ چند **معجون مجرب** دافع نقرس ص
سورنجان شیرین ڈیڑھ تولہ بیخ کنیر دارفلفل فلفل سیاہ زیرہ سیاہ پانچ پانچ ماشہ فوسادر زبد البحیرہ
سائلہ تین تین ماشہ زبد سفید خردل زنجبیل سات سات ماشہ شہد سہ چند ان **فصل ۱۶۷ معجونات**
دافع مالیخولیا وخفقان وضیق النفس وربو وسعال ومرقہ مین **معجون مجرب** کہ دافع مالیخولیا ومراقی
ہے ص آملہ بادرنجبویہ ہلیلہ کابلی طباشیر سفید جوز بوا سادج ہندی قرنفل مسیاسہ دانہ الائچی سفید
عود خام نونا شہ پوست چاے حظائی پوست بیرون پوستہ ایک ایک تولہ سفوف کرکے چار چند
نبات سفید کے قوام مین کرآب انارین یا عرق گلاب یا آب زرشک یا آب لیمون مین تیار کیا ہوے
ملاوین **معجون تالیف حکیم سید اسمٰعیل جرجانی** کہ الی خولیاے مراقی کو مفید ہے ص ہلیلہ
کابلی چار تولہ آملہ برگ گاؤزبان چھ چھ تولہ ڈیڑھ سیر پانی مین جوش کرین جب نصف باقی رہے مل کرچھانین
لیوین اور اسمین شہد خالص پاؤ سیر شکر سفید آدھ سیر ملاکے قوام دبادر بجویہ پوست تر بنج بہمن سفید
زرنباد تخم بالنگا مرغیشک سنبل الطیب ایک ایک تولہ قرنفل جوز بوا قرحہ زعفران تین تین ماشہ
مصطگی دانہ الائچی سفید درنج عنقربی چھ چھ ماشہ سفوف کرکے ملاوین **معجون دج** کہ ابتداے
ضیق النفس کو مفید ہے ص حب زنجبیل بہ ریشہ بادیان مساوی شہد دو چند ان مجموع کے
معجون صندل تالیف حکیم محمد اکمل خان کہ خفقان گرم وصعوبہ انجرہ معدہ ومراق ورحم کو دفع کرتا ہے
ص صندل سفید نوتولہ کوبیں تولہ تخم ہندی کے زلال اور ڈیڑھ پاؤ آب انار ترش مین گھسکر
تین پاؤ شکر سفید مین قوام کرین وطباشیر عود خام ایک ایک تولہ زعفران چھ ماشہ سفوف کرکے
مخلوط کرین **معجون** کہ سعال مزمن کو دفع کرتا ہے ص دارچینی پیرامور مصطگی رومی نونا شہ ریزہ منقی
کشمش دو دو تولہ زوفا یابس ایک تولہ شہد سہ چند ان مین بدستور بنادین **معجون** کہ ضیق النفس وربو کو دفع کرتا ہے
ص اصل السوس مقشر دو تولہ پیاوشان تخم خطمی برگ بنفشہ عنب الثعلب ایک ایک تولہ پانی مین
جوش دیکر ملکر چھان کر شہد خالص آدھ پاؤ شکر سفید ڈیڑھ پاؤ کے ساتھ قوام کرین ورب السوس
کثیرا صمغ عربی ربیان شکر تیتال مغز تخم کتان بریان نونا شہ سفوف کرکے ملاوین **فصل ۱۶۸ معجونات**
دافع امراض معدہ واسہال وبواسیر مین **معجون اسود** کہ زحیر واسہال کہنہ کو دفع کرتا ہے ص افیون
نبد البیخ زعفران اسارون تخم کرفس انیسون سنبل الطیب سلیخہ گل ارمنی مساوے سہ چند ان

نبات سفید کے بدستور بنا دین خوراک تین ماشہ **معجون مقل** کہ بواسیر بادی وخونی و ریاح امعاء ورد مقعد کو دفع کرتا ہے **ص** مقل چار تولہ مویز منقے انجیر دو دو تولہ پانی مین پیسکر لگا دین ہلیلہ کابلی آملہ بلیلہ گل سرخ تخم اسپند تخم گن بنات سات ماشے سفوف کرکے ملا دین **معجون خبث الحدید** کہ خون بواسیر کو بند کرتا ہے **ص** خبث الحدید مدبر سوا تولہ ہلیلہ سیاہ بلیلہ آملہ کزمانج نو نو ماشہ سنبل الطیب اذخر سعد کوفی چھ چھ ماشہ ساتھ دو چندان بنات کے بنا دین **معجون** کہ قولنج و مغص کو دفع کرتا ہے **ص** سورنجان شیرین دو تولہ سناء مکی ایک تولہ زیرہ سیاہ دار فلفل نو نو ماشہ ساتھ سہ چندان شہد خالص کے بدستور بنا دین **معجون نانخواہ** کہ معدہ کو صاف کرتا ہے واشتہاء طعام لاتا ہے **ص** نانخواہ پودینہ زوفای خشک زیرہ سیاہ ایک ایک تولہ مرچ سیاہ بباسہ بادیان زنجبیل کرفس جوز بوا نو نو ماشہ شہد سہ چندان مجموع کے **معجون نمک** کہ معدہ کو صاف کرتا ہے دقے بلغمی وسوداوی کو دفع کرتا ہے **ص** ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ بلیلہ آملہ اسطوخودوس افتیمون خارہ یقون ایارہ غیقرا نو نو ماشہ نمک سنگ تولہ بھر سفوف کرکے دو چندان سکنجبین سادہ مین ملا کر کھاوین خوراک نو ماشہ ساتھ آب تیغرم کے

فصل ۱۶۹ معجونات

مخصوص الامراض طحال وجگر وگردہ ومثانہ **معجون گل** کہ ورم طحال کو دفع کرتا ہے **ص** گل سرخ ایک تولہ بیخ سوسن ڈیڑھ تولہ ریوند چینی لک مسغول چھ ماشہ سلیخہ وزعفران تین تین ماشہ آدھ پاؤ شہد کو ایک چٹانک سرکہ خالص کے قوام کرکے ملا دین **معجون ریوند** کہ دفع درد ورم جگر وطحال کو مخصوص درد معدہ ورحم کو بھی مفید ہے **ص** ریوند چینی وج بیخ کرفس بادیان انیسون نانخواہ زرد چوب لک مغسول جلاب مساوی شہد سہ چندان مجموع کے **معجون ابن سرافیون** کہ سنگ گردہ ومثانہ کو توڑتا ہے وگراتا ہے **ص** عقرب سوختہ ایک تولہ زنجبیل چار ماشہ فلفل سفید فلفل سیاہ آٹھ آٹھ ماشہ کاکنج ڈیڑھ تولہ کشنیز سیسہ تین ماشہ خاکستر پوست تخم مرغ جس سے بچہ نکلا ہوئے حجر الیہود پودینہ چھ چھ ماشہ سہ چندان شہد کے ساتھ بنا دین وجوشاندہ تخود وگوکھرو سے کلان سات سات ماشہ بعد کھانے اس معجون کے پیون **معجون حجر الیہود** کہ سنگ گردہ ومثانہ کو گراتا ہے **ص** مغز تخم کدوے شیرین مغز تخم خیارین مغز تخم خربوزہ کاکنج ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ حجر الیہود نو تولہ شہد سہ چندان **ایضاً** حجر الیہود دس تولہ کاکنج اسارون مغز تخم خربزہ تخم کدوے تخم کرفس مغز تخم معصفر انیسون مغز تخم تربز مغز تخم کدوے شیرین مغز تخم خیار دواز ایک ایک تولہ شہد سہ چندان **معجون کاکنج** کہ قرحہ مثانہ وگردہ

وبول الدم کو نفع کرتا ہے **ص** بزرالبنج تخم کرفس ازریانہ چار چار ماشہ مغز تخم خربزہ تخم خاشن مغز بادنوزہ کبیرا
مغز بادام شیرین مغز فندق ایک ایک تولہ افیون زعفران دو دو ماشہ کاکنج تین تولہ شہد سہ چندان **معجون**
ماسک البول تالیف علویخان کہ دفع سلسل بول وبول فراش وسیلان منی ومذی وودی کو مجرب ہے
ص ہلیلہ سیاہ ہلیلہ کابلی روغن نج۔ دمین بریان کیا ہوا چھ چھ ماشہ کہربا ایک تولہ کتھہ سفید جفت بلوط ۴
حب الآس ثعلب مصری نو نو ماشہ کندر تین ماشہ سفوف کیا ہوا بیس تولہ مویز سرخ وکلان کو عرق
گلاب مین جوش دیکر پیسکر ملاوین **فصل ۱۷۰** معجونات مقوی ومسہی ومغلظ منی مین **معجون** کہ مجرب
ہے تقویت باہ واصلاح منی مین حتی کہ مایوس کو بھی مفید ہوتا ہے **ص** ثعلب مصری موصلین موصلہ ۴
سنبل کامراج زنجبیل ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ تخم شلجم تخم شبت تخم گذر تخم پیاز فلفلین آٹھ آٹھ ماشہ شہد وشکر سرخ
پاؤ پاؤ سیر بدستور بنا وین خوراک نو ماشہ سے ایک تولہ تک وترشی آمیز ہنر کرین **معجون دارچینی**
کہ تقویت باہ مین مجرب ہے **ص** دارچینی ڈیڑھ تولہ قسط شیرین زنجبیل فلفل سفید گوکھرو کلان وخرد
سانبھ ہندی اسارون قرنفل مصطگی دانۂ الایچی سفید تخم ترب تخم شلجم چھ چھ ماشہ کندر خفیہ شکر مغز بادام
شیرین مغز پستہ مغز چلغوزہ ثعلب مصری شقاقل مصری بہمنین حلوہ کرتی ایک ایک تولہ نبات سفید
ہموزن شہد دو چندان خوراک چھ ماشہ سے ایک تولہ تک **معجون ثعلب مصری** کہ تقویت
باہ وتغلیظ منی مین مجرب ہے **ص** ثعلب مصری پانچ تولہ شقاقل مصری تین تولہ عقرقرحا نولہ بجاں ہندسوکھ
مغز بلادر اسگندھ ایک ایک تولہ بسباسہ زعفران تین تین ماشہ قند سفید ہموزن شہد سہ چندان خوراک
تین ماشہ سے چھ ماشہ تک صبح وشام **معجون لولوی** کثیر المنافع موافق جالینوس کہ امور ذیل مین نہایت
عظیم رکھتا ہے قریب وقت مجامعت کے پانچ ماشہ کھاکر کے قدرے آب گرم پینا چاہیئے **ص** مروارید
ناسفتہ مرجان پانچ پانچ ماشہ انیسون بہمن سفید دس دس ماشہ کاکنج بیخ بلاب چار چار ماشہ فقاح
اذخر سعد کوفی کزبرح سلیخہ دارچینی اسارون مصطگی تین تین ماشہ صمغ عربی کبیرا دو دو ماشہ شہد
ہمچندان **معجون مصری** موافق المبا سے مضرکہ تقویت باہ مین بے نظیر ہے **ص** تخم گذر تخم ترب
تخم شلجم شقاقل مصری ثعلب دارفلفل فلفل دراز بسباسہ عقرقرحا جوز بوا مصطگی ایک ایک تولہ زنجبیل
دو تولہ کنجبیل چار تولہ سفوف کرکے زردۂ تخم مرغ چالیس عدد خفیف جوش کرکے باہم دست
مال کرکے قوام شکر سفید ہموزن مین مخلوط کرین خوراک نو ماشہ سے ایک تولہ تک **معجون**

مقوی دسبی و منعظ مجرب ہی ص بہن شقاقل مصری دارچینی بوزیدان بسباسہ کباب چینی نولخان
اندرجو قاقلیں سنبل الطیب فرنجمشک قرنفل معطگی سانوج ہندی تونو ماشہ ثعلب مصری مین عود خام نخم
ہیون بیج چھ ماشہ ورق النقال چار تولہ مغز بادام شیرین مغز انروٹ چھ چھ تولہ شہد و شکر بالمناصفہ دو چند ان
مجموع کے خوراک چھ ماشے سے نو ماشہ تک معجون ریگ ماہی مولفہ حکیم امانعلی برار راقم کہ
تقویت باہ و تغلیظ منی مین مجرب ہی ص ریگ ماہی لسان العصافیر تخم خشخاش سفید زرنباد صندل
سفید مغز نارجیل مغز بادام شیرین مغز پستہ مغز چلغوزہ مغز انروٹ مویز منقے کنجد سیاہ مقشر دو دو تولہ تخم
پیاز تخم شلجم مغز کیوانچ تخم ہالم کرنا تخم اسبند تخم گندر معطگی سعد کوفی عود ہندی سیطرج پوست ترنج
سانوج ہندی تخم شبت تخم نرتب تودری موصلین ایک ایک تولہ سلاجیت عقرقرحا قرنفل بسباسہ جوزبوا
مچ سیاہ دارچینی نو نو ماشے شہد و شکر سفید بالمناصفہ دو چندان مجموع کے خوراک چھ ماشہ سے ایک تولہ
تک معجون مسیحی کہ نہایت مقوی باہ و پشت و ہاضم طعام ہی ص عقرقرحا ڈیڑھ تولہ جوزبوا تین عدد
ورق النقاط چرب کیا ہوا روغن بادام شیرین مین اڑھائی تولہ قوام شکر سفید سہ چندان معجون بلا
کر تقویت باہ و امساک مین بیظیر و مجرب ہی اور بوڑھون کو طاقت مثل جوانی کے ہوجاتی ہی مگر موسم سردی
مین استعمال کرنا چاہیئے ص بلا دریک نیم سیر شکستہ کرکے ایک ہانڈی مین رکھین اور اوس ہانڈی کے
نیچے بیت سے سوراخ کرین کہ شہد بلا دریکی اون سوراخ کے نیچے سے نکل سکے و منھ ہانڈی کا چینی سے بند
ایک دیگچی پر رکھکر دیگچی کو گڈھی مین رکھین و ہانڈی کو پاچکدشتی سے بند کرکے جلا دیوین جب اوسقدر کنڈے
جل جاوین اور کنڈے رکھکر آنچ دیوین اسیطرح تین دفعہ کرین تب سرد کرکے دیگچی نکالین جسقدر
شہد دیگچی مین جمع ہوا ہو اوسکا میں چند شیر گاو ملا کے پکا دین جب ہمارم حصہ باقی رہے تب
تین چوتھائی شہد بلا دریکا روغن کنجد سفید ملا کے پکا دین کہ بالکل یکذات مثل لعوق کے ہوجاوے
ہر صباح نو ماشہ کھایا کرین معجون تخم مرغ کہ واسطے قوت باہ کے بیظیر ہی رنگ بدن کا سرخ و بدن
کو فربہ و منی کو زیادہ کرتا ہی ص زردی و سفیدی تخم مرغ روغن گاؤ آب پیاز آب گندر شہد
ہر یخ بوزن مساوی پکا کر لعوق بناوین و بقدر احتمال طبع کے چالیس روز تک کھایا کرین معجون
گھیکوار کہ تقویت باہ و دافع امراض بارد مین نہایت مجرب ہی ص مغز گھیکوار یا دو میر شیر گاو مین دو میر جوش
دیکر دست مال کرکے مخلوط کرین و شکر سفید سیر بھر ملا کے پکا دین کہ معجون ہوجاوے و مغز گھیکوار نہایت

تلخ ہوتا ہے تو تالاب کی سفوف کرکے اوسپر خوب چھڑک کر چند ساعت دھوپ مین رکھکر دھوڈالنے سے تلخی
دفع ہوجاتی ہے **معجون** کہ تقویت باہ کو واستحکام قضیب کو بخوبی کرتا ہے **ص** اسبند جاوتری جائفل بکم واچینی
ایک ایک تولہ کنجد سیاہ مقشر دو تولہ شہد سہ چندان **فصل ۱۸** معجونات مین جو دافع امراض اکثر اعضا کے
ہین **معجون** تالیف حکیم ارسطو ماجس یونانی کہ تفتت الدم وسعال وقرحہ دریم مجمعہ سینہ ودسوزش پہلو و
قے طعام وہیضہ وسنگرہی وقروح امعاء وبواسیر ومثانہ واختناق رحم وحیات نائہ کو قبل ایک ساعت
نوبت سے والاغری بدن ودفع سموم خوردنی وزہر حیوانات گزندہ ومیش زن کو اربس مفید وعجیب الاثر
ہے **ص** بہروزہ مصفی میعہ سائلہ دیہہ ویڑھ تولہ وآہنار شہد مین ملاکر آگ پر رکھین جب گداخت
ہوجاوے صاف کرکے سفوف دارچینی قسط شرین فلفل سیاہ دارفلفل ایک ایک تولہ جند بیدستر
چھ ماشہ افیون دو ماشہ مخلوط کرین **معجون اقتراطا** کہ تقویت جگر ومعدہ وگردہ وباہ ودواشتہائی
کرتا ہے وبلغم وریاح وبدہضمی وسیلان لعاب دہن کو دفع ودہن کو خوشبو کرتا ہے اور سپٹ کے کیڑون کو
مارتا ہے **ص** نانخواہ تخم گندنا زرنبجبل اڑھائی اڑھائی تولہ زعفران بسفائج پانچ پانچ ماشہ بیخ کرفس سہ تولہ
شہد سہ چندان **معجون** تالیف محمد زکریا کہ دماغ ومعدہ وباہ کو قوت دیتا ہے اور بدن کو خوشرنگ اور طعام
کو ہضم اور دہن کو خوشبو ومسوڑھونکو مستحکم اور ریاح کو دفع اور مثانہ کو ریگ اور ریم سے صاف اور قضیب
کو سخت کرتا ہے **ص** تخم کرفس نانخواہ تخم شبت تخم گندنا اڑھائی اڑھائی تولہ مصطگی قرنفل قرفہ
عقرقرحا سارون ببابسہ عود خام پانچ پانچ ماشہ زعفران تین ماشہ مشک ایک ماشہ مویز آدھ پاؤ
پیکر ڈیڑھ پاؤ شکر سفید ملاؤین دیکاؤین جب پختہ ہوجاوے سفوف ادویہ مذکور ملاؤین **معجون ارزاقی**
جسکو اکسیر البدن ومبدل المزاج کہتے ہین واسطے ترک عادت افیون ودفع استرخا وفالج وامراض باردہ
وبرد مفاصل وعرق النساء وسلس البول کے نہایت مفید ہے **ص** ارزاقی یعنی کچلہ چھ تولہ شیر گاؤ مین
تر کرکے پوست دفع کرین وباریک ورق تراش کے خشک اور سفوف کرین گل گاؤزبان چار تولہ
دانہ الائچی سفید زرنباد شقاقل صندل سفید آملہ بلیلہ سیاہ دو تولہ عود ہندی قرنفل ایک ایک تولہ
تلخ دوس نمر پیلھوز دکیتر نارجیل تین تین تولہ شہد سہ چندان **معجون ملوکی** کہ واسطے تقویت باہ ومعدہ
واشتہا وقوت مجامعت کے مجرب ہے **ص** جوزبوا قرنفل ببابسہ اندرجو بیخ اذخر زنجبیل دارچینی مصطگی
زعفران عود عرق ایک ایک تولہ دانہ الائچی سفید کندر اشبہ چھ چھ ماشہ قند سفید شہد خالص تین تین

تین تین چھٹانک آدھ پاؤ عرق گلاب کے ساتھ قوام کرکے ملاوین **معجون حافظ الاحشا** کہ سوء القینہ و استسقا و امراض باردہ دماغ و معدہ و جمیع اعضا کو مفید ہے **ص** دارچینی پوست کنیر بسفائج اذخر ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ زعفران ایک تولہ سنبل الطیب تین تولہ اسارون ریوند چینی قند شیرین بھٹہ ناگرموتھ ایک ایک تولہ سفوف کرکے روغن بابونہ مین چرب کرکے سہ چندان شہد مین ملاوین **معجون مسیحی** کہ درد پشت و درد پا کو مفید ہے و منقے و مقوی معدہ ہے **ص** گل سرخ سعد کوفی سداب عقرقرحا قرنفل سنبل الطیب مصطگی زرنباد زعفران قاقلیں جوز بوا بوزن مساوی شہد و قند بالمناصفہ سہ چندان مجموع کے ملاکر نباوین **معجون چوب چینی** کہ امراض باردہ و داء **ضباع** مقاصل و درد اعضا کو خصوص جو بسبب آتشک کی ہوئے نہایت مفید ہے **ص** چوب چینی نو تولہ قرنفل جوز بوا بسباسہ گل سرخ زعفران دانۂ الایچی سفید زرنباد خولنجان سعد کوفی چار چار ماشہ دارچینی فلفل سیاہ مصطگی سورنجان شیرین بوزیدان سنبل کی لسان العصافیر ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ زنجبیل دار فلفل عقرقرحا مجید دار خطائی نو نو ماشہ شہد سہ چندان

معجون جاوید تالیف حکیم عماد الدین محمود کہ مداومت اوسکی امراض بہق و برص و فالج و لقوہ و قولنج و تاریکی چشم و گرمی گوش کو دفع کرتا ہے و عورتون کو حمل پر معین ہے **ص** قرنفل دارچینی سافج ہندی جوز بوا ہلیلہ کابلی فلفلین ایک ایک تولہ زنجبیل ہلیلہ دو تولہ آملہ تین تولہ نانخواہ چار تولہ زیرہ پانچ تولہ سفوف کرکے سرکہ مین تسقیہ دیکر قوام نبات ہمچند مین مخلوط کرین **معجون فلاسفہ** جسکو مادۃ الحیات کہتے ہین مخترعہ حکیم اندرماجس کہ باستصواب حکماے فلسفی معاصر اپنے کے ترکیب دیا ہے وجہ تسمیہ کی یہی ہے مقوی قلب و باعث واشتا و باہ و دافع بلغم و نسیان و سلس البول و درد پشت و درد گردہ و مفاصل و دندان کا زیادہ تر موافق مزاج بوڑھون کے ہے **ص** زنجبیل فلفل گرد فلفل دارچینی آملہ ہلیلہ بیطرح ہندی زراوند مدحرج ثعلب مصری مغز چلغوزہ بیخ بابونہ مغز ناریل ایک ایک تولہ تخم بابونہ خبث الحدید چھچھ چھچھ ماشہ مویز منقے تین تولہ شہد دو نیم چندان بدستور نباوین

معجون سیر کہ لقوہ و فالج و رعشہ و بواسیر بادی و بہق و برص و مادہ بلغم کو دفع کرتا ہے مقوی معدہ و اشتا و حرارت عزیزی کا ہے و بدن کو قوت دیتا ہے و رنگ بدن کو سرخ و بہتر کرتا ہے و بوڑھون کو نہایت مفید ہے **ص** سیر یعنی لسن پوست دور کردہ آدھ سیر تین پاؤ شیر گاؤمین پکاوین جب اثر پانی کا باقی نہ رہے پیکر لونگ جاوتری جائفل چرچ سیاہ

مصطگی دانہ الائچی خرد وکلان ہلیلہ کابلی عود خام دارچینی زنجبیل ایک ایکتولہ زعفران چھ ماشہ کوٹ چھانکر
ملا دین وارڑھائی پاؤ شکر سفید کے قوام مین مخلوط کرین **معجون** کہ مداومت اسکی امراض سوداوی وجذام
کو دفع کرتی ہی **خواص** برگ بنفشہ بادیان انیسون گاؤزبان ہلیلہ سیاہ بلیلہ کابلی ہلیلہ زرد دانہ الائچی سرخ
سوا سوا تولہ قرنفل دانہ الائچی سفید بسفائج فستقی پودینہ تربد سفید ایک ایک تولہ گل سرخ چار تولہ سفوف
پارچہ بیز کرکے آب افشردہ آملہ تازہ دو سیر مین ملا کر بکاڑین جب گاڑھا انگشت پیچ ہو جاوی تب اوتار
رکھین بقدر مناسب کھلایا کرین **فصل ۲۷** بیان مفرحات مین دستور بنانے مفرح کا مثل معجون
کے ہی **مفرح** کہ مالیخولیا کو بعد تنقیہ کے نفع کرتا ہی **خواص** ہلیلہ کابلی دس تولہ آملہ پندرہ تولہ جوش کرکے
تا کمر چھانکر ایک رطل شہد ملا کے قوام کرین وسفوف بادرنجبویہ پوست تربد قرنفل مصطگی جوزبوا قرقا
قاقلہ بہمن سفید درونج عقربی زرنباد زعفران تخم بادرونج فرنجمشک سات سات ماشہ مشک دو ماشہ
مخلوط کرین **مفرح** کہ مالیخولیا کو بہ احتراق سوداوی دفع کرتا ہی ومقوی دل ہی **خواص** گل سرخ سکنجبین
سوا سوا تولہ بسباسہ تخم فرنجمشک قرفہ نو نو ماشہ مشک دو ماشہ سفوف کرکے آدھ سیر شربت بنفشہ
مین ملا دین یا قوام مین کر آدھ سیر قند کا عرق گاؤزبان مین بنایا ہوے **مفرح** بارد کہ واسطے تقویت
قلب خفقان وسوزش ومالیخولیا کے نہایت مفید ہی **خواص** مروارید ناسفتہ تین ماشہ کہربای شمعی بسد
سات سات ماشہ درونج عرق کیوڑہ مین صلایہ کرکے صندل سفید کشنیز خشک طباشیر سفید بہمن
سفید گل سرخ گل گاؤزبان سوا سوا تولہ بہمن سرخ پوست بیرون پستہ تخم خرفہ مقشر زرشک ابریشم
مقرض نو نو ماشہ گل ارمنی چار ماشہ ورق نقرہ بیس عدد ورق طلا دس عدد قند سفید آدھ سیر
بدستور بنا دین **مفرح حار** کہ تفریح طبع وتقویت دل مین قوی التاثیر ہی **خواص** سنبل سلیخہ قاقلیہ مایخ
پانچ پانچ ماشہ درونج عقربی اسطوخودوس تمام ایک ایکتولہ کندر زعفران زرنباد عود غرقی ساذج ہندی
دارچینی تخم بادرنجبویہ کہربا برگ گاؤزبان گل سرخ نو نو ماشہ شقہ سہ چندان **مفرح دلکشا** ضعف
دل دسوزش سوداوی ومالیخولیا وخفقان کو زائل کرتا ہی دل کو قوت دیتا ہی ونشاط تمام لاتا ہی **خواص**
مروارید ناسفتہ ومرجان تین تین ماشہ بوست بیرون پستہ صندلین گل سرخ تخم فرنجمشک طباشیر سفید
نو نو ماشہ کہربای شمعی سنگ یشب سبز قرنفل زعفران کافور پانچ پانچ ماشہ کباب چینی بہمن دارچینی
عود غرقی کشنیز مقشر زرنباد گل گاؤزبان آملہ زرشک سات سات ماشہ نبات سفید

آدھ سیر ساتھہ عرق گلاب و عرق کیوڑہ بالمناصفہ کے قوام کرکے بدستور بناوین **مفرح معتدل** کہ مقوی اعضاے رئیسہ دافع خفقان و اختلاج قلب و سواس ہی **ص** برگ گاؤزبان کہربا سمغ کشنیز مقشر ابریشم مقرض ہمن سفید گل سرخ پوست انار تخم خرفہ صندل سفید ب مساوی الوزن نبات سفید سہ چند اس **مفرح** کہ مقوی باہ و دل و جگر و مولد منی و ملذ جماع و منقی گردہ و مثانہ و دافع کدورت خواص ہے **ص** شقاقل خولنجان ثعلب مصری ہمنین تودری بین لسان العصافیر تخم ہلیون خارخسک تخم شلجم مغز تخم خربزہ مغز تخم خیارین دانہ خشخاش سفید مغز تخم کڑمغز تخم پنبہ دانہ نونوماشہ جوز بوا زنجبیل کباب چینی اسارون عود خام بوزیدان چھ چھ ماشہ نبات سفید ڈیڑھ پاؤ بدستور بناوین **مفرح** تالیف حکیم گیلانی کہ خوش کیف ہی و تفریح زیادہ کرتا ہی **ص** بھنگ سبز پانچ تولہ ایک تولہ روغن بادام من چرب کرکے ایک ہفتہ رکھین زان بعد بریان کرین و سنبل الطیب سادج ہندی زنجبیل بے ریشہ تین تین تولہ مرچ سیاہ مصطگی رومی دو دو تولہ زعفران ایک تولہ سب کو سفوف کرکے سہ چندان شہد کف گرفتہ مین مخلوط کرکے دس عدد ورق ملابس عدد ورق نقرہ ملاوین **مفرح** کہ مقوی قلب و اعضاے رئیسہ دافع یبوست ہی **ص** ابریشم مقرض ملمع ابریشم سفید گل سرخ آملہ کشنیز خشک مقشر گل گاؤزبان ✣ صندل سفید زرشک دو دو تولہ بادرنجبویہ و تخم خشخاش تخم کاہو ہمن سفید تخم بالنگا مغز تخم کدو شیرین مغز تخم خیارین تخم خرفہ ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ زعفران دانہ الائچی سفید چھ چھ ماشہ سفوف کرکے قوام نبات سفید ڈھائی پاؤ مین کہ ساتھہ ڈیڑھ پاؤ عرق گلاب کے بنایا ہوے مخلوط کرکے مین و بقدر مناسب کھایا کرین **ص** کہ دل و جگر و معدہ کو قوت دیتا ہی و خفقان و توحش کو دفع کرتا ہی و فرحت و نشاط لاتا ہی **ص** ابریشم خام تین تولہ برگ گاؤزبان فرنجمشک گل سرخ سنبل الطیب عشبہ ایک ایک تولہ اڑھائی پاؤ عرق گلاب مین ایک شبانہ روز تر کرکے جوش دیوین و ملکر صاف کرکے آدھ سیر نبات سفید کا ساتھہ قوام کرین و صندل سفید طباشیر کہربا نونوماشہ سفوف کرکے مخلوط کرین و بقدر مناسب کھایا کرین۔

باب ۲۶ حرف النون مین

فصل ۳۷ انبیذ مین دستور بنانے نبیذ کا ترکیب نبیذ یہ ہی کہ منقیٰ یا خرما کو خیساندہ کرکے جوش دین جب نصف پانی جل جاوے تب دوسرے اجزا ملا کر بخلاف اسکے طریق کلی مین ڈالکر دھوپ مین رکھین کہ نصف ظرف خالی رہے دو چار بار لکڑی سے ہلا کر جوش دیدیا کرین زان بعد مگر ان تین جوش

مارکے جوش فرد ہو جاوی تب پارچہ تنکین مین بلامالش وجنبش کے چھانکر ظروف چینی یا شیشہ مین رکھلیون
وبقدر مناسب پیاکرین **نبید خرما** کہ تولید منی وتقویت باہ و فربہی بدنکی کرتا ہی ونشط ومنشی ہے **ص** خرما
سات سیر ایک من پانی مین جوش کرین جب نصف پانی باقی رہی جوز بوا قرنفل دارچینی زنجبیل سانٹھ ہندی
الائچی سرخ دو دو تولہ پوست ترنج تین تولہ برگ نارنج تین تولہ زعفران چھ ماشہ جملہ نیکوفتہ کرکے ملاوین بدستور
مرقومہ بالا تیار کرین **نبید کشمش** کہ خون صالح پیدا کرتا ہی ومقوی ونشط ومنشی ہی **ص** کشمش پانچ سیر
گندر مصفی تین سیر بیس سیر پانی اور دس سیر آب نیشکر مین جوش کرین جب نصف باقی رہی دارچینی سانٹھ
ہندی پوست ترنج پانچ پانچ تولہ بذر الینج قرنفل زنجبیل دو دو تولہ نیکوفتہ کرکے ملاوین وبدستور تیار کرین
نبید فواکہ کہ مصلح خون ومقوی ونشط ہی **ص** خرما کشمش ڈیڑھ ڈیڑھ سیر آلوبخارا غناب
پاؤ پاؤ سیر بیوست اندرونی درخت مغیل وکنار وانبہ آدھ آدھ پاؤ بیس سیر پانی مین جوش دیوین جب
نصف باقی رہی بذر الینج دارچینی سعد کوفی خس قرنفل دو دو تولہ ملاکے بدستور بناوین **فصل ۱۷۴**
نطولات مین **طریق** نطول کا جسکو ہندی مین تلیلا اور ترپڑا کہتے ہین یہ ہی کہ ادویہ کا پانی سرد خواہ گرم
جیسا موقع ہو ظرف نوٹی دارمین بھر کے کچھ فاصلہ کی راہ سے مقام مرض پر گراوین کہ اس طریق سے
نفوظ دوا کا باحسن وجہ ہوتا ہی وامراض گردہ اور مثانہ مین آب نطول سے آبزن کرنا بھی مفید ہی **نطول** کہ صداع
حار وتشنج یابس وجنون وسرسام کو مفید ہی **ص** برگ بنفشہ تخم کدوے نیکوفتہ تخم کتان تخم خشخاش تخم خطمی
تخم کاہو گل سرخ جو نیکوفتہ بوزن مساوی پانی مین جوش کرکے بدستور سر پر نطول کرین **نطول** کہ صداع
خماری کو دفع کرتا ہی **ص** عرق گلاب آدھ پاؤ سرکہ ایک چھٹانک پانی سرد دو سیر مین ملاکے سر پر نطول
کرین **نطول** کہ سرسام سوداوی کو دفع کرتا ہی **ص** برگ بنفشہ گل بابونہ شاہسفرم شبت گل نرگس
مساوی الوزن جوش کرکے تھوڑا روغن کنجد سفید ملاکے تمگرم استعمال کرین **نطول** کہ درد پستان کو
جو انجماد شیر سے ہوا ہو تحلیل کرتا ہی **ص** گل بابونہ شبت تمام جملہ الکل الملک پودینہ بوزن مساوی **نطول**
کہ سنگ گردہ ومثانہ کو ٹکڑا ٹکڑا کرکے براہ بول دفع کرتا ہی **ص** اکلیل الملک گل بابونہ گل سرخ ڈیڑھ ڈیڑھ
تولہ پوست خربزہ خشک پرسیاوشان تخم قات نیکوفتہ دو دو تولہ اشنان اصل السوس **پوست** بزایہ
کا کنج حلبہ ایک ایک تولہ برنجاسف برگ بنفشہ برگ نیلوفر نونماشہ **نطول** کہ سنگ گردہ ومثانہ کو
دفع کرتا ہی **ص** تخم بید خربزہ پرسیاوشان خلر خسک گل بابونہ گل بنفشہ اکلیل الملک گل خطمی تخم کرفس جب لقلت جایز عنب الثعلب

مرزنجوش پوست بیخ رازیانہ کاکنج برنجاسف برگ سداب گل سرخ انیسون تخم کشوث تخم کتان دو دو تولہ پوست
خشک خربزہ سبوس گندم چار چار تولہ تخم ہلیون اکیتولہ **لطول** کو رحم بارد و حضیہ و قضیب کو مفید ہے
اسکی مواد غلیظہ کو تحلیل کرتا ہے **ص** پودینہ مرزنجوش عنب الثعلب دو دو تولہ زہرہ گاؤ ایک عدد شہد
ایک سا تولہ باہم جوش کرکے لطول کرین **فصل ۱۷۵ انفرغات مین طریق نفوخ** کا یہ ہے کہ سفوف باریک
اودیہ کو کاغذ کی ٹوپی یا کسی دوسری چیز مجوف مین رکھکر ناک یا حلق یا دوسرے مقام مرض مین پھونکین
نفوخ کہ دردسر بارد و دردنیم سر و نزول آب اور دوسرے امراض بارد کا مزمنہ آنکھ کو مفید ہے **ص** غلہ گندم
کو تین بار شیر آک مین بتسنیہ کرین سفوف کرکے ناک مین استعمال کرین **نفوخ** کہ دردسر بارد و شقیقہ کو مفید
ہے **ص** جوزبوا زنجبیل قرنفل دارچینی فلفل سیاہ تین تین ماشہ دانہ الائچی مرزنجوش عنبر دو دو ماشہ
صندل سفید چار ماشہ سفوف کرکے عرق گلاب مین نم کرکے بعد خشک کرنیکے استعمال کرین **نقوع** کہ سرع
کو دفع کرتا ہے **ص** خطل نوشادر سوہاگہ کندش فلفل گرد بوزن مساوی سفوف کرکے **نفوخ** کہ کہ سکتہ کو نفع
کرتا ہے **ص** جندبیدستر فلفل گرد کندش سداب ہموزن **نفوخ** کہ مفلوج کو نہایت مفید ہے **ص** کندش
فلفل سیاہ عنبر قرحاز بجنبیل بورہ ارمنی نوشادر صبر دارچینی خربق سفید مرزنجوش خشک بوزن مساوی سفوف
نفوخ کرین خواہ سب کے سفوف کو آب مرزنجوش مین حل کرکے ناک مین قطور کرین **نفوخ** کہ رعاف کو
بند کرتا ہے **ص** کاغذ سوختہ ایک جز سوہاگہ نیم جز انیسون نیم جز مازوے نیم سوختہ کشنیز کندر خون سیاوشان
صبر شب یمانی بوزن مساوی **نفوخ** کہ سقوط لہات کو مفید ہے **ص** مازوے سبز گل سرخ گلنار پودینہ چار
چار ماشہ عقرقرحا دانہ الائچی طباشیر دو دو ماشہ زعفران ایک ماشہ سفوف کرکے بدستور حلق مین پھونکین
کہ لہات پر پہنچے **ایضاً** عدس نوشادر زرد رومی مساوی الوزن **فصل ۱۷۶ انقوعات** مین جسکو
فارسی عنیبانہ کہتے ہین **طریق** بطرح مطبوخ مین لکھا گیا اوسی طور پر دواون کو آب نیم گرم مین تر
کرکے ملکر چھان کر استعمال کرنا چاہیے خواہ صرف اکل مستعمل کیا جاوے **نقوع زرشک** کہ حرارت
جگر دفع کرتا ہے و معدہ و جگر کو قوت دیتا ہے **ص** زرشک چھ ماشہ تخم کاسنی نیم کوفتہ تخم کشوث چار چار ماشہ
نبات سفید دو تولہ **نقوع** کہ ریحان زرد و سدہ مار ساریقا کو دفع کرتا ہے **ص** تخم کاسنی چھ
ماشہ بادیان بیخ بادیان تین تین ماشہ گلوے چار ماشہ سکنجبین سادہ دو تولہ تو **نقوع** کہ ریحان سیاہ کو
دفع کرتا ہے **ص** گل سرخ بادرنجبویہ چار چار ماشہ برگ شاہترہ افتیمون تین تین ماشہ موز منقے ایک تولہ سکنجبین سادہ دو تولہ

نقوع کرتپ صفراوی کو دفع کرتا ہے **ص** برگ گاؤزبان برگ بنفشہ گل نیلوفر گل سرخ چار چار ماشہ آلو بخارا دس دانہ نبات سفید ڈیڑھ تولہ **ایضاً** تخم کاسنی نیم کوفتہ نو ماشہ تخم خربزہ نیم کوفتہ چھ ماشہ گل بیدمشک چار ماشہ آلو بخارا سات دانہ قرنفل دو دانہ نبات سفید ڈیڑھ تولہ **نقوع** کہ تپ صفراوی کہ جس کے ساتھ کھانسی خشک بھی ہو دفع ہوے **ص** اصل السوس مقشر نیم کوفتہ چھ ماشہ برگ گاؤزبان عنب الثعلب چار چار ماشہ بہدانہ دو ماشہ مدبستور تیار کرکے نبات سفید ڈیڑھ تولہ ملاکے **نقوع** کرتپ بلغمی وکھانسی کو مفید ہے **ص** اصل السوس مقشر تخم خطمی تخم خبازی بادیان چار چار ماشہ مویز منقے دس دانہ انجیر دو دانہ شکر سرخ ڈیڑھ تولہ مدبستور بناکر صبح شام پلاوین **نقوع** کرتپ مزمنہ کو دفع کرتا ہے **ص** کاسنی تازہ نیم کوفتہ اصل السوس مقشر نیم کوفتہ پوست اندرونی اندرجت بیخ کہنہ چھ ماشہ خربزہ تخم برآوردہ ایکا عدد کشنیز خشک چار ماشہ نبات سفید دو ماشہ مدبستور بناکر پلایا کرین **نقوع** کرتپ کہ جس کے ساتھ وحشت وخفقانیت بھی ہوئے دفع کرتا ہے **ص** ابریشم خام تین ماشہ برگ گاؤزبان گل بنفشہ آملہ کشنیز خشک چار چار ماشہ صندل سفید تین ماشہ مدبستور بناکر پلایا کرین **نقوع** کرتپ مرکب بلغم کو وصفرا کو دفع کرتا ہے **ص** عنب الثعلب بادیان تخم کاسنی تخم کاہو تخم خربزہ چار چار ماشہ مویز منقے دس دانہ تخم خطمی نیم کوفتہ تین ماشہ شکر سفید دو تولہ **ایضاً** برگ شاہترہ کشنیز خشک گل نیلوفر گل سرخ چار چار ماشہ تخم خطمی تخم خبازی اصل السوس پانچ پانچ ماشہ سکنجبین ساده دو ڈیڑھ تولہ بدستور بناوین وپلاوین

باب ۲۷ حرف الواؤ میں

